
www.urduchannel.in



www.urduchannel.in

# زرگزشت

http://www.flic.kr/junaidrashid

www.urduchannel.in

مشتاق احمد یوسفی

# زرگزشت

(سوانح نوعمری)

دانیال

http://www.facebook.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ


| | | |
|---|---|---|
| ناشر | : | حوری نورانی<br>مکتبہ دانیال، وکٹوریا چیمبرز ۲<br>عبداللہ ہارون روڈ صدر، کراچی |
| طابع | : | ذکی سنز پرنٹرز، کراچی |
| اشاعت | : | بارھویں بار ۲۰۰۴ء |
| سرورق | : | امیر منیار |
| تعداد | : | دو ہزار |
| قیمت | : | ۲۷۵ روپے |

ISBN: 969-419-014-2


http://www.facebook.com/groups/junaidrasid

www.urduchannel.in

فضل حسن

اور

مسرت علی صدیقی

کے نام

اچھا ہوں یا بُرا ہوں پر یار ہوں تمہارا

http://www.flic.kr/junaidrashid


www.urduchannel.in

# ترتیب


| | |
|---|---|
| تزکِ یوسفی (مقدمہ) | ۹ |
| سبق یہ تھا پہلا کتاب ربا کا | ۲۳ |
| رہے دیکھتے اوروں کے عیب و ہنر | ۴۹ |
| کیا کوئی وحشی اور آ پہنچا، یا کوئی قیدی چھوٹ گیا؟ | ۸۳ |
| علم دریاؤ | ۱۱۱ |
| پروٹوکول | ۱۵۹ |
| فینی ڈارلنگ | ۱۸۱ |
| کوئی قلزم، کوئی دریا، کوئی قطرہ، مدد دے! | ۲۰۷ |
| جانا ہمارا کاک ٹیل پارٹی میں | ۲۲۵ |
| ناٹک | ۲۵۳ |
| موصوف | ۲۷۹ |
| موصوفہ | ۳۱۷ |


http://www.flic.kr/alrashid

www.urduchannel.in



PDF LIBRARY

www.urduchannel.in



انگلینڈ میں لارڈ راچسٹر نام کا ایک بانکا گزرا ہے۔ کسی گھر بند نہیں تھا۔ رند شاہد باز، شاعر، شرابی، جملے باز، پھکیت، ہزل گو، بدنام ہی نہیں، سچ مچ بد، فحاشی میں بے مثال۔ اس کی ظرافت سے لوگ خائف رہتے تھے۔ مرنے لگا تو بیٹے کو بلا کر کہا "بیٹا! میری واحد وصیت یہ ہے کہ ظرافت سے پرہیز کرنا۔" معلوم ہوتا ہے اس کی ظرافت میں ایک نہیں، کئی آنچ کی کسر رہ گئی، ورنہ یہ نوبت نہ آتی۔ جہاں سچ بول کر سقراط کو زہر کا پیالہ پینا پڑتا ہے، وہاں چاتر مزاح نگار الف لیلہ کی شہرزاد کی طرح ایک ہزار ایک کہانیاں سنا کر اپنی جان اور آبرو صاف بچالے جاتا ہے۔ میں نے گمبھیر بین الاقوامی، سماجی، سیاسی اور اقتصادی سوالوں سے جان چھڑانے کے لئے بیس سال پہلے ایک جملہ گھڑا تھا۔ "دنیا میں جہاں کہیں، جو کچھ ہو رہا ہے، وہ ہماری اجازت کے بغیر ہو رہا ہے۔" مزاح نگار کو جو کچھ کہنا ہوتا ہے وہ ہنسی ہنسی میں اس طرح کہہ جاتا ہے کہ سننے والے کو بھی بہت بعد میں خبر ہوتی ہے۔ میں نے کبھی کسی پختہ کار مولوی یا مزاح نگار کو محض تقریر و تحریر کی پاداش میں جیل جاتے نہیں دیکھا۔ مزاح کی میٹھی مار بھی شوخ آنکھ، پرکار عورت اور دلیر کے وار کی طرح کبھی خالی نہیں جاتی

نین چھپائے نا چھپیں، پٹ گھونگٹ کی اوٹ
چتر نار اور سورما کریں لاکھ میں چوٹ

ہمارے دَور کے سب سے بڑے مزاح نگار ابنِ انشا کے بارے میں کہیں عرض کر چکا ہوں کہ بچھو کا کاٹا روتا اور سانپ کا کاٹا سوتا ہے۔ انشاجی کا کاٹا سوتے میں مسکراتا بھی ہے۔ جس شگفتہ نگار کی تحریر اس معیار پر پوری نہ اُترے اسے یونیورسٹی کے نصاب میں داخل کر دینا چاہئے۔

یہاں ایک چھوٹی سی دنیا کی جھلک دکھلانی مقصود ہے جس کا ہر خانہ، ہر کلبک، بھانت بھانت کے فرماں رَوایانِ ناوقت کا حجلۂ پندار ہے۔ بقول مولانا حالیؔ۔

جانور، آدمی، فرشتہ، خدا
آدمی کی ہیں سینکڑوں قسمیں

منشا سبق آموزئ جہاں نہیں۔ نہ اپنے سینے میں کوئی ایسی امانت یا آگ کہ

www.urduchannel.in



امیر خسرو کی طرح یہ کہہ سکیں کہ اس صندوق استخوانی میں بے شمار تحفہ ہائے آسمانی ایسے تھے جو میں نے اس دن کے لئے بچار کھے تھے۔ اپنے وسیلہ اظہار ۔ مزاح ۔ کے باب میں، میں کسی خوش گمانی میں مبتلا نہیں۔ قہقہوں سے قلعوں کی دیواریں شق نہیں ہوا کرتیں۔ چٹنی اور اچار لاکھ چٹخا رے دار سہی، لیکن ان سے بھوکے کا پیٹ نہیں بھرا جاسکتا۔ نہ سَراب سے مسافر کی پیاس بجھتی ہے۔ ہاں، ریگستان کے شدائد کم ہو جاتے ہیں۔ زندگی کے نشیب و فراز، اندوہ و انبساط، کرب و لذت کی منزلوں سے بے نیازانہ گزر جانا بڑے حوصلے کی بات ہے۔

بارِ الم اٹھایا، رنگِ نشاط دیکھا
آئے نہیں ہیں یونہی انداز بے حسی کے

مگر یہ نہ بھولنا چاہئے کہ خوش دلی کی ایک منزل بے حسی سے پہلے پڑتی ہے اور ایک اس کے بعد آتی ہے۔

سبھی کی مسکراہٹیں اور ہنسی ایک جیسی نہیں ہوا کرتی۔ فالسٹاف قہقہہ لگاتا ہے تو روم روم مسکرا اٹھتا ہے۔ کوئی بڑا گرتا ہے تو چھوٹے ٹھٹھے لگاتے ہیں۔ قومیں جب اللہ کی زمین پر اترا اترا کر چلنے لگتی ہیں تو زمین اپنے ہی زہر خند سے شق ہو جاتی ہے اور تہذیبیں اس میں سما جاتی ہیں۔ شیر خوار بچے خوش ہوتے ہیں تو کلکاریاں مارتے، ہُمک کر ماں کی گود میں چلے جاتے ہیں۔ ادھر مونا لزا ہے کہ صدیوں سے مُسکرائے چلی جارہی ہے۔ اور ایک مسکراہٹ وہ بھی ہے جو نروان کے بعد گوتم بدھ کے لبوں کو ہلکا سا خمیدہ کر کے اس کی نظریں جُھکا دیتی ہے۔ یہ سب سہی، لیکن ماورائے تبسم، وہ اہتزاز اور مزاح جو سوچ، سچائی اور دانائی سے عاری ہے دریدہ دہنی، پھکڑپن اور ٹھٹھول سے زیادہ حیثیت نہیں رکھتا۔ زر، زن، زمین اور زبان کی دنیا یک رُخوں، یک چشموں کی دنیا ہے۔ مگر تتلی کی سینکڑوں آنکھیں ہوتی ہیں۔ اور وہ ان سب کی مجموعی مدد سے دیکھتی ہے۔ شگفتہ نگار بھی اپنے پورے وجود سے سب کچھ دیکھتا، سُنتا ہستا اور سہارتا چلا جاتا ہے۔ اور فضا میں اپنے سارے رنگ بکھیر کے کسی نئے افق، کسی اور شفق کی تلاش میں گم ہو جاتا ہے۔

پہلی کتاب "چراغ تلے" پر نظرِ ثالث جناب شاہد احمد دہلوی مرحوم نے کی تھی۔

www.urduchannel.in



(نظرِ ثانی گھر کے سنسر نے کی تھی۔ چنانچہ کتاب بھی سُوکھ کے آدھی رہ گئی۔) دوسری کتاب "خاکم بدہن" پر جناب شان الحق حقی نے نظرِ ثانی فرمائی۔ شاہد احمد دہلوی کی طرح وہ بھی وَاں کے نہیں پہ وَاں کے نکالے ہوئے تو ہیں۔ خیال آیا کہ تیسری کتاب کا ذائقہ بدلنے کی خاطر اس دفعہ کیوں نہ کسی لکھنوی اہلِ زبان سے اِصلاح کے بہانے چھیڑ چھاڑ کا آغاز کیا جائے۔ (یوں تو میں بھی ٹھیٹ اہلِ زبان ہوں، بشرطیکہ زبان سے مراد مارواڑی زبان ہو۔) چنانچہ محبِّ گرامی جناب محمد عبدالجمیل صاحب سے رجوع کیا جن کے جدِّ اعلیٰ مولانا فضل حق خیر آبادی، غالبؔ کا دیوان مرتّب کرتے وقت بیسیوں اشعار حذف کر کے پروفیسروں اور ریسرچ اسکالروں کے مستقل روزگار کا بندوبست فرما گئے۔ جمیل صاحب نے میری زبان کے ساتھ لگے ہاتھوں جوانی کا بھی جائزہ لے ڈالا۔ اور انھیں بالتّرتیب داغدار اور بے داغ پا کر اپنی مایوسی کا اظہار کیا۔ فرمایا کہ ترتیب اگر اُلٹی ہوتی تو کیا بات تھی۔

مسودے کے کچھ حصّے پڑھ کر فرمایا "ایسا لگتا ہے کہ کچھ کوائف آپ نے صیغۂ راز میں رکھے ہیں۔"

"مثلاً؟"

"مثلاً یہی کے کب اور کہاں پیدا ہوئے؟"

"یکم محرم کو۔ ستوانسا۔ ٹونک (راجستھان) میں، جہاں کے خربوزے اور "چکّوباز" مشہور ہیں۔ خاندان، تاریخ اور جائے ولادت کے انتخاب میں میرا ووٹ نہیں لیا گیا تھا۔ پکڑے جاتے ہیں بزرگوں کے کیے پر ناحق۔ آبائی مسکن جے پور۔ تعلیم جے پور، آگرے اور علی گڑھ میں ہوئی۔ اور عمرِ عزیز کا بیشتر حصّہ کراچی میں گزرا۔ شہروں کے انتخاب نے رُسوا کیا مجھے۔"

"زندگی میں وہ کون سی پہلی ایکٹرس تھی جس پر آپ جی جان سے فریفتہ ہوئے؟"

"آپ اس بہانے میرا سِنِ پیدائش معلوم کرنا چاہتے ہیں۔"

"نشے اور سوانح حیات میں بھی جو نہ کھلے اس سے ڈرنا چاہیے۔ کچھ تو کھلیے۔

www.urduchannel.in



پسندیدہ رنگ؟ پسندیدہ خوشبو؟ پسندیدہ حُسن وغیرہ وغیرہ .....؟"

۱۔ "دبھی رنگ پسند ہیں۔ سو کے نوٹوں کے رنگ بدلتے رہے ہیں۔

۲۔ تیز مہکار چہکار نہیں بھاتی۔ رات کی رانیاں ــــ دونوں قسم کی ــــ دُور کسی اور کے آنگن ہی سے مہک دیتی اچھی لگتی ہیں۔

۳۔ جہاں تک حُسن کا تعلق ہے، وغیرہ وغیرہ پسند ہے۔"

"اپنا تازہ ترین فوٹو شاملِ کتاب کرنے میں تامّل تھا تو کم از کم حلیہ ہی بیان کر دیتے۔"

"آئینہ دیکھتا ہوں تو قادرِ مطلق کی صنّاعی پر جو ایمان ہے وہ کبھی کبھی متزلزل ہو جاتا ہے۔"

"خاندان اور بچپن کے حالات پر بھی آپ نے روشنی نہیں ڈالی۔ حد یہ کہ چینک کا نام تک نہیں بتایا؟"

"ایک چشم دید واقعہ آپ کو سُناتا ہوں۔ اس صدی کی تیسری دہائی میں ایک خاتون نے جو اُردو میں معمولی شُد بُد رکھتی تھیں، اس زمانے کا مقبولِ عام ناول "شوکت آرا بیگم" پڑھا، جس کی ہیروئن کا نام شوکت آرا اور معلون کردار کا نام فردوس تھا۔ ان کے جب بیٹیاں ہوئیں تو دونوں کے یہی نام رکھے گئے۔ ایک کردار کا نام ادریس اور دوسرے خدائی خوار کا اچھن تھا۔ یہ دونوں انھوں نے اپنے چھوٹے بیٹے کو بطور نام اور عرفیت بخش دیئے۔ بچے کل چار دستیاب تھے جب کہ ناول میں، ہیرو کو چھوڑ کر، ابھی ایک اور اہم کردار پیارے میاں نامی دِلن باقی رہ گیا تھا۔ چنانچہ ان دونوں ناموں اور دہرے رول کا بوجھ بڑے بیٹے ہی کو اٹھانا پڑا جس کا نام ہیرو کے نام پر مشتاق احمد رکھا گیا تھا۔ یہ سادہ لوح خاتون میری ماں تھی۔ بحمد اللہ! ناول کی پوری کاسٹ، باستثنائے شوکت آرا، جس کا طفولیت ہی میں انتقال ہوگیا تھا، زندہ وسلامت ہے۔ والدہ کی بڑی خواہش تھی کہ میں ڈاکٹر بنوں اور عرب جا کر بدوؤں کا مفت علاج کروں، اس لئے کہ ناول کے ہیرو نے یہی کیا تھا۔ مولا کا بڑا کرم ہے کہ ڈاکٹر نہ بن

www.urduchannel.in



سکا۔ ورنہ اتنی خراب صحت رکھنے والے ڈاکٹر کے پاس کون پھٹکتا۔ ساری عمر کان میں اِسٹیتھِسکوپ لگائے اپنے ہی دل کی دھڑکنیں سنتے گزرتی۔ البتہ ادھر دو سال سے مجھے بھی سعودی عرب، بحرین، قطر، عمان اور عرب امارات کی خاک نہیں، تیل چھاننے اور شیوخ کی خدمت کی سعادت نصیب ہوتی رہی ہے۔ ناول کے بقیہ پلاٹ کا بے چینی سے انتظار کر رہا ہوں۔ جو لوگ کہتے ہیں کہ اردو ادب کبھی زندگی پر اثر انداز نہیں ہوا وہ ذرا دیدۂ عبرت نِگاہ سے اس عاجز کو دیکھیں۔ یہ ہے کچّا چٹّھا۔ کہئے جمیل صاحب! اب تو ٹھنڈک پڑی؟"

جس توجّہ اور دِقّتِ نظر سے جمیل صاحب نے مسوّدہ ملاحظہ فرمایا وہ ان کے التفاتِ خاص اور زباندانی کا ہنستا مسکراتا ثبوت ہے۔ مثلاً پہلے باب میں میں نے لکھا ہے کہ سردی سے بچّے اپنی بتیسی بجاتے ہیں۔ بتیسی کو قلمزد کرتے ہوئے فرمایا۔ "یہ آپ نے کیا لکھ دیا؟" ڈرتے ڈرتے پوچھا "کیا لکھنؤ میں کچھ اور بجاتے ہیں" ارشاد ہوا "بچّے کے تو اٹھائیس دانت ہوتے ہیں۔ بتیسی کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔" گزارش کی کہ "اگر یہ لِکھ دوں کہ بچے اپنی اٹھائیسی بجاتے ہیں تو لوگ نہ جانے کیا سمجھ بیٹھیں گے۔ اور اگر کسی بچّے کی آدھی داڑھ نکل آئی ہو تو کیا ساڑھے اٹھائیسی بجانا لکھوں؟" عینک اتار کے مسکراتی ہوئی آنکھیں دکھاتے ہوئے بولے "اور یہاں (علم دریاؤ میں) آپ نے حرامزدگی، لکھا ہے۔ حرمزدگی ہونا چاہئے۔ دونوں میں زمین آسمان کا فرق ہے۔ ایک پیدائشی صفت ہے۔ دوسری اپنے زور بازو سے پیدا ہوتی ہے۔"

ایک دن بکراہت استفسار فرمایا "رُونگن سے آپ کی مراد کیا ہے؟ میں نے تو یہ کریہہ لفظ آج تک نہیں سُنا۔ دِلّی کا ہوگا۔ یا مارواڑی ڈھیلا"؟ عرض کیا "وہ چیز جو سَودا خریدنے کے بعد دُکاندار اُوپر سے مفت دے دے۔" فرمایا "اسے تو لکھنؤ میں گھاتا کہتے ہیں۔" عرض کیا "میں نے تو یہ کریہہ لفظ آج تک نہیں سنا۔" حکم ہوا "گھر جا کر اپنی اہلِ زبان اہلیہ سے پوچھ لیجئے۔ وہ جو بھی فیصلہ کریں گی مجھے منظور ہوگا۔" میں حلف اٹھا کر کہہ سکتا ہوں کہ جمیل صاحب نے انھیں ثالث محض اس بنا پر بنایا کہ انھیں سو فیصد یقین تھا کہ وہ فیصلہ بہرصورت میرے خلاف ہی کریں گی۔ ورنہ

www.urduchannel.in



وہ اپنی بیگم کو بھی حَکم بنا سکتے تھے۔ خیر، میں نے شام کو بیگم سے پوچھا "تم نے لفظ رُو کن سُنا ہے؟" بولیں "ہاں! ہاں! ہزار بار!" جی خوش ہو گیا۔ کچھ دیر بعد سند کو مزید معتبر بنانے کے لئے پوچھا "تم نے یہ لفظ کہاں سُنا"؟ بولیں " تمھی کو بولتے سُنا ہے۔"

بیرونِ خانہ ریسرچ سے بھی معلوم ہوا کہ دِلّی میں بھی بکثرت بولا جاتا ہے۔ جمیل صاحب کو اس تحقیق سے آگاہ کیا اور سند میں اپنے آپ کو پیش کیا۔ انھیں مزید مشتعل کرنے کے لئے جناب تابشؔ دہلوی اور حضرت ذوالفقار علی بخاری مرحوم کا چٹاخ پٹاخ مکالمہ جو اُن دنوں کہیں چھپا تھا دہرا دیا۔ تابشؔ صاحب کے منھ سے کہیں نکل گیا "لکھنؤ والوں نے پوری اَدبی تاریخ میں شعر اچھا نہیں کہا۔ ایک لے دے کے آتشؔ ہیں۔ ان پر بھی دہلویت کی چھاپ ہے۔ اور ویسے بھی لکھنوی شاعری میں سوائے چونچلے اور نخرے کے ہوتا کیا ہے؟" بخاری صاحب تنک کر بولے "اور داغؔ دہلوی کے یہاں کیا ہے؟" تابشؔ صاحب نے تشریح فرمائی "جی ہاں! داغؔ کے یہاں بھی چونچلے اور نخرے ہیں۔ لیکن رنڈی باز کے ہیں، رنڈی کے نہیں!"

چہرہ پہلے تو وفورِ تکدّر سے تمتمایا۔ پھر شگفتہ ہو کر بولے۔ "تابشؔ دہلوی کی باتیں ہی باتیں ہیں۔ انتہائی شریف النفس اور پاکباز آدمی ہیں۔ انھوں نے تو رنڈی کا فوٹو بھی نہیں دیکھا ہوگا۔ رہے آپ، تو آپ نے تو رنڈی باز بھی نہیں دیکھے۔ یوں بھی میرا خیال ہے کہ آپ کو ڈھنگ کی صحبت بھی نصیب نہیں ہوئی۔" عرض کیا "مرشدی! اگر ہم میں گمراہ ہونے کی عظیم صلاحیتیں نہ ہوتیں تو آپ تک کیسے پہنچتے؟"

دونوں اپنے اپنے لِسانی مورچوں میں ڈٹے ہوئے بلکہ دھنسے ہوئے تھے۔ بالآخر سمجھوتا اس پر ہوا کہ آیندہ ٹکسالی پنجابی لفظ "جھونگا" استعمال ہوگا جو عظیم مزاح نگار اور یارِ طرحدار کرنل محمد خان کے عطایا میں سے ہے۔

اور تو اور انتساب بھی ان کی نگاہِ مردم شناس سے نہ بچ سکا۔ فرمایا "سچ سچ بتائیے۔ ان دونوں میں سے مرزا عبدالودود بیگ کون ہے؟ اور ہاں! یہ تو آپ کی

www.urduchannel.in



سوانح نو عمری ہے۔ ہر چند کہ آپ کو یہ فخر حاصل ہے کہ آپ نے عزّتِ سادات بغیر عاشقی کیسے کھوئی، لیکن اب بھی کچھ نہیں گیا ہے۔ بقول شاعر، یوسفی گر نہیں ممکن تو زلیخائی کر۔ نئی نسل کے پڑھنے والے اپنے بزرگوں کی نالائقی اور بے راہ رَوی کے قصّے پڑھ کر فخر سے پھُولے نہیں سماتے۔ آپ بھی پھڑکتے ہوئے انتساب کے پردۂ زنگاری میں کسی معشوق کو بٹھا دیتے تو نقادوں کے ہاتھوں چھتاڑ ہونے سے پہلے کتاب تکیوں کے نیچے پہنچ جاتی اور دس دن کے اندر اندر دوسرا ایڈیشن بایزا د حکایات لذیذ وشوق انگیز نکالنا پڑتا۔ مثلاً—:

"...... کے نام
جس نے بشری کمزوری
کے ایک لمحے کو
ہمیشگی بخش دی۔"

عرض کیا "صاحب! اوّل تو نقطوں (......) کے نام صرف جیومیٹری کی کتاب معنون کی جاسکتی ہے۔ دوسرے، ایک لمحہ تو انسانی کمزوری کے لئے بھی بہت ہی کم ہے۔ ایک گھنٹہ نہیں تو کم از کم ایک منٹ تو کر دیجئے، پلیز"! اپنے مخصوص انداز میں سُنی اَن سُنی کرتے ہوئے ارشاد فرمایا "گاہ بگاہ، آپ کی انشائے ارغوانی کے پیش نظر 'سونے کے دانت والی لڑکی کے نام!' (صفحہ ۲۶۵) کیسا رہے گا؟ چہ گنہ اگر تراشم صنمے زِسنگِ خارا۔ آپ کے ہیرو غالبؔ نے بھی تو بڑے اترونے پَن سے اقبالِ جرم کیا تھا کہ بھئی مغل بچّے بھی غضب ہوتے ہیں۔ جس پر مرتے ہیں، اس کو مار رکھتے ہیں۔ میں بھی مغل بچہ ہوں۔ عمر بھر میں ایک بڑی ستم پیشہ ڈومنی کو میں نے بھی مار رکھا ہے۔" عذر کیا "مگر میں تو مغل نہیں ہوں۔" بولے "کوئی مضائقہ نہیں۔ بچّے تو ابھی تک ہیں۔" اس کے بعد بچّہ اور بچّے، سرگودھا اور سرگودھے، وضع اور وضعے کے اِملا/املے پر ایسی گھمسان کی بحثا بحثی ہوئی کہ منہ لگائی ڈومنی کوئے ملامت سے تال بے تال گاتی، ڈھولک بجاتی نکل گئی۔

کتابت کا مرحلہ آیا تو پہلے لاہور کے ایک صاحبِ طرز نفاست پسند،

www.urduchannel.in



درویش منش خطاط سے رجوع کیا۔ دو تین دفعہ درخواست کی تو سکوت فرمایا۔ چوتھی مرتبہ ارشاد فرمایا "شکریہ! پچاس روپے فی صفحہ اجرت سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ فقیر صرف مفید و مذہبی تصانیف کی کتابت کرتا ہے۔" ان کے ایما پر میں نے نمونتہً "چراغ تلے" کا نسخہ ایک صاحب کے توسط سے ان کی خدمت میں پیش کر دیا اور جواب کے انتظار میں رہا۔ ڈر ڈر کے کی گئی مگر امید کی گئی۔ دو دن بعد اسے جہاں تہاں سے سونگھ کر ان ہی صاحب کی زبانی کہلا بھیجا کہ "روزانہ تہجد کے بعد کلام پاک کی خطاطی کرتا ہوں۔ نہیں چاہتا کہ سارا ثواب ان کی کتاب کی بھینٹ چڑھ جائے۔ میں نے بے مصرف کتابت ترک کر دی ہے۔ ہاں! کبھی کبھار کسی کی فرمائش پر لوحِ مزار کی عبارت لکھ دیتا ہوں۔" اب لے دے کے اپنی لوحِ مزار رہ گئی تھی۔ سو وہ تاریخِ وفات کے بغیر اَدھوری اَدھوری معلوم ہوتی۔ نے چراغِ نے لگے۔ نے صاحب مزارے! ان صاحب سے جو ایلچی کے فرائض انجام دے رہے تھے میں نے کہا، یہ تو ہوا سو ہوا۔ ذرا ان سے اِتنا پوچھئے گا کہ جب قدغن کا یہ عالم ہے تو انھوں نے دیوانِ غالب کی کتابت کیا سمجھ کے کی۔ انھوں نے کھڑے کھڑے وہیں قضیہ نمٹا دیا۔ فرمایا کہ شاعری کی اور بات ہے۔ شعر میں جس بات پر ہزاروں آدمی مشاعروں میں اچھل اچھل کے داد دیتے ہیں، وہی بات اگر نثر میں کہہ دی جائے تو پولیس تو بعد کی بات ہے، گھر والے ہی سر پھاڑ ڈالیں۔

باپ کی جس گٹھری نے اس بزرگ پر گرانی کی اسے ایک نوجوان عزیزی محمد شفیق نے بصد شوق اٹھالیا۔ لاہور ہی میں دو سطر یومیہ کی رفتار سے کتابت شروع ہوئی۔ کوئی پندرہ بیس صفحے مکمل ہو پائے ہوں گے کہ میرا لاہور جانا ہوا۔ میں نے کہا "اگر آپ اسی رفتار سے کتابت کرتے رہے تو یہ کتاب تو پانچ چھ سال میں ختم ہو جائے گی۔ اس کے بعد آپ کیا کریں گے؟ خط البتہ اچھا ہے، لیکن جا بجا ناہمواری اور کجی پائی جاتی ہے۔ الفاظ اکھڑے اکھڑے لگتے ہیں۔" بولے "لکھتے میں ہنسی آجائے تو قلم میں لرزش پیدا ہو جاتی ہے۔ جو حصّے غیر دلچسپ ہیں وہ نہایت عمدہ لکھے گئے ہیں۔ بہت کافی ہیں۔ بے شک کسی کو دِکھالیں۔" میں نے کہا "برخوردار! اگر ایسا ہی ہے تو

www.urduchannel.in



پہلے مسوّدہ پڑھ کر ہنس لیا کرو۔ پھر یکسوئی کے ساتھ ہاتھ جما کر کتابت کرو۔" کہنے لگے "جناب! مخلصانہ صرف لکھنے کا طے ہوا ہے۔ عدیم الفرصت آدمی ہوں۔ میری شادی ہوئے ابھی ایک مہینہ بھی نہیں ہوا۔"☆ اندریں صورت التماس ہے کہ قارئین کو جہاں جہاں ان کے خط میں لرزشِ خفی و جلی نظر آئے، اسے اس عاجز کا کمالِ فن سمجھ کر انھیں معاف فرمائیں۔

پاکستان کے جانے پہچانے کارٹونسٹ برادرم عزیز بھی عرصۂ دراز سے مزاح اور معدے کے انھی امراض میں مبتلا ہیں اور میرے دَوا شریک بھائی بنے ہوئے ہیں۔ ممنون ہوں کہ انھوں نے "فیمنی ڈارلنگ" کو بغور پڑھ کر دو کارٹونوں سے مزیّن کیا۔ ملاقات ہوئی تو دیر تک اپنا پیٹ پکڑ کے، بلکہ کہنا چاہیے کہ اپنی اَچکن پکڑ کے اس میں ہارمونیم کی دھونکنی کی طرح ہَوا بھرتے اور نکالتے ہوئے ہنسی سے لوٹ پوٹ ہو گئے۔ انھیں یوں مائل بہ ستائش دیکھا تو میں بھی جھوٹی کسرِ نفسی کو بالائے طاق رکھ کر خوب ہنسا۔ عرض کیا "چلیے محنت ٹھکانے لگی۔ آپ نے پسند کیا۔" دوبارہ اَچکن دھونکتے ہوئے فرمایا "بھائی جان! بڑا مزا آیا۔ کارٹون غضب کے ہیں!" اب کی بار دونوں نے اپنے اپنے کمالِ فن پر منہ موڑ کر اپنی اپنی دھونکنی دھونکی۔

مشتاق احمد یوسفی

۶۸ سی، کے۔ ڈی۔ اے، ۱

کراچی

۲۷ جنوری ۱۹۷۶ء

---

☆ عذرِ شرعی۔

یہ بات پرانی ہوئی۔ سدرہ بٹی اب ماشاء اللہ دو مہینے کی ہو گئی ہے۔ اطلاعاً عرض ہے۔

محمد شفیق، شفق رقم

لاہور

۲۰ مارچ ۱۹۷۶ء

نوٹ:

یہ پہلے ایڈیشن کا مقدمہ ہے جس کی خطاطی جناب محمد شفیق نے کی تھی۔ موجودہ ایڈیشن نوری نستعلیق میں ہے

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

# سبق یہ تھا پہلا کتاب رِبا کا

## تب دیکھ بہاریں جاڑے کی

کراچی میں سردی اتنی ہی پڑتی ہے جتنی مَری میں گرمی۔ اس سے ساکنانِ کوہِ مری کی دل آزاری نہیں، بلکہ عروس البلاد کراچی کی دلداری مقصود ہے۔ کبھی کبھار شہرِ خوباں کا درجۂ حرارت جسم کے نارمل درجۂ حرارت یعنی ۹۸٫۴ سے دو تین ڈگری نیچے پھسل جائے تو خوبانِ شہر لحاف اوڑھ کر ایئر کنڈیشنر تیز کر دیتے ہیں۔ حُسنِ خودبین و خود آرا جب ۳۴ نمبر کے مشمولات کا ۳۴ نمبر کے سوئٹر میں خلاصہ کر کے آئینہ دیکھتا ہے تو حیا کی سرخی رخساروں پر دوڑ جاتی ہے جسے موسمِ سرما کے خون صالح پہ محمول کیا جاتا ہے۔ اس حُسنِ تضاد کو کراچی کے محکمۂ موسمیات کی اِصطلاح میں "کولڈویو" (سردی کی لہر) کہتے ہیں۔ یہ خوبی صرف کراچی کے متلوّن موسم میں دیکھی کہ گھر سے جو لباس بھی پہن کر نکلو، دو گھنٹے بعد غلط معلوم ہوتا ہے۔ لوگ جب اخبار میں لاہور اور پنڈی کی سردی کی شدید خبریں پڑھتے ہیں تو ان سے بچاؤ کے لئے باتُو کی بھنی مونگ پھلی اور گزک کے پھنکے مارتے ہیں۔ ان کے بچے بھی انہیں پر پڑے ہیں۔ بادِ شمال اور گوشمالی سے بچنے کے لئے اونی کنٹوپ پہن کر آئس کریم کھاتے اور بڑوں کے سامنے بتیسی بجاتے ہیں۔ کراچی میں پنڈی سے تین لحاف کم سردی پڑتی ہے۔ نووارد حیران ہوتا ہے کہ اگر یہ جاڑا ہے تو اللہ جانے گرمی کیسی ہوتی ہوگی۔ بیس سال سرد و گرم جھیلنے کے بعد ہمیں اب معلوم ہوا کہ کراچی کے جاڑے اور گرمی میں تو اتنا واضح فرق ہے کہ بچّہ بھی بتا سکتا ہے۔ ۹۰ ڈگری ٹمپریچر اگر مئی میں ہو تو یہ موسم گرما کی علامت ہے۔ اگر دسمبر میں ہو تو ظاہر ہے کہ جاڑا پڑ رہا ہے۔ البتہ جولائی میں ۹۰ ڈگری ٹمپریچر ہو اور شام کو گرج چمک

www.urduchannel.in



کے ساتھ بیوی برس پڑے تو برسات کا موسم کہلاتا ہے۔ غالباً کیا یقیناً ایسے ہی کسی نیم گرم، گنگنے کراچوی جاڑے سے اکتا کر نظیر اکبر آبادی نے تمنا کی تھی:

هر چار طرف سے سردی ہو اور صحن کھلا ہو کوٹھے کا
اور تن میں نیمہ شبنم کا، ہو جس میں خس کا عطر لگا
چھڑکاؤ ہوا ہو پانی کا، اور خوب پلنگ بھی ہو بھیگا
ہاتھوں میں پیالہ شربت کا، ہو آگے اک فراش کھڑا
فراش بھی پنکھا جھلتا ہو، تب دیکھ بہاریں جاڑے کی

تین چار سال بعد دو تین دن کے لئے سردی کا موسم آجائے تو اہلِ کراچی اس کا الزام "کوئٹہ وِنڈ" پر دھرتے ہیں اور کوئٹہ کی سردی کی شدّت کو کسی سیم تن کے ستر نما سوئٹر سے ناپتے ہیں۔ کراچی کی سردی بیوہ کی جوانی کی طرح ہوتی ہے۔ ہر ایک کی نظر پڑتی ہے اور وہیں ٹھہر بلکہ ٹھٹھر کر رہ جاتی ہے۔ ادھر کوئٹہ میں جب دستانے، کمبل، مفلر اور سمور کے انبار میں سے صرف چمکتی ہوئی آنکھیں دیکھ کر یہ فیصلہ کرنا ناممکن ہو جائے کہ ان کے جنوب میں مونچھ ہے یا پنکھڑی اِک گلاب کی سی ہے، تو کوئٹہ والے اس گھپلے کا ذمہ دار قندھاری ہوا کو ٹھیراتے ہیں اور جب قندھار میں سائبیریا کی زمہریری ہواؤں سے درختوں پر اناروں کی بجائے برف کے لڈّو لٹکتے ہیں، گوالے گائے کے تھنوں سے آئس کریم دوہتے ہیں، اور سردی سے تھر تھر کانپتے ہوئے انسان کے دل میں خود کو واصلِ جہنم کرنے کی شدید خواہش ہوتی ہے، تو اہالیانِ قندھار کمبل سے چمٹ کر ہمسایہ ملک کی طرف غضب ناک نگاہوں سے دیکھتے ہیں۔ چھوٹے ملکوں کے موسم بھی تو اپنے نہیں ہوتے۔ ہوائیں اور طوفان بھی دوسرے ملکوں سے آتے ہیں۔ زلزلوں کا مرکز بھی سرحد پار ہوتا ہے۔

یہ جنوری ۱۹۵۰ء کی ایک ایسی ہی صبح کا ذکر ہے۔ موسمی کیفیت ہم نے قدرے تفصیل و تنقیص کے ساتھ اس لئے بیان کی کہ کراچی میں یہ ہماری پہلی صبح تھی۔ گوارا حد تک گرم ہونے کے علاوہ یہ ایک تاریخ ساز صبح بھی تھی۔ زمستان کی اس صبح بینکاری کے پیشے سے ہمارے طویل "فلرٹیشن" کا آغاز ہوا۔ اور صبح اس وقت نہیں ہوتی جب

www.urduchannel.in



سورج نکلتا ہے۔ صبح اس وقت ہوتی ہے جب آدمی جاگ اُٹھے۔ کسی نے ایک دن فرانس کے شہرۂ آفاق ادیب پرؔوست سے پوچھا کہ دُنیا کی عسکری تاریخ میں کس واقعہ نے آپ کو سب سے زیادہ متاثر کیا تو اس نے بلا تامّل جواب دیا، فوج میں میری بھرتی۔

## ہمارے فلر ٹیشن کا آغاز

کراچی میں براہ کھوکھراپار وارد ہوئے ہمیں ۲۰ گھنٹے ہوئے تھے۔ وہ صبح نہیں بھُولے گی جب ریلوے لائن کے کنارے ایک چھوٹی سی سفید چمکتی تختی پر پہلے پہل "پاکستان" لکھا نظر آیا تو اسے ہاتھ سے چھُو چھُو کر دیکھا تھا۔ پھر مٹی اٹھا کر دیکھی۔ اسلام علیکم کہتے ہوئے سندھی ساربان دیکھے۔ ہندوستان کے نوٹ پر پہلی دفعہ حکومت پاکستان چھپا ہوا دیکھا۔ اور پھر ریگزارِ راجستھان میں پُرکھوں کی قبریں، وہ بولی جو ماں کے دودھ کے ساتھ وجود میں رچی بسی تھی اور اپنے پیاروں کے آنسوؤں سے بھیگے چہرے، خیرگیٔ امروز میں دھندلاتے چلے گئے۔

## میری بار کیوں دیر اتنی کری

مناباؤ کے اجاڑ اسٹیشن پر دو راتیں تاروں بھرے آسمان کے نیچے گزارنے سے گلا خراب ہو گیا تھا اور محسوس ہوتا تھا گویا حلق میں کوئی بد چلن مینڈک پھنس گیا ہے۔ ذرا منھ کھولتے تو ٹرّانے لگتا۔ میکلوڈ روڈ پر بینک کا ہیڈ آفس تلاش کرنے میں کوئی دشواری نہیں ہوئی۔ ہم نے ایک چھپی ہوئی پرچی پر اپنا نام لکھ کر جنرل منیجر مسٹر ڈبلو۔ جی۔ ایم اینڈرسن کو بھجوایا۔ تقریب بہر ملاقات کے خانے میں باریک حروف میں "سرکاری" لکھ دیا، جس سے ہماری مراد نجی یعنی بسلسلہ ملازمت تھی۔ اور آخر میں، جلی حروف میں: "فرستادہ .......... مسٹر ایم۔ اے۔ اصفہانی، چیرمین بینک ہذا" سفارش میں لپٹی ہوئی یہ دھمکی ہمارے کام نہ آئی، اس لئے کہ ہمارے بعد آنے والے ملاقاتی، جو ہمارے حسابوں ہم سے زیادہ خوش پوش اور حیثیت دار نہ تھے، باری باری شرفِ باریابی حاصل کر کے رخصت ہو گئے اور ہم سر جھکائے سوچتے ہی رہ گئے کہ مری

www.urduchannel.in



یار کیوں دیر اتنی کری؟

ڈیڑھ دو گھنٹے بینچ پر انتظارِ ساغر کھینچنے کے بعد جی میں آئی کہ لعنت بھیجو۔ ایسی ذلّت کی نوکری سے بے روزگاری بھلی۔ دیر ہے، اندھیر بھی ہو گا۔ چل خسرو گھر آپنے سانج بھئی چوندیس۔ مرزا غالبؔ بھی تو فارسی مدرّس کی سو روپے ماہولر اسامی کے لئے پالکی میں بیٹھ کر مسٹر ٹامسن کے پاس انٹرویو کے لئے گئے تھے۔ لیکن اُلٹے پھر آئے، اس لئے کہ وہ ان کی پیشوائی کو باہر نہیں آیا۔ کہاروں سے کہا بس ہو چکی ملاقات۔ پالکی اٹھاؤ۔ ہم بھی استاد کے تتبع میں واپس پالکی میں سوار ہو رہے تھے کہ اندر والا بولا، ہوش میں آؤ۔ تم کہاں کے دانا ہو، کس ہنر میں یکتا ہو؟ مرزا تو شاعر آدمی ٹھیرے۔ اس کے بعد بھی جب کوئی نواب گورنر جنرل بہادر نیا آتا تو ایک قصیدہ بطریقِ نذر گزرانتے رہے اور پنشن کے علاوہ سات پارچے کا خلعت مع جیغہ و سرپیچ و مالائے مُروارید برابر وصول کرتے رہے۔ تم کیا کرو گے؟ تم تو صرف نثر میں خوشامد کرنی جانتے ہو۔ پھر واپسی کے لئے باہر پالکی بھی تو نہیں ہے کہ تنتناتے ہوئے بیٹھ کے گھر آ گئے اور راستے میں کہاروں کو کندھا تک نہ بدلنے دیا۔ اور ہاں، روزی پر لات مار کے چلے بھی گئے تو اس مظاہرۂ پندار کو شہرتِ دَوام بخشنے کے لئے محمد حسین آزاد کو کہاں سے لاؤ گے؟ کہاں وہ خودداری کہاں یہ سجدۂ ناقبول۔ بندۂ ناخدا! مزے سے بیٹھے کشکول بجاتے رہو۔ تین برس تم ڈپٹی کمشنر رہے۔ سچ کہو کبھی کسی اہلِ غرض نے سیدھے منہ بات کی؟

کچھ دیر بعد چپراسی ہماری کسمپرسی پر ترس کھا کے خود ہی کہنے لگا کہ اگر نوکری کی سفارش لے کر آئے ہو تو آج مڈبھیڑ نہ کرو۔ اَجّن فجر سے سالے کا مغز پھریلا ہے۔ اکھا باٹلی دارو پئے لا ہے۔ پاکٹ میں چھوٹا باٹلی کے اندر 'مکسچر' بھر کے لایا ہے۔ دو کلاک پہلے سگرٹ سے تجوری کھولنا مانگتا تھا۔ اصلی رنگت مولہ آنے مُولی کے موافق ہے۔ پن اس ٹیم جاستی بلڈ پریشر سے ایکدم چقندر لگتا پڑا ہے۔ تمیرا کام آج کے دن نہیں ہونے سکتا۔

پون بجے جب اسٹاف ایک ایک کر کے لنچ کے لئے کھسکنے لگا اور مہتر اس چابک دستی سے جھاڑو دینے لگا کہ گرد کا ایک ایک ذرہ کھنچ کر ہماری عینک اور چہرے پر جمع ہو جائے تو

www.urduchannel.in



زور سے گھنٹی بجی اور بجتی ہی چلی گئی۔ معلوم ہوتا تھا کوئی گھنٹی کے بٹن پر بیٹھ گیا ہے۔ چپراسی نے کوئی نوٹس نہ لیا۔ چند لمحے پہلے سلگائی ہوئی پہلوان مارکہ بیڑی کے کش لیتا رہا۔ پھر اسے چھنگلیا میں دبا کر الوداعی دَم لگایا اور جوتے کی ایڑی پر رگڑ کر بجھا دیا۔ بیڑی کا بنڈل، چونّی اور فلمی گانوں کا کتابچہ سر پر رکھا اور ان پر ترکی ٹوپی کو کج کیا۔ پھر اس "سیف ڈپازٹ لاکر" کا پھُندنا ہلا کر کہنے لگا کہ لگتا پڑا ہے اب کے تمھاری آئی ہے۔ قسمت کی بد نصیبی کو صیّاد کیا کرے؟ لارالپّا لارالپّا! لا لا لا!

## کچھ نے کہا چہرہ ترا......

کمرے میں داخل ہونے سے پہلے ہم نے اپنی دائیں ہتھیلی کا پسینہ پونچھ کر ہاتھ مصافحہ کے لئے تیار کیا۔ سامنے کرسی پر ایک نہایت بارعب انگریز نظر آیا۔ سر بیضوی اور ویسا ہی صاف اور چکنا، جس پر پنکھے کا عکس اتنا صاف تھا کہ اس کے بلیڈ گنے جا سکتے تھے۔ آج کل کے پنکھوں کی طرح اس پنکھے کا وسطی حصہ نیچے سے چپٹا نہ تھا، بلکہ اس میں ایک گاؤدم چونچ نکلی ہوئی تھی، جس کا مصرف بظاہر یہ نظر آیا کہ پنکھا سر پر گرے تو کھوپڑی پاش پاش نہ ہو، بلکہ اس میں ایک صاف گاؤدُم سوراخ ہو جائے۔ بعد میں اکثر خیال آیا کہ سر پر اگر بال ہوتے تو اس کی وجاہت و دبدبہ میں یقیناً فرق آجاتا۔ میز کے نیچے ایک ادھڑا ادھڑا "کیمل کلر" کا قالین بچھا تھا۔ رنگ میں واقعی اس قدر مشابہت تھی کہ معلوم ہوتا تھا کوئی خارش زدہ اونٹ اپنی کھال فرشِ راہ کئے پڑا ہے۔ بھَرے بھرے چہرے پر سیاہ فریم کی عینک۔ کچھ پڑھنا یا پاس کی چیز دیکھنی ہوتو ماتھے پر چڑھا کر اسکے نیچے سے دیکھتا تھا۔ دور کی چیز دیکھنی ہو تو ناک کی پھننگ پر رکھ کر اس کے اوپر سے دیکھتا تھا۔ البتہ آنکھ بند کر کے کچھ دیر سوچنا ہو تو ٹھیک سے عینک لگا لیتا تھا۔ بعد میں دیکھا کہ دھوپ کی عینک بھی ناک کی نوک پر ٹکائے، اسکے اوپر سے دھوپ کا معائنہ کرتا ہوا بینک آتا جاتا ہے۔ آنکھیں ہلکی نیلی جو یقیناً کبھی روشن روشن رہی ہوں گی۔ ناک سُتواں تَرشی ترشائی۔ نچلا ہونٹ تحکمانہ انداز سے ذرا آگے کو نکلا ہوا۔ سگرٹ کے دھوئیں سے ارغوانی۔ بائیں اَبرو بے ایمان دکاندار کی ترازو کی طرح مستقلاً اوپر چڑھی ہوئی۔ گرجدار

www.urduchannel.in



آواز۔ جسم مائل بہ فربہی۔ رنگ وہی جو انگریزوں کا ہوتا ہے۔ آپ نے شاید دیکھا ہو گا کہ چینیوں کا چہرہ عمر سے بے نیاز ہوتا ہے۔ اور انگریزوں کا جذبات سے عاری۔ بلکہ بعض اوقات تو چہرے سے بھی عاری ہوتا ہے۔ لیکن یہ بالکل مختلف چہرہ تھا۔ ایک عجیب تمکنت اور دبدبہ تھا اس چہرے پر۔ کمرے میں فرنیچر برائے نام۔ نہ آرائش کی کوئی چیز۔ سارا کمرہ اس کے چہرے سے ہی بھرا بھرا نظر آتا تھا۔ یہ مقابل ہو تو اور کوئی چیز ــ اس کا اپنا جسم بھی ــ نظر نہیں آتا تھا۔

اس کا سراپا ہے یہ مصرع
چہرہ ہی چہرہ پاؤں سے سر تک

ہم نے تیار شدہ ہاتھ مصافحہ کو بڑھایا تو اس نے اپنا ہاتھ پتلون کی جیب میں ڈال لیا۔ کچھ دیر بعد "کریون اے" کا "کارک ٹپڈ" سگرٹ ڈبے سے نکال کر اُلٹی طرف سے ہونٹوں میں دبایا۔ وہ بہت بُرے موڈ میں تھا۔ کانپتے ہوئے ہاتھ سے چائے کی پیالی اٹھائی اور دوسرے کانپتے ہوئے ہاتھ سے زیادہ کانپتے ہاتھ کو تھاما۔ کپ کی ڈگڈگی سی بجنے لگی اور چائے چھلک کر ہماری درخواست کو رنگین کر گئی۔ اب ایک دیا سلائی کو اپنے بہتر ہاتھ میں مضبوطی سے پکڑ کے اس پر ڈبیا رگڑنے لگا۔ لیکن وہ کسی طرح جل کر نہیں دیتی تھی۔ خواہ مخواہ کا تکلّف تھا، ورنہ چاہتا تو اسے اپنے بلڈ پریشر پر رگڑ کے بآسانی جلا سکتا تھا۔

## ہمارا سنِ پیدائش

اس نے غلط طرف سے سگرٹ سُلگایا۔ کارک کچھ دیر بعد خود جل جلا کر ہماری گیلی درخواست پر چھن سے بجھ گیا۔ اس نے چھنگلیا کے اشارے سے ایک کرسی پر بیٹھنے کو کہا۔ ہم تعمیلاً بیٹھنے والے ہی تھے کہ ناگاہ اسی کرسی کی گہرائیوں سے ایک کتّا اٹھ کھڑا ہوا اور ہمارے شانوں پر دونوں پنجے رکھ کر ہمارا گرد آلود منہ اپنی زبان سے صاف کیا۔ "مائی ڈاگ از ویری فرینڈلی" کتّے سے تعارف کرانے کے بعد اس نے ایک ہی سانس میں سب کچھ پوچھ لیا۔ کیسے ہو؟ کون ہو؟ کیا ہو؟ اور کیوں ہو؟

www.urduchannel.in



سوائے آخری سوال کے، ہم نے تمام سوالات کے نہایت تسلّی بخش جواب دیئے۔

"تمہیں معلوم ہونا چاہئے کہ اس بینک کو میں چلا رہا ہوں، مسٹر اصفہانی نہیں۔ خیر۔ تم نے معاشیات پڑھی ہے؟" اس نے کہا۔

"نو سر!"

"حساب میں بہت اچھے تھے؟"

"نو سر! حساب میں ہمیشہ رعایتی نمبروں سے پاس ہوا، حالانکہ انٹرمیڈیٹ سے لے کر ایم۔ اے تک فرسٹ ڈویژن فرسٹ آیا۔"

"حساب میں فیل ہونے کے علاوہ تمہارے پاس اس پیشے کے لئے اور کیا کوالی فیکیشن ہے؟"

"میں نے فلسفہ میں ایم۔ اے کیا ہے۔"

"ہا ہا ہا! تمہارا سوشل بیک گراؤنڈ کیا ہے؟ کس خاندان سے تعلّق ہے؟"

"میرا تعلق اپنے ہی خاندان سے ہے۔"

"سچ بولنے کا شکریہ"۔

جی تو بہتیرا چاہا کہ لگے ہاتھوں یہ بھی بتا دیں کہ بزرگ حُبِ جاہ و مال سے بے نیاز تھے۔ فقط ہمیں اپنی نشانی چھوڑا۔ نادر شاہ نے تو اپنی ولدیت شمشیر، ابنِ شمشیر، ابنِ شمشیر بتا کر بدخواہوں اور مورخوں کا منہ بند کر دیا تھا۔ لیکن یہ فقیر، ابنِ آدم، ابنِ آدم، ابنِ آدم کے علاوہ کیا بتاتا؟

اس کے منہ سے ایسی لپٹ آ رہی تھی جیسی روئی کے اس پھوئے سے آتی ہے جو انجکشن سے پہلے نقطۂ اذیت پر رگڑا جاتا ہے۔ استفسار فرمایا "تم کب اور کہاں 'ڈلیور' ہوئے تھے؟ ہا ہا ہا!"

وہ زور سے ہنسا۔ ہم ذرا چکرائے تو کہنے لگا، "اچھا یہ بتاؤ کہ جس سنہ میں تم پیدا ہوئے، اس سال اور کون سا بین الاقوامی سانحہ ہوا تھا؟"

انٹرویو کے سلسلہ میں ایک عرصہ پہلے ہم نے معلومات عامہ کے نامعقول سے

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in



بھگوت گیتا اور مہا بھارت کے فارسی ترجمے میں جوت دیا۔ (بیربل کو البتہ راقم الحروف کے فرائض سونپے گئے کہ خبردار! منہ سے کبھی کوئی سنجیدہ بات نکالی تو وہیں زبان گُدّی سے کھینچ لی جائے گی۔) ایک ریت سی پڑ گئی تھی کہ مسلمان رؤسا اور جاگیرداروں کی آمدنی کا حساب تو ہندو منیم رکھتے اور خرچ کا حساب خود عدالت کو قرقی کے وقت بنانا پڑتا تھا۔ اعمال کے حساب کتاب کا جنجال بھی ہم نے کراماً کاتبین کو اور متعلقہ آڈٹ منکر نکیر کو سونپ رکھا ہے۔ ہمیں روپیہ ہمیشہ کم ہی معلوم ہوتا ہے۔ مسلمان ۲ اور ۲ کو ۴ نہیں، بلکہ ایک کم پانچ کہتا ہے، جب کہ ہندو ایک اوپر ۳ کہتا ہے۔ یہ قول رابرٹ کلائیو کے ایک ہم عصر سے منسوب ہے کہ روپیہ بچا کر رکھنے کے معاملے میں مسلمان چھلنی کی طرح ہوتا ہے اور ہندو اسفنج کی مانند۔

سوداگری کو کسرِ شان سمجھنے کا ایک نتیجہ یہ نکلا کہ دودمانِ تیموریہ پر جب ملکِ خدا تنگ ہوا تو اس کا آخری چشم و چراغ مہاجن سے قرض لے کر فوج کی تنخواہیں چکاتا اور اپنی غزلوں کی اصلاح کرنے والے استاد، نجم الدولہ دبیر الملک مرزا اسد اللہ خاں غالبؔ کو چاندی کے طشت میں زربفت کے تورہ پوش سے ڈھکا ہوا سیم کے بیجوں کا توشہ بھیجتا۔ تقسیم سے پہلے کے تین چار سو برسوں میں خاص کر، برصغیر کے مسلمان نے تجارت کو اپنی شانِ قلندری کے خلاف سمجھا۔ اس لئے کہ اس میں یہ اندیشہ تھا کہ ذرا سی غفلت یا لاپروائی سے کہیں منافع نہ ہو جائے۔ چمڑے اور کھالوں کی ساری تجارت البتہ مسلمانوں کے ہاتھ میں رہی، جس کی تین وجہیں تھیں۔ اوّل تو یہ انھی مرحومین کی آخری نشانی تھی جنھیں وہ برغبت کھا چکے تھے۔ دوم یہ کہ ہندو اس کاروبار کو ناپاک سمجھتے تھے۔ سوم، خوش قسمتی سے ان تاجروں کا تعلق چنیوٹ سے تھا جو دِلّی کے دربار سے ہنوز دُور تھا۔ ان کی سُوجھ بُوجھ کے سامنے مارواڑی بھی کان پکڑتے ہیں۔ مشہور ہے کہ چنیوٹی یا میمن پاگل ہو جائے تب بھی دوسرے کی پگڑی اتار کر اپنے ہی گھر میں پھینکتا ہے۔ پیدا کہاں ہیں ایسے پراگندہ طبع لوگ۔

## حساب کتاب کا جنجال

تعجب کی بات تو یہ ہے کہ اُردو کی داستانوں میں سوداگروں کا ذکر اگر کہیں آتا

www.urduchannel.in



ہے تو وہ محض قزاقوں سے لٹنے کے لئے۔ اور یہ بھی اس طور پر کہ پڑھنے والے کی اخلاقی ہمدردی ہمیشہ لوٹنے والے کے ساتھ رہتی ہے۔ اردو غزل میں، ہمیں یاد نہیں کہ کسی شاعر نے سوداگر کو کلمۂ خیر کے ساتھ یاد کیا ہو۔ ہاں ایک نظم، مثنوی زہر عشق، میں سوداگر در آیا ہے۔ وہ بھی فقط اس لئے کہ اس کی ایک دختر تھی جو، خلاف محاورہ، نیک اختر نہ نکلی۔ مگر جس سے آگے چل کر شاعر کو ردیف و قافیہ کی چول بٹھانے کے علاوہ اور بھی بہت سے کام لینے تھے جن میں خلوت کی ملاقاتیں، ان کے لازمی نتیجہ میں خودکشی اور آخر الذکر سے پہلے "پان کل کے لئے لگاتے جائیں" کا فریضہ شامل تھا:

جس محلے میں تھا ہمارا گھر
وہیں رہتا تھا ایک سوداگر
ایک دختر تھی اس کی ماہ جبیں
شادی اس کی ہوئی نہیں تھی کہیں

آخری مصرع میں جو نوید مسرت ہے بس اس نے پچھلے تین مصرعوں میں جان سی ڈال دی ہے۔ اور تو اور عوامی شاعر نظیرؔ اکبر آبادی نے سُود بڑھا کر لانے اور ٹوٹا گھاٹا پانے والے بنجارے کے ٹھاٹ باٹ کو مٹی میں ملایا سو ملایا، تعلّقات زناشوئی پر بھی ہاتھ صاف کر گئے:

دِھی، پُوت، جنوائی، بیٹا کیا، بنجارن پاس نہ آوے گی

بچپن کی بات ہے۔ شاید اسی لئے اچھی طرح یاد ہے۔ پورے قصبہ چاکسو (خورد) میں تجارت وِجارت تو بڑی بات ہے، کسی مسلمان کی پنساری تک کی دکان نہ تھی۔ ۱۹۳۳ء میں چند مسلمانوں نے قرض حسنہ اور چندہ جمع کر کے سرمایہ فراہم کیا اور صولت یار خان ریٹائرڈ سب انسپکٹر پولیس کو مسلمانوں کے محلّے میں پرچون کی دکان کھلوادی۔ اس زمانے میں کوڑیاں بھی چلتی تھیں۔ دھیلے کا گھی اور چھدام کے بینگن خریدتے غریبوں کو ہم نے بھی دیکھا ہے۔ چھوٹے بینگن کا "جھونگا"☆ اس کے علاوہ۔ صولت یار خان کو منافع سے تو دلچسپی تھی، لیکن حساب کتاب کو مکروہ گردانتے تھے۔

☆ جھونگا (پنجابی) وہ فاضل چیز جو سودا خریدنے والے کو ردکن میں ملے۔

www.urduchannel.in



دکان میں ان کی مسند تکیے، حقّے اور ترازو کے سامنے آٹا، شکر، بیسن، نمک، مرچ، دالیں اور مسالے، اُلٹی ہوئی آستین کی طرح اُدھ کھُلی بوریوں میں بھرے رہتے تھے۔ جو چیز جتنی بکتی اس کی قیمت اسی بوری یا کنستر پر سارے دن پڑی رہتی تاکہ حساب میں آسانی ہو۔ شام کو ہر جنس کی بکری کو علیحدہ علیحدہ گنتے۔ روکڑ کی میزان نہیں بیٹھتی تو اپنا دل نہیں جلاتے تھے۔ بہی کھاتوں میں ایک نئی مد "بھول چوک لینی دینی" کھول لی تھی۔ روزانہ کیش میں جو کمی واقع ہوتی وہ اسی کے متّھے مارتے۔ ہوتے ہوتے اس مد میں کافی رقم چڑھ گئی جو تقریباً اصل سرمایہ کے برابر تھی۔ شب برات کی صبح مرزا عبدالودود بیگ جن کی عمر اس وقت سات سال ہوگی، چھ پیسے کی زعفران لینے گئے۔ زعفران کی پڑیا لے کر انھوں نے صولت یار خان کو ایک کلدار روپیہ تھمایا۔ اتفاق سے زعفران کی ابھی بوہنی نہیں ہوئی تھی اور اس کے ڈبے پر کوئی ریزگاری نہیں تھی۔ صولت یار خان نے بندھی بندھائی پڑیا مرزا کے ہاتھ سے چھین کر کہا ہشت! ہمارے پاس ریزگاری نہیں۔ گوبند ابنئے کی دکان سے خرید لے۔ مرزا نے انگلی سے ریزگاری کی ان ڈھیریوں کی طرف اشارہ کیا جو تقریباً ہر بوری اور کنستر پر پڑی تھیں۔ ارے صاحب وہ تو آپے سے باہر ہوگئے۔ دھمکی آمیز انداز سے دوسیری ○ اٹھاتے ہوئے بولے، مرغی کے! دوسری ڈھیری میں سے ریزگاری نکال کے تجھے دے دوں تو شام کو حساب کون کرے گا؟ تیرا باپ؟

## ہمارا چوتھی کھونٹ جانا

بچپن میں ہم کبھی "کیریر" کے بارے میں سنجیدگی سے سوچتے تھے تو انجن ڈرائیوری کے سامنے بادشاہی بھی ہیچ معلوم ہوتی تھی۔ نام خدا دراسیانے ہوئے اور دل سے جن، بھوت اور بزرگوں کا ڈر نکلا اور وہ دن آئے "جب سائے دھانی ہوتے ہیں، جب دھوپ گلابی ہوتی ہے" تو گھنے جنگلوں میں ٹارزن کی سی سادہ زندگی گزارنے کا عزم کیا۔ نہ امتحان کا کھٹکا، نہ روز صبح منھ دھونے کا کھٹراگ۔ محبوبہ ایک گز بھی دُور کھڑی ہو تو زورِ شباب میں اکیس گز کی چھلانگ لگاتا۔ پھر واپس بیس گز کی چھلانگ لگا کر

○ دوسیر سے زیادہ کچھ تولنا ہو تو باٹ گاہک کو اٹھانے پڑتے تھے۔

www.urduchannel.in



پہلو میں پہنچنا اور چنگھاڑنا۔ جٹادھاری برگد کی داڑھی یا یہ ہاتھ نہ لگے تو لنگور کی دُم پکڑ کر جُھولتے ہوئے زُوں سے ایک درخت سے دوسرے درخت اور ایک مقام سے دوسری دُم تک پہنچنا۔ بَن میں ترِے کودا کوئی یوں دَھم سے نہ ہوگا! پھر اپنے اور حورِ صحرائی کے درمیان کوئی دریا، ظالم سماج کی طرح حائل ہو جاتا تو اسے اس کے والد یا مگرمچھ کی پیٹھ پر بیٹھ کر پار کرتے۔ مگر ہوتا یہ تھا کہ جو کہانی بھی پڑھتے اس کے ہیرو کا محبوب مشغلہ بلکہ محبوبہ تک کو لپنانے کا فیصلہ کر لیتے۔ کسی کے منہ پر سہرا لٹکا دیکھتے تو واللہ تن بدن میں آگ لگ جاتی۔ محسوس ہوتا گویا ہماری ذاتی حق تلفی ہو رہی ہے۔ اور اگر صلیبی جنگیں بند کرنے میں فریقین اور مولانا عبدالحلیم شرر اتنی عجلت سے کام نہ لیتے کہ ہمیں پیدا ہونے کا موقع تک نہ دیا، تو آج ہماری قبر قسطنطنیہ، رومانیہ، ہسپانیہ یا کسی اور ترقی یافتہ ملک میں ہوتی۔

ہم نے خود کو ہر بہروپ، ہر سوانگ میں دیکھا تھا، سوائے بینکر کے۔ یہ وہ چوتھی کھونٹ تھی جس طرف جانے کی داستانوں میں سخت مناہی ہوتی ہے۔ لیکن جدھر جانے والا ضرور جاتا ہے اور پچھتاتا ہے۔

## حلال و حرام

"پڑھو گے لکھو گے بنو گے نواب، کھیلو گے کُودو گے ہو گے خراب۔" بزرگوں کی اس نصیحت اور علمِ نجوم سے لبریز پیش گوئی پر سدا بچپن نچھاور کروانے کے بعد جب ہماری باری آنے لگی تو یار لوگوں نے ریاستیں رجواڑے ہی ختم کر دیئے۔ لیکن بات دراصل یہ ہے کہ آدمی ذرا اور جینٹل ہو تو کھیلے کودے بغیر بھی خود کو خراب و خوار کرنے کی کوئی نئی راہ نکال ہی لیتا ہے۔ تیسری جماعت تک ٹونک (راجستھان) میں خود پر تعلیمی تجربے کروائے۔ وہاں اسکول میں ظہر کی نماز با جماعت ہوتی تھی جسے بے وضو ادا کرنے یا سجدے میں ہنسنے پر انگلیوں کے درمیان نیزہ کا قلم رکھ کر دبایا جاتا تھا جو اکثر اس سزا کی تاب نہ لا کر ٹوٹ جاتا تھا۔ قتل عمد کی سزا موت تھی۔ جلّاد جب ٹھراپی کر گردن اڑاتا تو تماشا دیکھنے کے لئے شہر کا شہر اُمنڈ پڑتا۔ رقیق القلب لوگ سبز عینک لگا کر جاتے

www.urduchannel.in



تھے جو اس زمانے میں صرف اس وقت پہنی جاتی تھی جب آنکھیں دُکھنی آجائیں۔ اس سے خون بینگنی اور تلوار سبز نظر آتی تھی۔ محکمۂ قضاۃ اور عدالتِ شرع شریف بھی تھی گو کہ اس کا دائرۂ بے اختیاری سُکڑتے سُکڑتے طلاق اور آشنائی کے لذیذ قضیوں تک محدود ہو گیا تھا۔ (حیدر آباد دکن میں تو طوائفوں اور تاڑی پر نظر رکھنے والے سرکاری محکمہ کو محکمۂ بدعت کہتے تھے) ٹونک میں دین اور شاعری کا بڑا چرچا تھا۔ جلّاد اور امراء و شرفا کے علاوہ عام آدمی کو شراب پینے کی اجازت نہ تھی۔ خدا نہ سہی، قاضیٔ شہر کا خوف ابھی دلوں سے دُور نہیں ہوا تھا۔ چنانچہ خلاف شرع کوئی کام کرنا ہو تو مسلمان اپنی ترکی ٹوپیاں اتار کر جیب میں رکھ لیتے تھے۔ ٹونک کے ایک سیلانی نواب زادے مصر اور ترکی گئے تو اس بات پر بہت متعجب ہوئے کہ وہاں تو مسلمان نماز بھی ٹوپی اتار کر پڑھتے ہیں۔

ہم تو سوچ بھی نہیں سکتے تھے کہ سُود جسے حرام ٹھہرایا گیا ہے اور رِبا جس کی حرمت میں ہمیں آج بھی شمّہ برابر شبہ نہیں، ہمارا ذریعۂ معاش ہی نہیں، بلکہ ہر اعتبار سے غالب و کار آفریں، کارکشاو کار ساز ثابت ہو گا۔ والد مرحوم پاکستان آنے لگے تو اپنے پوسٹ آفس سیونگ بینک اکاؤنٹ میں ساڑھے چار ہزار روپے چھوڑ آئے تھے جو ان کے حساب سے بیس سال کے سُود کی رقم بنتی تھی۔ وہ کسی ایسے مسلمان کے ہاں دعوت کھانا تو بڑی بات ہے، پانی پینا بھی حرام سمجھتے تھے جس کے متعلق انہیں معلوم ہو کہ وہ اپنے اکاؤنٹ پر سود لیتا ہے۔ انہوں نے ایک دن امام ابو حنیفہ کا قصہ سنایا تھا کہ ایک شخص کی تدفین کے بعد لوگ ایک مکان کی دیوار کے سائے میں کھڑے ہو گئے۔ مگر امام ابو حنیفہ دور چلچلاتی دھوپ میں کھڑے رہے۔ کسی نے پوچھا حضرت! آپ سائے میں کیوں نہیں آجاتے؟ آپ نے جواب دیا اس مکان کا مالک میرا مقروض ہے۔ اگر میں اس کے سایۂ دیوار سے فائدہ اٹھاؤں تو ڈرتا ہوں کہ روزِ حساب اس کا شمار سُود میں نہ ہو جائے۔

خیال آیا کہ ملازمت مل بھی گئی تو ایسے باپ کو یہ کیسے بتائیں گے کہ بچھندر نے بہر طور روٹی کمانے کے لئے کیا کسب اختیار کیا ہے۔ وہ ریاست ٹونک میں پولیٹیکل سیکریٹری رہ چکے تھے۔ ریاستی خُو بُو سے مبرّا، پابندِ شرع، سادہ دل مسلمان تھے۔ کٹّے،

www.urduchannel.in



بے علم نہ تھے۔ جے پور کے پہلے مقامی مسلمان تھے جس نے ۱۹۱۴ء میں بی اے کیا۔ اچھی طرح یاد ہے کہ ٹونک میں بڑے کنویں کے سامنے ہماری لق و دق حویلی میں ہز ہائی نس نواب حافظ سر ابراہیم علی خاں، والیِ ریاست، کے درجنوں فوٹو ہر اس جگہ ٹنگے تھے جہاں کیل بغیر اس خدشے کے ٹھونکی جا سکتی تھی کہ ساری دیوار نہ آن پڑے۔ انہوں نے ہر ایک کی ناک چاقو سے چھیل دی تھی، اس لئے کہ ان کا عقیدہ تھا کہ شبیہہ مکمل ہو تو اس گھر میں رحمت کے فرشتے نہیں آتے۔ ساٹھ ستّر امرا، صاحب زادگان اور درباریوں پر مشتمل ایک گروپ فوٹو، جس میں وہ خود بھی شامل تھے، ایک طاپچے کی زینت تھا۔ اس کا بھی وہی نقشہ تھا۔ ناوک نے تیرے ناک نہ چھوڑی زمانے میں! نواب صاحب، جو اَسّی کے پیٹے میں ہوں گے، خود بھی حافظ و متشرع، تہجد گزار، سادہ و نیک طینت مسلمان تھے۔ اپنی ناک آپ چھیلتے تھے۔ فیضی رحمین سے انہوں نے جو اپنی قد آدم پینٹنگ بمبئی جا کر بصرفِ کثیر بنوائی تھی، اس کی ناک انہوں نے اپنے جدِ اعلیٰ امیر خاں لٹیرے کی قرولی سے ٹونک میں خود چھیلی تھی۔ رعایا کو اس خدا ترس، درویش منش فرمانروا سے بے پناہ عقیدت تھی۔ چنانچہ یکم محرم کو پیدائش کے بعد ہمیں اس وقت تک کوئی کپڑا نہیں پہنایا گیا جب تک عشرہ کے بعد اس بزرگ کی اُترن کے تبرک سے ہمارا پہلا کرتا نہ سل گیا۔ خدا علیم و خبیر ہے۔ وہی جانتا ہے کہ اس عقیدت و ارادت میں مصلحت و مصاحبت کو کتنا دخل تھا۔ ہم نے اپنے ہوش میں پہلی دفعہ جے پور کا میوزیم دیکھا تو بڑا تعجب ہوا کہ صدیوں پرانی مورتیاں اور بُت البرٹ ہال کے کاریڈور میں قطار اندر قطار سجے ہیں۔ ہر طرح صحیح و سالم۔ لیکن ناک ہر ایک کی ٹوٹی ہوئی۔ جب ذرا سُوجھ بُوجھ پیدا ہوئی تو سمجھ میں آیا کہ اس آذر کدے سے ہر دَور، ہر صدی میں نام بدل بدل کر، کوئی ابراہیم علی خاں مع اپنے مشیر باتدبیر کے گزرتا رہا ہے۔

## ہمارے برہمچاری آشرم میں چھ ہفتے کی توسیع

"تم یہ پیشہ کیوں اختیار کرنا چاہتے ہو؟ کوئی معقول وجہ؟" ذہن پر بہتیرا زور دیا۔ وہ اگر معقول کی پخ نہ لگاتا تو ہم ایک ہزار ایک وجوہات گنوا سکتے تھے۔ اور اگر اس نے

www.urduchannel.in



ہماری سچ بولنے کی عادت کو اس شدت سے نہ سراہا ہوتا تو ہم یہ جھوٹ بول کر پیچھا چھڑا لیتے کہ حساب کتاب سے ہمیں پیدائشی لگاؤ ہے۔ لیکن یہ امرِ واقعہ ہے کہ بزرگ ہمارے حساب کے نمبر دیکھ کر مشتعل ہو جاتے اور ہر سوال پر صفر کو صحبتِ بد کا ثمرہ سمجھتے۔ (حاشا و کلّا! مرحوم بزرگوں کی خطا کی گرفت کرنا ہمارا کام نہیں، فرشتوں کا فرض ہے۔ لیکن صحبتِ بد کی وضاحت اور "ریکارڈ درست رکھنے" کی خاطر خدا کو حاضر و ناظر جان کر عرض کرتے ہیں کہ جتنی بھی گالیاں ہمیں یاد تھیں وہ سب ہم نے اپنے بزرگوں اور ماسٹروں ہی سے سیکھی تھیں۔) ان دنوں ہمیں اس کا بڑا ارمان تھا کہ کاش ہمارے سر پر سینگ ہوتے تو بزرگ ہمیں کم از کم گدھا تو نہ سمجھتے۔ مرزا کے ددھیالی بزرگ تو ان کی پیٹھ پر باکسنگ کی مشق بھی کرتے تھے۔ ساتویں جماعت میں جب ہمیں انگریزی میں ۱۰۰ میں سے ۹۱ اور حساب میں پندرہ نمبر ملے تو ہم نے گردھاری لال شرما سے رُجوع کیا جس نے بالکل یہی نمبر حاصل کیے تھے۔ مضامین کی ترتیب البتہ اُلٹی تھی۔ اس نے ہمیں بتایا کہ ہندوستان کا سب سے بڑا ریاضی داں رامانج رات کو چراغ کی روشنی میں اس طرح پڑھتا تھا کہ ایک ڈوری سے اپنی چوٹی کو چھت کے کڑے سے باندھ لیتا تھا تاکہ نیند کا جھونکا آئے تو آنکھوں کے آگے بجلی سی کوند جائے لیکن ہم نے اسے بتایا کہ ہماری چھت کے کڑوں میں تو پہلے سے ہی فرشی پنکھا لٹک رہا ہے، جسے صرف بقرعید پر اُتارتے ہیں تاکہ قصائی ان میں بکرے اُلٹے لٹکا کر کھال اتار سکے۔ بغل تک ہاتھ اور بند مٹھی کھال میں گھُسا گھُسا کر۔ گردھاری لال شرما نے ہاتھ جوڑ کر ہمیں مزید تفصیلات میں اُترنے سے روکا اور اپنی تجویز فوراً واپس لے لی۔

کچھ دیر بعد کہنے لگا کہ چنتا نہ کرو۔ برہمچاریہ کر کے کل تک کوئی اور اُپائے نکالوں گا۔ دوسرے دن اس نے اپنا بچن پورا کیا اور حساب میں ۹۱ نمبر لانے کے دو گُر بتائے۔ پہلا تو یہ کہ بھوگ بلاس سے دُور رہو۔ آج سے پرتگیّا کر لو کہ امتحان تک برہمچریہ کا پالن کرو گے۔ ہٹیلی کامنائیں یا چنچل بچار ہلّہ بول دیں تو تین دفعہ "اوم! شانتی! شانتی! شانتی!" کہنا۔ اس سے بیاکل ساگر اور بھڑکتا جوالا مکھی بھی شانت ہو جاتا ہے۔ اوم! شانتی! شانتی! شانتی!

www.urduchannel.in



ہم نے کہا نہ بابا! یہ ہم سے نہ ہو گا۔ بولا بھائی جی! تم مُسلّے ہوتے ہو بڑے کٹّے۔ ہم نے کہا یار! یہ بات نہیں۔ ہمیں تو اس سے شاتی کھتّا یاد آنے لگے گی۔ بولا نا! نا! پھر تو سوتے سمے پرانے پیڑے کی لسّی پی لینا۔ کسی کو لُو لگ جائے تو پلاتے ہیں۔ اور جیسے ہی سُندر سپنا دکھائی دینے لگے تو انٹرول میں ہی اٹھ کھڑے ہونا اور ایک لال مرچ کی دھونی لے لینا۔ ایک پَل، ایک چھن کے لئے بھی اِستری کا دھیان من میں نہ لانا۔

"کوئلے سے گرم ہونے والی کا بھی نہیں؟" ہم نے وضاحت چاہی۔

"پاس ہونا ہے تو برہمچریہ کا پالن کرنا ہو گا۔"

خیر۔ اس شرط سے تو ہم زیادہ بددل نہ ہوئے۔ اس لئے کہ بارہ برس کی عمر میں ڈیڑھ دو مہینے اور برہمچاری رہنا کچھ ایسا دشوار نہ تھا۔ ہم نے حتی الامتحان کوشش کرنے کا وعدہ کیا۔ دوسرا گر یہ بتایا کہ چوٹی کا کشٹ نہیں اٹھا سکتے تو سر پر باریک مشین پھروا لو۔ اور بیچ میں اُسترے سے منڈوا کر ایک پان بنوالو۔ اور اسے سرولی آم کی گٹھلی سے رگڑواؤ۔ ساری بھوسی جھڑ جائے تو اس پر گائے کے مکھن کی ٹکیہ رکھ کر کھلے آکاش تلے سوال نکالا کرو۔ ہاں! تالو اس کارن منڈواتے ہیں کہ دھرماتماؤں کے پران کھوپڑی کے رستے ہی نکلتے ہیں۔ پھر اس کا چمتکار دیکھنا۔ میری چوٹی ٹائیفائڈ کے بعد جھڑ گئی تھی۔ میں نے تو یہی کیا۔ اور یار میاں جی! سادھارن جیون بتانا سیکھو۔ گرم چیزوں سے ایک دَم پرہیز۔ گوشت، گرم مصالحے، گڑ کی گجک، اور اُردو غزل سے چالیس دن الگ رہنا۔

اس کے بدلے، انگریزی میں ۹۱ نمبر حاصل کرنے کا جو نسخہ ہم نے اس رامانج کے لئے تجویز کیا اس میں صرف وہ اجزا شامل تھے جن سے اس نے ہمیں پرہیز کرنے کی تاکید کی تھی۔ بہر حال ہم نے اس کی ترکیب پر ۱۲، ۱۳ شب عمل کیا، جس میں یوم الحساب کی چاند رات بھی شامل تھی۔ لیکن ہوتا یہ تھا کہ کُھلے آسمان کے نیچے پان اور اس کے متصل علاقے کو ٹھنڈی ٹھنڈی ہَوا لگتی تو آنکھیں آٹھ بجے آپ ہی آپ بند ہو جاتیں۔ بُرے بُرے خیال آنے کا انتظار ہی رہا۔

ہمیں تو نیند ہی آئی شباب کے بدلے

www.urduchannel.in



# سمندری موت کی ہوائی موت پر فضیلت

مسٹر اینڈرسن نے آخری مرتبہ بڑی دھیرج سے سوال کیا "تم اس پیشے میں کیوں آنا چاہتے ہو؟ میں یہ سوال تمہیں انٹرویو میں فیل کرنے کے لئے نہیں پوچھ رہا ہوں۔ اگر یہی منشا ہوتا تو میں یہ بھی پوچھ سکتا تھا کہ بتاؤ اس کتّے کے والد کا کیا نام ہے؟ ہو! ہو! ہو!"

"میرا تقرر مسٹر ایم۔ اے اصفہانی نے اورینٹ ایئرویز میں کیا تھا۔ میں سول سروس چھوڑ کر ہندوستان سے کراچی آیا۔ یہاں معلوم ہوا کہ حال ہی ایک ہوائی جہاز گر گیا ہے۔"

"تم پائلٹ ہو؟"

"نہیں تو! ایرکریش میں وفات پانے کے لئے آدمی کا پائلٹ ہونا ضروری نہیں۔"

"You're telling me!"

"سر مجھے یوں بھی ہوائی جہاز سے سخت نفرت ہے۔" ہم نے جھوٹ بولا جس میں سچ کا عنصر صرف اس قدر تھا کہ مناباؤ سے کھوکھرا پار تک ہندوستان و پاکستان کا سرحدی علاقہ ہم نے اونٹ کے کوہان پر بیٹھ کر طے کیا تھا۔ (اونٹ کے بقیہ حصّوں پر دوسروں کا اسباب رکھا تھا۔) انٹرویو کے دن تک ہماری ٹانگوں کا درمیانی فاصلہ اسی کوہان کے برابر یعنی ایک گز تھا۔ جیسے کسی نے چمٹے کو چیر کر سیدھا کر دیا ہو۔

"ہا ہا ہا! عالی دماغ لوگ ایک ہی طرح سوچتے ہیں۔ مجھے بھی اس شیطانی ایجاد سے سخت چڑ ہے۔ سمندری سفر سے بہتر کوئی سفر نہیں۔ شاہی سواری صرف ایک ہے۔ اسٹیمر۔ سب سے بڑی خوبی یہ کہ چوبیس گھنٹے کا سفر چوبیس دن میں طے ہوتا ہے۔ پھر یہ کہ فری ڈرنکس۔ میں تو پچھلے تیس سال سے لندن سے ہمیشہ بحری جہاز سے آتا ہوں۔

Afterall, a ship- wreck is much safer than an air- crash! Don't you agree?

www.urduchannel.in



مجھے یہ جان کر بے انتہا خوشی ہوئی کہ تم بھی ہوائی جہاز سے الرجک ہو۔ آج سے تم خود کو بینک کا COVENANTED OFFICER سمجھو"

## پسلی پھڑک اٹھی نگہِ انتخاب کی

اس انٹرویو کو تیئس سال ہوگئے۔ ہمارا خیال کیا، پختہ یقین ہے کہ اس نے ہمیں بینک میں محض اس لئے ملازم رکھ لیا کہ ہمیں بھی ہوائی جہاز سے نفرت تھی۔ ہوائی کمپنی اور خدا ہمیں معاف کرے، ہمیں اس ایجاد سے ابھی تک کوئی نقصان نہیں پہنچا۔ تادمِ تحریر ہم کسی ہوائی حادثے میں ہلاک نہیں ہوئے، جیسا کہ بہت سے ذہین قارئین نے اندازہ لگالیا ہوگا۔ لیکن کبھی کبھی احمقانہ فقرے سے بھی آدمی کے دن پھر جاتے ہیں، بشرطیکہ سُننے والا بھی اس صنفِ سخن کا قدر دان ہو۔ اینڈرسن کم و بیش نو سال پاکستان میں رہا، لیکن لاہور محض اس لئے نہیں گیا کہ وہاں پانی کا جہاز نہیں جاتا۔ لاہور کو "کنٹری سائیڈ" کہتا تھا۔ حالانکہ اس کے اپنے آبائی گاؤں کی آبادی دو سو نفوس پر مشتمل تھی۔ نصف آبادی وہسکی بناتی اور بقیہ نصف اسے پیتی تھی۔ خیر، ہم ٹوکنے والے کون۔ کنویں کے مینڈک کو تالاب کے مینڈک کا مذاق اُڑانے کا حق نہیں پہنچتا۔ ہم خود اندرونِ سانگانیری گیٹ، جے پور، کے رہنے والے تھے اور عرصہ دراز تک باقی ماندہ برصغیر کو OUT SIDE SANGANERI GATE سمجھتے رہے۔

## ہماری سیہ پوشی

اس نے ہمیں تقرری پر مبارکباد دی۔ ہم نے بھی جی کھول کر اس کے حسنِ انتخاب کی داد دی۔ ابھی ہم نے انگریزی کا دُوسرا جملہ اپنے خراد پر چڑھایا ہی تھا کہ اس نے پوچھا:

"اسکاٹ لینڈ کی کس چیز کی ساری دُنیا میں دھوم ہے؟"

"بیگ پائپ میوزک، وہسکی اور کنجوسی۔"

"اور؟" اس نے منھ بگاڑ کر پوچھا۔

www.urduchannel.in



"بُل ٹیریر کتے، گاف کلب، KILT اور HAGGIS☆ ہم نے سب کچھ اُگل دیا۔ وہ انگارہ ہو گیا۔ "معلوم ہوتا ہے تم نے اپنا سارا جنرل نالج ان گندے لطیفوں سے کشید کیا ہے جو انگریزوں نے اسکاٹ لینڈ کے بارے میں گھڑ رکھے ہیں۔ تمھیں معلوم ہونا چاہئے کہ اسکاٹ لینڈ کا سب سے قیمتی سرمایہ، سب سے مشہور چیز تمھارے سامنے بیٹھی ہے۔ اسکاٹ بینکر۔ ہمارا لوہا ساری دُنیا مانتی ہے۔ ہم جب قرض دیتے ہیں تو اس میں سے سارا سود پیشگی مجرا کر کے دھروا لیتے ہیں۔ ہمارا سود کبھی نہیں ڈوبتا۔ اصل رقم بھلے ہی ڈوب جائے۔ اور محتاط اور وہمی اتنے کہ جب تک یکم جنوری کے سورج کو اپنی آنکھ سے نہ دیکھ لیں، اسکاٹ لینڈ میں کوئی شخص دیوار پر نئے سال کا کیلنڈر نہیں ٹانگتا۔ مجھے تو تمھاری خوش نصیبی پر رشک آرہا ہے کہ تم ایک اسکاٹ بینکر سے اس پیشے کی ابجد سیکھو گے۔ اوّلین فرصت میں لندن سے RAE'S COUNTRY BANKER منگوا کر حفظ کر لو۔ ہمارے پیشے کی بائیبل ہے۔ اس کے علاوہ لارڈ چیسٹر فیلڈ کے خطوط پڑھا کرو۔ دو سو سال سے ان کا شمار کلاسکس میں ہوتا ہے۔ پندونصائح اور ورڈلی وزڈم، (فراستِ ارضی) سے بھرپور۔ اخلاقیات، نفسیات اور آدابِ مجلس کے بڑے باریک نکتے ملیں گے۔ خونِ جگر سے لکھی ہوئی یہ کتاب مجموعہ ہے ان خطوط کا جو اس نے تیس سال کی مدت میں اپنے NATURAL SON کو لکھے تھے۔ جانتے ہو، انگریزی میں حرامی اولاد کو فطری بیٹا کہتے ہیں؟ اس لحاظ سے ہم تم غیر فطری اولاد ہوئے۔ ہا ہا ہا!"

اس کا موڈ بدل چکا تھا۔ ہم رخصت ہونے لگے تو اس کے کتے نے پھر اٹھ کر چوما چاٹی کی الوداعی رسوم ادا کیں اور دروازے تک دُم اٹھائے مشایعت کو آیا۔ ہم دروازہ کھول کر نکلنے والے ہی تھے کہ "جسٹ اے منٹ!" کہہ کر واپس بلایا۔ رَبّ العزت! اب کون سی کسر باقی رہ گئی؟ یہ اہانتوں کا ٹھیکرا جسے پاپی پیٹ کہتے ہیں، یہ تو کبھی کا بھر چکا۔

"اور اگر تم تھری پیس سوٹ پہن کر ہی بھرے دفتر میں کراچی اسٹیم باتھ لینے

---

☆ KILT مردوں کا گھٹنوں سے اوپر تک کا اسکرٹ جو صرف اسکاٹ لینڈ والے پہنتے ہیں۔

HAGGIS دل، کلیجی اور پھیپھڑے کو اوجھڑی میں بند کر کے دَم پخت کرتے ہیں۔

www.urduchannel.in



پر مُصر ہو، جس کی وجہ اندر پھٹی قمیص بھی ہو سکتی ہے، ہا ہا ہا! ...................... تمہاری خوشامد مجھے مقصود نہیں، لیکن ایمان کی بات ہے، اس سے زیادہ WELL- DRESSED SCARE- CROW میں نے اپنی زندگی میں نہیں دیکھا ........... اگر کچھ پہننا ہی ہے تو یہ شطرنج کی بساط جیسا چَو خانے دار سوٹ اور میرے دیس کی ٹارٹن ٹائی پہن کر بینک نہ آنا۔ ساری دنیا میں بینکروں اور کسبیوں کا روایتی پہناوا سیاہ لباس ہے۔ سیاہ سوٹ پہنا کرو۔ ٹریڈ مارک!"

اور یوں ہماری زندگی میں ایک نئے باب کا آغاز ہوا۔ بلکہ، بقول پروفیسر قاضی عبدالقدوس، صفحہ پلٹنے کی آواز بھی دور دور تک سُنائی دی۔ اگر ہم نے اپنے دانا دوست میاں محمد شفیع کے مشورے پر عمل کیا ہوتا تو آج ہم ایک ناکام سے بینکر کے بجائے ٹوٹا باسمتی چاول اور کریانا کے ناکام آڑھتی ہوتے۔

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

# رہے دیکھتے اوروں کے عیب و ہنر

## روٹی تو بہر طور کما کھائے مچھندر

ازبسکہ ہماری ہر تباہی اور خانہ بربادی ہمارے مخدوم مرزا عبدالودود بیگ کی ذاتی نگرانی میں ہوئی ہے ہم نے جاکر انہیں خوش خبری سنائی کہ ہم بینکنگ کے پیشے میں حادثاتی طور پر داخل ہوگئے ہیں۔ بولے "دست بخیر! بینک کو چوٹ تو نہیں آئی؟" مبارکباد کے بجائے انہوں نے اسے اس صدی کا سب سے بھونڈا مذاق قرار دیا۔ ہم نے کہا "تمہیں یقین نہیں آتا۔ ہم تو کل صبح سے بینک جانا شروع کردیں گے۔"

فرمایا "جب تک کوئی شخص نشے میں دُھت نہ ہو، تمہیں بینک میں ملازم نہیں رکھ سکتا۔"

"جس شخص نے ہمیں ملازم رکھا وہ اسی عالم میں تھا۔"

"سچ؟"

"سچ۔ خدا خیر کرے! ہم نے اندھیرے میں چھلانگ لگائی ہے۔"

"چھلانگ تو ضرور لگائی ہے، مگر کپاس کے ڈھیر میں۔ بدن پر سریش مَل کر۔ عیش کروگے، دوست! آدمی اپنی گرہ سے پیسہ اُدھار دے اور وہ ڈوب جائے تو احمق کہلاتا ہے۔ وصول ہو جائے تو سُود خور۔ لیکن دوسروں کا روپیہ بیاج پر چلائے اور مونچھیں داڑھی سے بڑھ جائیں، یعنی بیاج مُول سے زیادہ ہو جائے تو بینکر باجے! سُود میں بڑی برکت ہے۔ سُود اور سرطان کو بڑھنے سے کوئی نہیں روک سکتا۔ مزا تو جب تھا کہ پیشہ بھی ڈھونڈ، سُود کا سَودا بھی چھوڑ دے"

"بقول غالب، پیشہ میں عیب نہیں۔"

"حضور نے تو شرعی عیب ہی کو پیشہ بنالیا۔ خیر بینک کے پاس تو تمہیں ملازم

www.urduchannel.in



رکھنے کی ایک نہایت معقول وجہ موجود ہے۔ وہ یہ کہ اس کا جنرل منیجر نشے میں تھا۔ لیکن تمہارے پاس کیا جواز ہے؟"

"بینک میں تنخواہ ۲۶ تاریخ کو ہی مل جاتی ہے۔"

"ہمیں اس سے بھی پہلے مل جاتی ہے۔ ۴ تاریخ کو!"

"سنو۔ ہمارے پاس ایک چھوڑ تین معقول وجہیں ہیں۔ اوّل، اس پیشے میں دیانت، ذہانت اور نجابت کی بڑی قدر ہے۔ دوم، پاکستان بن رہا ہے۔ قوم کو نئے خون، ایثار و قربانی کی اشد ضرورت ہے۔ سوم، ہمیں کوئی اور ملازمت نہیں ملی۔"

"ملازمت! ملازمت! کبھی تم نے یہ بھی سوچا کہ آخر حیاتِ انسانی کا مقصدِ اعلیٰ کیا ہے؟"

"ہم تو زمین پر محض اس لئے اُتارے گئے ہیں کہ آپ کو ہماری اِصلاح کا موقع ملے۔ نہیں تو آپ کی ساری زندگی بے مقصد ہو جاتی۔"

"پھر بھی۔ یہ سُوجھی کیا؟ ایک تو اُونٹنی تھی ہی دِوانی، اوپر سے گھنگرو باندھ لئے۔"

"پہلے تو اس نے ہمیں روئی کی طرح دُھنک کر رکھ دیا۔ پھر یکبارگی اتنے پیار سے آفریدی کہ ہاتھ پاؤں پھول گئے۔ مجھ ڈرتی نے کر لئے قول و قرار۔ تنخواہ تک پوچھنی بھول گئے۔ وہی حال ہوا جو جیمس جوائس کی سادہ و کمسن MOLLY کا ہوا تھا:

'He asked me with his eyes, Yes, and with his hands, Yes, and Yes, I said, Yes, I will, Yes!'"

## اور وہ جو مر گیا ہے سو ہے وہ بھی آدمی

اس ایجاب و قبول پر تیئس سال گزر گئے۔ اور ان تیئس برسوں میں دُنیا نے کیا کچھ نہیں دیا۔ لیکن اپنا قرض جو اپنے آپ پر تھا، وہ آج تک نہ اُتر سکا۔ حساب کتاب سے دلی نفرت تھی۔ وہی آخر کو ٹھہرا فن ہمارا۔ اس سے زیادہ بد نصیبی اور کیا ہوگی کہ آدمی ایک غلط پیشہ اپنائے اور اس میں کامیاب ہوتا چلا جائے۔ اور پھر، تھا جونا خوب

www.urduchannel.in



بتدریج وہی خوب ہوا۔ روپیہ اور اس سے متعلق تمام تر کاروبار میں کامیابی کی اوّلین شرط یہ ہے کہ آدمی ہر چیز سے ناتا توڑ کر اسی کا ہو رہے۔ پیسہ ہی اس کے لئے بس ہے۔ بھروسا رکھنے والے اسی پہ بھروسا رکھتے ہیں۔ عالمِ نزع میں بھی وہ "پانی! پانی!" نہیں پکارتا۔ "پیسہ! پیسہ! پیسہ!!!" دولت، سیاست، عورت اور عبادت، کامل یکسوئی، مکمّل خود گزاشتگی، سرتاپا سپردگی چاہتی ہیں۔ ذرا دھیان بھٹکا اور منزل کھوئی ہوئی۔ رچی بسی جامع الحیثیات وحسیات شخصیت کا اس کوچے میں گزر نہیں۔ جب تک آدمی اپنے دل و دماغ سے ہر آرزو کو رخصت اور ہر آدرش کو ارپن کر کے، خود کو ان کے لئے خالص نہ کر لے، یہ چھلاوے کہیں ہاتھ آتے ہیں۔ پھر جب مسافر اپنے قافلے سے بچھڑ کر ان کی جستجو میں بہت دور اکیلا نکل جاتا ہے اور شام کا جھٹپٹا سا ہونے لگتا ہے تو یکبارگی اسے احساس ہوتا ہے کہ منزل تو وہیں تھی جہاں سے اس نے اپنے سفر کا آغاز کیا تھا۔ اتنے میں سورج ڈوب جاتا ہے۔

اورنگ زیب عالمگیر نے راجپوت سرداروں کے ایک جیش کو ایک دُور دراز مہم پر بھیجا تھا۔ مُگ بیت گئے۔ چاندنی راتیں آئیں اور اپنی چاندی لُٹا کے گزر گئیں۔ کتنے ہی ساون آئے اور نین کٹوروں کو چھلکا کر چلے گئے۔ پر وہ نہ لَوٹے۔ نہ نیند نیناں، نہ انگ چینا، نہ آپ آویں، نہ بھیجیں پتیاں۔ آخر برہ کی ماری ٹھکرانیوں نے بادشاہ کو ایک عرضداشت پیش کی جو صرف ایک دوہے پر مشتمل تھی۔

سُونا لاون پی گئے، سُونا کر گئے دیس
سَونا مِلا نہ پی مِلے، رُوپا ہوگئے کیس☆

چاہیں تو اسے انسانی روح کے سفر کی داستان سمجھ لیجئے۔

## گڈ مارننگ کے جواب میں گڈ آفٹر نون

پہلے دن ڈیوٹی پر رپورٹ کرنے ہم سَوا نو بجے مسٹر اینڈرسن کی خدمت میں حاضر ہوئے۔ ہماری "گڈ مارننگ" کے جواب میں فرمایا "گڈ آفٹر نون! اس پیشے میں

☆ پیا سُونا لینے گئے اور ہمارا دیس سُونا کر گئے۔ ہمیں تو نہ سَونا ملا، نہ پی ملے۔ اور بال چاندی ہوگئے۔

www.urduchannel.in



پابندی وقت کا نمبر ایمانداری سے بھی پہلے آتا ہے۔ میری سمجھ میں نہیں آتا، یہاں لوگ دفتر اتنے لیٹ کیوں آتے ہیں۔ میری اور تمہاری پیدائش میں اتنا لمبا وقفہ ہے کہ اس میں ایک نسل پیدا بھی ہوئی، بد راہ بھی ہوئی اور ہار جھک مار کر راہِ راست پر بھی آگئی۔ مجھے وہ زمانہ یاد ہے جب لندن میں کار کو HORSE- LESS CARRIAGE (بغیر گھوڑے کی گاڑی) کہتے تھے۔ میں نے وہ زمانہ بھی دیکھا ہے جب ٹرام کو گھوڑے کھینچتے تھے۔ اس لئے اس کی رفتار موجودہ ٹرام سے کہیں زیادہ تیز ہوتی تھی۔ ہاں تو میں یہ کہہ رہا تھا کہ میری سمجھ میں نہیں آتا، یہاں لوگ آفس اتنے لیٹ کیوں آتے ہیں۔ آج سے پینتالیس سال پہلے جب میں نے اسکاٹ لینڈ کے ایک چھوٹے سے بینک میں ملازمت کی تو صبح برف گرتی ہوتی تھی۔ سڑک پر گھٹنوں گھٹنوں ہوتی تھی لیکن میں صفر سے بھی دس ڈگری نیچے ٹمپریچر میں ٹھیک آٹھ بجے بینک پہنچ جاتا تھا۔ تم لوگ ۱۱۳ ڈگری ٹمپریچر☆ میں بھی وقت پر نہیں آسکتے!

## اسٹول کی ایجاد کا اصل مقصد

اس پندِ سُود مند کے بعد اس نے چپراسی کو حکم دیا کہ اس "کوونتنٹڈ افسر" کو اس کے آفس تک پہنچا آؤ۔

چپراسی جس مقام تک ہمیں لے گیا وہ زمین سے ساڑھے چار فٹ کی بلندی پر ایک چوبی سطحِ مرتفع تھی۔ یہ تختہ جس کی قسمت میں ہماری دار منصبی ہونا لکھا تھا، ۱۲ × ۱۲ انچ سے زیادہ نہ ہوگا۔ بینکوں میں ایسے گوانیز کلرک موجود تھے جو بیس برس سے ایک ہی اسٹول پر بیٹھے ٹٹ پونجیوں کو کروڑپتی بنتے دیکھ چکے تھے۔ انگلش بینکنگ کی یہ دیرینہ روایت تھی کہ کلرک جس اسٹول پر پہلے دن آن کر بیٹھتا ہے، اسی سے ریٹائر ہو کر اُترتا ہے۔ اس خیال سے وحشت ہونے لگی کہ ایک انسان کی پوری زندگی، دیوار کی طرف منہ کرکے، ایک مربع فٹ تختے پر بیت سکتی ہے۔ اس پر سے کُودنا، اس پر

☆ ۱۱۳ ڈگری۔ ۴۵ سینٹی گریڈ

چڑھنے سے زیادہ دشوار تھا۔ اور گرم تھری پیس سُوٹ، بغیر فریم کی عینک اور سُنہری پاکٹ واچ کے ساتھ یہ کرتب انگلش بینکنگ کے بجائے کسی انگلش کامیڈی کا حصّہ معلوم ہوتا تھا۔ اسٹول کے بیچ میں گردے کی شکل کا ایک کثیرالمقاصد سُوراخ تھا۔ گدّی کا تکلّف بھی نہ تھا، جس میں غالباً یہ مصلحت تھی کہ اس سے اصلی برماساگوان کے ابر اور جوہر چُھپ جانے کا احتمال تھا۔ اپنے "آفس" کو دیکھ کر ہماری نومولود امیدوں پر روایتی اوس کی بجائے اولے پڑگئے۔ ہم پیچھے مڑکر دیکھنے لگے کہ جس بینک میں "کوونمنٹڈ افسر" اسٹول پر قبضہ جمالیں وہاں غریب کلرک کیا کرتے ہوں گے۔ لیکن ہمیں کوئی گھڑونچی نظر نہ آئی۔ کچھ دن بعد ہم نے جمعدار اجمل خاں کو ڈانٹا کہ ہمارا اسٹول گرد سے اَٹا رہتا ہے۔ ہم انگلی سے اس پر سَودے سُلف کا حساب کرلیتے ہیں۔ صبح کوئی اسے صاف نہیں کرتا۔ بولا "بادشاہو! اَیس بینک دے سٹول نویں افسراں دے پیندے نال صاف کیتے جاندے نے۔"☆ ایک دن ہم نے لیجرکیپر شفیع قریشی سے کہا کہ گروجی! گیارہ گھنٹے روز اسٹول پر بیٹھنے سے آپ کے چیلے کے کولھے سلیٹ کی طرح سپاٹ اور چُورَس ہوگئے ہیں تو اس نے مطلع کیا کہ اسٹول تو کہنی ٹِکانے کے لئے ہوتا ہے۔ اسٹول کی ایجاد کا اصل مقصد تو یہ تھا کہ اس کے تلفظ و املا پر پنجابی اور غیر پنجابی ایک دوسرے پر ہنس سکیں۔

## اب اور تب

اس زمانے میں بینکوں میں یہ طمطراق نہ تھا جو آج کل دیکھنے میں آتا ہے۔ بعض بینکوں میں تو ویسا ہی فرنیچر ہوتا تھا جیسا چھوٹے ریلوے اسٹیشنوں اور قصباتی پوسٹ آفسوں میں، جہاں کرسی کی بید کی بنائی اُدھڑنے کے بعد اس میں فارغ التحصیل صاحب زادے کی تختی جَڑ دی جاتی ہے۔ اور ریٹائر ہونے سے پہلے ہر بابو چاقو سے اپنا نام میز پر کندہ کر جاتا ہے۔ ثبت است بر جریدۂ عالم دَوام ما۔ میز کرسیوں کی ٹانگوں کو ابھی پولیو نہیں ہوا تھا۔ اور بینکوں میں کیکڑے جیسی ٹانگوں والے مڑے تڑے فرنیچر نے

☆ بادشاہو! اس بینک میں اسٹول نئے افسروں کے پیندے سے صاف کیے جاتے ہیں۔

www.urduchannel.in




"پیریڈ فرنیچر" کا رُوپ دھار کر رواج نہیں پایا تھا۔ باتھ روم کی دیواروں پر بھی پنسل سے جو GRAFFITOS (باتصویر عبارتیں) تحریر ہوتی تھیں، ان کے بارے میں ہم اتنا ہی عرض کرسکتے ہیں کہ نسل کشی کے گھوڑے اگر اپنی خواہشات قلمبند کرنے پر قادر ہوتے تو یہی کچھ رقم کرتے۔ (پروفیسر عبدالقدوس کو ایسی عبارتوں کے فحش مضمون پر اتنا غصّہ نہیں آتا جتنا کہ اِملا کی فاش غلطیوں پر) صورتِ حال اب بحمداللہ روبہ اصلاح ہے۔ غسل خانوں میں اب فحش اور ناشائستہ فقرے بالکل نظر نہیں آتے۔ باتھ روم ٹائلز اتنی چکنی اور "گلیزڈ" ہوتی ہیں کہ ان پر پنسل سے کچھ نہیں لکھا جاسکتا۔

اور کمرشل بینکوں کا کیا ذکر، خود اسٹیٹ بینک آف پاکستان کا صدر دفتر جس میں اعلیٰ حکام بیٹھتے تھے ایک ایسی عمارت میں واقع تھا جس نے کبھی اچھے دن بھی دیکھے تھے۔ مطلب یہ کہ یہاں پہلے ایک عجائب گھر تھا جس میں ہڑپّہ، موئن جودڑو، اور گندھارا کے گڑے ہوئے مُردے اکھاڑ کر سجائے گئے تھے جو کسی کو آزار نہیں پہنچاتے تھے۔ اس عمارت میں کبوتروں کی اتنی کثرت تھی کہ چپراسی گلے میں چپراس کی بجائے غلیل ڈالے پھرتے تھے۔ چہار سُو غٹرغوں اور "بسم اللہ، اللہ اکبر" کا غلغلہ! سادگی و پُرکاری کا یہ عالم کہ بینک دولت پاکستان کے خزانوں پر کُنڈلی مار کے بیٹھنے والے ایک اعلیٰ افسر ۲۵ انچ چوڑے پائینچے کی پتلون پہن کر (جس کا ایک پائینچہ ہی ان کی اور ہماری ضروریات کے لئے کافی تھا) سائیکل پر اسٹیٹ بینک آتے تھے۔ اور ہم انہیں رشک کی نگاہ سے دیکھتے تھے کہ ہمارے پاس تو وہ بھی نہ تھی۔ وہ سائیکل کو تالا لگا کر نظروں کے سامنے اپنے کمرے ہی میں پارک کرتے تھے۔ تالے کا تکلّف اس لئے کہ سائیکل عربی گھوڑے کی طرح وفادار تو ہوتی نہیں کہ اپنے سوار کے علاوہ کسی کو پُٹھے پر ہاتھ ہی نہ رکھنے دے اور زخمی مالک کو منھ میں دابے میدان جنگ سے بگ ٹُٹ جراح کے پاس لے جائے اور تلوار اور اپنے ہی دانتوں کے لگے ہوئے زخموں پر مومیائی رکھوائے۔

چپراسی کا بیان تھا کہ موصوف ہر ملاقاتی کے جانے کے بعد دو انگلیاں رکھ کر ٹائروں کی نبض دیکھ لیتے ہیں۔ پھر دیکھتے دیکھتے نقشہ بدل گیا اور دَم بھر میں یہ ماجرا ہوگیا کہ عمارتوں کا جنگل کا جنگل کھڑا ہوگیا۔ زردی مائل بُھر بُھرے پتھر کی جگہ سیمنٹ نے لے

www.urduchannel.in



PDF LIBRARY
0333-7412793

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in



کا جواب محض گردن کے اشارے سے دیتے۔ انگریز کے سامنے منہ سے بھاپ نکالنے کو گستاخی جانتے تھے۔ غرض کہ انگریز کی تعظیم و تکریم میں غلو برتتے اور انہیں فطری تقاضوں سے بالاتر سمجھتے تھے۔ انگلستان کی ملکہ معظمہ کے ہاں بچہ ہو گیا تو ہفتوں شرمائے شرمائے پھرے۔

## آئندہ اس واقعہ کو نہ دُہرایا جائے

اگر کسی سے غلطی ہو جائے یا لندن کیبل بھیجنے میں ایک ڈیڑھ گھنٹے کی تاخیر کے باعث بینک پر ایک دن کا سُود چڑھ جائے تو خطاوار کو وہ رقم گرہ سے بھرنی پڑتی تھی۔ برٹش بینکوں میں یہ تاوان عام تھا۔ رخصت کا نام لیتے ہی "بھنویں تنتی ہیں، خنجر ہاتھ میں ہے، تن کے بیٹھے ہیں" والا نقشہ ہو جاتا تھا۔ ہمیں یاد ہے۔ جُون کا مہینہ، فری امپورٹ کا زمانہ تھا۔ کام بے اندازہ، آدمی کم۔ ہم چار آدمیوں کے برابر کام اور آٹھ آدمیوں کے برابر غلطیاں بڑی تندہی سے کر رہے تھے۔ ایک منحوس صبح خبر آئی کہ ٹنڈو آدم میں اخبار پڑھتے پڑھتے ابّا جان پر دل کا دَورہ پڑا اور زمین نے اپنی امانت واپس لے لی۔ حیدر آباد میں ان کی تدفین کے سلسلہ میں تین دن کی رخصت اِتّفاقیہ لینے کی پاداش میں یعسوب الحسن غوری نے ہماری تنخواہ کاٹ لی، جو کچھ عرصہ بعد اینڈرسن نے اس "وارننگ" کے ساتھ واپس دلوادی کہ "آئندہ اس واقعہ کو نہیں دُہرایا جائے گا۔" سلطان علاء الدین خِلجی کا بھی کچھ ایسا ہی دستور تھا۔ اگر کوئی سَوار لڑائی کے وقت غیر حاضر ہو جائے تو سلطان اس سے گزشتہ تین برس کی ساری تنخواہ دَھروالیتا تھا۔ اور احمد شاہ دُرّانی نے تو ذرا سی حکم عدولی پر دو سو سپاہیوں کی مشکیں بندھوا دیں۔ ناک میں تیروں سے چھید کر کے نکیلیں ڈالیں اور اونٹوں کی طرح ہانک کر شجاع الدولہ کے پاس بھیج دیا کہ چاہے قتل کرو، چاہے ازراہِ ترحم معاف کر کے اسی حالت میں دشمن سے لڑواؤ۔

www.urduchannel.in



## ہاتھ کی لکیریں بولتی ہیں

ہم ریوڑ میں نئے نئے داخل ہوئے تھے۔ ہر ایک سینگ مارتا تھا۔ کی جس سے بات اس نے ہدایت ضرور کی۔ یوں تو سارے جہاں کی کھڑکیاں ہمارے ہی آنگن میں کھلتی تھیں، لیکن یعسوب الحسن غوری کا انگوٹھا ہمارے ٹینٹوے پر ہی رہتا تھا۔ روز روز کے طعن و تشنیع سے ہمارا کلیجہ چھلنی ہو گیا تھا۔ بلکہ چھلنی میں چھید بھی ہو گئے تھے جن میں سے اب تو موٹے موٹے طعنے پھسل کر نکلنے لگے تھے۔ منجملہ دیگر الزامات کے ہم پر ایک الزام یہ تھا کہ ہمارے دستخط گستاخانہ حد تک لمبے ہیں۔ اتنی قلیل تنخواہ اتنے بڑے دستخط کی کفالت نہیں کر سکتی۔ یعسوب الحسن غوری کو اینڈرسن دن میں کئی بار طلب کرتا۔ کبھی کچھ پوچھتا، کبھی کچھ۔ اندر جانے سے پہلے وہ اپنی ہتھیلی پر "کاپنگ" پنسل سے وہ تمام متعلقہ و غیر متعلقہ اعداد و شمار نوٹ کر لیتے جن کے بارے میں اینڈرسن سوال کر سکتا تھا۔ جیسے ہی وہ سوال کرتا، یعسوب الحسن غوری منہ پھیر کر ید بیداغ کے متعلقہ حصّہ کو زبان سے چاٹ کر حروف کو روشن کرتے اور کھٹاک سے صحیح اعداد و شمار آنے پائی سمیت بتا دیتے۔ ایک دن ہم نے عرض کیا آپ کاغذ پر لکھ کر کیوں نہیں لے جاتے؟ ارشاد ہوا، آپ کو بینک میں آئے جمعہ جمعہ آٹھ دن ہوئے ہیں۔ آپ انگریزوں کے مزاج سے واقف نہیں۔ کاغذ پر نوٹ کر کے لے جاؤں تو یہ سمجھے گا کہ میرا حافظہ جواب دے چکا ہے۔ میں خدانخواستہ بوڑھا ہو گیا ہوں۔ ابھی تک تو وہ ولایتی اُلّو یہ سمجھتا ہے کہ مجھے تمام اعداد و شمار منہ زبانی یاد ہیں۔

اس کے کچھ دن بعد اینڈرسن نے ہمیں طلب کیا اور پوچھا کہ نرائن گنج برانچ کے بٹّے کھاتے قرضوں کی مجموعی رقم اور تعداد کیا بنتی ہے؟ صحیح صحیح بتاؤ۔

صحیح صحیح تو در کنار، ہم تو غلط جواب دینے کی اہلیت بھی نہیں رکھتے تھے۔ ہمیں ششں و پنج میں مبتلا دیکھا تو کہنے لگا "ہری اَپ! جلدی سے ہتھیلی چاٹ کر بتاؤ۔"

اس دن ہم نے دیکھا کہ اینڈرسن کی میز پر پیتل کے نقشین پیپر ویٹ کی جگہ پلاسٹک کے چھ گھٹیا پیپر ویٹ رکھے ہیں۔ ہم نے جمعدار اجمل خاں سے کہا کہ پیتل کے پیپر ویٹ اچھے لگتے تھے۔ کیوں بدل دیئے۔ کہنے لگا غوری صاحب بولتے ہیں کہ پلاسٹک

www.urduchannel.in

کی چوٹ سیپٹک نہیں ہوتی۔

## کیا بیئر حرام ہے؟

ایک دفعہ جمعہ کی اذان کے وقت ہمیں بینک میں گپ شپ کرتے دیکھا تو اشارے سے تخلیہ میں، یعنی باتھ روم کے دروازے تک، لے گئے اور نصیحت کی کہ نماز پڑھا کرو۔ اس سے دھیان غبن کی طرف نہیں جاتا، بشرطیکہ پنج وقتہ پڑھی جائے۔

اتوار کی صبح کو غلام احمد پرویز کا درس سُننے جاتے۔ دو تین دفعہ ہمیں بھی لے گئے۔ پر طبیعت ادھر نہیں آئی۔ فلسفہ اور اشعار کی بھرمار سے وعظ و درس پر ہمیں اپنی نثر کا گمان ہونے لگا۔ یہ تو ایسا ہی ہے جیسے کوئی "رولر اسکیٹ" پہن کر سجدہ کرنے کی کوشش کرے۔ رہے ابوالکلام آزاد، سو وہ اپنی اَنا کے قتیل تھے۔ اسلام میں اگر انسان کو سجدہ رَوا ہوتا تو وہ اپنے آپ کو سجدہ کرتے۔ یعسوب الحسن غوری کہتے تھے کہ عالمِ دین کی صحبت سے رُوح کا سارا زنگ اُتر جاتا ہے۔ البتہ دل پر جو پھپھوندی لگ گئی تھی، اسے اتوار کی سہ پہر کو بیئر سے رِگڑ رِگڑ کر دھوتے تھے۔ ایک ڈاکٹر نے کہا تھا کہ تمہارے گردے میں جو سنگریزے ہیں وہ اس ہفتہ واری عمل سے فلش ہو جائیں گے۔ اکثر فرماتے کہ یوں بھی بیئر کو کٹھ مُلّاؤں نے خواہ مخواہ حرام کر رکھا ہے۔ ایران میں تو اسے آبِ جَو کہتے ہیں۔

خدا جانے کہاں تک صحیح ہے، دشمنوں نے اُڑائی تھی کہ ایوب خاں کے عشرۂ انحطاط میں سرکاری مفتیِ اعظم ڈاکٹر فضل الرحمٰن نے کہ میکگل یونیورسٹی سے علمِ دین کی سند لائے تھے، یہ فتویٰ دے دیا ہے کہ از بسکہ بیئر میں فقط پانچ فی صد الکحل اور ۹۵ فی صد پانی ہوتا ہے، اس کا پینا ازروئے شرع حلال ہے۔ اسی نوع کے دو تین فتاویٰ پُرفتور کی پاداش میں انہیں جلاوطن ہو کر دس گنی تنخواہ پر امریکہ جانا پڑا۔ اگر ڈاکٹر صاحب قبلہ ذرا بھی سمجھ اور سائنس سے کام لیتے تو فتویٰ میں عاقلوں کو بس اتنا اشارہ کافی تھا کہ بیئر ۹۵ فی صد حلال ہے!

www.urduchannel.in



## نہ کرے ہے نہ ڈرے ہے

غبن، خیانتِ مجرمانہ اور جعلی نوٹ اور دستخط بنانے کی جتنی بھی بامشقت یا بے مشقت سزائیں تعزیرات پاکستان میں ہیں، ان کی متعلقہ دفعات ہمیں سامنے بٹھا کے حفظ کروا دی تھیں۔ چار پانچ سبق کے بعد ہم اس قدر رواں ہوگئے کہ اپنا ہر فعل کسی نہ کسی دفعہ کے تحت نظر آنے لگا۔ ہر لحظہ قانون کے لمبے ہاتھ کا بوجھ اپنے کندھے پر محسوس کرتے کرتے ہماری چال میں فرق آگیا تھا۔ پھر ایک دن معاً خیال آیا کہ ہمارے اور غبن کے درمیان تو کئی مضبوط تجوریاں اور ہم سے بھی زیادہ بد نیّت افسر حائل ہیں۔ پھر ڈر کاہے کا۔ اب سر اٹھا کر چلنے لگے۔ ابتدائی مغلیہ عہد کے شاعر نوری نے بھی اسی قسم کی بے خوفی کا اظہار کیا ہے حالاں کہ اس نے تو خود کو ایمان دار ثابت کرنے کے لئے کسی بینک میں بھی ملازمت نہیں کی تھی:

ہر کس کہ خیانت کند البتہ بترسد
بے چارۂ نوریؔ نہ کرے ہے نہ ڈرے ہے

## بیماری اس علاج سے بہتر ہے

اکثر فرماتے کہ تفکّرات سے میرے گردے میں پتھریاں ہوگئی ہیں۔ خان سیف الملوک خان کی تشخیص تھی کہ پتھریوں کی تعداد ان کے دیئے ہوئے بٹّے کھاتے قرضوں کے برابر ہے۔ انہیں نکالنے کے لئے ہر پندرہ منٹ بعد ایک گلاس پانی پیتے اور اس کی ایک لکیر اپنے سگریٹ کے پیکٹ پر کھینچ دیتے۔ شام کو خالی پیکٹ جمع کرتے اور ان پر لگائے ہوئے نشانوں کو جوڑ کر یہ دیکھتے کہ آج کتنے گلاس پانی پیا۔ پھر FACIT مشین پر گلاسوں کے گیلن اور گیلن کے پیکٹ بنا کر دیکھتے کہ بقیہ سنگریزوں کو خارج کرنے کے لئے سگریٹ کے کتنے پیکٹ اور پھونکنے پڑیں گے۔

بلا کے وہمی تھے۔ مزاج پوچھو تو جواب نہیں دیتے تھے۔ کراہنے لگتے تھے۔ اس عمل سے فارغ ہوئے تو "الحمد للہ" یا "خدا کا شکر ہے" اس طرح کہتے گویا محض عقیدے کی پختگی کا اعلان مقصود ہے، خیریت کہاں؟ چالیس سال سے اپنی زندگی سے

www.urduchannel.in



مایوس تھے۔ اینڈرسن کے اِصرار پر ایک دفعہ ڈاکٹر بسم کاکس سے بھی رُجوع کیا تھا۔ انہی کا بیان ہے کہ میرا حال دیکھ کر ڈاکٹر بسم کاکس کی نبضیں چھوٹ گئیں۔ اپنے پلنگ کی پائنتی ایک قدِ آدم ANATOMY CHART (انسانی ڈھانچے کا نقشہ، جیسا فٹ پاتھ پر مجمع لگانے والے دوا فروش ساتھ رکھتے ہیں) کھڑا کر رکھا تھا۔ دن میں جسم کے کسی نہ کسی حصّے میں درد ضرور ہوتا۔ کہیں ٹیس اٹھتی۔ شام کو چارٹ کے سامنے کھڑے ہو کر، منہ سے منہ، ہڈی سے ہڈی، گُردے سے گُردہ اور رگ سے رَگ مِلا کر تشخیص کرتے کہ آج کون سا عضو یا عضلہ اور ملّوف ہوا۔ پھر اس کا علاج کشمیر ہوٹل کے اَدلے کے قورے اور بریانی سے کرتے جس میں برابر کے بادام پڑے ہوتے تھے۔

ہم نے تو انہیں اپنی تنخواہ اور تندرستی کی طرف سے ہمیشہ فکر مند (یا پروفیسر قاضی عبدالقدوس کے الفاظ میں، متردّد و متشوّش) ہی دیکھا۔ ایک سال پہلے ان کے چچا جان قبلہ صبح سو کر اُٹھے تو پتہ چلا کہ لقوہ مار گیا۔ اوپر کا ہونٹ ٹیڑھا ہو گیا۔ دو مہینے بعد فالج کا حملہ ہوا اور دائیں ٹانگ بھی بیکار ہو گئی۔ چچا جان قبلہ پر ان حملوں سے ان کی اپنی طبیعت ایسی مفلوج ہوئی کہ صبح آنکھ کھلتے ہی آئینے میں اپنا اوپر کا ہونٹ ضرور چیک کر لیتے تھے۔ اور نلکے کے نیچے نہانے سے پہلے گھٹنے پر ڈاکٹر کی طرح چھوٹی سی ہتھوڑی مار کر REFLEXES دیکھ لیتے تھے کہ رات فالج گرا یا نہیں۔ غسلخانے کی اندر سے چٹخنی بھی نہیں لگاتے تھے تاکہ میّت نکالنے میں آسانی رہے۔

یہ تھے ہمارے معلّمِ اوّل !

— ۲ —

## ڈی سوزا کی قینچی

اس زمانے میں نہ کوئی ٹریننگ ہوتی تھی نہ لیکچروں کا بکھیڑا۔ نووارد گھُس بیٹھ کر خود کچھ سیکھ لے تو سیکھ لے، ورنہ کوئی کچھ بتا کے نہیں دیتا تھا۔ واحد ہدایت یہ تھی کہ ہر بات "آبزرو" کرتے رہو۔ بس دیکھتے چلے جاؤ۔ نئے رنگروٹ پر جگادریوں کو چھوڑ دیا

www.urduchannel.in



جاتا تھا۔ جیسے ایک زمانے میں روم میں حق و ناحق کا فیصلہ بھوکے شیر کیا کرتے تھے، جنہیں مسیحیوں پر چھوڑ دیا جاتا تھا۔ شیر بھی ٹیرین نہ تھے۔ خلقت تالیاں بجا بجا کر حق یعنی شیر کی فتح پر مسرّت کا اظہار کرتی تھی۔

بینک اپنے تار اور کیبل خفیہ "کوڈ" میں بھیجتے ہیں۔ فائدہ اس کا یہ کہ جن کو بینک کے ساتھ فراڈ کرنا ہو، انھیں پہلے اس کا کوڈ چرانے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ یہ کوڈ اتنی ہی ضخیم ہوتی ہے جتنی عالم ڈکشنری۔ ڈی سوزا پچیس سال سے سادہ انگریزی کو "پیٹرسن کوڈ" میں منتقل کرنے اور پھر اس آملیٹ سے دوبارہ انڈہ بنانے پر مامور تھا۔ ساری کوڈ حفظ ہو گئی تھی اور بغیر دیکھے ترجمہ کر لیتا تھا۔ تنہا پانچ آدمیوں کے برابر کام کرتا تھا۔ اس کے ذِمّے ہمیں اس جنّاتی زبان میں تار بنانا سکھانا تھا۔ مراقی تھا۔ سُننے میں آیا تھا کہ پندرہ سال پہلے اسے ایک گوانیز ٹائپسٹ سے عشق ہو گیا تھا لیکن وہ ایک ہندو تاجر سے شادی کر کے ہانگ کانگ چلی گئی۔ اس دن سے اس کا یہی حال تھا۔ فرصت کے اوقات میں محبوبہ کے نام "پیٹرسن کوڈ" میں ایکسپریس تار ڈرافٹ کرتا اور پھاڑتا رہتا۔ کوئی قریب جاتا تو تار کو ہاتھ سے ڈھانک کر کہتا کیا تمہاری ماں بہن نہیں ہے؟

بڑی بڑی آنکھوں میں، جو اُبلی پڑتی تھیں، بے خوابی کے سُرخ ڈورے۔ سر آگے سے گول، پیچھے سے چپٹا۔ گندمی (میکسی پاک ورائٹی) رنگ، چہرے پر دائمی وحشت۔ رات کو دو گھنٹے سے زیادہ نہیں سوتا تھا۔ دفتر آتے ہی اپنا سیاہ کوٹ، جس کا کالر روزانہ استری کرنے سے چمکنے لگا تھا، کرسی پر ٹانگ دیتا۔ نظر اتنی کمزور کہ جب تک ہمارا چہرہ اس کی آنکھ کے ڈھیلے سے تین انچ فاصلے پر نہ ہو ہمیں پہچان نہیں پاتا تھا۔ اس فاصلے سے ہمارے سر میں پڑے ہوئے گارڈینیا تیل کی خوشبو سے ہمیں فوراً پہچان لیتا تھا۔ عینک کی قسم تھی۔ صبح ½ ۸ بجے رجسٹر پر سجدہ ریز ہوتا تو چھ بجے سلام پھیرتا تھا۔ کبھی کوئی جھوٹوں بھی چھیڑ دیتا تو دفتر میں بھونچال آ جاتا۔ مار پٹائی کے بعد وہ بائیں ہاتھ پر کوٹ ڈال کر چیف اکاؤنٹینٹ کے سامنے جا کھڑا ہوتا۔ دائیں ہاتھ سے اپنے سولا ہیٹ کو چھوتا۔ دُہرا ہو کر BOW کرتا اور بغیر کچھ کہے سُنے دروازے سے گولی کی طرح نکل جاتا۔ اس کا مطلب یہ ہوتا تھا کہ اس نے وہیں اور اسی وقت استعفٰے دے دیا ہے۔ کل سے بینک

www.urduchannel.in



نہیں آئے گا۔ شام کو دو تین چرب زبان افسر اسے منانے گھر جاتے اور منتیں کر کے دوسرے دن آنے پر رضامند کرتے۔ جون جولائی میں بھی کمبل اوڑھ کر سوتا۔ کہتا تھا کمبل نہ اوڑھوں تو ڈراؤنے خواب دکھائی دیتے ہیں۔ دفتر میں جہاں بیٹھتا وہاں پنکھا نہیں چلنے دیتا تھا۔ کہتا تھا پنکھا چلنے سے مجھے خونی بواسیر ہو جاتی ہے۔ اس سے بینکنگ کے رموز اُگلوانا ایسا ہی تھا جیسے کسی خونخوار کتے کے جبڑے میں دبی ہوئی نلی میں سے گُودا نکالنا۔

ڈی سوزا کی صحت قابلِ رشک حد تک اچھی تھی۔ کسی نے اس سے پوچھا کہ تمہاری تندرستی کا کیا راز ہے تو اس نے جواب دیا کہ میں کبھی چت نہیں سوتا۔ اور میں نے پچیس سال سے کوئی چھٹی نہیں لی۔ ایک روز وہ اچانک غیر حاضر ہو گیا۔ دوسرے دن اس کے گھر ایک افسر بھیجا تو وہ خبر لایا کہ ڈی سوزا پولیس تھانہ پریڈی اسٹریٹ کی حوالات میں بند، جہازی سائز کی گالیاں بک رہا ہے۔ اس کے باپ کی سمرسٹ اسٹریٹ میں ٹیلرنگ کی بڑی پرانی دکان تھی۔ کسی بات پر باپ سے جھگڑا ہو گیا اور اس نے جہازی سائز کی قینچی اس کے کولھے میں گھونپ دی۔ نو ٹانکے آئے۔

اس واقعہ سے بینک میں دہشت پھیل گئی۔ لوگ اس کے دائیں بائیں دو دو کرسیاں چھوڑ کر بیٹھنے لگے۔ ڈسپیچ ڈپارٹمنٹ نے اپنی قینچی کیش بکس میں مقفل کر دی۔ دوسرے قسم کی قینچیاں بھی تالوں سے لگ گئیں۔ بڑے بڑے افسر کمر پر پیچھے ہاتھ باندھ کر چلنے لگے۔ ڈی سوزا کو پنسل کی نوک بھی تیز کرتے دیکھتے تو لرز اٹھتے۔ ایک دن چار پانچ کلرک ہماری قیادت میں چیف اکاؤنٹینٹ کے سامنے وفد کی صورت میں پیش ہوئے۔ اور فریاد کی کہ دو دن سے ڈی سوزا کے سامنے ایک سات انچ پیوست ہونے والا پیپر نائف (کاغذ تراش) پڑا ہے جس سے وہ کھیلتا رہتا ہے۔ ہمیں ٹانکے لگوانے سے ڈر لگتا ہے۔ چیف اکاؤنٹینٹ نے ڈی سوزا کو بلا کر نرمی سے سمجھایا کہ تم چاقو واپس کر دو۔ ان بچاروں کو ڈر لگتا ہے۔

کہنے لگا یہ سالا لوگ کائے کو بوم☆ مارتا ہے۔ بے فضول ڈرتا پڑا ہے۔ یہ میرے فادر

☆ بوم مارنا (گجراتی) شور و غوغا کرنا۔

www.urduchannel.in



تھوڑا ہی ہیں۔

— ۳ —

## عباد الرحمٰن قالب

ہجرت کرنے سے پہلے نہ جانے کیوں یہ خیال تھا کہ ارضِ موعود میں ہر شخص کباب پراٹھا کھاتا ہوگا۔ والیں اور سبزیاں صرف ہندوستان بر آمد کرنے کے لئے اگائی جاتی ہوں گی۔ حجّام، سارنگئے اور فری اسٹائل کشتی لڑنے والے بھی داڑھی رکھتے ہوں گے۔ بازاروں میں ہر قدم پر ہمارے ایمان کی آزمائش کے لئے اتنے سارے حسین نہ چھوڑ رکھے ہوں گے۔ لفظ سود کا استعمال صرف پند سود مند کے ساتھ جائز و مباح ہوگا۔ ہر شخص اینٹ کا جواب شعر سے دیتا ہوگا۔ الحمد للہ کہ ان میں سے بعض خدشات غلط ثابت ہوئے۔ البتہ یہ دیکھ کر قدرے مایوسی ہوئی کہ بینک میں سب سوٹ یا قمیص پتلون پہنتے ہیں، سوائے عباد الرحمٰن قالب کے۔ وہ ہمیشہ ٹسر کی شیروانی پہنتے اور اس کی اوپر کی جیب میں، فاؤنٹین پین کی طرح، مسواک لگاتے، جس کا فعل سِرا باہر نکلا ہوتا تھا۔ نچلی جیب میں بیاض اور سانچی پان کی ڈبیا۔ ڈبیا میں پانوں کے اوپر چنبیلی کے تین پھول۔ انھوں نے ہمیں کروڑپتیوں کے کرنٹ اکاؤنٹ کی جھلکیاں دکھائیں۔ ہم دیکھ کر دنگ رہ گئے کہ کوّے کی طرح کالا "کریڈٹ بیلنس" کس طرح دھیرے دھیرے سرمئی ہوتا ہے اور پھر لال چھچھا ہو جاتا ہے۔ مُنّے مُنّے سیونگ ڈپازٹ سے بڑے بڑے اوور ڈرافٹ بنتے ہیں اور ان سے بڑے بڑے کارخانے، جو انہی سیونگ ڈپازٹ رکھنے والوں کو نوکر رکھ لیتے ہیں۔

عباد الرحمٰن قالب اخبار بڑی توجہ سے پڑھتے تھے۔ جہاں کہیں بُری خبر نظر آجائے، ٹانک لیتے۔ اکثر فرماتے، دیکھا! آخر میرا خدشہ درست ثابت ہوا۔ دن بھر بیٹھے اخبار کی جوئیں بینتے رہتے۔ شام تک ..... خدشہ خدشہ بہم شود خطرہ۔ کبھی کسی اچھی خبر پر نظر پڑ جائے تو دوسرے دن تک طبیعت منغض رہتی۔ ایک دن بہت ہی خبرناک

www.urduchannel.in



صورت بنائے بیٹھے تھے۔ پوچھا کیا بات ہے؟ آہ سرد کے بعد فرمایا۔ "میرے ریٹائرمنٹ میں کل ۲۲ سال باقی رہ گئے ہیں۔ کچا ساتھ ہے۔" اس زمانے میں بینک کا بیشتر عملہ گجراتی بولتا تھا۔ اہم عہدوں پر گجراتی بولنے والے حضرات فائز تھے، جن کا اردو بولنے والوں کے بارے میں غالباً یہ خیال تھا کہ انھوں نے شعر و شاعری کے لئے نہایت موزوں طبیعت پائی ہے لیکن "کیش" (نقد) اور ان کے ذہن رسا کے درمیان ایک محتاط فاصلہ ضروری ہے۔ عبادالرحمٰن قالبؔ اس پر بہت کڑھتے تھے۔ شعر و شاعری کے بہتان کی تردید میں وہ ایک طویل مسدس "مکالمہ جبریل و ابلیس" لکھ رہے تھے، جس کا مرکزی خیال دانتے کے جہنم اور مرکزی کردار بینک سے لئے گئے تھے۔ اس نظم میں فرشتے فارسی میں، آدم اردو میں اور حوّا ریختی میں گفتگو کرتے تھے۔ داروغۂ جہنم ہم سے گجراتی میں خطاب کرتا تھا۔ تاریخ گوئی میں البتہ اپنی نظیر آپ تھے۔ معمولی سے معمولی واقعہ اور تازہ سے تازہ واردات میں سے سلر اتاریخی مادّہ و مواد کھینچ کر نکال لیتے تھے۔ سننے میں آیا تھا کہ قالبؔ صاحب کے والد مرحوم بھی شاعر تھے اور اپنے سامنے کسی کو کچھ نہیں گردانتے تھے۔ چنانچہ مرتے وقت بھی اپنا ہی ایک مقطع زبان پر جاری تھا۔ قالبؔ تخلص کرنے کی بادی النظر میں تو یہی وجہ معلوم ہوتی تھی کہ غالبؔ کے مقطعوں میں بغیر رَندا مارے یا پچڑ ٹھونکے فِٹ ہو جاتا تھا۔ بینک میں شعر و ادب کا معیار معلوم۔ غالبؔ کے شعر اپنے بتا کر سخن ناشناسوں سے داد لیتے رہتے۔ مجیب صاحب بھی اکثر یہی کرتے تھے۔ ایک دن قالبؔ صاحب نے اپنا ایک ایسا شعر سنایا جو ایک ہفتہ پہلے مجیب صاحب اور ایک صدی پہلے غالبؔ اپنا کہہ کر سنا چکے تھے۔ ہم نے تخلیہ میں توجہ دلائی تو قالبؔ صاحب نے کمال کشادہ پیشانی سے اعتراف کر لیا کہ سَرقہ میں توارد ہو گیا ہے!

## وہ نیم کہاں سے لائیں؟

عبادالرحمٰن قالبؔ بلند شہری، ثم ٹونکی، ٹونک کی میونسپل کمیٹی میں متصدّی تھے۔ مشاہرہ ۳۰ روپے چنور شاہی کہ جس کے ۲۰ روپے کلدار بنتے تھے۔ مگر یہ نشہ کیا کم تھا کہ چار دانگ ٹونک میں کوئی کتّا ان کی منشا کے بغیر بھونک نہیں سکتا تھا۔ اور نہ کوئی

www.urduchannel.in



پرنالہ ان کی منشا کے بغیر غلط جگہ گر سکتا تھا۔ اپنی متروکہ حویلی سے زیادہ اس شفیق نیم کو یاد کرتے جسے آنگن میں سر جھکائے تنہا کھڑا چھوڑ آئے تھے، کہتے تھے مکان کے عوض مجھے مکان الاٹ ہو گیا۔ لیکن حکومت وہ نیم کہاں سے لائے گی جس کی چھاؤں میں نیند کی پریاں جھولا جھلاتی تھیں۔ جس کے نیچے ایک بچے نے نبولیوں سے آم کی دکان لگائی تھی۔ جہاں بہنیں گڑیاں کھیلیں۔ شادی کی شہنائی بجی۔ باپ کا جنازہ رکھا گیا۔ پھر اسی بوڑھے نیم کی سینک سوگوار ماں نے کانوں میں پہن لی۔ روایت ہے، اورنگ زیب عالمگیر نے جب یہ خبر سُنی کہ کشمیر کی تاریخی مسجد میں آگ لگ گئی ہے تو اس نے کہا مسجد تو دوبارہ تعمیر ہو جائے گی لیکن صحنِ مسجد کے چنار جَل گئے تو ایک ہزار عالمگیر بھی ایک بوڑھا چنار پیدا نہیں کر سکتے۔

اب انھیں کون بتاتا کہ یادوں کے ایسے بوڑھے نیم تو ہر گاؤں، ہر دل کے آنگن میں سایہ فگن ہوتے ہیں۔ ہاں جب دل کی آگ بجھ جائے تو ان کی جڑیں شریانوں کی جگہ لے لیتی ہیں۔

## کیا وہ بھی بُلَن شے کا ہے؟

جب تک ٹونک میں رہے اپنے مولد و آبائی مسکن بُلَن شے (بلند شہر کا وہ اسی طرح تلفّظ فرماتے تھے) کے گن گاتے رہے۔ کراچی کو اپنا دارلقرار بنانے کے بعد بھی ان گلیوں سے نہیں نکلے جہاں جوانی کھوئی تھی۔ کہیں کسی بھلے آدمی کی تعریف ہو رہی ہو تو فوراً پوچھتے:

"کیا وہ بھی بُلَن شے کا ہے؟"

کبھی کوئی لاہور کے موتیا، چناب رُوپ، یا کراچی کی سُہانی سلونی شام کی تعریف کر دے تو مقابلے پر فوراً صبح بنارس، بدایوں کے پیڑے، ٹونک کے خربوزوں اور وہیں کی برقع پوش پٹھانیوں کو کھڑا کر دیتے۔ دریائے بناس کے کنارے کنارے گلو د گھاٹ کی ان مہکتی فالیزوں کو یاد کرتے، جہاں چاندنی راتوں میں لونگ کے لشکارے سے لہو میں شرارے ناچنے لگتے تھے۔ چھولداریوں کے سامنے دَف اور دائرہ پر وحشت بھرے

www.urduchannel.in



"چاربیت" گاتے گاتے ذرا سی بات پر پنڈاری خانزادوں اور قائم خانی پٹھانوں کے سان چڑھے خنجر اور مرصّع پیش قبض لہرانے لگتے۔ ارمان بھرے سینے ان کے نیام بن جاتے اور خون میں نہائے ہوئے جسم اسی بالو پر تڑپ تڑپ کر ٹھنڈے ہوتے جہاں کیوڑے میں بسی ہوئی سرخ صافی سے ڈھکی ہوئی، پانی کی قد آدم گول☆ ٹھنڈی ہونے کے لئے دریائی ریتہ میں گلے گلے تک گڑی ہوتی تھی۔ بناس کی موجیں روز یہی منظر دیکھتی تھیں۔ پچھلے پہر تک جَواسے کی باڑھ، بیلے کے گجروں، تازہ خون، لُو میں پکے ہوئے خربوزوں، خس کی پنکھیا، مہندی رچے ہاتھوں کی نمی، سوندھے چھڑکاؤ، کوری ٹھلیا اور کورے پنڈے کی مہکار سے ہوائیں دیوانی ہو جاتیں۔ اور رات چاند کا جھومر اتار دیتی۔

## ہر شاخ پہ پنچھی بیٹھا ہے

اور دریائے بناس بہتا رہتا اور وہ لہروں لہروں "بلن شے" پہنچ جاتے۔ کہاں بلن شے کہاں کراچی۔ بلن شے کی کیا بات ہے۔ ایک تیر تو نے مارا جگر میں کہ ہائے ہائے! "اوپر کوٹ پہ برسات کی بدلیں، کیا کہنے! رِم جِھم رِم جِھم مینہ برس رہا ہے۔ ندی نالے اور پا ئینچے چڑھے ہوئے ہیں۔ ننگی کھلی حالت میں کوئی یاں پہ رِپٹ رئی ہے، کوئی واں پہ رِپٹ رئی ہے۔○ کچّی کچّی امبیا پر روم جھوم پانی برس ریا ہے۔ کوئل کوک رئی ہے۔ دل میں ہُوک سی اُٹھ رئی ہے۔ امبوا کی ڈالی پہ جُھولا پڑا ہوا ہے۔ بہو بیٹیاں کمر لچکا لچکا کے گا رئی ہیں۔ چھا رہی کالی گھٹا جیا را مورا لہرائے ہے۔ سہیلیاں جُھونٹے دے رہی ہیں۔ کاسنی روپٹے ہَوا میں اُڑتے جا ریئے ہیں۔ حرام کے جَنے لمڈے وِن کو حَریان کر ریئے ہیں۔ بلبلیں چہچہا رئی ہیں۔ مینائیں چہک رئی ہیں۔ دوسری ڈال پہ مور بول ریا ہے۔ وِس کی جُرو الگ ایک ٹہنے پہ مستا رئی ہے۔ تیسری ڈال پہ شاما ایسا جی توڑ کے گا رئی ہے مانو جی جان سے گزر جاوے گی۔ چوتھی پہ، کیا نام وِس کا،

---

☆ گول۔ پانی یا اناج رکھنے کے بڑے بڑے مٹ۔ راجستھان میں انہی لمبوترے گھڑوں میں لودے پور تور لونی کے سورج ونشی راجپوت سردار نوزائیدہ بچی کو زندہ گاڑ دیتے تھے۔

○ ہم نے بہت ضبط و اختصار سے کام لیا ہے ورنہ وہ تو اپنے پھسلنے حافظے پر گھنٹوں پتنگیاں بھلواتے رہتے تھے اور اس وقت تک دَم نہیں لیتے تھے جب تک کہ سراپا کی تمام تفصیلات بتا کر فارغ التحصیل نہ ہو جائیں۔

www.urduchannel.in



پاپی پپیاپی او! پی او! کر رہا ہے!"

"پی او! پی او!" پر خان سیف الملوک خان کے صبر کا پیمانہ ایک دن لبریز ہو گیا۔ وہی لہجہ بنا کر بولے۔ "اماں بس کرو۔ سالا آم کا پیڑ نہ ہوا، شہر کراچی ہو گیا کہ دنیا جہان کا جِناور اپنی اپنی بولی بولے چلا جا رہا ہے اور خدائی قسم اڑنے کا نام نئیں لے رہا!"

## پُھٹکر آدمی؟

ہر بینک کا ایک اپنا محکمۂ تفتیش و سراغ رسانی ہوتا ہے، جس کا کام کم و بیش وہی ہوتا ہے جو اگلے وقتوں میں شادی بیاہ کے موقع پر نائنوں اور مغلانیوں کا ہوتا تھا۔ یعنی چال چلن وغیرہ کی پوری طرح چھان بین کر کے غلط فیصلہ کرنا...... طرفین کی کون سی پشت میں نی ہے؟ دولھا کی بائیں آنکھ دبی ہوئی ہے۔ اس کی وجہ معمولی لقوہ ہے یا چال چلن کی مستقل خرابی؟ دلہن کی ننھیال برقع سے باہر کب نکلی؟ نئی کوٹھی کی نیو میں سیمنٹ، سریا، بجری اور بلیک کا تناسب معمول کے مطابق ہے یا کمی بیشی کی ہے؟ اگر مقروض نہیں ہے تو وجہ بتاؤ۔ کیا لوگ بھروسا نہیں کرتے؟ خاندان خالص ہے یا جدامجد پاندان اٹھاتے تھے؟ آدمی ایماندار، شریف اور سو فیصد قابلِ اعتبار ہے یا نہیں؟ مطلب یہ کہ محکمہ انکم ٹیکس کے علاوہ کسی اور کو دھوکا تو نہیں دیتا؟ اچانک روئی کی قیمت گرنے سے اس کی روئی آگ تو نہیں پکڑتی؟ ہارٹ اٹیک نہ ہونے کا کہیں یہ سبب تو نہیں کہ نفع نقصان کا حساب ہی نہیں کرتا؟ دفتر سے سیدھا جمخانہ جاتا ہے یا گھر گھستا ہے؟ کون سے دِوالے کے بعد نام سے پہلے حاجی لکھنا شروع کیا؟ یہ سارا محکمہ حسن احمد فاروقی کی تمنازات پر مشتمل تھا کہ وہ خود اپنے باس تھے اور خود ہی ماتحت۔ ہم نے ان کی شاگردی اختیار کی تو کہنے لگے برخوردار! جس تندہی اور بے جگری سے تم کام کر رہے ہو، اس پر تو نا کام اقدامِ خودکشی کا گمان ہوتا ہے۔ خودکشی کی اور بھی ترکیبیں ہیں جن میں اتنی محنت نہیں پڑتی۔ ہمیں وہ باتونی، بے فکرے، آسانی سے گھل مل جانے والے پُھٹکر آدمی لگے۔ سنیچر کی سہ پہر کو شطرنج کھیلنے بیٹھتے تو اتوار کی رات کو دو بجے اٹھتے۔ پان کی لت ایسی کہ رات کو بھی کلّے میں دبا کر سوتے۔ دِلّی کے روڑے تھے۔ انھیں ہمارے ذہن کی اصلاح سے زیادہ

www.urduchannel.in



زبان کی فکر کھائے جاتی تھی۔ ہر ایک کے لہجہ، چال اور MANNERISMS کی بڑی اچھی نقل اتارتے تھے۔ کوئی لکھنؤ جاتا تو اس سے اصغر علی محمد علی کے عطر شمامتہ العنبر کی فرمائش ضرور کرتے۔ بیگم کو بہت پسند تھا۔

## بانس بدّھی

ہمارے سامنے کی بات ہے، ایک عامتہ الورود واقعہ..... موت ..... نے فاروقی صاحب کی ساری زندگی یکلخت منقلب کر دی۔ ان کے ایک ساتھی اور ہم عمر کو ان کے ساتھ شطرنج کھیلتے ہوئے اچانک سینہ میں درد محسوس ہوا اور دیکھتے دیکھتے ان کے ہاتھوں میں دم توڑ دیا۔ اسے دفنا کر لوٹے تو شطرنج کا دوسرا کھلاڑی بھی مر چکا تھا۔ فراق گورکھپوری کہتے ہیں کہ بدّھی (عقل) کی تین قسمیں ہوتی ہیں۔ گھڑا بدّھی، نمدہ بدّھی، بانس بدّھی۔ گھڑا بدّھی وہ کہ چکنے گھڑے پر کتنا ہی پانی ڈالو، وہی سوکھے کا سوکھا، نمدہ بدّھی ..... نمدے کی سمان کہ جب تک سوئی نمدے کے اندر ہے، سوراخ قائم ہے۔ سوئی نکلی اور گویا کچھ تھا ہی نہیں۔ اور سب سے اُتّم بدّھی بانس بدّھی کہ اوپر سے ایک ذرا چوٹ پڑی اور بانس نیچے تک چرتا چلا گیا۔ سو ان کی چھاتی شق ہو چکی تھی۔

## عیاشی سے توبہ

کئی دن گم صم رہے۔ پھر ایک دن سنا کہ سہون شریف کے ایک بزرگ سے بیعت ہو گئے ہیں۔ اس کے بعد بلیڈ کو رخسار سے نہ لگنے دیا۔ بڑی بھرواں داڑھی نکلی۔ ایسی ہی داڑھی کو دیکھ کر ڈاکٹر سلیم الزّماں صدیقی نے کہا تھا کہ حضرت آپ تو میدان حشر کے بھیڑ بھڑکے میں اپنی داڑھی کے چھپّر تلے چھپ جائیں گے۔ میں خدا کو اپنا ننگا منہ کیسے دکھاؤں گا۔ پیرو مرشد کبھی کراچی تشریف لاتے تو جمعہ اور اتوار کو عصر و مغرب کے درمیان منگھوپیر کی طرف سفید گھوڑی پر سیر کو نکلتے۔ یہ رکاب تھامے ساتھ ساتھ چلتے۔ انھیں سے مروی ہے کہ حضرت جتنی دیر گھوڑی پر سوار رہتے ہیں، لید میں سے شمامتہ العنبر کی

www.urduchannel.in



خوشبو آتی ہے۔ حجرے میں تہجد سے پہلے ببر شیر اپنی دُم سے جھاڑو دیتا ہے۔

ہم نے ٹوکا "شیر ببر تو افریقہ کے جنگلوں میں ہوتا ہے۔"

فرمایا "یہ میں نے کب کہا کہ وہ منگھو پیر کی جھاڑیوں میں سے آتا ہے؟ اپنی طرف سے آپ بات خوب جوڑتے ہیں۔"

ہمیں بھی نیک رہنے اور باز آنے کی تلقین کرتے رہتے تھے۔ ہمیں اس کا بڑا قلق تھا کہ خدا نے ہمیں بدی کی استطاعت دی ہوتی تو آج ہم بھی اس سے توبہ کر کے ثواب لوٹتے۔ ابھی تک یاد ہے۔ جاڑوں کے دن تھے۔ رات کے بارہ بجا چاہتے تھے۔ ہم مع اپنے چار بچّوں اور بیوی کے پیر الٰہی بخش کالونی کے کوارٹر کے چھوٹے سے کمرے میں فرش پر دیا سلائیوں کی طرح ایک طرف سرکئے پڑے تھے کہ کسی نے گھر کے سامنے حیدر آبادی انداز سے تالی بجائی۔☆ آنکھیں مَلتے ہوئے باہر نکلے تو دیکھا کہ فاروقی صاحب سر پر روئی کا ٹوپا پہنے، ہاتھ میں لالٹین لئے کھڑے ہیں۔ ان کے دانت اور گھٹنے بج رہے تھے۔ گھبراہٹ میں ہم بھی ململ کا پھٹا کُرتا پہنے، ننگے پَیر بستر سے نکل آئے تھے۔ بہتیرا ہاتھ سے جبڑے کو تھاما لیکن دانت تھے کہ اس آلے کی طرح کٹ کٹ، کٹ کٹ "مارس کوڈ" میں بجے چلے جا رہے تھے جو ٹیلی گراف آفس میں تار دینے کے لئے استعمال ہوتا ہے۔ سادہ زبان میں سلام و کلام کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا تھا۔ دیر تک دونوں آمنے سامنے کھڑے بصد خلوص کٹکٹاتے رہے۔ ہمارے تصرّف میں ایک ہی کمرہ تھا۔ اس لئے ہم انھیں اندر آنے کو بھی نہیں کہہ سکتے تھے۔ لیکن وہ خود بھی خاصی عجلت میں تھے۔ انھوں نے بکمال شفقت ہمیں اپنی داڑھی سے لگایا۔ دونوں ایک دوسرے سے بڑی دیر تک چمٹے رہے۔ اس میں خلوص کی شدّت سے زیادہ جاڑے کی شدّت کو دخل تھا۔ وہ اپنی شلوار اور ہم اپنے پاجامے میں تھر تھر کانپ رہے تھے۔ بار بار مصافحہ اور مسلسل معانقہ کی گرمائی سے الفاظ پگھلے تو انھوں نے چھُوٹتے ہی ہمیں شراب اور زِنا سے پرہیز کرنے کی تلقین کی۔ ہم نے ننگے پَیر، پھٹے کُرتے کے نیچے دھڑکتے دل پر ٹھٹھرا ہوا

☆ حیدر آباد دکن میں شرفا کے گھر کے سامنے کھڑے ہو کر آواز دے کر بلانا خلافِ تہذیب سمجھا جاتا ہے۔ تالی بجاتے ہیں۔

www.urduchannel.in


ہاتھ رکھ کر رئیسانہ طرزِ زندگی اور عیاشی سے اجتناب اور پرہیزی زندگی گزارنے کا وعدہ کیا۔ اور عرض پرداز ہوئے کہ حضرت! آپ نے رات گئے بڑی زحمت فرمائی۔ جواب میں انھوں نے (اپنے یخ ہاتھ کو، دونوں طرف سے، ہماری گُدی پر اس طرح گرم کرتے ہوئے جس طرح نائی استرے کو چمڑے پر چلاتا ہے) فرمایا کہ انھوں نے اپنے پیر صاحب قبلہ کے سامنے مترجم قرآن اٹھا کر عہد کیا ہے کہ روزانہ کم از کم سات آدمیوں کو شراب اور زنا سے باز رہنے کی تلقین کریں گے۔ عشاء کے بعد وہ اپنی "روند" پر نِکلے ہوئے تھے۔ آج کی رات ہم چوتھے آدمی تھے۔ مگر ان کی لالٹین میں ابھی کافی تیل باقی تھا اور بتی خاصی لمبی تھی۔

وقتِ رخصت سُکوت کیا اور فرمایا کہ ہمارے شیخ کا قول ہے کہ جاڑے اور بڑھاپے کو جتنا زیادہ محسوس کرو اتنا ہی لگتا چلا جاتا ہے۔ پیر صاحب کا سِن شریف ۱۰۵ سال تھا۔ چالیس حج کر آئے تھے۔ بال کالے ہوتے جا رہے تھے۔

## وہ پو پھٹی وہ کِرن سے کِرن میں آگ لگی

سادہ دل کثیر العیال آدمی تھے۔ اس مرحلہ پر یہ فیصلہ کرنا مشکل تھا کہ ان کے ہاں تنگ دستی پہلے آئی یا اولاد۔ ہر دوسرے تیسرے مہینے ہمیں اپنے گھر لے جاتے جو برنس روڈ کے گنجان علاقے میں ادیبؔ سہارنپوری کے فلیٹ کے قریب تھا۔ راستے میں ادیبؔ کو ساتھ لیتے۔ چائے، شاعری اور اسکینڈل کا دَور چلتا۔ اس کے بعد تینوں کباب کھانے نکل جاتے۔ ادیبؔ کی عمر اس وقت چالیس کے لگ بھگ ہوگی۔ اپنے بڑے بھائی کے ساتھ رہتے تھے اور بھاوج سے اس قدر خوفزدہ کہ کبھی اپنے فلیٹ میں گندے لطیفے اور اپنا کلام نہیں سناتے تھے۔ اور نہ وہاں بیگم ...... کے قصّے سناتے۔ وہ ان کا کلام انھی کے ترنّم میں اس طرح پڑھتیں کہ جب خود ادیبؔ یہی غزل پڑھتے تو اصل پر نقل کا گمان ہوتا۔ آنکھیں بند کر کے لہک کر پڑھتے تھے۔ بعض حسینوں کے بال گھنگریالے ہوتے ہیں۔ ادیبؔ کی آواز گھنگریالی تھی۔ رسیلی اور پُر امید تان میں نہ جانے درد کی گونج کہاں سے آتی تھی۔ جیسے ہنستے ہنستے آنکھوں میں آنسو ڈبڈبا آئیں اور چہرہ ہنستا رہ جائے۔ یہ

www.urduchannel.in



مسکراہٹ

وہ پو پھٹی، وہ کرن سے کرن میں آگ لگی

کے لہرے کے ساتھ اُبھرتی اور "اے مری عمرِ رواں! اور ذرا آہستہ!" اور ذرا آہستہ! اور ذرا آہستہ میں گم ہو جاتی۔

ادیب بڑے میٹھے اور ملائم لہجے میں بات کرتے۔ نجی محفلوں میں دیکھا کہ لطیفے کے پہلے ہی فقرہ پر اپنی نشست چھوڑ کر، لطیفہ گو کے ہاتھ پر ہاتھ مار کر، داد اس طرح دے کر آتے جیسے ریس میں پستول چلنے سے پہلے ہی بعض بے صبرے دوڑ پڑتے ہیں اور واپس بلائے جاتے ہیں۔ پھر سب کے ساتھ اسی جوش و خروش سے دوڑتے ہیں۔ ایک دفعہ ایک مدّاح نے جوشِ عقیدت میں ادیب کی غزل کو ایک دوسرے شاعر کی اسی زمین میں کہی ہوئی غزل سے بہتر قرار دیا۔ اس شاعر کا ادیب بہت احترام کرتے تھے۔ کہنے لگے یہ سب انہی کا فیضان ہے۔ پھر انھوں نے حضرت جگر مراد آبادی کا قصّہ سُنایا کہ انھوں نے اپنے بھتیجے کو متبنّیٰ کر لیا تھا۔ ایک دن وہ ان کے کاندھے پر بیٹھ کر کہنے لگا کہ ابّا! میں آپ سے بڑا ہوں۔ جگر صاحب نے کہا بیٹا! تم ٹھیک کہتے ہو۔ تمھاری اس بڑائی میں میرے جسم کی لمبائی بھی شامل ہے۔

ٹاٹ کا ایک تھیلا، جس میں بیاض، عینک، تین چار کتابیں اور رسالے، قلم، ڈائری اور چھوٹا سا کٹور دان، بالعموم ہاتھ میں رہتا۔ بغلگیر ہونے سے پہلے اسے اپنی اور فریقِ ثانی کی ٹانگوں کے درمیان رکھ دیتے۔ بحریہ کی ایک لائبریری میں ملازم تھے۔ تنخواہ قلیل۔ چھوٹے چھوٹے بچوں کا ساتھ، جن کے یہ باپ بھی تھے اور ماں بھی۔ بیوی کے انتقال کو کئی برس گزر چکے تھے۔ کبھی کوئی دوسری شادی کا مشورہ دیتا تو ہنس کر کہتے کہ بجلی ایک ہی جگہ دوبارہ نہیں گِرا کرتی۔ کبھی انھیں دل گرفتہ و مغموم نہ پایا۔ شام کو کسی نہ کسی کے ساتھ SNAKES AND LADDER کھیلتے اور اپنی ہار پر قہقہے لگاتے ہی دیکھا۔ ٹوکتے ہی ہمارے ساتھ ہو لیتے۔ ساتھی سانپ پیٹتا رہ جاتا۔ بارہ تیرہ سال کے عرصہ میں صرف ایک موقع ایسا آیا جب ادیب نے ساتھ چلنے سے صاف انکار کر دیا۔ اتوار کی سہ پہر کو ہم پہنچے تو کہنے لگے کہ جناب آج بندہ شعر سُنائے گا نہ کباب کھائے گا۔

www.urduchannel.in



مجھے اشد ضروری کام ہے۔ ادیب نے جو اپنی دلداری و دلنوازی کے لئے مشہور تھے، ایسا کورا جواب ہمیں ہی کیا، کسی کو نہ دیا ہوگا۔ کریدا تو معلوم ہوا کہ ہندوستان سے ایک فٹ بال ٹیم میچ کھیلنے آئی ہوئی ہے۔ اس میں ایک سکھ کھلاڑی بھی ہے۔ ''یوسفی بھائی! مجھے فٹ بال سے کبھی کوئی دلچسپی نہیں رہی۔ مگر خدا کی قسم! سات سال سے کوئی زندہ لطیفہ نہیں دیکھا۔''

## دف کیسے مارا جاتا ہے؟

گرم چائے، تازہ غزل اور تیز چُونے کے پان سے تواضع کے بعد فاروقی صاحب دِلّی کے کبابیے کی دکان پر لے جاتے اور گولے کے کباب کِھلاتے۔ پیٹ بھرنے سے پہلے آنکھیں بھر آتی تھیں۔ پہلی دفعہ دکان پر لے گئے تو دِلّی کے کلچر اور قیمہ کی باریکیوں پر روشنی ڈالتے ہوئے کباب کھانے کے ادب آداب اتنی تفصیل سے بتائے کہ ہم جیسے مارواڑی رانگڑ کی سمجھ میں بھی آگیا کہ سلطنت ہاتھ سے کیسے نکلی۔ دلی کے کبابیوں کا کیا کہنا۔ بالکل وہی تیرا بی مصالحے جو بہادر شاہ ظفر کے زمانے میں تھے، وہی شاہی رکابداروں کی ترکیبیں سینہ بہ سینہ چلی آتی ہیں۔ اور وہی امراض بھی معدہ بہ معدہ۔ حالانکہ اب نہ وہ تنگڑی راسیں رہیں نہ وہ قدر دان۔ کچری اور پپیتے کی ایسی گلاوٹ لگاتے ہیں کہ موٹے سے موٹا گوشت پل بھر میں سرمہ ہو جائے۔ بقول شخصے مست بجار کے یہ مصالحہ لگا دیں تو وہیں کھڑا کھڑا اگل کے قیمے کا ڈھیر بن جائے۔ یوں تو دنیا میں غیبت سے زیادہ زود ہضم کوئی چیز نہیں، لیکن یہ کباب بھی حلق سے اُترتے ہی جزوِ بدن ہو جاتے ہیں۔ انھیں سے معلوم ہوا کہ گولے کے کباب میں ایک حصّہ قیمہ، ایک حصّہ مرچیں اور ایک حصّہ دھاگے☆ پڑتے ہیں۔ سیخ سے اُتار کے کڑکڑاتے گھی کا بگھار دیتے ہیں۔

''سیخ کباب میں بگھار؟ یہ کس خوشی میں؟'' ہم نے پوچھا۔

''اس سے مرچوں کا دُف مرجاتا ہے۔ ساتھ بھرت کی سُبک سی کٹوری میں گرم

☆ دھاگے۔ کباب پر کثرت سے لپیٹے جاتے ہیں۔ یاد رہے کہ دلی میں دھاگے اور سوت کے گولے کے کارخانے انھی حضرات کے تھے جو گولے کے کبابوں کے رسیا تھے۔

www.urduchannel.in



مصالحہ رکھ دیتے ہیں۔ پھر کبابوں میں بکری کا بھیجا اور اَلھڑ بچھڑے کی نلیوں کا گودا علیحدہ سے ڈالتے ہیں۔"

"یہ کیوں؟"

"اس سے گرم مصالحہ اور جائفل جاوتری کا دف مرجاتا ہے۔ پھر بڑی پیاز کے لچھے اور ادرک کی ہوائیاں۔ اور ان پر ہری مرچیں کتر کے ڈالتے ہیں۔ یہ میسر نہ ہوں تو محض سی سی کرنے سے بھی لذّت بڑھتی ہے۔ خمیری نان کے ساتھ کھاتے وقت برف کا پانی خوب پینا چاہئے۔"

"کیوں؟"

"برف سے خمیری روٹی اور ہری مرچوں کا دف مرتا ہے۔ مصلح ہے۔ بعض نفاست پسند تو کبابوں پر تیتیا مرچ کی چٹنی چھڑک کر کھاتے ہیں۔ پھر حسبِ حیثیت دہی بڑے یا قلفی فالودے کی ڈاٹ لگاتے ہیں۔"

"کیوں؟"

"اس سے چٹنی کا دَف مرتا ہے۔"

"اگر یہ سارے چونچلے فقط کسی نہ کسی کا دَف مارنے کے لئے ہیں تو چٹوروں کی سمجھ میں اتنی سی بات کیوں نہیں آتی کہ یکے بعد دیگرے دَف مارنے کے بجائے، شروع میں ہی کم مرچیں ڈالیں یا پھر زبان پہ ربر کا دستانہ چڑھا کر کھائیں۔"

ادیب سہارنپوری نے (جو پیدائش و توطن ہی نہیں، طبیعت کے لحاظ سے بھی دِلّی اور پنجاب کی سرحد پر واقع ہوئے تھے) اس مرحلہ پر شعر کا سفید پرچم لہرا کر جنگ بندی کرائی۔ ہمارا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر بولے، حضرت! دنیا میں ہر بات منطق کے مطابق ہونے لگے تو خدا کی قسم زندگی اجیرن ہو جائے۔ اسی بات پر ایک ظالم کا شعر سنئے:

سپردِ خاک ہی کرنا تھا مجھ کو
تو پھر کاہے کو نہلایا گیا ہوں؟

بعد ازاں اسی نکتۂ راز کو پروفیسر قاضی عبدالقدوس ایم۔ اے نے اپنے بقراطی انداز میں یوں ذہن نشین کرایا کہ جوانی دیوانی کا دَف بیوی سے مارا جاتا ہے۔ بیوی کا دَف اولاد

www.urduchannel.in



سے مارتے ہیں۔ اور اولاد کا سائنسی تعلیم سے۔ سائنسی تعلیم کا دُف اپنے ہاں دینیات سے مارا جاتا ہے۔ ارے صاحب! دَف کا مرنا کھیل نہیں ہے، مرتے مرتے مرتا ہے۔

فاروقی صاحب ان لوگوں میں سے نہیں تھے جو دستر خوان کے بجائے سر آنکھوں پر بٹھاتے ہیں۔ انھیں کھانے سے زیادہ کھلانے میں مزا آتا تھا۔ ہر لقمے کے ساتھ دہلوی دستر خوان کی نزاکتیں بھی ذہن نشین کراتے جاتے۔ ایک دن کہنے لگے کہ دِلّی میں تو جو شخص شیرمال اور تافتان میں فرق نہ کر سکے اسے کلچرڈ نہیں سمجھتے۔

"یہ کون سی مشکل بات ہے۔" ہم نے کہا۔

"بتایئے۔ کیا فرق ہوتا ہے؟"

"ایک زیادہ بدمزہ ہوتا ہے۔"

## اَجرک

بیعت کے بعد فاروقی صاحب نے اپنے شیخ کے ایما پر حضرت شاہ عبداللطیف بھٹائی کے عارفانہ کلام سے کسبِ فیض کی خاطر سندھی سیکھنی شروع کی۔ قلب گداز ہو چکا تھا۔ ویسے بھی صلح کل آدمی تھے۔ سِندھی کی پہلی کتاب سَبقاً سَبقاً پڑھ کر بولے کہ صاحبو! مجھے تو اردو اور سندھی میں کوئی فرق نظر نہ آیا۔ سندھی کے نقطوں کو الٹا لگا دیا جائے تو اردو بن جاتی ہے۔ گھر پر سیاہ کُرتا اور ٹخنے سے اونچی شلوار پہننے لگے تھے۔ شانے پر شیخ کی بخشی ہوئی ایک چھوٹی سی سندھی اجرک جسے لمبا رومال یا انگوچھا بھی کہہ سکتے ہیں۔ اس سے زیادہ کثیر المقاصد شے ہم نے نہیں دیکھی۔ ہائیڈروجن بم اور قمری راکٹ بنانے والے ایسی کوئی چیز ایجاد کر کے دکھائیں تو ہم جانیں۔ فاروقی صاحب اس سے منھ پونچھتے۔ دستر خوان کا کام لیتے۔ کہیں پیدل منزل مارتے تو اسی سے گرد سفر جھاڑتے۔ لُو چلنے لگے تو اسے پانی میں تر کر کے عربوں کے غترہ و عقال کی طرح سر پر ڈال لیتے۔ حلقۂ یاراں میں بریشم کی طرح نرم ہوں اور عین غیبت میں اگر وقت نماز آجائے، تو اسی کو فرش پر قبلہ رو بچھا کر سر بسجود ہو جاتے اور رب کا شکر ادا کرتے جس نے انسان کو

www.urduchannel.in

http://www.flic.kr/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flic.kr/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flic.kr/junaidrashid

www.urduchannel.in



کیوں دل چھوٹا کرتے ہیں؟ اور انھوں نے ہمیں منہ سے سیٹی بجانے اور اس پر میرا بائی کے دوہے پیش کرنے کا پروانۂ رامش گری دے دیا۔ بشرطیکہ وہ پنجابی ٹپے کی دھن میں ہوں تاکہ تسلے والے بھائی کو تکلیف نہ ہو اور وہ حسب معمول اپنے جھانویں سے دلوں کا میل دور کرتا رہے۔ چاچا فضل دین کبھی خود ہی بے سرا ہو جاتا تو تسلا پھینک کر کہتا کہ ٹپّے کا سماں تو اس وقت بندھتا ہے جب دور سے ہر بول کے ساتھ ڈاچیوں اور گائے بکریوں کے گلے میں پڑی ہوئی حمیلوں کی گھنٹیوں کی آواز آتی رہے۔

فضل دین چاچا کو وہ لوگ بھی چاچا کہتے تھے جو خود تایا کہلانے کے لائق تھے۔ ہمیں یاد ہے کہ پہلی ملاقات ہوئی اور ہم نے نام پوچھا تو اس نے سارا آموختہ سنا دیا تھا: "موضع تھوئیاں، دربار بابا حضرت شاہ کلی، علاقہ تھانہ علی پور چٹھہ، ضلع گوجرانوالہ، نزد لاہور، معرفت اللہ دتہ سائیکل پنکچر مستری پہنچ کر چودھری فضل دین پنشن یافتہ لانس نائک کو ملے۔"

## بندۂ مزدور کے کی اوقات

بینکوں میں ان دنوں صبح ساڑھے آٹھ بجے سے رات کے دس گیارہ بجے تک لگاتار کام ہوتا تھا، جب کہ گورنمنٹ دفاتر کے اوقات بے کاری نو سے ساڑھے چار تک تھے۔ اوّل تو رات گئے تک کام کرنے کی کوئی شکایت نہیں کرتا تھا اور اگر کوئی سرپھرا آواز اُٹھاتا تو اس کا تبادلہ بارش میں چٹاگانگ، گرمی میں سکھر اور سردی ہو تو کوئٹہ کر دیا جاتا تھا جو اس زمانے میں شورہ پشت بینکروں کے لئے کالے پانی کی حیثیت رکھتے تھے۔ لیکن جو گردن زنی ہوتے، ان کو "لائن حاضر" کر دیا جاتا تھا۔ یہاں ان کے طرّۂ پُرپیچ و خم کے سارے پیچ و خم ایک ایک کر کے نکالے جاتے۔ ہمیں یاد نہیں کہ دو ڈھائی سال تک ہم نے اور ہمارے ساتھیوں نے کبھی چودہ گھنٹے سے کم کام کیا ہو۔ دن اور رات کا فرق مٹ چکا تھا۔ اور اگر تھا تو، حضرت امیر مینائی کے الفاظ میں، صرف تذکیر و تانیث کی اُلٹ پھیر تک:

دن مرا روتا ہے میری رات کو
رات روتی ہے مِری دن کے لئے

www.urduchannel.in


دوپہر کو کم ہی لوگ کھانا کھاتے تھے۔ گھر گھر سے سائیکل پر کھانے کے ڈبّے بٹور کر لانے والوں نے اپنی سروس اور باری باری ہر ایک ڈبّے سے بوٹیاں غائب کرنے کا دھندا شروع نہیں کیا تھا۔ عملے کے بیشتر افراد، منجملہ راقم آثم، ایرانی ہوٹلوں کی طرف چہل قدمی کر کے بے کھائے پیئے واپس آجاتے۔ جہاں تک ہماری عادات کا تعلق ہے، ہواخوری کا یہ سلسلہ ۱۹۵۴ء تک جاری رہا۔ کوئی کسی سے نہیں پوچھتا تھا کہ آج بھی تم نے کھانا کھایا یا نہیں۔ آٹھ نو بجے رات تک پیٹ کا الاؤ بھڑک اٹھتا۔ اسی کو دبانے، بہلانے کے لئے دراصل یہ گت ہوتی تھی۔ سبھی بھوک کو نکوٹین یا پان سے بہلاتے رہتے تھے۔ البتہ چاچا فضل دین چوکیدار وڈ اسٹریٹ کے فٹ پاتھ پر دو لینٹیں رکھ کر آٹھ بجے مکئی کی ایک روٹی ڈال لیتا تھا۔ لیکن جب تک دفتر میں ایک آدمی بھی خالی پیٹ بیٹھا کام کر رہا ہوتا، چاچا فضل دین لقمہ توڑنا حرام سمجھتا تھا۔ گیارہ بجے سے پہلے اسے شاذ ہی روٹی نصیب ہوتی تھی۔ کبھی کبھی وہ سب کو اپنے ہاتھ سے ملیر کے بھٹّے بھون کر کھلاتا اور اپنے گاؤں کے بھٹّوں کو یاد کر کے آبدیدہ ہو جاتا۔

کچھ دن بعد ایسا بجوگ پڑا کہ سگرٹ پینے کی بھی استطاعت نہ رہی۔ استطاعت سے ہماری مراد ساٹھ ستّر ہے کہ یہی ہمارا اوسط تھا۔ بُری بات اور بُری عادت کا صحیح لطف ولذّت دراصل کثرت وزیادتی (EXCESS) میں ہی آتا ہے۔ صاحبو! اعتدال پر اتنا ہی اصرار ہے تو نیکی میں کرو۔ کون روکتا ہے؟ ازبسکہ اعتدال کو طبیعت نے کبھی قبول نہ کیا، ہم نے سگرٹ کم کرنے کے بجائے بالکل چھوڑ دیئے۔ اور جوشاندے سے کشید کی ہوئی ملباری چائے کے قدح چڑھا کر بھوک اور نیند کو بھگاتے رہے۔ چائے دراصل ایجاد بھی اسی کارِ خیر کے لئے ہوئی تھی۔ نشاط سے کس روسیاہ کو غرض تھی۔ کہتے ہیں کہ چھٹی صدی میں ایک تپسوی بودھی دھرم جنوبی چین گیا اور وہاں ایک دیوار پر نگاہ جما کر "دھیان" کرنے لگا۔ ایک روز دھیان کے سمے آنکھیں آپ ہی آپ نیند سے مُند گئیں اور ساری تپسیا کھنڈت ہو گئی۔ کرودھ میں آکر اس دھیانی نے وہیں اپنے پپوٹے کاٹ کے پھینک دیئے تاکہ آنکھیں کبھی بند ہی نہ ہو سکیں۔ زمین پر جس جگہ وہ

www.urduchannel.in



پوسٹے اور خون کے قطرے گرے، وہاں نئی کونپلیں پھوٹ نکلیں جنھیں اس سے پہلے کسی نے نہیں دیکھا تھا۔ ان کا نام چائے پڑا۔ اسی کی یاد میں زین مت والے آج بھی دھیان اور آپاسنا سے پہلے چائے کا گھونٹ ضرور لیتے ہیں۔ سو ہم بھی اس گھڑی اسی اَمرِت کے گھونٹ لے لے کر اس رات کی باتیں سُنا رہے ہیں۔

## ہم نے اہلِ زبان سے کیوں شادی کی

میرِ محفل کا پورا نام (سابق) سیکنڈ لفٹین نواب محمد عمر مجاہد نحاس پاشا کُنجو تھا۔ بینک میں تازہ وارد تھے۔ خود کو کرناٹک کا نواب بتاتے تھے۔ تیور اور طنطنہ سے نواب ہی لگتے تھے، مگر ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اپنی قلمرو کے نام سے پہلے انہوں نے "کر" کا اضافہ کرلیا ہے۔ حیدر آبادی اردو ٹیٹھے مدراسی لہجے میں بڑے فراٹے سے بولتے تھے۔ ق کا تلفظ خ کرتے تھے۔ کمسن حسینہ کو قمری اور قمری کو خمری کہتے تھے۔ اکثر خان سیف الملوک خان کا مذاق اُڑاتے کہ وہ خوبانی کو خُربانی کہتا ہے اور حق نواز چیمہ قربانی کو کُربانی! خود قُربانی کو خُربانی کہتے تھے! اپنے نام کا تلفظ ین۔ یو۔ یم۔ یم۔ ین۔ پی کُنجو فرماتے تھے۔ ایک دن ہم نے چھیڑا، سرکار نے سارا کرناٹک چھوڑ کر یوپی کی خاتون سے کیوں شادی رچائی؟

کھٹّا سالن، اِملی چاول اور بگھارے بیگن کھاتے کھاتے دانت امل گئے تھے۔ اِتّفاخ سے ملاخات ہوگئی۔ سلیخہ مند خاندانی خمری، لکھنوی خلیہ خورمہ پکانے میں طاخ، خبول صورت، امورِ خانہ داری کے خاعدے اور خانون سے واخف .......... اور کیا چاہیے؟ وہ خوخیائے۔

"تو گویا یہ آپ کے کچھ، کڑا، کیش، کنگھی، کرپان ہوئے۔" ہم نے کہا۔

"مگر آپ بھی تو مارواڑی رانگڑ ہیں۔ آپ نے اہلِ زبان سے کیوں عخدِ نکاح کیا؟"

"ہم نے تو یہ گستاخی محض اُردو زبان سے اپنی جھجک نکالنے کے لئے کی

www.urduchannel.in



تھی۔"

"ایہہ گل ہوئی جواناں والی!☆" چاچا فضل دین نے ہماری لسانی منصوبہ بندی کی داد دی۔

## (ک) نائٹ کا نواب

بینک میں کنجو شہزادہ گلفام کہلاتے تھے۔ اکہرا بدن، صندلی رنگ اور باتوں میں بھی اسی کی خوشبو۔ تیکھے نقوش، تیتّیے جیسی کمر، ناک اتنی لمبی اور نکیلی کہ اسے منگنی کی انگوٹھی پہنائی جاسکتی تھی۔ کان پر منّت کی بالی کا اُرجھا ہوا سوراخ۔ مرادی ہوں گے۔ اچھے لباس کے شوقین تھے۔ مشہور تھا کہ سوتے میں بھی کروٹ لینے سے پہلے اپنی مانگ اور پاجامے کی کریز درست کر لیتے ہیں۔ ان کی خوش پوشی، جامہ زیبی اور بربادی میں نسوانی توجہات کو بڑا دخل تھا۔ مئی جون میں بھی گلے میں "پولکا" بُندکیوں کا سلک اسکارف باندھتے تھے۔ ایک دفعہ ہم نے ٹوکا کہ آپ کی $\frac{1}{4}$ تنخواہ بزاز اور $\frac{2}{4}$ درزی کی نذر ہو جاتی ہے۔ پچھلے مہینے آپ نے اپنے خانگی بجٹ کے دوسرے پلڑے میں ہماری حقیر تنخواہ کا پاسنگ ڈالا، تب کہیں ڈنڈی برابر ہوئی۔ ارشاد فرمایا، میلے، پُرانے دُھرانے کپڑے پہننے کا حق صرف کروڑ پتی سیٹھوں کو پہنچتا ہے۔ نوکری پیشہ آدمی کے تو، اللہ رکھے، یہی اللے تللے رہیں گے۔ مدراسی زبان میں کہاوت ہے، ہیجڑے نے ساری کمائی، مونچھ منڈائی میں گنوائی۔ ہمارے قبیلہ کا عقیدہ ہے کہ جو روپیہ چھوڑ کر مرے اس کے نطفہ میں فرق ہے۔ میرے والد نے نہ جانے کیسے آٹھ ہزار روپے جمع کر لئے تھے جن سے ایک کوآپریٹو بینک میں اکاونٹ کھلوالیا۔ وہ تو ان کے مرنے سے ایک ہفتے پہلے بینک فیل ہو گیا ورنہ سارا شجرہ خاک میں مل جاتا۔ مولا نے بڑا فضل کیا۔

ہر شخص کی اپنی مخصوص چال اور آواز ہوتی ہے۔ یہ قدرت کا معجزہ ہے کہ بعینہ ایسی چال اور آواز دنیا میں نہ کسی کی ہوئی، نہ ہوگی۔ لیکن جیسی عجیب و غریب چال ان حضرت کی تھی، ہم نے اس سے ملتی جلتی بھی نہیں دیکھی۔ تقریباً حالتِ رکوع میں چلتے

---

☆ یہ بات ہوئی مردوں والی!

www.urduchannel.in



پھرتے تھے۔ مگر ہاتھوں کی پوزیشن ایسی ہوتی تھی گویا آندھی میں سائیکل کا ہینڈل مضبوطی سے پکڑے چڑھائی چڑھ رہے ہوں۔ بہت دن بعد معلوم ہوا کہ ہارمونیم کے رسیا ہیں۔ اور ہمہ وقت اسے گود میں اٹھائے اٹھائے پھرنے سے اسی پوز میں اکڑ کر رہ گئے ہیں۔ ہارمونیم اٹھائے ہوئے نہ ہوں تو توازن قائم رکھنا دشوار ہو جاتا۔ قدم قدم پر ڈگمگاتے، لڑکھڑاتے کبھی اُلار ہو جاتے۔ اکثر فرماتے کہ پورے صوبہ مدارس اور کرناٹک میں ہارمونیم پر مجھ سے زیادہ تیز کوئی ٹائپ نہیں کر سکتا۔ ہارمونیم اتنی برق رفتاری سے بجاتے کہ انگلیاں نظر نہیں آتی تھیں۔ دھن بھی کہیں نظر نہیں آتی تھی۔ فی منٹ ڈیڑھ سو الفاظ کا خون کر لیتے تھے۔

قرض لینے میں انہوں نے کبھی بُخل سے کام نہیں لیا۔ کہتے تھے کہ اُدھار سے اُخوت و مساوات بڑھتی ہے۔ اس زمانے میں سب کا حال پتلا تھا۔ کون ہے جو نہیں ہے حاجت مند۔ جس کو دیکھو، پاؤں چادر سے گھٹنوں تک باہر نکلے ہوئے ہیں۔ ایسوں سے قرض لینا، لے کر نہ دینا اور پھر لینا.......... یہ انہی کا جگرا تھا۔ کسی کا ہاتھ تنگ ہوتا تو یار لوگ اُلٹا اسی سے قرض مانگنے لگتے.......... اس ڈر سے کہ کہیں پہلے وہ نہ مانگ بیٹھے۔ اور جب کوئی واقعی قرض مانگتا تو لوگ اپنی اپنی مشکلات کا ذکر اس انداز سے کرتے کہ مانگنے والا بھی آبدیدہ ہو جاتا۔ ہمدردی و دِلسوزی کا اس سے زیادہ موثّر طریقہ ہنوز ایجاد نہیں ہوا۔ برِ صغیر کے بعض پسماندہ علاقوں میں اب تک یہ دستور چلا آتا ہے کہ برادری کی بڑی بوڑھیاں کسی کے ہاں غمی میں شریک ہوتی ہیں تو لمبا سا گھونگھٹ کاڑھ کے بیٹھ جاتی ہیں۔ اور اپنے اپنے پیاروں کے نام لے کر بَین کرتی، دھاڑتی ہیں۔ سب اپنے اپنے مُردوں اور مُردوں کی خوبیاں بکھان کر کے خشک آنسوؤں سے روتی ہیں۔ اگر کوئی ناواقفِ حال پہنچ جائے تو وہ ایک گھنٹے بَین سُن کر بھی یہ فیصلہ نہیں کر سکتا کہ اس مجلسِ آہ و بُکا میں دو ڈھائی سَو مُردوں میں سے آج کا مرحوم خصوصی کون ہے! ان دنوں بینک میں بھی یہی رسم و راہِ دِلسوزی و دستگیری تھی۔ اپنی اپنی عندلیب سے مِل کے کچھ دیر آہ و زاریاں کرنے کے بعد سب اپنی ضرورتوں اور آرزوؤں کو اجتماعی قبرستان میں دفنا دیتے مگر اس طرح کہ دوسرے دن چھنگلیا سے کھود کر نکالی جا سکیں۔

www.urduchannel.in


کنجو قرض مانگنے سے پہلے اپنی متروکہ جاہی "زمینات" کا ذکر ضرور کرتے اور رقبہ کو دوہراتے، تہراتے اور چوراتے رہتے۔ ہر دفعہ، پندرہ بیس ہزار ایکڑ کا اضافہ ہی نہیں، بلکہ اپنے غلّہ خیز بیان سے زمین کی فی ایکڑ پیداوار کو بھی دو چند، سہ چند کر دیتے۔ کرناٹک کے سنگلاخ علاقوں میں گھاس کا تنکا بھی نظر نہیں آتا، وہاں نہ صرف گنّے کے جنگل کے جنگل کھڑے کر دیتے، بلکہ ان میں جنگلی ہاتھیوں اور "خُمریوں" کے ریوڑ بھی گھسا دیتے۔ جس دن ہم سے ہماری ساری تنخواہ بارہ گھنٹے کے لئے قرض لی ہے، اس وقت ان "زمینات" کا رقبہ پھیل کر اتنا ہو گیا تھا کہ سموچا صوبہ سندھ اس میں سما جائے اور پھر بھی اتنی گنجائش رہ جائے کہ پنجاب کے پانچ چھ اضلاع، محکمۂ انہار و پٹواریانِ بدزبان سمیت، اس میں کھپ جائیں۔ اگلے اتوار کو پاک بوہیمین کافی ہاؤس میں مرزا نے پوچھا "صاحب! آپ نے کرناٹک کی جدّی جائداد کا کلیم کیوں نہیں داخل کیا؟"

جھنجھلا کر بولے "مجھے کیا باؤلے چوہے نے کاٹا ہے؟☆ میں کلیم میں قلعے کے بدلے کوارٹر نہیں لینا چاہتا۔ ریاستیں بھی کہیں راشن کارڈ پر الاٹ ہوئی ہیں! افسوس، آپ کو کبھی رئیسوں سے واسطہ نہیں رہا۔ پوتڑوں کے رئیسوں کی خُو بُو سو سال تک نہیں جاتی۔"

"اگر لفظ "خُو" نکال دیں تو مجھے آپ کا دعویٰ حرف بحرف تسلیم ہے۔" مرزا نے اِتمامِ حجت کیا۔

انڈین آرمی سے ڈسچارج ہوئے سات آٹھ سال ہونے کو آئے تھے لیکن سرفروشی و سرکوبی کی آگ اپنے ۳۶ انچ سینے میں دبی رکھتے تھے۔

میاں سے نکلی پڑے ہے مری تلوار ہنوز

ایک دن کہنے لگے کہ جب میں کنارا بینک لمیٹڈ میں چیف کیشیئر تھا تو تین ڈاکے پڑے۔

"ڈاکے؟" ہم نے حیرت سے پوچھا۔

---

☆ حیدر آباد دکن میں کسی زمانے میں طاعون کی وباء آئی تھی۔ محلے کے محلے صاف کر گئی۔ اسی زمانے میں محاورے میں کتے کی جگہ چوہا در آیا۔

www.urduchannel.in



"جی ہاں! بینک پر ڈاکے نہیں تو کیا اولے پڑتے؟"

اپنی حاضر جوابی سے ہمارا دریدہ دہن بند کر کے انہوں نے بڑی تفصیل سے پہلے ڈاکے میں اپنی حاضر دماغی کا قصّہ سنایا جس کا خلاصہ یہ تھا کہ جیسے ہی ڈاکو نے اپنا ۳۸ بور کا پستول نکالا، انہوں نے بڑی دلیری سے ایک ایک ہزار کے نوٹوں کی گڈّی اس کی کنپٹی پر رکھ کر پستول لُوٹ لیا۔

## اِندر کا اکھاڑا

۱۹۴۰ء میں فوج میں بھرتی ہونے سے پہلے کوچین (کیرالہ) ہو آئے تھے کہ زندگی کا بھروسا نہیں۔ مرنے کے بعد گناہ کا موقع تو جنّت میں بھی نہیں ملنے کا۔ بینک میں روز شام کو اِندر سبھا سجاتے اور ارنا کلم کی ناریوں کی چھب دکھلاتے۔ بے کسے بنّچے کی گیند کی طرح ٹپّا کھاتی ہوئی دراوڑی کاٹھی، کافی جیسی مہکتی دہکتی رنگت، ابھرے ابھرے جامنی ہونٹ، جلد جیسے کنواری تھاپ تلے کسی ہوئی ڈھولک۔ سنگِ اَسود کی چٹانیں آدمی کے روپ میں۔ کہتے تھے کہ وہاں کوئی گرہستن، شریف زادی اپنے سینوں اور پیٹ کو نہیں ڈھانکتی۔ اندھیرے اجالے کوئی عورت چولی پہنے ہوئے نظر آجائے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ بکاؤ مال ہے اور دعوتِ شب باشی دے رہی ہے۔ بھلے گھرانوں میں وہ انگ جو روپ کی راجدھانی ہیں کپڑے کی صنعت کے مرہون منّت نہیں ہوتے۔ ہر چند وہ کوچین میں تین رات سے زیادہ نہیں ٹھیرے، لیکن اس میں ہی جو کچھ ان کی چشمِ تماشا نے دیکھا وہ ہمارے لب پر نہیں آسکتا۔ روز ایک انگ کے مضمون کو سو ڈھنگ سے باندھتے۔ عجلت میں ہوں تو اچھے مال کی مشکیں باندھ کر الگ رکھ دیتے۔ ہر شام ایک نئی "خمری" کا سراپا کھینچتے اور ہماری آتشِ شوق کو پٹرول سے بجھانے کی کوشش کرتے۔

مدراس چھوڑے مدّت ہو چکی تھی، لیکن اس کی بُرائی کسی طَور گوارا نہ تھی۔ ایک دن مدراسی کافی، لنگی، پاپڑ، سر رادھا کرشنن اور اچار کی تعریف کرتے کرتے ان کے منہ سے نکل گیا کہ بمبئی والے گنواروں کی طرح چیخ چیخ کر بولتے ہیں اور بمبئی کے علاوہ ہر شہر کو ......... لندن، نیویارک اور پیرس کو بھی ......... "باہر گاؤں" کہتے ہیں۔ اس

www.urduchannel.in



کا جواب، بمبئی کے نمائندے، سکنہ کراچی، عبدالرحمٰن حاجی قاسم تیلی والا نے یہ دیا کہ مدراس میں یونیورسٹی کا وائس چانسلر بھی تہمد باندھے سڑک پر ننگے پیر گھومتا ہے۔ اور عورتیں ساڑی کے نیچے پیٹی کوٹ نہیں پہنتیں! اس پر دونوں میں خوب دھرپٹک ہوئی۔ ایک دوسرے کو اس بے دردی سے اٹھا اٹھا کر پھینکنے لگے جیسے قلی مال گاڑی میں سے وہ پیٹیاں پھینکتے ہیں جن پر FRAGILE لکھا ہوتا ہے۔ جب دونوں میں پھینکنے اور پھنکوانے کی سکت نہ رہی تو ایک دوسرے سے گتھم گتھا ہو کر فرش پر پڑ رہے۔ دونوں صوبے کسی طرح علیحدہ ہونے کا نام نہیں لیتے تھے۔ بالآخر ہم نے یہ کہہ کر بیچ بچاؤ کرایا کہ صاحبو! ہمیں دیکھو۔ ہمارے وطنِ مالوف و متروک راجستھان میں یہ تمام قابلِ ضبطی چیزیں پائی جاتی ہیں۔ مگر ہم نے تو کسی باہر گاؤں والے، کا سر نہیں پھوڑا۔ ہری مرچ کے اچار اور کچی راجستھانی چُنری سے گال لال گلال، گلے سے ایک بالشت نیچی چولی جس کی گھاٹی میں پھسلنے کے لئے نگاہ بھر کا راستہ، سنگھاڑا سے ٹخنے سے ایک ہاتھ اونچا لہنگا اور پھر رات ڈھلے کچھ جگمگ جگمگ ہووَت ہے۔ کوئی لوڑھے چیز یا سوَت ہے، ہم نے تو ان تبرکات پر کبھی ہاتھا پائی نہیں کی۔"

فرمایا "اصل لڑائی تو ہاتھ پیر کی ہوتی ہے۔ یہ رذیلوں کی طرح زبان چلاتا ہے۔"

ظاہر! لااُبالی پن اور ہُو حق کے باوجود اپنی تندرستی کا بہت خیال رکھتے تھے۔ اُلٹی سیدھی یوگا ورزشیں کرتے۔ سورج نکلنے سے پہلے، کنول آسن میں دَم سادھے، اپنی ناف پر نگاہ جمائے کائنات پر غور و فکر فرماتے۔ اکثر نصیحت کرتے کہ بے ضرورت سانس نہ لو۔ سانس بچاؤ۔ کل کام آئے گا۔ جتنے سانس کم لوگے، اتنے ہی عدد سانسوں سے عمر بڑھ جائے گی۔ ان کے اس عمل سے دفتر میں آکسیجن کی کافی بچت ہوتی تھی۔ نہار منہ دو گلاس نمک کا پانی پی کر قے کرتے۔ پھر نتھنے میں سُوت کی ڈوری کا فتیلہ چڑھاتے، یہاں تک کہ اس کا سرا حلق سے برآمد ہو جاتا۔ پھر اسے ہَولے ہَولے کھینچ کر نکال لیتے۔ اس عمل کو دُہرا کر دونوں نالیں صاف کرتے۔ یہ انھی سے معلوم ہوا کہ اس سے دماغ روشن اور روح بالیدہ ہوتی ہے۔ ورنہ ہم تو اب تک اسی مغالطے میں تھے

www.urduchannel.in



کہ ناک صاف کرنے سے صرف ناک ہی صاف ہوتی ہے۔ اکثر ہمیں تلقین کرتے کہ کامیابی کے لئے صحت، محنت، دیانت اور ذہانت ازبس ضروری ہیں۔ اور اس کے ثبوت میں اپنی ذات کو پیش کرتے۔

## چہ دلاور است دُزدے کہ بکف سُراغ دارد

ان کی ذات سے چھوٹے بڑے جتنے بھی اسکنڈل منسوب تھے، ان سب کے خالق وراوی، مفتری و متّہم وہ خود ہی بتائے جاتے تھے۔ اپنے بارے میں کی گئی بے بنیاد قیاس آرائیوں کی وہ ہمیشہ تصدیق کر دیتے تھے۔ اپنی شان میں تمام گستاخیوں اور شرارتوں کا سرچشمہ دراصل وہ خود تھے۔ لیک عمر ایسی بھی آتی ہے کہ آدمی کو تہمت سے بھی یک گونہ خوشی حاصل ہوتی ہے کہ چلو اس لائق سمجھا تو! بے شمار تہمتیں اپنے اوپر لگالی تھیں جن کی تعداد جوشؔ صاحب کی خود نوشت "شہوا انحمری" کے ۱۸ معاشقوں سے کہیں زیادہ ہوگی۔ جوشؔ صاحب نے تو ۱۸ پر پہنچ کر غالباً اس لئے "ڈکلیر" کر دیا کہ محمود غزنوی کے حملوں کی کل تعداد ۱۷ تھی۔ اتنا فرق ضرور ہے کہ جوشؔ صاحب سومنات میں بغیر گرز کے داخل ہوئے۔

مشہور تھا کہ غزالوں کے تعاقب میں وہ ختن سے بھی آگے نکل چکے ہیں۔ "بے ڈے" پر سُرخ روشنیوں والے کوچے میں اپنا دل "پشوری" کر لیتے ہیں۔ حالانکہ کراچی کے "بازارِ حُسن" میں جتنی بد صورتی فی مکعب انچ کوٹ کوٹ کر بھری ہے، اس کی مثال دنیا میں شاید ہی ملے۔ سوائے کراچی ٹی وی کے۔ لیکن موصوف اس بابِ خاص میں رنگ، نسل، مذہب، زبان، جُثّہ و جسامت کی تفریق سے بھی بالاتر تھے۔ تیغ تو تیغ ہے ہم توپ سے لڑ جاتے تھے! بلکہ اس میدان کے مردِ کہن سال چچا ابتسام بیگ کی صوبائی عصبیت کی کُھلم کُھلا مذمت کرتے کہ "بڈھا ہو گیا پر ٹھرک نہیں نکلی۔ چلو معاف کیا۔ مگر رِندی کے آداب سے بھی آشنا نہیں۔ اس کوچے میں سارے فرق مِٹ جاتے ہیں۔ آوارگی میں بھی صوبائی تعصب برتتا ہے۔ اپنے آبائی صوبے کی طوائف کے سِوا کسی اور کی بے حرمتی نہیں کرتا۔ حالانکہ وہ بالکل کھنڈر ہو چکی ہے۔ جس میں اب صرف

www.urduchannel.in


چمگادڑیں اُلٹے پیر کر کے لٹک سکتی ہیں۔ ایک دن میں نے بہتیرا للچایا کہ ہیرا منڈی سے کچھ ادھ کچرا، کچھ ادھ گدرا مال آیا ہے۔ اُن کے ساتھ جاپانی روڈ چلو۔ پر بیگ چچا نہیں مانتا۔ کہنے لگا نہیں میں تو اسی کے پاس جاؤں گا۔ اس نے میرے اچھے دن دیکھے ہیں!"

## خواص چھوارا نکاح

سنا ہے عورت زندگی میں صرف ایک بار محبّت کرتی ہے۔ اس کا مطلب غالباً یہ ہے کہ عورت ایک ہی مرد سے زندگی میں ایک دفعہ سے زیادہ محبت نہیں کرتی۔ اسے ہمارا سُوئے زن (دوسرا املا بھی درست ہے) ہی سمجھئے، ورنہ ہم تو مردوں کے بارے میں بھی کوئی بات وثوق سے نہیں کہہ سکتے۔ اس لئے کہ جو دن دل کو بے مہار چھوڑنے کے تھے، اس زمانے میں قریبی اور دُور کے بزرگوں نے دعاؤں اور پند و نصائح سے ہماری جنسی ناکہ بندی کر رکھی تھی۔ تاہم ہمارا خیال ہے کہ مرد بھی عشق عاشقی صرف ایک ہی مرتبہ کرتا ہے۔ دوسری مرتبہ عیّاشی اور اس کے بعد نِری بد معاشی۔ بقول پروفیسر قاضی عبدالقدوس، ایم اے، انسان خطا و نسوان کا پُتلا ہے! لیکن نحاس پاشا کنجو کے ہر معاشقہ میں وارفتگی و جنون کا یہ عالم گویا یہ پہلی اور آخری وارداتِ قلبی ہے۔ اس کے بعد خودکشی کر لیں گے۔ اور اگر اس میں کامیاب نہ ہو پائے تو نکاح کر لیں گے چنانچہ تمام عمر خودکشی اور نکاح کی سرحدوں پر اندھا بھینسا کھیلتے رہے۔ ایک دن ڈینگ مارنے لگے کہ یہ میرا تیسرا نکاح ہے۔ عرض کیا ہمیں تو ایک بیوی بھی زائد از ضرورت معلوم ہوتی ہے۔ لیکن شَرع میں چونکہ ایک سے کم، یعنی بٹہ یا "ٹوٹے" کی اجازت نہیں، اس لئے از دیادِ نعمت کے شکران و بھگتان کے سوا چارہ نہیں۔

قہقہے کے بعد فرمایا، دیہات میں اُونٹ کو کوئی بھی مرض لاحق ہو......... دست، قبض، بخار، گٹھیا، اپھارا، رَتوندی........ ہر مرض کی دَوا! ایک ہی ہے لوہے کی دہکتی سلاخ سے داغ دیا جاتا ہے۔ جاڑے میں مست ہو جائے تو داغ دیتے ہیں۔ مست نہ ہو تب بھی داغ دیتے ہیں کہ سُست کیوں ہے۔ اسی طرح اپنے ہاں ہر مرض کا علاج ہر فکر کا

www.urduchannel.in



بکاس، نکلح ہے۔ ایک سے افاقہ نہ ہو، قرار نہ آئے تو دوبارہ، سہ بارہ داغتے ہیں۔

## ۔۔۔۔ نہ مِرا عشق فرشتوں جیسا

کچھ دن سے سُننے میں آرہا تھا کہ طبیعت پھر بہار پر ہے۔ ایک بیاہی تیاہی پڑوسن کے گلوں میں رنگ بھر رہے ہیں۔ دن بھر لوہار کی دھونکنی کی طرح آہیں بھرتے اور ڈوب کر عاشقانہ اشعار پڑھتے۔ پڑھتے وقت سکتہ شعر میں پڑتا تھا۔ اور بعد میں خود پر۔ تسخیرِ زن کے لئے ایک سنیاسی بابا کا دیا ہوا کاجل لگانے لگے تھے۔ ایک دن ہم نے ٹوکا کہ آپ کی مطلوبہ تو شادی شدہ ہے۔ بولے جبھی تو کاجل لگانا پڑ رہا ہے۔ ورنہ سرمہ ہی کافی تھا۔

ان کے میعادی عشق کی مدت ایک گھنٹے سے ایک سال تک ہو سکتی تھی۔ لیکن اس ایک گھنٹے میں، جس میں ۳۶۰۰ لذیذ سیکنڈ ہوتے ہیں، وہ بھوت پریت کی طرح چمٹ جاتے تھے۔ بیان کرتے تھے کہ کوہِ نیلگری کے دامن میں ایک پہاڑی "خمری" نے ان سے دغا کی تو انہوں نے وہیں کلہاڑی سے ناک کاٹ لی۔ اس پر چاچا فضل دین چوکیدار نے ٹوکا کہ بھلا کلہاڑی سے ناک کیسے کاٹی جا سکتی ہے۔ ٹانگ البتہ کاٹ سکتے ہیں۔ بولے تو پھر ٹانگ ہی کاٹی ہوگی۔ کچھ کاٹا ضرور تھا۔

حسینوں کی بھاری اکثریت ہو اور کُنجُو صرف ایک کی اقلیت میں ہوں تو ہمّت نہیں ہارتے تھے۔ قصّاب کہیں گو سفندوں کی کثرت سے گھبراتا ہے؟ یا بقول پروفیسر قاضی عبدالقدوس، ہاتھی کے سامنے جتنی دفعہ کیلا پھینکو سونڈ سے اچک لیتا ہے۔ ان دنوں کراچی میں پاوندے آئے ہوئے تھے۔ ان کے گھر سے دو فرلانگ دور انہوں نے اپنی پیوند لگی چھولداریاں گاڑ رکھی تھیں۔ ایک پاوندے کی بیوی پر جان و مال سے فریفتہ ہوگئے۔ کہتے تھے جب وہ چٹیلی دھوپ میں ایلومینیم کی اُلٹی پتیلی سر پہ اوڑھ کے پانی بھرنے نکلتی ہے تو بالکل ملکہ معلوم ہوتی ہے۔ پشمینہ کے خیمہ میں رہتی ہے۔ ایک دن بیٹھے بیٹھے کچھ خیال آیا تو اپنی کرسی پر سے گدّی نکال کر ہماری طرف پھینک دی کہ جب وہ پیال کے بچھونے پر سوتی ہے تو میں اس گدّی پر کس طرح بیٹھ سکتا ہوں۔ وہ منہ

www.urduchannel.in


اندھیرے فرنچ جالی کا گٹھڑ سر پر رکھ کر اکیلی بیچنے نکل جاتی۔ شوہر دن بھر رائفل گلے میں لٹکائے بکری اور مرغیوں کی رکھوالی کرتا۔ سرخ پشواز میں خنجر اڑسے رکھتی تھی۔ تیسرے چوتھے، نحاس پاشا کنجواس سے ایک آدھ گز کپڑا خرید لیتے، جس کا لنگوٹ بھی نہیں بن سکتا تھا۔ اس لئے کہ جہاں تک ہماری عقل کام کرتی ہے، جالی کا لنگوٹ صرف مچھروں سے کشتی لڑنے کے لئے کسا جا سکتا ہے۔ دن بھر جالی پر ہاتھ پھیرتے اور سونگھتے رہتے۔

اے گل بتو خورسندم تو بوئے کسے داری۔

وہ ان میں سے تھے جو کیکٹس پر لرزتے ہوئے قطرۂ شبنم پر اپنی زبان رکھ دیتے ہیں۔ صوفیائے کرام نے نفس کی تین قسمیں بتائی ہیں۔ نفسِ امّارہ .......... وہ نفس جو لذاتِ جسمانی میں کھویا گیا۔ نفسِ لوّامہ.......... وہ کہ جس کی لذتوں پہ زوال آیا اور اپنے آپ کو ملامت کرتا رہتا ہے۔ نفسِ مطمئنہ .......... وہ نفس جو اپنے آپ سے شرمسار نہیں، مطمئن ہے۔ ہمارا خیال ہے کہ لمس کی بھی یہی قسمیں ہوتی ہیں۔ کیسانووا، خیام، فالسٹاف، سولی پر آخری سانس تک انا الحق انا الحق کہتا ہوا لب منصور، دردِ زہ میں جان سے گزر جانے والی ماں، قلوپطرہ اور کنجو.......... لمسِ مطمئنہ کے مالک ہیں۔ جب کہ گوتم بدھ، اوتھیلو، زلیخا، اور "گلیوں میں میری نعش کو کھینچے پھرو کہ میں" والا جاں دادۂ ہوائے سرِرہ گزار غالب.......... نفسِ لوّامہ کے قتیل ہیں۔ اور یہ سب کچھ اس لئے کہ وہ ٹھوس حقیقت جو ماورائے روح ہے..... یعنی جسم..... اسے صدیوں سے اپنا حق نہیں ملا ہے۔ اسی لئے انسان بیکل ہے۔ دکھی ہے۔

## شہزادہ گلفام لندن اور اُندلس میں

جنگ کے خاتمے پر نہ جانے کس کھاتے میں دو مہینے لندن بھی گزار آئے تھے۔ دس پونڈ کا ایک چیک بھنانے کی تقریب میں ویسٹ منسٹر بینک کا پانچ منٹ تک بہ نظرِ غائر معائنہ فرمایا۔ ان مشاہدات سے دو دو گھنٹے ہمیں مستفید فرماتے رہتے۔ ہر سنیچر کی شام کو ایک نائٹ کلب کے رقص کی ایسی تصویر کھینچتے کہ قیس تو قیس لیلیٰ بھی تصویر کے پردے سے عریاں نکلتی۔ ایک دفعہ دورانِ رقص ہمیں طنزاً مسکراتے ہوئے دیکھ کر فرمایا کہ آپ

www.urduchannel.in



کیا جانیں؟ ایک ہی جلوے میں آپ جیسوں کی تو نکسیر پھوٹ جائے۔ عینک کے شیشے تڑخ جائیں۔ اسٹرپ ٹیز ڈانسر کو اس طرح نچواتے کہ وہ بے حجابانہ ان کی آنکھوں کے سامنے کتابِ حُسن کو ورق ورق الٹتی رہتی، یہاں تک کہ ان کا اپنا شیرازہ بکھر جاتا۔ ایک دن ہم نے اسی استعارے کا سہارا لے کر مرزا عبدالودود بیگ کو خال بہ خال، مُو بہ مُو رپورٹ پیش کی اور عرض کیا کہ حضرت کنجو نے کتابِ حُسن کا مطالعہ بلااستجاب نہیں، بلااستیعاب کیا ہے۔ فرمایا، جناب کی رپٹ سے تو ظاہر ہوتا ہے کہ حُسن کے نہیں، صرف عربی زبان کے مزے لوٹ کے آگئے۔

عربی کا چٹخارا اپنی جگہ، لیکن کنجو تو ہسپانوی اور فرنچ زبان کے قتیل تھے، اس لئے کہ واپسی میں میڈرڈ اور پیرس میں ٹھیکی لی تھی۔ ایفل ٹاور کی آخری منزل پر انہوں نے حسیناؤں کی موجودگی میں کانوں میں انگلیاں دے کر اذان دی جو ثانی الذکر نے کانوں میں انگلیاں دے کر سنی۔ کِلک کِلک کِلک فوٹو پہ فوٹو کھینچے گئے۔ فرماتے تھے "اسپینش بہت ہی آسان زبان ہے۔ میڈرڈ میں میں نے چار سال کے بچوں تک کو اسپینش بولتے دیکھا" ہماری تشفّی کے لئے انہوں نے اسپینش بول کر دکھائی۔ لگتا تھا سچ مچ تین برس کا بچہ بول رہا ہے۔ فرماتے تھے کہ اسپین کی عورت سب سے زیادہ واجب التعظیم اس مرد کو گردانتی ہے جو سانڈ کو زیر کر لے۔ میڈرڈ میں ایک اندلسی حسینہ کو گورے گورے ہاتھوں سے بڑا گوشت بیچتے دیکھا تو دل خون ہو کے رہ گیا۔ حسن کو وہ حلال کی روزی کماتے دیکھ ہی نہیں سکتے تھے۔ اکثر اس بُتِ کو رشک و حسد کی نگاہ سے دیکھتے جس کا گوشت وہ اپنے نازک ہاتھوں سے بیچ رہی تھی۔ ان کا بس چلتا تو حافظ کی طرح خال کے عوض سمرقند و بخارا نہ سہی، کم از کم کراچی میونسپل کارپوریشن کا نظم و نسق اس اندلسی قصائن کے سپرد ضرور کر دیتے۔ اور یہ کوئی نئی بات نہ ہوتی۔ آخر واجد علی شاہ نے بھی تو بہشتن اور مہترانی کو نواب آب رساں بیگم اور نواب مصفا بیگم کے خطاب سے نوازا تھا اور دونوں کو داخل حرم کر کے اپنی اور مورخین کی دائمی دل بستگی کا سامان فراہم کیا۔

www.urduchannel.in



## پہلا ایشیائی

اگر مبالغہ اور جھوٹ بولنا، قابلِ دست اندازیِ پولیس جرم ہوتے تو ان کے ہاتھ میں مستقلاً ہتھکڑی پڑی ہوتی۔ اور ہم نقلِ مجرمانہ میں ساری زندگی حوالات کے جنگلے کے پیچھے منہ پر رومال ڈالے گزارتے۔ تیسرے چوتھے محفل جمتی۔ وہی ہمہمے وہی ہاؤ ہو۔ ایک دن ترنگ آئی تو کہنے لگے کہ میں پہلا ایشیائی تھا جس نے ۱۹۴۴ء میں رودبارِ انگلستان "کراس" کرنے کی جسارت کی۔ ورنہ اس زمانے میں تو کالوں کو سوئمنگ پُول میں بھی پَیر بھگونے کی اجازت نہیں تھی۔ جس وقت انہوں نے کسرتی بدن پر گریس لگا کے انگلش چینل میں چھلانگ لگائی تو سینکڑوں فرنگی "خمریاں" انہیں سُپردِ آب کرنے آئی تھیں۔ "اور آئی تھیں بیاہیوں سے زیادہ کنواریاں"۔ ایک ڈچز (DUCHESS) تو گلدستہ بھی لائی تھی اور پھونک مار مار کر خوشبو کا رُخ ان کی طرف کر رہی تھی۔ "اس لئے کہ میں پہلا ایشیائی تھا......" وہ ڈوور کے ساحل پر پھولدار لنگوٹ باندھے دیر تک اپنے دامنِ صبر کو فرنگی زلیخاؤں سے کھنچواتے، پھڑواتے رہے۔ اس دن سردی سے سارا سمندر جم کر نیلا تھوتھا ہو گیا تھا۔ موج جہاں تک اٹھی تھی وہیں کے وہیں منجمد ہو کر رہ گئی۔ ایک موج کے بلّور میں لالچی بگلا مچھلی کی دُم چونچ میں دبائے صاف نظر آرہا تھا۔ جیسے ہی انہوں نے یا علی! کہہ کے چھلانگ لگائی، برف کی چادر میں ان کی پوری آؤٹ لائن ترش گئی، جس میں ان کے ڈنڑ اور رانوں کی مچھلیوں کے ابھار صاف نظر آتے تھے۔ "خمریاں" حیرت سے گھور رہی تھیں۔ "اس لئے کہ میں پہلا ایشیائی تھا......"

وہ پھولدار لنگوٹ باندھے سرگرم تجلّی تھے کہ ہماری ہنسی نکل گئی۔ انہوں نے خود کو سنبھالا۔ آخر کو گھاگ تھے۔ کہنے لگے، بات ختم ہونے سے پہلے ہی، ہی ہی ہی! ٹھی ٹھی کرنا کیا معنی؟ میں کہہ یہ رہا تھا کہ میں پہلا ایشیائی تھا جو انگلش چینل میں چھلانگ لگاتے ہی بے ہوش ہو گیا۔

## دوسری عالمگیر جنگ کا ہیرو

مہینے میں ایک دوبار ایسا بھی ہوتا کہ رات کے گیارہ بج جاتے اور اکاؤنٹ کسی طرح

www.urduchannel.in



"بیلنس" ہونے کا نام نہ لیتا۔ حساب کو ہر برانڈ کے سگرٹ کی دھونی اور چائے کے تریڑے دیئے جاتے، لیکن ۲ اور ۲ کسی طرح ۴ نہ ہو پاتے۔ فرق کبھی ایک لاکھ کا نکلتا اور کبھی سکڑ کر تین پائی رہ جاتا جو اس پیشے میں ایک لاکھ سے زیادہ جان لیوا اور جوکھم کا ہوتا ہے۔ یہ فرق بارش میں بھیگی ہوئی چارپائی کی کان کی طرح ہوتا ہے۔ ایک پائے پر بیٹھو تو دوسرا اُٹھ کھڑا ہوتا ہے۔ سارے محلّے کے لونڈوں لاڑیوں کو کُدوانا پڑتا ہے۔ ایک رات نحاس پاشا کنجو نے ترس کھا کر چپکے سے اپنی جیب خاص سے ایک پیسہ ڈال کر حساب بیلنس کر دیا۔ اس رات تو سب خوش خوش گھر چلے گئے، لیکن دوسرے دن اصل غلطی مل گئی۔ تین ہفتے تک اس پیسے کی وجہ سے سارے بینک کا اکاؤنٹ بیلنس نہ ہو سکا۔ یہ پیسہ مقتول کی پھولی ہوئی لاش کی طرح سطحِ حساب پر تیرتا رہا۔ اور ہماری راتیں کالی ہوتی رہیں۔ جب ایسی بھاری رات آتی تو کبھی کبھی ایک ڈیڑھ بجے پٹاخے چلنے کی آوازیں آتیں۔ ہوتا یہ تھا کہ نحاس پاشا کنجو جب عاجز آ جاتے تو ہزار ہزار صفحوں کے لیجر اتنے زور سے بند کرتے اور پٹختے کہ پٹاخے چھوٹنے لگتے۔ یہ اعلان ہوتا تھا اس بات کا کہ حساب کتاب جائے بھاڑ میں، اب دوسری عالمگیر جنگ سے متعلق آپ بیتی کا ٹریلر دکھایا جائے گا۔ سب اپنے اپنے بِلوں سے نکل کر ان کے گرد جمع ہو جاتے۔ اور وہ اپنے شاہنامہ کے چیدہ چیدہ حصّے سُناتے جن سے ثابت ہوتا تھا کہ جرمنی کی شکست میں انہوں نے مرکزی کردار ادا کیا۔ سدی رزیغ میں ایک کنویں کی منڈیر کی اوٹ لے کر انہوں نے تھری ناٹ تھری رائفل سے ایک ہی گولی ایسی ماری کہ لُفٹ وافے جہاز کے دونوں پر جھڑ گئے اور وہ پھڑپھڑاتا ہوا پوٹے کے بل کنویں میں آن گرا۔ طبرق میں جنرل رومیل نے ان سے ٹکر لی۔ حق و باطل کا معرکہ تھا۔ طاغوتی طاقتیں ایک طرف، خدائی لشکر دوسری طرف۔ انہوں نے میدان جنگ میں خدا کی حمایت میں ایک تقریر کی جس کے بعد بڑا خون خرابا ہوا۔ "گھمسان کا رن پڑا۔ ایسا کنفیوژن تھا کہ پتہ نہیں چلتا تھا کہ گولی خود کو لگی ہے یا ساتھی کو۔ جدھر نظراں اُٹھا کر دیکھو بندوقاں توپاں ٹھائیں ٹھائیں چل رہی ہیں۔ اَمواتاں، وَفاتاں ہو رہی ہیں۔ زندگی میں پہلا موقعہ تھا کہ یک گھنٹے تک عورتاں کا خیال نہیں آیا۔ الاماں! مَوت کا فرشتہ سر پہ چکّراں پہ چکّراں لگا رہا ہے۔

www.urduchannel.in


اسپاں و ٹینکاں یک دوسرے کو ٹکّراں پہ ٹکّراں ملد رہے ہیں.....''

''اسپ؟ گھوڑے؟'' ہم نے حیرت سے پوچھا۔

''اور کیا ہاتھی ٹکّراں مارتے؟ فیلاں کا استعمال تو پورس کی وفات کے بعد ہی متروک ہو گیا تھا۔ ہاں تو میں یہ کہہ رہا تھا کہ چاروں اطراف، اتواپ گولہ باری کر رہی تھیں۔ تین عدد گولہ جات میرے ڈنڑ پہ لگے۔''

انہوں نے بائیں آستین اُلٹ کر تین نہایت واضح نشان حاضرین کو دکھائے۔ ایسے ہی تین نہایت واضح نشان ہمارے بائیں بازو پر بھی ہیں۔ آپ کے بازو پر بھی ہوں گے۔ مگر، ایں شہادت بزور بازو نیست۔ ہم نے پوچھا ''تینوں گولے ایک ساتھ لگے'' تلملا اٹھے۔ کہنے لگے ''جی نہیں خبلہ! کیو بنا کر باری باری دخول فرمایا تھا۔'' سب نے ہمارے احمقانہ سوال پر زور دار قہقہہ لگایا۔

## ہماری اور ان کی پیشی

ٹیلیفون سے دس منٹ کی جدائی بھی گوارا نہ تھی۔ کتنے بھی مصروف ہوں...... ہمارا مطلب ہے گپ میں مصروف ہوں ...... فون ضرور کر لیتے تھے، خواہ 07 (معلومات) سے یہی پوچھنا ہو کہ یہ ٹیلی فون ''ڈیڈ'' تو نہیں ہے۔ ڈائل گھماتے گھماتے ان کی فون کی انگلی میں ٹھیک پڑ گئی تھی۔ کہیں بھی سوراخ نظر آ جائے، اسے گھمانے کی کوشش ضرور کرتے تھے۔ دن بھر گاہکوں سے یا آپس میں گپ کرتے رہتے۔ شام کو چھ سات بجے قمیص کے کف پر اسکاچ ٹیپ سے بلاٹنگ پیپر چپکا کر بیٹھ جاتے۔ ''واؤچرز'' اور ''لیجر'' پر تیزی سے دستخط کرتے جاتے اور کف سے روشنائی خشک کرتے جاتے۔ کچھ دن بعد کسی بدخواہ نے جڑ دی کہ وہ بغیر چیک کیے، اندھا دھند دستخط کر دیتے ہیں۔ ثبوت میں رجسٹر اور ''لیجر'' پیش کیے گئے جن کے ذیلی اندراجات پر چیکنگ کے ٹک مارک (✓) نہیں تھے۔ مسٹر اینڈرسن کے حضور ان کی پیشی ہوئی۔ خوب لتاڑے گئے۔ لیکن باہر آ کر کہنے لگے کہ میں نے جنرل منیجر کا دروازہ ٹھوکر مار کر کھولا۔ (ثبوت میں اپنا جوتا دکھایا جس کی ٹو پر سے پالش ہی نہیں، کچھ چمڑا بھی دو مہینے سے

www.urduchannel.in



اُترا ہوا تھا۔) اینڈی (اینڈرسن کا پیار کا نام) بڑے ہی تپاک سے ملا۔ دیر تک "ورلڈوار" کی باتیں ہوتی رہیں۔

دوسرے دن سے انہوں نے اپنے اختیارات خصوصی چاچا فضل دین کو تفویض کر دیئے۔ چوکیداری کے علاوہ اب اس کی یہ بھی ڈیوٹی ہو گئی کہ بندوق کو ندیدے بچے کی طرح چھاتی سے لگائے لگائے شام کو اکڑوں بیٹھا جھوم جھوم کر ہر اندارج کے سامنے چیکنگ کے ٹِک مارک لگاتا چلا جائے۔ جب وہ سرگرم عمل ہوتا تو ایسا لگتا جیسے "لیجر" پر آٹا گوندھ رہا ہو۔ بچارا ان پڑھ تھا۔ اس لئے ایک گھنٹے میں پانچ سو نشان لگا دیتا تھا۔ خود ان کی ہمت ساڑھے تین سو سے زیادہ کی نہیں پڑتی تھی۔ ذمّہ داری کا احساس بُری بلا ہے۔

ابھی اس پیشی کے چرچے ختم نہیں ہوئے تھے کہ ان کا پھر چالان ہو گیا۔ چپراسی نے خبردار کیا "بڑا صاب آج شارٹ سرکٹ کی طریوں تڑ تڑ چنگاریاں چھوڑ رہا ہے۔" نوعیت جرم کی یہ کہ انسٹیٹیوٹ آف بینکرز کے زیر اہتمام "قومی بچت اور اس کے موثر طریقے" پر مضمون نویسی کا مقابلہ ہوا تھا۔ اس میں نحاس پاشا کنجو نے ایک چار سطری قابلِ ضبطی مقالہ، جس میں ہمارے زورِ انشا و منشا کا بھی دخل تھا، سپردِ قلم کیا۔ چنانچہ ہم بحیثیت سلطانی گواہ پیش ہوئے۔ رقمطراز تھے کہ حکومتیں اگر نوٹوں پر مناظرِ قدرت، ٹیڑھے میڑھے درختوں اور ناقابلِ مرمّت تاریخی کھنڈروں (جن پر سینٹرل بینکوں کے گورنروں کے دستخط اس طرح ہوتے ہیں گویا وہی اس صورتِ حال کے خالق و ذمّہ دار ہیں) کے بجائے NUDES☆ چھاپنی شروع کر دے تو آج کل کے نوجوان انہیں خود سے جدا کر کے خرچ کرنے کے بجائے اپنی جیب میں سینہ سے لگائے رکھنے پر مجبور ہوں گے۔ فی زمانہ، نئی نسل کو فضول خرچی سے باز رکھنے کی یہی ایک صورت ہے۔

## جلالی وظیفہ اور لال طوطے

دو تین مہینے سے کنجو کو خط اور تحریر شناسی کے مطالعہ کی جھک لگی ہوئی تھی۔ شام

☆NUDES: لباس سے بے نیاز تصویریں

www.urduchannel.in




کو مختلف "ہینڈ رائٹنگ" اور دستخطوں کے نمونے سامنے رکھ کر اپنی قیافہ شناسی کی بنا پر صاحب تحریر کے کردار کے ڈھکے چھپے گوشوں پر روشنی ڈالتے۔ کہتے تھے کہ میں i پر نقطہ لگانے اور t کاٹنے کے انداز سے بتا سکتا ہوں کہ لکھنے والے کے جوتے کی ایڑی کس طرف سے گھسی ہوئی ہے۔ اتوار کو کس وقت سو کر اٹھتا ہے۔ موزے کتنے دن بعد دھوتا ہے۔ گنجا ہے یا کھپریلا۔ بعض اوقات تو سارا چال چلن ایک شوشہ، ایک تشدید میں نچڑ کر آجاتا ہے۔ یہی نہیں۔ یہاں تک دعویٰ کرتے تھے کہ میں نمونے کی چار سطریں لکھ کر دوں اور آدمی تو ے دن تک بالکل اسی طرز میں اس کی نقل کرتا رہے تو اس کا سارا چال چلن خود بخود بدل جائے گا۔ ہم نے بڑی بے صبری سے پوچھا، کیا بال بھی اُگ آئیں گے؟ بولے، یہ بتایئے، جب کشتی ثابت و سالم تھی، جب سر پہ پورے بال تھے تو آپ کو کبھی ان سے کوئی فائدہ پہنچا؟

پھر ایک دَور ایسا آیا کہ وہ فکر مند سے رہنے لگے۔ کوچین کی الف لیلیٰ ختم۔ ملیالم گیت موقوف۔ ایک چپ سی لگ گئی۔ رات کو چار چار بجے تک بینک میں نہ جانے کس اُدھیڑبُن میں لگے رہتے۔ اور دن بھر جماہیاں لیتے رہتے۔ اس اچانک تغیر کا سبب پوچھا تو کہنے لگے میرے والد کا سانحۂ ارتحال ہو گیا ہے۔ دوسرے، ایک جنّی مجھ پر عاشق ہو گئی ہے، جس کارن میرے سینے کے تین بال سفید ہو گئے ہیں۔ (ریشمی اسکارف ہٹا کر حاضرین کو متذکرہ صدر تین عدد عشق زدہ بال دکھائے) جنّی کے بیٹے کو عربی کا بغدادی قاعدہ پڑھا رہے تھے۔ ایک دن فرمایا کہ تین ماہ پہلے کا ذکر ہے۔ میں نے ٹاٹ کا کرتا پہنا۔ ملیر کے باغ میں چالیس رات شیر کی کھال پہ بیٹھ کے جلالی وظیفہ پڑھا۔ ملیالم گالی، پیاز اور لہسن بالکل چھوڑ دیا۔ جنّی کو بو آتی تھی۔ کھجور اور اونٹنی کے دودھ پر گزارہ تھا۔ اونٹنی کے دودھ میں ببول کے کانٹوں اور آک کا رس ہوتا ہے۔ فاسد خون اور خیالات کے لئے مصفّی ہے۔ پرندوں کی بولی سمجھنے لگ گیا تھا۔ منہ سے طبلہ بجاتا تو سارنگی اور پایل کی آواز نکلتی۔ از کجامی آید ایں آوازِ دوست۔ ذرا آنکھ بند کرتا تو بالکل سامنے آ کھڑی ہوتی۔

"کون؟" ہم نے بڑی ہی بے قراری سے پوچھا۔

www.urduchannel.in



PDF LIBRARY
0333-7412793

www.urduchannel.in



"موت۔ اور کون؟"

جھنجھلاہٹ کے بعد قدرے سکوت فرمایا۔ پھر سلسلۂ تجلیات کو جاری رکھتے ہوئے ارشاد ہوا، انتالیسویں شب کو کہ شب نیم ملا تھی، تہجد سے اوّل وقت کھجور کھا کر گٹھلی تھوکی تو وہیں پیپل کا درخت اگ آیا۔ اب جو حوض میں چلتے ہوئے فوارے کے اوپر کھڑے ہو کر غسل کرنے لگا تو دیکھتا کیا ہوں کہ ہر بوند کا ایک لال طوطا بن گیا ہے اور پیپل کے ایک ایک پتے پر بیٹھ کر حمدِ باری تعالیٰ کر رہا ہے۔

"لال طوطا؟" ہم سے نہ رہا گیا۔

خان سیف الملوک خاں نے ہمیں ٹھوکا دیا۔ کہنے لگے "چپ کر بد بختا! یہاں اور کون سی بات سائنس کے مطابق ہو رہی ہے جو تجھے طوطے کے رنگ پہ اچنبھا ہو رہا ہے۔"

بیان جاری رکھتے ہوئے فرمایا "اذانوں کے وقت ۱۰۱ تعویذ پتنگ کے کاغذ پر زعفران سے لکھ کر، سہاگن کے ہاتھ کے پسے ہوئے آٹے کی گولیوں میں لپیٹتا اور سیٹھ غفار بھائی نے جو فینسی مچھلیاں حوض میں پال رکھی تھیں انہیں کھلا دیتا۔ جرمنی سے ٹیکسٹائل مل مشینری کے ساتھ فانوس اور مچھلیاں، ACCESSORIES دکھا کر امپورٹ کی تھیں۔ سب مجھے پہچاننے لگی تھیں۔ دیکھتے ہی دُم ہلاتی آتی تھیں۔"

"چالیس دن بعد پردۂ غیب سے کچھ ظہور میں آیا؟"

"آیا۔ سب مچھلیاں مر گئیں۔ مالیوں نے مجھے دھر لیا۔ ڈھائی سو روپے دینے پڑے۔ اسے رشوت کہہ لو۔ چاہے قصاص کہہ لو۔ اب ایک سِفلی عمل پڑھ رہا ہوں۔ صبح بھُنے کپّورے کھاتا ہوں۔ بینک سے صبح چار بجے سیدھا کلفٹن جاتا ہوں۔ اور سورج نکلنے سے پہلے کمر کمر پانی میں کھڑے ہو کر عمل پڑھتا ہوں۔ سَو کے نوٹ کو دس کا تو اسی وقت بنا سکتا ہوں۔ ہے کسی کے پاس؟ پورنماشی کی رات کو شمشان گھاٹ جاتا ہوں۔ اور راکھ آنکھوں سے مَلتا ہوں۔ چیک پر کیے ہوئے دستخط کو نگاہ بھر کے دیکھ لوں تو ساری روشنائی اُڑ جائے۔"

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

# عِلم دریاؤ

## نقشہ ہمارے طاقِ نسیاں کا

ہمیں نام، مردوں کے چہرے، راستے، کاروں کے میک، شعر کے دونوں مصرعے، یکم جنوری کا سالانہ عہد، بیگم کی سالگرہ اور سینڈل کا سائز، نمازِ عید کی تکبیریں، سال گزشتہ کی گرمی سردی، عیش میں نام خدا اور طیش میں خوفِ ناخدا، کل کے اخبار کی سرخیاں، دوستوں سے خفگی کی وجہ .......... اور نہ جانے کیا کیا یاد نہیں رہتا۔ ن۔م۔ راشد کے جغرافیہ فراموش ہیرو کی طرح ہم اتنا بڑا دعویٰ تو نہیں کر سکتے کہ "اس کا چہرہ، اس کے خدو خال یاد آتے نہیں۔ اک برہنہ جسم اب تک یاد ہے۔" اس لئے کہ اس صورتِ حال میں حافظہ کی خرابی سے زیادہ چال چلن کی خرابی نظر آتی ہے۔ اور نہ ہمارا حافظہ اتنا چوپٹ ہوا ہے کہ جوش صاحب کی طرح ساری داستانِ امیر غمزہ سُنانے اور اپنے دامن کو آگے سے خود ہی پھاڑنے کے بعد، جب جرح کی نوبت آئے تو یہ کہہ کر اپنے دعویٰ عصیاں سے دست بردار ہو جائیں کہ

نسیان مجھے لُوٹ رہا ہے یارو

## ۸ کا ہندسہ اور ہم

دن مہینہ اور سنہ یاد نہیں رہے۔ صرف اتنا یاد ہے کہ ۲۶ تاریخ تھی۔ وہ بھی اس لئے کہ کسی سنہ اور مہینے کی ۲۶ تاریخ کو ہی ایک نجومی نے یہ وہم ہمارے دل میں ڈال دیا تھا کہ ۸ کا ہندسہ یا وہ عدد جن کا حاصل جمع ۸ ہو، مثلاً ۱۷، ۲۶، ۱۹۶۱ء، وہ کار، مکان یا فون نمبر جس کے ہندسوں کا میزان ۸ بنے ہمارے حق میں نحس ثابت ہوں گے۔ حد یہ کہ انگریزی کے 8 جیسے فگر والیوں، آٹھویں شادی، ۶۲ سالہ عورت اور سترہویں صدی

www.urduchannel.in



عیسوی سے بھی خبردار کیا تھا۔ یہ عجیب اتفاق ہے کہ زندگی کی بیشتر مایوسیاں اور ناخوش گوار واقعات انہی تاریخوں میں رونما ہوئے جن کا میزان یہ منحوس ہندسہ بنتا ہے جسے اب تو نوکِ قلم پر لاتے ہوئے بھی دل ڈرتا ہے۔ اس کی دہشت دل میں ایسی بیٹھی ہے کہ گزشتہ سال ہم منگورہ سے پنڈی رات کے ایک بجے پہنچے اور دسمبر کی پوری رات ہوٹل انٹر کانٹی نینٹل کے لاؤنج میں بیٹھ کر گزار دی اس لئے کہ منحوس ۵۱۲ نمبر کے کمرے میں ٹھیرنے کی ہمّت نہیں پڑتی تھی۔ اور کوئی دوسرا کمرہ صبح سات بجے سے پہلے خالی ہونے کا اِمکان نہ تھا۔ ہم یہ منظر دیکھنے کے لئے ہرگز تیار نہ تھے کہ صبح ہم اس کمرے میں مردہ حالت میں پائے جائیں۔

حتیٰ الامکان ہم کوئی نیا کپڑا، نیا کام یا سفر، منحوس تاریخ (۸، ۱۷، ۲۶) کو شروع نہیں کرتے۔ نحس دن ہمیں جنّت میں بھی جانے کا اختیار دیا جائے (زبردستی کی اور بات ہے) تو ہم کسی مناسب تاریخ تک دنیا ہی میں غریبا مئو گزر بسر کرنے کو ترجیح دیں گے۔ ہونے کو تو ہمارے حق میں ۸ نمبر کا جوتا بھی اکثر منحوس ثابت ہوا ہے، لیکن ۷ نمبر کاٹتا بہت ہے۔ لاکھ اس SUPERSTITION (توہّم) کو ذہن سے نکالنے کی کوشش کرتے ہیں مگر کچھ نہ کچھ بات ایسی ہو جاتی ہے جس سے اس کی تصدیق ہوتی چلی جاتی ہے۔ ایک دن ہم نے اپنی پیدائش کی تاریخ، مہینے اور سنہ کے عدد جوڑے تو حاصل جمع ۸ نکلا! اس دن سے یہ وہم اور راسخ ہو گیا۔ کسی نے سچ کہا ہے کہ جو بات عقل و منطق کے ذریعہ ذہن میں داخل نہیں ہوئی، وہ عقل و منطق سے کیسے نکالی جا سکتی ہے۔ توہّم کے کارخانے کا دستور نرالا ہے۔ یاں وہی ہے جو اعتبار کیا۔

## ہماری معلوماتِ عامّہ کا امتحان

ہم کہہ یہ رہے تھے کہ ہمیں صرف اتنا یاد ہے کہ ۲۶ تاریخ تھی اور شام کے چھ بج رہے تھے۔ صبح ساڑھے چھ بجے ناشتے کے بعد، معدے کو مزید زحمتِ ہضم نہیں دی تھی۔ باہر سڑک پر ایک ٹھیلے والا دن بھر دو دھیا بھٹّوں سے راستہ چلتے لوگوں کو للچانے کے بعد اب خود ہی بھون بھون کر کھا رہا تھا۔ سوتی جاگتی انگیٹھی پر بھٹّوں اور کوئلوں کے چٹخنے

www.urduchannel.in



کی چڑ پڑ سے رّال بنانے کے غدود اس بری طرح مشتعل ہوئے کہ جب تک ہم نے اپنی اِکنّی کو بھٹے میں تبدیل نہ کرلیا، یار کو میں نے، مجھے یار نے سونے نہ دیا۔ انگیٹھی سے بھٹا، براہِ شاہجہانی روزن،☆ ہم تک پہنچا اور ہم نے بیتابی سے منہ ملا۔ (" بھٹے، مرغی کی ٹانگ، پیاز اور گنّے پر جب تک دانت نہ لگے، رَس پیدا نہیں ہوتا" ............ مرزا عبدالودود بیگ) ابھی دس بارہ دانوں پر ہی ہماری مہر لگی ہوگی کہ اینڈرسن فائل ہاتھ میں لئے آدھمکا۔ اسے دیکھتے ہی ہمارے رونگٹے کھڑے ہوگئے۔ پھر ہم خود کھڑے ہوگئے۔ دونوں ہاتھ چھوڑ کر "اٹنشن" البتہ بھٹے کو، جس میں ہماری گاڑھی کمائی کا دودھیا رَس بھرا ہوا تھا، دانتوں سے پکڑے رکھا۔ اس صورت میں بھٹا اس کی پتلون پر گرائے بغیر "گڈ آفٹرنون"○ کہنا ایک ایسے شخص کے لئے جس کے چہرے پر قدرت نے صرف ایک ہی دہن بنایا ہے، ناممکن تھا۔ لہٰذا ہم نے اضطراری طور پر اپنا دایاں ہاتھ، جو نمک اور لیموں کے عرق سے تقریباً دُھل چکا تھا، مصافحہ کے لئے آگے بڑھا دیا۔ جتنا لمبا ہاتھ ہم نے بصد خلوص آگے بڑھایا تھا، ٹھیک اسی قدر موصوف پیچھے ہٹ گئے۔ بَرتِس پر ہم نے اپنا لیموں اور خلوص میں لتھڑا ہوا ہاتھ تہ کر کے پتلون کی جیب میں رکھ لیا اور محض سر اور بھٹے کی متوازی ڈبکی سے سلام کیا۔

کڑوی مسکراہٹ کے بعد فرمایا "ہیلو! نیرو! بھٹے سے بانسری کیوں بجا رہے ہو؟"

ہم نے اس فقرے کی داد، بغیر منہ کھولے، بند ہنسی یعنی اندرونِ حلق کی ہنسی کو بالا بالا ہی ناک سے خارج کر کے دینی چاہی تو موصوف نے انگلی کے اشارے سے منع کرتے ہوئے فرمایا کہ اپنی کنٹری ڈس انفکٹ کر کے مجھ سے میرے چیمبر میں مِلو۔ چنانچہ ہاتھ دھو کر ہم ناخدائے بینک کے حضور پیش ہوئے۔

فرمایا "یہ شے جس کے سِرے تمہارے دونوں کانوں سے باہر نکلے ہوئے تھے،

---

☆ اس کی تفصیل "کوئی قلزم کوئی دریا، کوئی قطرہ، مددے!" میں ملاحظہ فرمائیں۔

○ رات کے آٹھ بج جائیں تب بھی، بینک کے آداب کے مطابق، اسے "گڈ آفٹرنون" ہی کہنا پڑتا تھا۔ "گڈ ایوننگ" سے اس کے آگ لگ جاتی تھی۔ سمجھتا تھا کہ یہ کام چور مجھے یہ جتلانا چاہتے ہیں کہ دیکھو ہم رات تک بغیر اوور ٹائم الاؤنس کے تیری جان کو رو رہے ہیں۔ تھی فغاں وہ بھی جسے ضبطِ فغاں سمجھا تھا میں! چنانچہ یوم الحساب (سالانہ کلوزنگ) یعنی تیس ستمبر کو جب وہ خود بھی بینک میں موجود ہوتا، رات کے ایک دو بجے تک "گڈ آفٹرنون" ہی چلتا رہتا۔

www.urduchannel.in



بتاؤ یہ کہاں پیدا ہوتی ہے؟"

"پاکستان میں"

"شاباش! تم اسے بہشت کا میوہ بھی بتا دیتے تو میں تمہاری ضعیف الاعتقادی میں مخل نہ ہوتا۔ لیکن تمہاری اطلاع کے لئے، صوبہ سرحد میں بہترین مکئی پیدا ہوتی ہے۔ نیشکر بھی۔ بتاؤ نیشکر سے کیا چیز بنتی ہے؟"

"شکر"

دوبارہ شاباشی دیتے ہوئے فرمایا "تم ان لوگوں سے زیادہ قابل ہو جو تم سے کم قابل ہیں! ہاں! خوب یاد آیا۔ شکر سے جس دن تم لوگ میٹھی ٹکیاں بنا کر مُردوں کو ENTERTAIN کرتے ہو اُسے کیا کہتے ہیں؟"

"حلوہ۔ شب برات کا۔"

"شکریہ! اچھا اب یہ بتاؤ کہ فرنٹیر میں اور کون سی چیز ایسی بکثرت پیدا ہوتی ہے جو دوسری جگہ نہیں ہوتی؟"

"پٹھان"

"شوخی اور گستاخی کی حدِ فاصل بال برابر ہوتی ہے۔ مسٹر غوری نے ابھی آفٹرنون میں شکایت کی ہے کہ تم نے پھر اپنے گوشوارے کی فاش غلطی کو برنارڈ شا کے فحش فقرے سے ڈھکنے کی کوشش کی۔ یہ شکایت دوبارہ نہ سُنوں۔ برنارڈ شا کے ڈراموں کے بجائے اکاؤنٹنسی اور کمرشل جغرافیہ پڑھا کرو۔ خالی دماغ شیطان کی ورکشاپ ہوتا ہے۔ لیکن تمہارا دماغ تو اس کی حرم سَرا بھی ہے۔ ہا ہا ہا! چمنی کی طرح ہر وقت دھواں دیتے ہو اور یہ بھی پتہ نہیں کہ فرنٹیر میں نہایت عمدہ قسم کا ورجنیا تمباکو پیدا ہوتا ہے۔ انگلینڈ کو تمباکو اور سرطان سے ہمکنار کرنے کا سہرا سر والٹر ارالے کے سر ہے۔ اس کی کاشت، پیداوار، تجارت اور قرضوں سے متعلق تمہاری معلومات صفر ہیں۔ کیوں نہ آئندہ بیئر سے اپنی لاعلمی کی سرحدوں کو معقول حد تک سکیڑ لو۔ سیف الملوک خان اسی نواح کا رہنے والا قبائلی ہے۔ علی قلی خان نے اسے بینک میں رکھوایا تھا۔ تمہاری طرح فکرِ فردا اور حساب کتاب سے ماورا ہے۔ انتھک محنت اور حماقت کا اس سے حسین امتزاج ایشیا میں میری نظر سے نہیں گزرا۔ مگر نیک آدمی ہے۔ غوری تم سے

www.urduchannel.in



ناخوش ہے۔ آئندہ چار ہفتے خان کی ڈیسک پر ٹریننگ لو اور اپنی ناقص معلومات کا خلاصہ اگلے مہینے پیش کرو۔ ''

## تمباکو پر ہماری ریسرچ کے ڈائرکٹر

اور یوں ہم خان سیف الملوک خان کی تحویل میں دے دیئے گئے۔ چھریرا بدن، چوڑا ہاڑ، کندھے قدرے خمیدہ جس کا سبب عجز و انکسار نہ تھا۔ چمپئی رنگ دھوپ سے سَنولا چلا تھا۔ ناک گندھارا کے مجسّموں جیسی۔ سارے دن آنکھوں سے مسکراتے رہتے۔ سُتا ہوا، مگر شگفتہ چہرہ۔ مضبوط ٹھوڑی پر کھلنڈرے بچپن کا بین الاقوامی ٹریڈ مارک یعنی چوٹ کا نشان۔ کان جیسے کسی نے جگ کا ہینڈل لگا دیا ہو۔ سر پر قراقلی ٹوپی بڑے ٹیڑھے زاویئے سے پہنتے۔ اندر مانگ اس سے بھی زیادہ ٹیڑھی ہوتی تھی۔ منجھلے بریکٹ } کو بُسلا پُھسلا کر چِت لٹا دیا جائے تو ان کی مونچھ بن جائے۔ انگلیاں سگریٹ کے دھوئیں سے عنابی۔ اتنے لمبے تھے نہیں جتنے لگتے تھے۔ ہنسی آتی تو ایک دَم کھڑے ہو جاتے۔ پھر وکٹ کیپر کی طرح رکوع میں چلے جاتے اور اپنے گھٹنے پکڑ کر گردن اٹھاتے اور وہیں سے مخاطب کی صورت دیکھ دیکھ کر قہقہے لگاتے رہتے۔ یہ ان کی خاص ادا تھی۔ صحیح عمر معلوم نہیں لیکن اپنی کو آپریٹیو بینکنگ کی غلط کاریوں کی مدّت کو ہماری جوانی کے برابر بتاتے تھے۔ اگر اس زمانے میں خاندانی منصوبہ بندی کے مطابق دستورالعمل بنایا جاتا تو، محمد حُسین آزاد کے الفاظ میں، یہ صاحبِ کمال عالمِ ارواح سے کشورِ اجسام کی طرف روانہ ہی نہ ہوتا۔ مطلب یہ کہ اپنے والدین کی چوتھی اولاد تھے۔

پشتو، ہندکو، پنجابی، فارسی اور اردو رَوانی سے بولتے اور ایک زبان سے دوسری زبان میں اس چابک دستی سے گیئر بدلتے کہ سننے والے کو خبر بھی نہ ہوتی۔ انگریزی صرف ان خاص مقامات پر بولتے تھے جہاں آدمی کچھ نہ بولے، تب بھی بخوبی کام چل جاتا ہے۔ عربی کی دستگاہ کا اندازہ نہیں۔ لیکن ح اور ع صحیح مخرج سے نکالتے تھے۔ یعنی اس مخرج سے جس سے ہم جیسے بے علمے صرف قے کرتے ہیں۔ خوب صورت عورت کے لئے وہ اپنا وضع کردہ مخفف ''خوبصعورت'' استعمال کرتے جو اُن کے منہ سے بُھلا معلوم ہوتا

www.urduchannel.in



تھا کہ اس مرکب میں اختصار اور پیار۔ غصّہ مساوی کوٹ کوٹ کر بھرا تھا۔

اپنی تمام سعی و کاوش کے باوجود کبھی ناکامیابی خان صاحب کے قدم چومنے لگے، یا بیٹھے بٹھائے نقصان و آزار پہنچ جائے تو کمر پر دونوں ہاتھ رکھے، آسمان کی طرف منہ کر کے، دنیا بنانے والے کے معیار کارکردگی پر اپنی بے اطمینانی کا اظہار فرماتے۔ ذرا سی بات طبیعت کے خلاف ہو جائے تو ہفتوں سارے نظامِ کائنات سے کھنچے کھنچے رہتے۔ اعزا کے ہاتھوں کافی تکلیف اٹھائی تھی۔ نیشِ اقرب سے بلبلا اٹھتے۔ ایک دن ہم نے پوچھا آپ کے کتنے بھائی ہیں۔ بولے میرا صرف ایک برادرانِ یوسف ہے۔

## اردو غزل، پتّی اور تواریخ

شعر و شاعری سے طبیعت نفور تھی۔ ایک دفعہ یار لوگوں نے انہیں ڈان اخبار کے سالانہ "عظیم الڈان" مشاعرے میں لے جانا چاہا۔ کسی طرح رضامند نہ ہوئے۔ ہمارے منہ سے نکل گیا، چھوڑو بھی۔ ٹکٹ زیادہ بک گئے ہیں اور جگہ تنگ۔ دنگا فساد کا اندیشہ ہے۔ اب مُصر ہیں کہ ضرور چلوں گا۔ جگرؔ کے ایک ایک شعر کی داد جماہی سے دی اور حفیظ کی "رقاصہ" کو تو خراٹوں پر اٹھا لیا۔ ہم نے ٹہوکا دے کر کہا، خراٹے لینا آدابِ مشاعرہ کے خلاف ہے۔

فرمایا "اُردو کی دو تین غزلیں لگاتار سُن لوں .......... توجہ سے .......... تو قسم خدا کی، میرے تو پِتّا اچھل آتی ہے۔"

بایں ہمہ غالبؔ کی ہر غزل کا کم از کم ایک شعر پہچان کر اعلان کرتے کہ غالبؔ ہی کا لگتا ہے۔ ہمارا اشارہ مقطع کی طرف ہے۔ بھاگنے کا موقع نہ ہو تو مارے باندھے شعر سن لیتے تھے۔ سمجھ میں آجائے تو مسکرا دیتے۔ سمجھ میں نہ آئے تو مصافحہ کرتے تھے۔

علمی اور ادبی گفتگو سے خان صاحب کا قبائلی خون کھولنے لگتا۔ اکثر فرماتے "تمہاری علمناک باتیں سُن سُن کر میرے سر میں تو دانائی کے گومڑے (BUMPS) نکل آئے۔ ٹوپی تنگ ہو گئی ہے۔ کوئی بھی اُوٹ پٹانگ شعر پڑھ دے تو اس طرح جھومنے لگتے ہو جیسے .......... کیا نام اس کا .......... سانپ کا پھن سپیرے کی پونگی کے

www.urduchannel.in



سامنے!" البتہ تاریخ سے شغف تھا، لیکن بس اس حد تک جہاں تک وہ میٹرک کے نصاب میں سموئی جاسکتی ہے، یا غافلوں کی تنبیہہ کے لئے استعمال کی جاسکے۔ ہمیں نصیحت کرنی یا عبرت دلانی مقصود ہو تو کسی ناکارہ وبد قوارہ مغل بادشاہ کی نظیر پیش کرتے۔ اپنے انجام سے ہم لرز جاتے، اس لئے کہ ہمارے پاس تو کوئی آبائی سلطنت بھی نہ تھی جسے کھو سکیں۔ مغل بادشاہوں نے اگر خاں صاحب سے مشورہ کرلیا ہوتا تو آج بھی سب پر حکومت کرتے ہوتے۔ اور ہم کمر میں زرّیں پٹکے اور سر پر راجپوتی پگڑیاں باندھے باادب باملاحظہ کھڑے ہوتے۔

## ہاتھ لا اُستاد، کیوں کیسی کہی!

عجب مزاج اور زورِ بازو پایا تھا۔ دروازے پر اگر PUSH لکھا ہو تو الٹا اپنی جانب کھینچتے اور PULL لکھا ہوتا تو باہر کی طرف دھکا دیتے۔ رونا اس بات کا تھا کہ اکثر دروازے ان کی مرضی کے عین مطابق کھل اور بند ہو بھی جاتے تھے۔ کبھی کوئی کثیفہ☆ سنانے بیٹھتے تو سننے والے کی سمجھ میں نہ آتا کہ کب اور کہاں ہنسے۔ حفظِ ماتقدّم کے طور پر لطیفہ شروع کرنے سے پہلے خود ہنسنے لگتے اور سننے والے کے پنجہ میں پنجہ ڈال کر بیٹھ جاتے۔ ہم بھی گھنٹوں ان کے لطیفوں سے پنجہ لڑا چکے تھے۔ بائیں ہاتھ کو آزاد رکھتے تاکہ مخاطب کے زانوں پر مار مار کر لطیفے سے لال کر سکیں۔ لوگ ان کے لطیفے پر اخلاقاً بھی نہیں ہنستے تھے۔ اس ڈر سے کہ جھوٹوں بھی داد دے دی تو دوسرے لطیفے کی کاٹھ میں جکڑ دیئے جائیں گے۔

غصہ ناک پر رکھا تھا جو وقتاً فوقتاً پھسل کر منہ سے مغلظات کی شکل میں ڈھل کر خارج ہوتا رہتا۔ گالیاں طبع زاد، برجستہ اور آورد سے پاک ہوتی تھیں۔ نکتہ آفرینی اور سلاست و روانی میں ان کا کوئی ہمسر نہ تھا۔ بازی گر کی طرح اپنے دہانے سے بھی بڑے قُطر کے گالیوں کے گولے منہ سے نکالتے رہتے۔ پیش پا افتادہ، پامال مضامین اور بزرگوں کی گھڑی گھڑائی ترکیبوں سے احتراز کرتے۔ اپنی راہ الگ نکالی تھی۔ کبھی کوئی

☆ کثیفہ DIRTY JOKE

www.urduchannel.in



بست ہی ناز یبا مضمون غیب سے نازل ہو جائے تو زبان کو آلودہ نہیں کرتے تھے۔ خطِ کوفی میں کاغذ پر لکھ کر ہمیں دکھا دیتے۔ گالیوں کی خطاطی کا اس سے بہتر نمونہ آج تک ہماری نظر سے نہیں گزرا۔ ویسے مرنجان مرنج اور محبتی آدمی تھے۔ بوائے اسکاؤٹ کی طرح روزانہ کم از کم ایک نیکی علی الاعلان کرتے تھے۔ ایک دن کہنے لگے کہ کل رات میں نے ایک شخص کو بڑی بے عزتی اور ماں بہن کی گالیوں سے بچالیا۔

پوچھا "کہاں؟ کیسے؟"

فرمایا "میں نے اپنے غصے کو کنٹرول کیا۔"

دیکھنے میں آیا ہے کہ بعض کالل گلیر، گالی کو تکیہ کلام بلکہ گاؤ تکیہ کلام کے طور پر استعمال کرتے ہیں۔ لیکن خاں صاحب ہر گالی سمجھ کے دیتے تھے۔ جیسے فریدہ خانم سمجھ کے غزل گاتی ہیں۔

ایک دن خان صاحب نے بحثا بحثی کے دَوران ایک موقع پرست لیڈر اور چند نو دولتیے صنعت کاروں کو "دلّے"☆ اور بھڑوے کہہ دیا۔ اس پر حَسن ڈِبائیوی نے ٹوکا کہ "خان صاحب! کم از کم یوپی میں شرفا کا یہ وطیرہ نہیں کہ کسی کو بھڑوا کہیں۔" فرمایا "آپ بھی اس زمانے کی بات کرتے ہیں جب سارے شہر میں کُل دو بھڑوے ہوا کرتے تھے!"

— ۲ —

## ابدالی

شکار کا شوق جنون کی حد تک تھا۔ اتوار کو علی الصبح سائیکل پر نکل جاتے۔ کہتے تو یہ تھے کہ کیر تھر اور منگھو پیر کی پہاڑیوں میں سُرخ بکرا (IBEX) مارنے جاتا ہوں۔ لیکن کراچی سے بیس میل کے دائرے میں فاختہ تک نہیں چھوڑی تھی۔ آخر میں تو چیل کوؤں پر غصہ اتارنے لگے تھے۔ بھر مار ٹوپی دار بندوق استعمال کرتے تھے جس میں بارود

☆ دَلّے۔ (پنجابی) اُردو میں اسے دَیّوث کہتے ہیں۔ مگر وہ بات کہاں مولوی مدن کی سی۔

www.urduchannel.in



گز سے ٹھونک ٹھونک کر بھرا جاتا ہے۔

بندوق کی لمبائی ہمارے قد سے دگنی تھی۔ بشرطیکہ ہم پنجوں کے بَل کھڑے ہو جائیں۔ اس کی مکھی اتنی دُور واقع تھی کہ ہمیں تو عینک کی مدد سے بھی نظر نہیں آتی تھی۔ ان کا دعویٰ تھا کہ اسی آلہ سے ان کے پَردادا نے احمد شاہ ابدالی کے ساتھ ہندوستان پر حملہ کیا تھا۔ اسی نسبت سے ہم اسے پیار میں ابدالی کہتے تھے۔ فرماتے تھے کہ عادت سی پڑ گئی ہے۔ اسے اپنے پہلو میں لِٹا کر لبلبی پر انگلی رکھے، بائیں کروٹ سوتا ہوں۔ ایک لمحے کو بھی انگلی الگ ہو جائے تو پَٹ سے آنکھ کُھل جاتی ہے۔ ان کی کیفیت ان ضدی بچّوں کی سی تھی جو دودھ چھڑانے کے بعد چُسنی منہ میں لیے لیے سو جاتے ہیں۔

ہم نے پوچھا لبلبی پر انگلی رکھ کر سونے سے آپ کو ڈر نہیں لگتا؟ فرمایا، ولایتی بندوق تھوڑا ہی ہے۔ آپ ہی تو اس دن مزے لے لے کے بتا رہے تھے کہ مولانا شبلی نعمانی کی بندوق بھی ان کی طبیعت کی طرح نکلی۔ بلا ارادہ چل گئی۔ پر یہ بندوق آج کل کی کٹ کھنی، بے کہی بندوقوں کی طرح نہیں جو چھیڑ چھاڑ سے ہی مشتعل ہو جاتی ہیں۔ بے قصد و ارادہ۔ یہ بھی بندوق کی نہ سہی، خانصاحب کی کسرِ نفسی تھی، ورنہ ہم نے تو یہی دیکھا کہ ارادہ اور کوشش سے بھی نہیں چلتی تھی۔ ہمارے فقروں کی طرح رنجک۔ چاٹ جاتی تھی۔

## دال روٹی، یعنی غَلّہ سے غَلّہ، کھانا

ناسازیٔ طبع یا کسی اور مجبوری کے سبب اتوار کو شکار کھیلنے نہ جا سکیں تو سنیچر کو ظہر و مغرب کے درمیان قضا کھیلتے۔ اتوار کو شکار کے گوشت کا ناغہ ہو جائے تو صبح سے بَولائے پھرتے۔ اس دن مُرغے کے گلے پر اللہ کی بڑائی بیان کرتے۔ ایسا مُرغا ہرگز نہیں کھاتے تھے جس نے پہلی اذان نہ دی ہو۔ مُرغی کو چھُوتے تک نہیں تھے۔ فرماتے تھے کہ غزنی خیل گاؤں میں بالغ مرغا زنانے میں گھس آئے تو عورتیں جھٹ برقع اوڑھ لیتی ہیں۔ ایمپریس مارکیٹ سے خود دیکھ بھال کر ناطق و بالغ مُرغا خرید کر لاتے اور قبلہ رُو کر کے بندوق سے ڈھیر کرتے، پھر ذبح کرتے۔ اکثر فرماتے کہ دوسرے کا ذبح کیا ہوا گوشت

www.urduchannel.in



کھانے سے آدمی بُزدِلا، یک زوجیہ اور چرب زبان ہو جاتا ہے۔ اس سے تو بہتر ہے کہ آدمی دال روٹی کھالے۔ مگر ہم قبائلی بھوکے بھلے ہی مر جائیں۔ غلہ سے غلہ نہیں کھاتے۔☆جبھی تو یہ حال ہے کہ نسوار کی چٹکی لے کر ذرا چھینک دوں تو سارے دفتر کی ناف ٹل جائے۔ ہم حفاظت کے لئے گھر سے بازو پر امام ضامن بندھوا کر نہیں نکلتے۔ گلے میں پستول ڈال کر نکلتے ہیں۔"

"فائدہ؟"

"مغل بادشاہ جس دشمن کو اپنے ہاتھ سے مارنا نہیں چاہتے تھے، اسے حج پر روانہ کر دیتے۔ یا جھنڈا، گھوڑا، نقارہ اور خلعت مرحمت فرما کر دکن و بنگالہ فتح کرنے بھیج دیتے۔ لیکن ہم دشمن کو شارٹ کٹ سے جہنم رسید کرتے ہیں۔"

"دشمنوں کے، حسبِ عداوت تین درجے ہیں۔ دشمن، جانی دشمن اور رشتے دار۔"

"ایمان سے، یہ جملہ آپ کا نہیں معلوم ہوتا۔ لیکن رشتے دار پھر بھی رشتے دار ہوتا ہے۔ پشتو میں کہاوت ہے کہ رشتے دار اگر قتل بھی کرے گا تو لاش دھوپ میں نہیں پڑی رہنے دے گا۔"

## تمباکو خوردنی دُخانی وچشیدنی

یہ تھے خان سیف الملوک خاں جن کے سامنے ہمارا زانوئے ادب ایک مہینے تک صبح و شام تہ ہوتے ہوتے اور کھلتے کھلتے سُن ہو چلا تھا۔ تمباکو پر "اتھارٹی" سمجھے جاتے

---

☆ کلیجی سے اس سختی کے ساتھ پرہیز کرتے تھے کہ ایک افسر کی الوداعی پارٹی میں انھیں مٹن سینڈوچ پیش کی گئی تو انھوں نے اس کے پرت کھول کر گوشت کا ایک ایک ریزہ اور ریشہ چن لیا۔ اور دونوں سلائس جوڑ کر بیرے کو واپس کر دیئے کہ یوسفی صاحب کو دے آؤ۔

مرغے سے رغبت کے باب میں ہم نے ایک دفعہ استفسار کیا تو فرمایا کہ چالیس کے پیٹے میں آنے کے بعد دال، کھٹائی ہم عمروں کی صحبت اور آئینے سے پرہیز لازم ہے۔ جھنگ کے علاقہ میں یہ دستور ہے کہ کوئی بڑا بوڑھا مر جائے تو اس کے پسماندگان برادری کو چالیس دن تک مرغے کھلاتے ہیں (اگر کوئی جوان موت ہو جائے تو چہلم تک دال ہی دال کھلائی جاتی ہے۔) چنانچہ کسی بڈھے کو زکام بھی ہو جائے تو گاؤں کے سارے مرغے سہمے سہمے پھرتے ہیں۔ اذان دینی چھوڑ دیتے ہیں۔

www.urduchannel.in



تھے کہ تمباکو خیز و تمباکو بیز خطّے سے تعلّق کے علاوہ سگرٹ اور حقّہ پیتے تھے۔ تمباکو کھاتے تھے۔ نسوار لیتے تھے۔ غرض کہ شئے مذکور کو ہر ممکن طریقہ سے اپنے وجود میں داخل کرنے کا جتن کرتے رہتے تھے۔ سلام روستائی کے بعد ہم نے عرضِ مدعا کیا کہ ہم تمباکو سے متعلّق بنیادی واقفیت حاصل کرنا چاہتے ہیں۔ جواب میں نسوار کی ڈبیا آگے بڑھاتے ہوئے بولے، حاضر ہے!

"ہماری مراد تمباکو خوردنی و نوشیدنی یا تمباکو دُخانی سے نہیں۔"

"اس میں میری طرف سے قوام چشیدنی کا اضافہ فرمالیجئے، تھوکنے والا اور پھونکنے والا تمباکو کہتے ہوئے تکلیف ہوتی ہے؟" انھوں نے ہماری فارسی کی تھوتنی زمین پر رگڑتے ہوئے کہا۔

"ہم اس کی کاشت، تجارت، آڑھت وغیرہ کے بارے میں جاننا چاہتے ہیں۔"

"تمباکو کے بارے میں پہلی بات تو یہ یاد رکھئے کہ کراچی کی آب و ہوا اسے موافق نہیں آسکتی۔ اسے ہی کیا، کسی کو راس نہیں آتی۔ البتہ جیسا تندرست، قیمتی اور خالص گدھا یہاں دیکھا، روئے زمین پر اس کا جوڑی دار نہیں ملنے کا۔ عجب شہر ہے۔ ہر بات الٹی۔ وہ قصہ نہیں سنا؟ دھوبی والا۔ بریلی سے تازہ ہجرت کر کے آیا۔ ایک ہزار روپے لے کر گدھا خریدنے نکلا تو گدھے بیچنے والے نے جھڑک دیا "جا، جا! بڑا آیا گدھا خریدنے والا۔ انٹی میں کل ہزار روپلّی ہی ہیں تو گھوڑا کیوں نہیں لے لیتا؟" نہ صاحب! تمباکو کراچی کے ریتہ بجری میں جڑ نہیں پکڑ سکتا۔"

"خان صاحب! منی پلانٹ بغیر مٹّی، کھاد اور دھوپ کے محض پانی کی بوتل میں اُگتا ہے۔ اسی طرح ہمارے ہاں کامیاب و کامران لوگوں کی جڑیں وہسکی کی بوتل میں بڑھتی اور پھیلتی ہیں۔"

اٹھ کر کھڑے ہوگئے، پھر رکوع میں چلے گئے اور تین مرتبہ سبحان اللہ! سبحان اللہ! سبحان اللہ!!! تجوید سے ادا کرنے کے بعد فرمایا "آپ اچھا ڈائلاگ بول رہے ہیں۔ ایسا ڈائلاگ میں نے ۱۹۲۵ء میں پشاور میں سنا تھا۔ ایک تھیٹریکل کمپنی آئی

www.urduchannel.in



تھی۔ ہیروئن کا پارٹ ایک مرد نے غضب کا کیا تھا۔ آپ ہی کے وطن کا تھا۔ گرائیں۔ ایمان سے! آپ کی طرف کے مرد بڑے باکمال بے نظیر ہوتے ہیں۔ حالانکہ آپ تو جے پور کی مشہور چیزیں صرف سانڈ، کھانڈ، بھانڈ، اور رانڈ☆ ہی بتاتے ہیں۔ ہاں تو تمباکو کے ضمن میں دوسری بات یاد رکھنے کے لائق یہ ہے کہ بیوپار کے علاوہ یہ اور کسی مطلب کے لئے مفید نہیں۔ اسی لئے جہانگیر نے تمام قلمرو میں تمباکو نوشی قانوناً ممنوع کردی تھی جب کہ شراب نوشی کی پوری آزادی تھی، یعنی صرف شرعی ممانعت تھی۔"

"کچھ آب و ہوا کے بارے میں بھی ارشاد فرمایئے۔ فی ایکڑ پیداوار کیا ہوتی ہے؟"

"پہلے سوال کا جواب آٹھویں جماعت کے جغرافیہ میں ہے۔ میرے بیٹے کی کتاب میں لکھا ہے۔ تخیر○ تین سال سے اسی کلاس میں مانیٹر ہے۔ دوسرے سوال کا جواب چار سدّہ کا پٹواری دے گا۔ بڑا ایبا آدمی ہے۔ ہم دونوں ایک ہی سکھ ماسٹر کے ہاتھوں برسوں پٹے ہیں۔"

"تمباکو کا پودا کتنا بڑا ہوتا ہے؟"

"جتنا آپ سمجھ رہے ہیں، اس سے کافی بڑا! فرنٹیر کا سیر ۱۰۵ تولے کا ہوتا ہے۔"

## ـــــ ۳ ـــــ

## ریڈکلف کے کان کاٹے گئے

ہم کاغذ پنسل لے کر تمباکو پر نوٹس لینے لگے تو وہ رُوٹھ کر بیٹھ گئے۔ کہنے لگے اگر علم حاصل کرنے کا ایسا ہی لپکا ہے تو پہلے شاگردی اختیار کرنی پڑے گی۔ چھٹی کے

---

☆ رانڈ۔ راجستھان میں ہر خوب صورت اور زود یاب عورت کو رانڈ کہتے ہیں۔ اس کے شوہر کے مرنے کا انتظار نہیں کرتے۔

○ تخیر۔ خان صاحب کو جس پر غصہ یا پیار آتا اسے تخیر کہتے تھے۔ یہ دراصل مخفف تھا خم خنزیر کا جو شدت انفعال اور اگلا دانت نہ ہونے کے سبب تخیر بن گیا تھا۔ "ظالم" اور "کافر" بھی پیار دلار میں کہتے تھے۔ مثلاً کوئی مولوی بہت نیک، پابند صوم و صلوٰۃ اور کٹر ہو تو کہتے کہ بہت کافر ملّا ہے!

www.urduchannel.in



دن حُجرے پر آئیں۔ شاگرد بنا کر جنگلی بکرے کے کبابوں پر نیاز دلاؤں گا۔

اگلے اتوار کو ہم صبح سات بجے بہار کالونی پہنچے جہاں ان کا حجرہ گھٹنے گھٹنے کیچڑ میں چاکیواڑہ اور بہار کالونی کے سنگم پر ہچکولے کھا رہا تھا۔ سننے میں آیا تھا کہ یہ ساری کالونی سطحِ سمندر سے کئی فٹ نیچے واقع ہے۔ کنواں کھودنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ غیرت مند صرف منڈیر کھینچ کے چلّو بھر پانی نکال کر محاورے کے بقیہ حصّے پر عمل کر سکتے ہیں۔ حُجرے کے سامنے اسی کھدبداتی دَلدَل میں دس بارہ لڑکے اور مینڈک مثالِ صورتِ خورشید "اِدھر ڈوبے اُدھر نکلے۔ اُدھر ڈوبے اِدھر نکلے۔" لڑکوں کے بے تحاشا بڑھے ہوئے پیٹ نیلے کانچ کی طرح چمک رہے تھے۔ ایک لڑکا پاجامہ پہنے ہوئے تھا، لیکن قمیص ندارد، باقی ماندہ لڑکوں کی نِیم برہنگی کی ترتیب اس کے برعکس تھی۔ اسے حجرہ اس لحاظ سے بھی کہہ سکتے تھے کہ یہ ایک کچّی پکّی مسجد کے زیرِ سایہ تھا، جس کی دیوار پر گیرو سے لکھا تھا "یہ خانۂ خدا ہے۔ خوفِ خدا سے ڈرو۔ یہاں پیشاب کرنا گناہ (صغیرہ) ہے۔" کسی ظالم نے پہلے فقرے اور چیدہ چیدہ الفاظ پر اس طرح کولتا پھیرا تھا کہ دور سے اب صرف "خوفِ خدا سے پیشاب کرنا گناہ (صغیرہ) ہے۔" پڑھا جاتا تھا۔

ہم نے حجرے کی کنڈی کھٹکھٹائی۔ وہ طلوع ہوئے۔ ملیشیا کی شلوار پر سفید بنیان جس پر جا بجا تازہ خون کے جزیرے بنے ہوئے تھے۔ ہاتھ میں شکاری چاقو جس سے جیتا جیتا خون ٹپک رہا تھا۔ وہ اپنے کتّے کا ایک کان کاٹ کر زخم کو حقّے کے پانی سے ڈِس انفکٹ کر چکے تھے اور دوسرے کی قطع و بُرید کی تیاری تھی۔ کتّے کی ناک ایسی چمک رہی تھی جیسے ابھی ابھی وارنش کا پُچارا پھیرا ہو۔ پوچھا، خان صاحب! یہ کیا؟ بولے، طوائی کے اس حرامی پِلّے کو شکاری کتّا بنا رہا ہوں۔ مَردان میں جوان گبرو گھوڑے کو آختہ کر دو، چوں نہیں کرتا۔ یہ نامرد کان کٹوانے میں اتنا چیغہ☆ (واویلا) کرتا ہے۔ آپ کا کراچی بھی عجب شہر ہے۔ نہ خُوئے مَرداں نہ رُوئے زناں۔ ان کا خیال تھا کہ

☆ چیغہ کرنا۔ (پشتو) ڈاکہ، قتل، اغوا یا کوئی اور سنگین واردات ہو جائے تو سارے قبیلے کا مل کر تعاقب، شور و غوغا اور تفتیش و مشورہ کرنا۔ اردو میں اس کا مترادف نہیں ہے۔ لہٰذا اسے اردو ہی سمجھنا چاہیے۔

www.urduchannel.in



کان کٹوانے کے بعد کتا زیادہ وفادار ہو جاتا ہے۔ پھر کبھی دغا نہیں کرتا۔ اس کا نام انھوں نے ریڈ کلف رکھا تھا۔ کچھ دیر مسالا پیسنے کی سِل پر چاقو تیز کرنے کے بعد ہماری ہتھیلی پر ایک پیسہ رکھ کر کہنے لگے "اس تخمیر کا خون پتلا ہے۔ ذرا ایک کر پھٹکری تو لے آؤ۔" ہائے! وہ بھی کیا زمانہ تھا جب ایک پیسہ ایک پیسہ اور ایک روپیہ ایک روپیہ ہی کے برابر ہوتا تھا!

ایک پیسے میں پھٹکری کا اتنا بڑا ڈلا آیا کہ بقول ان کے، ہمارے کانوں کے لئے بھی کافی و شافی تھا۔ سستا سماں تھا۔ مرزا کہتے ہیں کہ آج فقط ایک ٹب پر جتنی لاگت آتی ہے، اس میں ان دنوں پیر الٰہی بخش کالونی میں پورا مکان بن جاتا تھا۔ اس کے باوجود بندگانِ خدا جھگیوں میں رہتے تھے۔ تنخواہیں کم ضرور تھیں، مگر قیمتیں بھی تو کم تھیں۔ پھر تنخواہیں بڑھیں قیمتیں بھی چڑھ گئیں۔ تنخواہیں اور بڑھیں۔ قیمتیں اس سے زیادہ بڑھ گئیں۔ ملازمت پیشہ طبقہ کی حیرانی بھی دَم بہ دَم بڑھتی گئی۔ خان خاناں کا ایک دوہا ہے:

بار بار دَرجن گھر جھگڑت ٹھاڑھ
جوئی جوئی انگیا سیوت ہوئی سوئی کاڑھ

ناری بار بار دَرزن کے گھر جا جا کر جھگڑتی ہے کہ میں تجھے روز انگیا ڈھیلی کرنے کو دیتی ہوں، مگر تو جب سیتی ہے اور تنگ کر دیتی ہے۔ جوانی ایسی بھر کر آئی ہے کہ اسے یہ بھی ہوش نہیں کہ دَرزن بے چاری تو روز اسے ڈِھیلا کر دیتی ہے مگر وہ ایک اور وجہ سے (جس کا بھلا سا نام ہے) تنگ ہی ہوتی چلی جاتی ہے۔ تو صاحبو! یہی نقشہ سفید پوشوں کی تنخواہ کا ہے۔

ہم نے کہا۔ "خان صاحب! انسدادِ بے رحمی جانوراں والوں نے کہیں دیکھ لیا تو چالان کر دیں گے یہ قساوت ہے۔"

"میں ۱۹۴۶ء میں ہُنزہ گیا تھا۔ مُرغِ زرّیں اور برفانی چیتے کے شکار کو۔ وہاں نیوزی لینڈ کا ایک BIRD-WATCHER مِل گیا۔ اس نے بتایا کہ جب میں بچّہ تھا تو گڈریوں اور گلّہ بانوں کو دُنبوں کو اپنے دانتوں سے، جی ہاں دانتوں سے کاٹ کاٹ کر

www.urduchannel.in



آختہ کرتے دیکھا کرتا تھا۔ میں نے تو پھر بھی چھری چھنکری استعمال کی ہے۔"

## ایک جھلک حجرے کی

خان صاحب کے حجرے کو غور سے دیکھا تو اپنے مکان سے کوئی گلہ نہ رہا۔ چھت ٹن کی نالی دار چادر کی، جس میں کنستر کی چادر کے تین چار پیوند لگے ہوئے تھے۔ ہر پیوند کے گرد تارکول کا زنجیرہ۔ ایک دیوار میں، چھت سے فرش تک، ٹیڑھی میڑھی دراڑیں پڑ گئی تھیں، جن پر پلستر لاغر آدمی کے ہاتھ کی رگوں کی طرح ابھر آیا تھا۔ دیواروں سے عبرت اور پلستر ٹپکنے کے علاوہ پچھلے کرایہ دار کے نور چشموں کے تعلیمی مدارج و مشکلات کا بخوبی اندازہ ہوتا تھا۔ شہتیر کے وسط میں جو آہنی کڑا تھا اس میں ایک کھلی ہوئی چھتری اُلٹی لٹکی ہوئی تھی۔ یہی ان کا چھینکا اور الگنی تھی۔ ایک کونے میں ابدالی اس زاویئے سے پسری کھڑی تھی گویا دو بجنے میں بیس منٹ ہیں۔ قریب ہی بارہ سنگھے کا سر آویزاں تھا جس کی، ایک آنکھ اور کھال جھڑ چکی تھی۔ ہر سینگ پر کچھ نہ کچھ لٹکا ہوا تھا۔ ایک پر پلاسٹک منڈھا ہوا ہیٹ، دوسرے پر بنیان سوکھ رہا تھا۔ تیسرے پر بنک کی چابیاں۔ دروازے کی کیل پر ٹنگی ہوئی پتلون پر مکھیاں اپنے نظامِ ہضم کے آثار چھوڑ گئی تھیں۔ لیکن کمرے میں کہیں مکھیاں اڑتی بھنبھناتی دکھائی نہیں دیتی تھیں۔ سب ہمارے منہ پر بیٹھی تھیں۔

دروازے سے ذرا ہٹ کر ایک چیڑ کا کھوکھا رکھا تھا۔ یہ ریڈ کلف کی اقامت گاہ تھی۔ اس کی چھت پر ملاقاتی بٹھائے جاتے تھے۔ سرکنڈوں کا ایک بڑا مونڈھا بھی تھا جس کی بان کی سیٹ گل چکی تھی۔ اس میں ایک چھوٹا مونڈھا، جس کی پشت جھڑ چکی تھی، جڑ دیا گیا تھا۔ دوسرے کونے میں سواتی نمدے پر ایک ماٹ اوندھا دیکھ کر ہم مسکرا دیئے تو فرمایا، آپ کے ہاں تو مٹکے صرف پینے، بجانے اور سر پر رکھنے کے لئے استعمال ہوتے ہیں۔ دالان (جس کا رقبہ دو چارپائیوں کے برابر ہوگا، بشرطیکہ وہ دولہا دُلہن کی ہوں۔ یعنی پٹی سے پٹی ملی ہوئی ہو) کی طرف کھلنے والے دروازے میں ایک تاروں کا پنجرہ جھول رہا تھا جو غالباً عجز و فروتنی کی تعلیم دینے کے لئے لٹکایا گیا تھا۔ اس کے نیچے سے جھک کر

www.urduchannel.in



بڑی احتیاط سے نکلنا پڑتا تھا کہ پنڈے میں سے پانی، باجرے اور بیٹ کی پھواریں پڑتی رہتی تھیں۔ اس میں ایک سہا ہوا خوش رنگ پرندہ بند تھا۔ پوچھا، اسے کیا کہتے ہیں۔؟ فرمایا چکور۔ پوچھا "پنچھی باوُرا چاند سے پریت لگائے" والا چکور؟ وہی جو چاند کے گرد چکّر لگاتا ہے؟ بولے، آپ کی طرف لگاتا ہوگا۔ فرنٹیر کا چکور اتنا اُلّو نہیں ہوتا۔ خیبر کے پہاڑوں میں چاندنی کے علاوہ اس کی دل بستگی کے لئے کچھ اور بھی ہوتا ہے۔ پوچھا، حضور نے دل بستگی کے واسطے پالا ہے؟ بولے، نہیں۔ ہمارے ہاں چکور نیک شگون کے لئے پالا جاتا ہے۔ دافعِ بلیّات ہے۔ ملک کی ہر آفت اپنے اوپر لے لیتا ہے۔ پھر ایک دن اچانک مر جاتا ہے۔ جو اس کی علامت ہے کہ ملک کی آئی اس کو آگئی۔ کراچی بھی عجب شہر ہے۔ تین چکور مر چکے ہیں۔ یہ تخیر بھی پرسوں سے اُونگھ رہا ہے۔ اسے آپ لے جایئے۔ آپ کی حالت تو اس سے بھی زیادہ غیر ہے!

## حضور آہستہ آہستہ، جناب آہستہ آہستہ

انھیں مائل بہ کرم دیکھا تو ہمت بڑھی "خان صاحب! تمباکو کی کتنی قسمیں ہوتی ہیں؟"

فرمایا "دو۔ پہلی قسم ورجینیا اور دوسری (ہچکچاتے ہوئے) غیر ورجینیا۔"

پوچھا "صوبہ سرحد میں تمباکو کہاں پیدا ہوتا ہے؟"

فرمایا۔ "جہاں جہاں کاشت کی جاتی ہے بکثرت پیدا ہوتا ہے۔"

پوچھا "سنا ہے مردان، چار سدہ، نواں کلی اور تحصیل صوابی میں تمباکو کے آڑھتی پائے جاتے ہیں۔"

فرمایا "جہاں مال ہے وہاں تجارت۔ اور جہاں تجارت ہے وہاں آڑھت ضرور ہوگی۔"

انھوں نے تمباکو کا علم پانی کر دیا۔

راہِ مضمونِ تازہ بند نہیں۔ سرور صاحب نے کچھ دن بعد تمباکو کی تیسری قسم بتا کر ہمارے معلوماتی خلا کو پُر تو نہیں کیا، لیکن اس پر پُل ضرور بنا دیا جس پر سے

اینڈرسن کی سواری گزر سکتی تھی۔ فرمایا کہ تمباکو کی توقیر تو سرکارِ عالیہ ہرہائی نس نواب سلطان جہاں بیگم کے زمانے میں ہم رامپوری پٹھان بڑھاتے تھے۔ منقش چلم میں پرانے گڑ کا قوام اور دو آتشہ تمباکو کڑوا دو رسا (دو رس والا) بغیر توے کے رکھ کر پوری قوت سے کش لگاتے تو ایک ایک بالشت اونچا شعلہ لپک اٹھتا۔ جس کے شگوفے کا شعلہ زیادہ اونچا جاتا وہی مرد ٹھہرتا۔ سب سے تیز تمباکو رمضانی کہلاتا تھا۔ رمضان میں حقّے کے رسیا اسی سے با جماعت روزہ افطار کرتے۔ پہلا کش لیتے ہی حضرتِ داغ جہاں بیٹھ گئے بلکہ جہاں لیٹ گئے لیٹ گئے۔ روزہ دار باری باری حسبِ مراتب دَم لگا کر روزہ کھولتے اور اسی ترتیب سے حسبِ مراتب بے ہوش ہوتے چلے جاتے۔ رامپوری تمباکو سے کسی کو کینسر ہوتے نہیں دیکھا۔ ہارٹ فیل ہوتا تھا۔ ان کی فاتحہ بھی اسی پر دلائی جاتی تھی۔

خان صاحب کی طبیعت مکدر ہو چلی تھی۔ ہم نے موضوع بدلنے میں عافیت جانی۔

"جب سے آپ کی دائیں آنکھ کھلی ہے۔ (بائیں ہم نے تو ہمیشہ بند ہی دیکھی۔ مخاطب کا چہرہ بھی شست باندھ کر دیکھتے تھے۔) آپ کو شکار کی دُھت ہے۔ کچھ BIG GAME کے بارے میں بتایئے۔ ہمیں بچپن ہی سے ہاتھی اور وہیل کے شکار کے قصّوں سے دلچسپی ہے۔"

اپنے دلآویز تبسّم کے بعد فرمایا "۸ نمبر کی بس میں بیٹھ کر وہیل کا شکار قدرے دشوار ہے۔ آپ علم کے بارے میں بڑے لالچی واقع ہوئے ہیں۔ سب کچھ ایک ہی نلّے میں جان لینا چاہتے ہیں۔ میرا ماسٹر سردار گروبچن سنگھ مستانہ کہتا تھا کہ پُتّر جی! علم بھنگ نہیں افیم ہے۔ اس کا نشہ دھیرے دھیرے رگ وپے میں اترتا ہے۔ کیا بتاؤں، ہیرا استاد تھا۔ کور دیہہ تھا۔ کل تین مُلّا تھے۔ نزدیک ترین ڈامر کی سڑک ستّر میل دُور تھی۔ بہتوں کے گھروں میں لالٹین تک نہ تھی۔ ماسٹر گروبچن سنگھ کڑکڑاتے جاڑے میں ہری کین لالٹین لے کر نکلتا۔ گھر گھر جا کر لڑکوں کو جمع کرتا۔ اپنے گھر لے جاتا اور وہاں چٹائی پر بٹھا کر ہمیں رات کے گیارہ بجے تک امتحان کی تیاری کرواتا۔ ایک دن اپنے

www.urduchannel.in



کرپان پر ہاتھ پھیرتے ہوئے بولا "اوئے بقراط دیا پترا! سائنس علم دریاؤ ہے۔ بھنگ کا گلاس نہیں کہ سیدھا دماغ کو چڑھا اور چنگا بھلا بندہ بھک سے اُڑ گیا۔ اور ہاں بھنگ چھاننے کے کپڑے کو ریشِ قاضی کہتے ہیں۔ قاضی قہقہہ والے ق سے۔ جہاں ق اور ک میں ذرا بھی شک ہو وہاں ق لکھا کرو۔"

## ت سے تلیر، تیتر اور تلور

"تو آج میں آپ کو سب سے چھوٹے پرندے کے شکار کی ترکیبیں بتاؤں گا۔ پھر بتدریج چرندوں، خطرناک گزندوں، پھاڑ کھانے والے درندوں اور آخر میں کالے سر والے کی باری آئے گی۔ آپ نے تلیر دیکھا ہے؟"

"شیو بناتے وقت روز آئینے میں زیارت کر لیتا ہوں۔"

اَدائے خاص کے ساتھ رُکوع میں چلے گئے اور گھٹنے پکڑے پکڑے ہماری صورت دیکھ کر دیر تک ہنستے رہے۔ پھر ارشاد ہوا "چتکبرا ہوتا ہے۔ اس لئے ابلقہ بھی کہتے ہیں۔ مٹھی میں دبا لیں تو پتہ بھی نہ چلے کہ خالی ہے یا بھری۔ آپ اسے تنہا کبھی نہیں دیکھیں گے۔ دو تین سو کا جھنڈ بنا کر بسیرا کرتے ہیں۔ چٹکی بھی بجا دو تو ساتھ بھُرّ امڈ کر اُڑ جائیں گے۔ تلیر صرف فصل کے وقت نظر آتا ہے۔ فصل کو نقصان پہنچانے والے کیڑے مکوڑوں کو کھا جاتا ہے۔ اسی لئے حکومت کا تحفظ حاصل ہے۔ چوری چھپے مارنا پڑتا ہے۔ قدرت نے "کیموفلاژ" کے لئے ایسا رنگ اور شکل بنائی ہے کہ درخت پر بیٹھا پتّوں میں بالکل نظر نہیں آتا۔ لیکن دنیا کی کوئی طاقت اسے چونچ کھولنے سے باز نہیں رکھ سکتی۔ بس اسی سے مار کھاتا ہے۔ آواز پر نشانہ لگایا جاتا ہے۔ اسے مرنا منظور ہے مگر چپکا نہیں رہ سکتا۔ اس کی زبان کا ماءاللحم سہ آتشہ بنا کر گونگے آدمی کو پلائیں تو سات دن میں پٹر پٹر بولنے لگے۔ بے زبان بہو ایک گھونٹ بھی پی لے تو دو دن میں اس کی ساس باؤلی ہو کر مرجائے۔ اور مُردے کی زبان پر دفن سے پہلے ایک قطرہ ٹپکا دیا جائے تو منکر نکیر اس قبرستان کا رُخ ہی نہ کریں۔

"بڑے چھرّے کی تاب نہیں لاتا۔ ڈسٹ (چورا۔ بہت مہین چھرّے)

www.urduchannel.in



استعمال کرنا پڑتا ہے۔ ایک فیر میں سَو تلیر گرا لیجئے۔ دو تین تو چھرّوں کے ذرات سے زخمی ہو کر گرتے ہیں۔ پچاس ساٹھ محض آواز کے صدمے سے جان بحق تسلیم۔ بقیہ دیکھا دیکھی۔ ہاں! ایک بات کا خیال رہے۔ زمین پر گرنے کے خوف سے راستے ہی میں ٹھنڈا ہو جاتا ہے۔ لہٰذا کلمہ پڑھ کر فیر کریں ورنہ مُردار ہو جائے گا۔ ذرا چُھری پھیرو تو بیری گردن الگ ہو جاتی ہے۔ چِڑے سے بھی زیادہ خوشبودار گوشت، ہڈیاں سوئیوں سے زیادہ باریک اور کُرکُری۔ ہڈی سمیت کُرَر کُرَر کھاتے ہیں۔ شکل و جُثہ سب کا ایک ساں۔ کم از کم انسانی آنکھ نر مادہ میں فرق نہیں کر سکتی۔ تلیر اور اردو الفاظ کی تذکیر و تانیث معلوم کرنے کے لئے چھٹی حِس درکار ہے۔ ان کی نسل بڑی تیزی سے بڑھتی پھیلتی ہے۔ اس سے تو یہی ظاہر ہوتا ہے کہ ان میں نَر بھی ہوتے ہیں۔ واللہ اعلم۔ اردو میں تو طبلہ کے بھی نَر مادہ ہوتے ہیں۔

"اچھا! اب آئندہ اتوار کو تیتر کے شکار پر گفتگو ہوگی۔ میدانی پنچھی ہے۔ لڑاکا۔ ہم جنس کے سوا کسی سے نہیں لڑتا۔ دادُو میں ایک از کار رفتہ رئیس نے بیٹے کے عقیقہ پر بیس دیگیں کالے تیتروں کی پکوائی تھیں۔ جشن میں پورا قصبہ مدعو تھا۔ اس کے انداز سے معلوم ہوتا تھا کہ بچہ کی پیدائش پر اسے خوشی سے زیادہ تعجب ہے۔ اچھا پرند ہے۔ سبحان تیری قدرت! سبحان تیری قدرت!"

عرض کیا "اب تیتر سیانے ہو گئے ہیں۔ سُلطان تیری قدرت! سُلطان تیری قدرت!"

فرمایا "اس فقرے کی داد کسی اور سے لیجئے۔ میں موجودہ حکومت کے خلاف نہیں ہوں۔ پھر کسی دن آپ کو سجاول لے چلوں گا۔ جھیل میں بڑی مرغابیاں دور سے ایسی لگتی ہیں گویا ابھی کسی جلسے میں لاٹھی چارج کے بعد لوگ جوتے چھوڑ کر بھاگ گئے ہیں! تُندر بن چلیں تو شیر کا شکار بھی کِھلوا سکتا ہوں۔ شیر کے شکار میں دو تین سَو آدمی چاروں طرف سے ہانکا کریں تو سب سے پہلے سؤر نکلتے ہیں!"

عرض کیا "سیاست میں بھی یہی ہوتا ہے۔"

بولے "پھر وہی! آپ نے بسٹرڈ (تلور) دیکھا ہے؟ کوہستانی چڑیا ہے۔

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flic.kr/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

www.urduchannel.in



ہوئے مونگ پھلی کا توبڑا انھوں نے اپنی گردن میں لٹکا لیا۔ ہم چیختے چلّاتے ہی رہ گئے اور انھوں نے یہ کہتے ہوئے پکھال ہمارے کندھے پر ڈال دی "اونٹھ اڑاندے ای لدّی دے نیں۔" (اونٹ کو بلبلاتے ہوئے ہی لاد دینا چاہیے۔ یہ انتظار نہیں کرنا چاہیے کہ اونٹ بلبلانا بند کرے تو ہم لادنا شروع کریں۔)

پوچھا فواکہات میں حضور کو کون سا میوہ مرغوب ہے؟ فرمایا نکاح کا چھوارا!

ساڑھے آٹھ بجے ہم دونوں سائیکل پر منگھو پیر کی پہاڑیوں کی طرف جنگلی بکرے کی تلاش میں روانہ ہوئے۔ تھوڑی مسافت طے کرنے کے بعد ہمیں کیریر پر بیٹھنے کی اجازت مل گئی۔ ذرا دیر بعد ہانپتے ہوئے کہنے لگے "اب آپ پیچھے بیٹھے بیٹھے آرام سے پیڈل ماریئے، میں ہینڈل چلاتا ہوں۔ ذرا احتیاط سے پیڈل ماریئے گا۔ کراچی کا ٹریفک باؤلا ہے۔"

حسب الحکم، ہم ان کی کمر پکڑ کے پیڈل سے زور آزمائی کرنے لگے۔ سائیکل چلانے کے اس طریقہ کا ایک نہایت باریک قانونی نکتہ انھوں نے یہ بتایا کہ پولیس ڈبل سواری کے جرم میں دونوں میں سے کسی کا چالان نہیں کر سکتی۔ جو ہینڈل پکڑے ہوئے ہے وہ پیڈل مارنے کا مرتکب نہیں، اور جو پیڈل مار رہا ہے اس کا بقیہ سائیکل سے کوئی قانونی تعلق نہیں! اگر آپ کو مجسٹریٹ نے ایک مہینے کی بھی سزا کی تو تخمیر کے پاؤں کے ناخن کھینچ لوں گا اور پیدل علاقہ غیر میں لے جا کر پُراسرار قتل کر دوں گا۔

سائیکل کے وہ تمام فاضل پُرزے اور آرائشی تکلفات جن کا شمار میکانکی عیاشی میں ہو سکتا تھا، خود کو سپردِ خاک کر چکے تھے۔ اور دیکھنے میں اب یہ ڈھانچہ سائیکل کا ایکس رے معلوم ہوتا تھا۔ ہینڈل پر نہ جانے کیسے ایک آئینہ لگا رہ گیا تھا جس کا بظاہر یہ مصرف معلوم ہوتا تھا کہ سوار کو پتہ چلتا رہے کہ پچھلا پہیہ ابھی تک سائیکل میں لگا ہوا ہے یا نہیں۔ پوچھا "اس میں تیل کیوں نہیں دیتے؟" بولے "تیل دینے میں جھنجھٹ یہ ہے کہ پھر گھنٹی لگانی پڑے گی۔" سائیکل کے مڈ گارڈ ہی نہیں بریک بھی غائب تھے لیکن چلانے کے بعد بریک کی کمی محسوس نہیں ہوتی تھی۔ اس لئے کہ سائیکل کا جو پُرزہ جس جگہ تھا، وہیں سے بریک کا کام کرتا تھا۔ تاہم ہمارے سپرد یہ کام تھا کہ جیسے ہی وہ اشارہ

www.urduchannel.in



کریں، ہم جوتے کی ایڑی سے ننگے پہیئے کو آگے بڑھنے سے باز رکھیں۔ چار پانچ میل بریک لگانے کے بعد دائیں ایڑی جھڑ کر کہیں گر گئی۔ خان صاحب نے بائیں ایڑی استعمال کرنے کا اشارہ کیا تو ہمیں حکم عدولی کے سوا کوئی چارہ نہ رہا۔ استادی شاگردی اپنی جگہ، لیکن اس سے تو آپ کو بھی اتفاق ہوگا کہ ایک پاؤں سے لنگڑانا دونوں پاؤں سے لنگڑانے سے بہتر ہے۔

وہ جو پنجابی مثل ہے کہ گدھے کا ایک میل اور کمہار کا سوا میل، سو وہ ہم پر میل بہ میل صادق آئی۔ یارائے ضبط نہ رہا تو ہم نے شکایت کی کہ کیریر بہت چبھ رہا ہے۔ بولے آپ میری سیٹ پر بیٹھ کر دیکھیں تو پتہ چلے چبھنا کسے کہتے ہیں۔ آپ کو مغالطہ ہوا ہے۔ آپ کے کولھوں پر گوشت نہیں ہے۔ یہ دراصل آپ ہی کی ذاتی ہڈیاں ہیں جو آپ کے چبھ رہی ہیں۔ آپ کے اگر کولھے ہوتے تو آج یہ نقشہ نہ ہوتا کہ ذرا پائینچہ سائیکل کی چین میں آگیا تو ساری پتلون اتر کے ٹخنوں پہ آرہی۔ دراصل آپ کے یہاں کمر سے لے کر ٹخنوں تک پتلون کے لئے کوئی روک ہئی نہیں۔ خیر سے ابھی آپ کی عمر ہی کیا ہے۔ اس سن میں تو کولھے نئی فصل کے پہلے گرمے (خربوزے) کی مانند ہوتے ہیں۔ آپ نے لختیٔ ناچ دیکھا ہے؟ خون ہو جاتے ہیں۔"

"ہماری تربیت نہایت پاکیزہ ماحول میں ہوئی ہے جوانی میں ہم نے مور کے ناچ کے علاوہ اور کوئی ناچ نہیں دیکھا۔"

اتر کر رکوع میں چلے گئے: "پھر بھی! آپ لوگ خوش ہوتے ہیں تو مجرے، مشاعرے کرواتے ہیں۔ آتش بازی چھوڑتے ہیں۔ لیکن ہم ہر جذبے کی ترجمانی بندوق سے کرتے ہیں۔ ہمارے ہاں فلم کا کوئی گانا یا مکالمہ پسند آئے تو ناظرین بانکین اس کی داد پستول سے دیتے ہیں۔ ڈِش ڈِش ڈشاوں! ہال میں جتنے زیادہ پستول چلیں، اتنا ہی مالک خوش ہوتا ہے کہ فلم ہِٹ ہوئی۔"

"گولی چھت سے ٹکرا کر الٹی تماشائیوں کو نہیں لگتی؟"

"چھت ایسی بناتے ہیں کہ بارش اور گولی کو گزرنے میں تکلیف نہ ہو۔"

www.urduchannel.in



## خان غلام قادر خان

فرلانگ بھر مکالمے کے بعد ہم نے چبھن سے بے قرار ہو کر خود کو ہتھیلیوں کے جیک پر اُٹھا لیا تو کہنے لگے آپ یہ بندروں کی سی حرکتیں کیوں کر رہے ہیں؟ عرض کیا بندر میں ہمیں اس کے علاوہ اور کوئی عیب نظر نہیں آتا کہ وہ انسان کا جدِ اعلیٰ ہے۔ دیگر احوال یہ کہ کیریر کا ایک انچ گہرا سانچہ ہمارے جسم پر نقش ہو چکا ہے اور اب اس میں ایسے کئی کیریر ڈھالے جا سکتے ہیں۔

دونوں ہاتھ چھوڑ کر تالی بجائی۔ پھر اس چرمی میخ کو جس پر وہ بیٹھے تھے اپنی رانوں سے دباتے ہوئے اپنے دادا خان غلام قادر خان کا قصّہ سنانے لگے کہ انہوں نے ایک دفعہ اپنی رانیں بھینچ کر ایک منہ زور گھوڑے کی پسلیاں توڑ دی تھیں۔

ہم نے کہا "آپ کے دادا جانی مرحوم......"

قطع کلام کرتے ہوئے بولے "دادا جانی؟ جان کیا مطلب؟ آپ ریختی کب سے بولنے لگے۔ وہ خان، ابنِ خان، ابنِ خان تھا۔"

"آپ کے دادا خان اور ابّا خان مرحوم تو بہت غیور اور خونخوار ہوں گے؟ تلوار، جی نہیں، بندوق کے دُھنی ہوں گے؟"

مونگ پھلی کی شنگرفی جھلی اتارتے ہوئے بولے "اس شک میں آپ کو شبہ کیوں ہوتا ہے؟ ایک دفعہ کا ذکر ہے، میرا دادا موضع نواں کلی، تحصیل صوابی ضلع مردان میں (نوٹ کر لیجیے۔ یہ خطّہ تمباکو کا دل ہے۔ پھر نہ کہئے گا میں تمباکو کے متعلق کچھ بتا کے نہیں دیتا) ہاں تو میرا دادا خان غلام قادر خان موضع نواں کلی میں سڑک پر گولی کھیل رہا تھا۔ اُردو والی کچّی گولی نہیں۔ اصلی کانچ کی گولی۔ سات سال کا تھا۔ اتنے میں انگریز ڈپٹی کمشنر سفید گھوڑے پر سوار ادھر آ نکلا۔ تخمِ نیشکر نے بڑے توہین آمیز لہجے میں اپنے اردلی کو حکم دیا کہ اس ڈیم چھوکرے کو ہمارے رستے سے ہٹا دو۔ میرا دادا غصّہ سے قندھاری انار ہو گیا۔ یہ بندوق تو خیر گھر پر تھی۔ آؤ دیکھا نہ تاؤ، گلے میں لٹکی ہوئی غلیل میں وہی شیشے کی گولی بھر کر ایسی تاک کے ماری کہ ٹھیک نشانے پر یعنی تخمیر کی دائیں آنکھ میں جا کر بیٹھ گئی اور ایسی فٹ ہوئی کہ نکالے سے نہیں نکلی۔ تمام عمر وہی لگائے

www.urduchannel.in



بھرا۔

ہم نے پوچھا "اس زمانے میں نواں کلی میں ورجینیا تمباکو پیدا ہوتا تھا؟"

جواب ملا "وہ شیر دل اور غیرت مند پٹھان تھا۔ ایک دفعہ کسی کام سے دُرّہ گیا۔ وہاں ایک حجرے کے سامنے چارپائی پر شمروز خاں چادر تانے قیلولہ کر رہا تھا۔ مہمند قبیلہ کا سردار اور قدیم شناسا تھا۔ میرے دادا نے سلام کیا مگر اس نے لیٹے لیٹے ہی پخیر راغلے! کہہ کر مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھا دیا۔ قبائلی آداب کے مطابق تعظیم کو نہ اٹھا۔ میرا دادا اس ہتک سے بہت کبیدہ خاطر ہوا۔ اس کے دو ماہ بعد کا ذکر ہے۔ بارش کے دن تھے۔ دادا خان غلام قادر خان کچی سڑک پر کھڑا خوانین سے ہنس بول رہا تھا کہ سامنے سے شمروز خان کیچڑ میں چھپاچھپ کرتا، آتا ہوا دکھائی دیا۔ دادا وہیں چادر اوڑھ کر کیچڑ میں لیٹ گیا۔ لوگوں نے پوچھا غلام قادر خان خیر تو ہے؟ دادا نے جواب دیا۔ اس کا خانہ خراب ہو۔ شمروز خان نے مجھ سے لیٹے لیٹے ہاتھ مِلایا تھا۔ میں بھی لیٹے لیٹے ہی مِلاؤں گا۔"

"تمباکو کی فصل منڈی میں کب آتی ہے؟"

سوال کا نوٹس نہ لیتے ہوئے بیان جاری رکھا "خان غلام قادر خان سرداروں کا سردار تھا۔ بغیر کلاہ کے ساڑھے چھ فٹ قد۔ ڈنڑ کی مچھلیاں اتنی سخت کہ حجام ان پر اُسترا تیز کر لیتا تھا۔ ۹۸ سال کی عمر پائی۔ ایک محفل میں بنارس کی بنّو طوائف ناچتے ناچتے ان کے سامنے آئی۔ نہ جانے کون سی اَدا بھاگئی۔ اپنی ہتھیلی پر کھڑی کی کھڑی کو اُدھر اٹھالیا۔ تخت پر سوتا تھا۔ مگر جب تک اس پر اس کا مخصوص گدا بچھا نہ ہو، نیند نہیں آتی تھی۔ اس میں کافر دشمنوں کی مونچھیں بھری تھیں۔ ناشتے میں بارہ انڈے سالم نِگل جاتا تھا۔"

"سالم؟!!" ہمارے منہ سے بے اختیار نکلا۔

"جی ہاں! میں نے کسی مرغی کو نصف انڈہ دیتے نہیں دیکھا۔ آخری وقت تک دانتوں سے دُنبے کی نَلی توڑ کر گودا نکال لیتا۔ بُھنا ہوا آدھا بکرا چَٹ کر کے پاراچنار کے ایک درجن سیب کھا جاتا تھا۔ کبھی دیکھے ہیں؟ چترالن کے گال جیسے ہوتے ہیں۔ پاراچنار

www.urduchannel.in



سے آگے جو فلک بوس پہاڑ ایران، افغانستان اور پاکستان کی سرحد کا سنتری ہے اسے کوہِ سفید کہتے ہیں۔ سارا پہاڑ کالا سیاہ اور ننگا ہے۔ صرف چوٹی پر برف کی "بکینی" (BIKINI) بارہ ماس اٹکی رہتی ہے۔ دادا نے یہاں دو برفانی چیتے مارے تھے۔ ننھیال کی طرف سے اس کی رگوں میں تاتاری خون تھا۔ وہ جب جوش مارتا تو اس کا پرنانا گھوڑی کا دودھ ضرور چکھ لیتا تھا۔ چالیس سفید گھوڑیاں علٰحدہ اصطبل میں بندھی رہتی تھیں، جہاں مَردوں کا داخلہ ممنوع تھا۔ گھوڑے کے سوا کوئی قدم نہیں رکھ سکتا تھا۔ اس کے رخساروں پر سنہری رُواں چمکا اور آواز دو شاخہ ہونے لگی تو باپ کے حکم کے مطابق ۱۰۱ چڑیاں، پَیر باندھ کر، علی الصبح اس کے سامنے ڈال دی جاتی تھیں۔ اور وہ اپنے جوتوں تلے ان کے سر یکے بعد دیگرے کچلتا چلا جاتا تھا۔ کرڑ کرڑ کرڑ۔ ایک سال تک یہی معمول رہا تا کہ دل مضبوط ہو جائے۔ میرا دادا بھی گھوڑوں کا شیدائی تھا۔ دو میل دور سے، ٹاپ سے پہچان لیتا تھا کہ گھوڑے پر کوئی چوڑی چھاتی والا شیر دلیر سوار ہے یا بزدلا۔ کبھی رکاب پر پاؤں رکھ کے گھوڑے پر نہیں چڑھا۔ جب وہ دشمن کے تعاقب میں رات کو تورخم کے پہاڑی راستوں میں گھوڑا ڈالتا تو دُور دُور تک سُموں سے چھوٹتی ہوئی چنگاریوں کی جگمگ جگمگ بِن جاتی تھی۔ DOTTED LINE..... شب و روز شہسواری کے سبب اس کی ٹانگیں بریکٹ ( ) کی طرح مڑ گئی تھیں۔ اس نے پورے ۴۹ سال یعنی اپنی نصف زندگی گھوڑے کی ننگی پیٹھ پر گزاری۔"

"اور بقیہ نِصف؟"

"اس نے گیارہ عورتیں کیں۔ کھرا، نَر آدمی تھا۔ بغیر ڈھال اور زرہ بکتر کے تلوار چلاتا تھا۔"

"مگر آپ تو کہہ رہے تھے کہ آپ کے دادا مرحوم و مغفور کے پاس یہ بندوق تھی۔"

"ہاں! تھی۔ مگر بندوق سے صرف کافروں کو جہنم رسید کرتا تھا۔ قبائلی رشتہ داروں اور مسلمانوں کو تلوار سے شہید کرتا تھا۔"

www.urduchannel.in



## کریدتے ہو جواَب راکھ جستجو کیا ہے؟

ہماری تمباکو کی کھڑی فصل کو پالا مار گیا۔ کچھ دیر بعد ہم نے چھیڑا "مرشدی! آپ نے بھی کبھی عشق کیا؟"

بندوق چھپاتے ہوئے بولے "خدارا! خاموش رہیے۔ مجھے جنگلی بکرے کی مست بو آرہی ہے۔ بوک بکرا لگتا ہے۔"

ہم نے مُولی کی بھجیا اور پراٹھے کی باقی ماندہ ڈکار نگلتے ہوئے خاموشی اختیار کی۔ تھوڑی دیر بعد ہم نے راکھ کو پھر کریدا۔ "خان صاحب! آپ نے کبھی عشق بھی کیا؟"

"آپ کی مراد لونڈے سے ہے، یا زنخے سے؟" وہ خود استہزائی پر اتر آئے۔

"آپ کو کبھی کوئی عورت اچھی لگی؟"

"میں نے تو کوئی جوان عورت بدصورت نہیں دیکھی۔ مگر آپ بھی تو اپنے پتّے دکھائیے۔ کبھی کسی کو تختۂ عشق بنایا؟ شادی والدین کی پسند سے کی یا......؟"

"کس کے والدین؟"

"میرا مطلب ہے، شادی والدین نے طے کی یا اپنی پسند سے کی؟"

"میں نے اپنی بیوی کی پسند کی شادی کی۔"

رکوع میں چلے گئے۔ "اپنی شادی تو اس طرح ہوئی جیسے لوگوں کی موت واقع ہوتی ہے۔ اچانک۔ بغیر مرضی کے۔"

کچھ دیر بعد استفسار فرمایا "شادی کے بعد کوئی شکار شکور ہوا یا مچان پہ ٹنگے ٹنگے ہانکا شانکا ہی دیکھتے رہے۔ کوئی AFFAIR؟"

"مفلسی وجہ پارسائی ہے۔"

"تو مفلس ہی سے سہی۔"

"بحمد للہ! ہم بہت قانع اور مُتقیح ہیں۔"

"یہ مُتقیح کیا بلا ہوتی ہے جی؟"

www.urduchannel.in



"مُقمِحَ اس اونٹ کے متعلّق کہا جاتا ہے جب وہ سیر ہو کر حوض پر سر اونچا کر کے کھڑا ہو جائے۔"

"قرآن کی قسم کھا کے بتاؤ یہ لفظ تم نے کس سے سیکھا؟"

"جمعہ کے خطبہ میں مولوی خیرالدّین نے اس کے فضائل بیان کیے تھے۔"

"تو یوں کہو۔ مولوی چاکیواڑہ ہی میں رہتا ہے۔ اس کی تو دو بیویاں ہیں۔ تیسری مولویائن چند روز ہوئے مَوت کے کنویں میں موٹر سائیکل چلانے والے کے ساتھ بھاگ گئی۔ اور کیا کیا فضائل بیان کیے تھے اس مقمح نے؟"

"شرابِ طہور، حور و غلمان اور دیگر لذائذ کا ذکر فرمایا تھا اور کہا تھا کہ جو مومن اپنی نظریں نیچی رکھے گا اور پاک دامن رہے گا، اس کو بہشت میں اپنی ہی بیوی حور کی شکل میں ملے گی۔"

"خو! پھر مرنے سے فائدہ ہی کیا ہوا؟"

## رَیڈ کلِف سے ہماری بے تکلّفی

اس سفر نمونہ سقر میں سب سے کم تکلیف سائیکل کو اٹھانی پڑی۔ بلکہ ہمیں تو سائیکل بھی اٹھانی پڑی۔ آگے آگے ریڈ کلف چل رہا تھا اور اس کے نقشِ قدم پر ہم۔ منجملہ دیگر فوائد و فضائل کے، ریڈ کلف کا ایک کھلا فائدہ تو یہ نظر آیا کہ لونڈوں نے سائیکل پر پتھر نہیں مارے کتّے کو مارے۔ راستے میں خان صاحب کھوں کھوں کھانسنے لگے۔ پوچھا "کھانسی ہوگئی؟" بولے "اونہ! کوئی قابلِ فکر بات نہیں۔ سگرٹ کا تمباکو ختم ہوگیا۔ اس سے NICOTINE DEFICIENCY (نکوٹین کی کمی) پیدا ہوگئی ہے۔" ہم نے کہا "نہیں! آپ کئی دن سے کھانس رہے ہیں۔ علاج کیوں نہیں کراتے؟" بولے "ڈاکٹر شفیع کو گلا دِکھایا تھا۔ فیس لے کر کہنے لگا، سگرٹ چھوڑ دو۔ میں نے کہا، اگر سگرٹ ہی چھوڑنی ہوتی تو تیرے پاس کیوں آتا؟" ذرا دیر دَم لینے کے لئے ایک پپیتے کے درخت کے نام نہاد سایہ میں بیٹھے تو ہم نے رَیڈ کلِف کی دُم پر ہاتھ پھیرا کہ یہی حِصّہ ہمیں اس کے جبڑے سے دُور ترین نظر آیا۔ علاوہ ازیں اسے خارش

www.urduchannel.in



بھی ہو رہی تھی۔ ایک مہینے پہلے خان صاحب کو ہو چکی تھی۔ روانگی سے قبل انہوں نے اسے کاربالک صابن سے خوب رگڑ رگڑ کر نہلایا، لیکن صاحبو، گیلا غسل شدہ کتا سوکھے کتے سے کہیں زیادہ پلید ہوتا ہے۔

ہمیں ریڈ کلف کی دُم سہلاتے اور ثانی الذکر کو آخر الذکر ہلاتے دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔ کہنے لگے غور کیجئے تو بھونکنا کتے کا حق اور دُم ہلانا اس کا فرض ہے۔ اس کافر کے سامنے افغان گرے ہاونڈ بھی پانی بھرتا ہے۔ آس پاس کی گلیوں کی کتیاں اس پر جان چھڑکتی ہیں۔

"تو ہی ناداں چند گلیوں پر قناعت کر گیا۔" ہمارے منھ سے بے ساختہ نکلا۔

"کیا یہ بھی غالب کا ہے؟ اس کتے کی وفاداری کا ابھی سے یہ عالم ہے کہ جس راستے سے میں گزر جاؤں..... خواہ کتنا ہی پیچدار ہو..... اس کے دو گھنٹے بعد آپ اسے آنکھوں پر پٹی باندھ کے چھوڑ دیں تو یہ میری خوشبو لیتا، اس لیک سے ایک انچ بھی اِدھر اُدھر نہیں ہوگا۔"

"لیک نہ کہئے۔ شاہراہ نسوار کہئے۔"

## پان اور کلچر کا رَچاؤ

نسوار کا نام آتے ہی بگڑ گئے۔ "سرکار مجرا عرض ہے! پان، تمباکو، گلوری، قوام کے بارے میں حضور کی کیا رائے ہے؟"

"پان کی کیا بات ہے! پان میں جب تک کتھا، چُونا، چھالیا اور کلچر ایک خاص تناسب اور نفاست سے آمیخت نہ کئے جائیں، پان پان نہیں بنتا۔ ہم نے یہ بھی دیکھا کہ آدمی کو کھانا اپنی بیوی کے ہاتھ کا بچتا ہے اور پان پرائی کے ہاتھ کا رَچتا ہے۔ ساجد رضا لکھنوی تو کہتے ہیں کہ گنگا جمنی خاصدان سے ورق لگی گلوری اُٹھا کر، صحیح لب و لہجہ اور انداز سے "آداب عرض!" کہنے کے لئے تین نسلوں کا رَچاؤ درکار ہے۔"

"گستاخی معاف! میرا خیال ہے کہ اگر تین نسلیں اس ترکیب سے پان کھالیں تو

www.urduchannel.in



چوتھی نسل "آداب عرض!" کرنے کے لئے پیدا ہی نہیں ہوگی۔ اور ہاں! یہ بھی تو آپ ہی نے بتایا تھا کہ ماشاء اللہ خاں ماشا کی کہانی 'رانی کیتکی' ......"

"انشاء اللہ خاں انشاء کہیے۔"

"چلو بابا یونہی سہی۔ ایک حال کا صیغہ ہے، دوسرا مستقبل مشکوک کا۔ "رانی کیتکی" کی ہیروئن نے اپنے منہ کی پیک سے اپنے پریمی کو پریم پتر لکھا تھا۔ اور یہ بھی آپ ہی نے بتایا تھا کہ واجد علی شاہ جس زمانے میں مٹیابرج میں قید فرنگ میں تھے تو انہوں نے لکھنؤ سے معشوق محل کے ہاتھ کے کٹے ہوئے ناخن اور اپنی ایک چہیتی لونڈی کے پان کا اگال بطور نشانی منگوایا تھا۔ ہم نسوار سے کم از کم یہ کام تو نہیں لیتے۔ محبوبہ کو خط ہم لعابِ دہن سے نہیں، خون سے لکھتے ہیں۔ اپنا خون نہیں۔ دشمن کا۔"

"قبلہ! خط پتر تو پوسٹ آفس کے ذریعہ ہم جیسے مجبور واپاہج بھیجتے ہیں۔ آپ تو ماشاء اللہ خود مکتوب الیہ کو مع چارپائی اٹھا لاتے ہیں۔"

"اگر ایک لفظ بھی زبان سے اور نکالا تو یہیں تمہارا ریتا بنا دوں گا۔"

ابدالی کی نال کا اگلا حصہ پتلون کی بیلٹ سے ہینڈل کے ساتھ باندھ دیا گیا۔ اس کا دھڑ کبھی ہم بائیں ہاتھ سے تھام لیتے، کبھی کندھے پر رکھ لیتے۔ کندہ پچھلے پہیے سے تین فٹ پیچھے نکلا ہوا تھا۔ ٹائی زیادہ پھڑپھڑانے لگی تو ہم نے اس پر باندھ دی ..... جس طرح لوہے اور سریوں کے ٹرک کے پیچھے لال جھنڈی لہرا دی جاتی ہے۔ ہم نے پوچھا ہماری غیر موجودگی میں آپ ابدالی کس طرح ڈھوتے تھے؟ بولے، آپ بھی کیسے EMBARRASSING سوال کرتے ہیں! عرض کیا ہم تو محض اپنے علم کو جلا دینے کی خاطر پوچھ رہے تھے۔ ہماری ہوسِ علم پر دھیرے سے مسکرا دیئے۔ فرمایا بہار کالونی کا ایک ملنگ اتوار کے اتوار منگھوپیر "دے اس کا بھلا۔ جو نہ دے اس کا بھلا" کرنے جاتا ہے۔ اسے پیچھے بٹھا لیتا ہوں۔ اندھا ہے۔ آنکھوں والے سب فقیر اس پر رشک کرتے ہیں۔ فقیر کے لئے آنکھیں نہ ہونا بڑی نعمت ہے!

www.urduchannel.in



## — ۵ —

### اگر فردوس......

آخری بریک لگا کر اِدھر اُدھر دیکھا تو یقین نہ آیا کہ یہ جگہ ان کی شکار گاہ ہو سکتی ہے۔ منگھوپیر کے اتھلے تالابوں کے کنارے جنگلی بکروں کے پگ مارک کہیں نظر نہ آئے۔ البتہ چند ضعیف مگرمچھ اور ان سے زیادہ ضعیف العقیدہ جذامی غوطے لگا رہے تھے۔ اور ہر دو کے غسلِ علالت کے پانی کو معمولی جلدی بیماریوں کے مریض اپنے جسم پر ڈال رہے تھے۔ یہاں سائیکل ایک تنور والے کے سپرد کر کے اور چار تنوری روٹیوں کی پیشگی بکنگ کرا کے شکار کی تلاش میں پاپیادہ نکلے۔ خان صاحب نے منگھوپیر کی پہاڑیوں پر نگاہ کی تو دیر تک افسوس کیا کیے کہ سینکڑوں سال سے بے کار بے مصرف پڑی ہیں۔ ورنہ قبائلی جنگ کے لئے اس سے بہتر جگہ، قسم خدا کی، روئے زمین پر تو کیا فردوس میں بھی نہیں ملے گی۔

ہمیں است و ہمیں انست و ہمیں است

### اَبدالی چلتی ہے

انہوں نے ابدالی کے کُندے کو ایک تین فٹ گہرے گڑھے میں ٹکا دیا اور خود اس کے دہانے پر کھڑے ہو گئے۔ تب کہیں نال ان کے کانوں تک آئی۔ اب بندوق بھرنے کا عمل شروع ہوا۔ بندوق بھرتے جاتے اور اس کی ہلاکت خیز خوبیاں بیان کرتے جاتے۔ "ہالینڈ اینڈ ہالینڈ، ویبلی اسکاٹ اور پرڈی کی بندوقیں تو اس کے سامنے ٹین کی پھُکنیاں ہیں پھُکنیاں!" ٹائلٹ پیپر، گتّے کی ٹکلیاں، اونٹ کی مینگنی، بَبول کے زرد زرد پھول، بارود، چھرّوں اور گالیوں کی لاتعداد تہیں جمائی گئیں۔ ہر تہ کے بعد آہنی گز سے ٹھونکنے، کوٹنے کا کام ہمارے سپرد ہوا۔ اور ہم ہر تہ کو کوٹتے رہے، کوٹتے رہے تاوقتیکہ جملہ مسالہ جات اور ہم، یکجان نہ ہو گئے۔

آخر میں ٹوپی چڑھائی گئی۔ اگر ہم یہ کہیں کہ اس کارروائی میں ایک گھنٹہ لگا تو مبالغہ ہو گا، اس لئے کہ ۵۵ منٹ لگے تھے، جن میں دس منٹ نابالغ اونٹ کی مینگنی (چھوٹی نہ بڑی، بلکہ منجھولی، جو نال میں اس طرح چلی جائے گویا اسی کے لئے ڈھالی

www.urduchannel.in



گئی تھی) تلاش کرنے کے ہم نے شامل نہیں کیے۔ تین چار دفعہ رنجک چاٹنے اور اتنی ہی زبانوں میں گالی کھانے کے بعد ابدالی چلی ہے تو ایک عالم تھا۔

## پرنداں نمی پرند

ہم نے ایسا دھماکا زندگی میں نہیں سنا تھا۔ ہم تو ہم، چرندے، پرندے اور گزندے تک اپنے حواسِ خمسہ، یا جتنے بھی ان کے حواس ہوتے ہیں، کھو بیٹھے۔ بھیڑوں کو ہم نے زندگی میں پہلی بار مختلف سمتوں میں بھاگتے دیکھا۔ منگھوپیر کے مگرمچھ گھبرا کر تالابوں سے باہر نکل آئے اور تماشائی تالابوں میں کود پڑے۔ جس جگہ ہم پانی کی چھاگل چھاتی پر رکھے چکرا کر گرے تھے، وہاں سے ہم نے چند لمحوں تک ایک پہاڑی کو بھی قلابازی کھاتے دیکھا۔ ہمارا حال، بالمراحل، مثنوی گلزارِ نسیم کے آدم خور دیو جیسا ہوا:

تیورا کے وہیں وہ بار بَردوش
بیٹھا تو گِرا، گِرا تو بے ہوش

خدا نے خیر کی، ورنہ بیچ میں اگر گڑھا حائل نہ ہوتا تو خان صاحب بندوق کے دھکے سے اُس پار نہ جانے کتنی دُور پتھروں میں جا کر گرتے۔ بھونچال ہی تو آگیا۔ فضا میں دُور دُور کاغذ کے پُرزے، سگرٹ کی پنّی، گتّے کے ڈاٹ، دُھول، دُھواں اور نہ جانے کیا کیا اُڑنے لگا۔ ان تمام اشیاء کی مدد سے انہوں نے چھرّوں کو شکار کے مدار میں پہنچایا۔ ہر طرف دُھواں ہی دُھواں تھا۔ جہاں تک نظر کام کرتی تھی ...... یعنی چھ انچ تک ...... کچھ نظر نہیں آتا تھا۔ ہم نے اپنے چہرے پر جمے ہوئے آتش گیر فضلے کو رومال سے پونچھا۔ ابھی تک فضا میں لاتعداد چیزیں، مع ہمارے ہوش کے، اُڑ رہی تھیں۔ چھرّے تو چھرّے، نابالغ اونٹ کی مینگنی تک مع ٹائلٹ پیپر شکار کا تعاقب کر رہی تھی۔ اب کچھ کچھ سمجھ میں آیا کہ مرہٹے پانی پت میں میدان چھوڑ کر کیوں بھاگ کھڑے ہوئے تھے۔

خان صاحب نے قدرے توقف کرنے کا اشارہ کیا تاکہ جب ہر اُڑنے والی چیز زمین پر گر چکے تو پتہ چلے کہ ان میں سے کون سی غیر پرند تھی۔ پھر پانچ منٹ بعد دونوں نے ہر گری ہوئی چیز کو اٹھا اٹھا کر دیکھا کہ یہ سابق پرند تو نہیں۔ بعد تلاشِ بسیار، کیکر کی اوٹ میں ایک

www.urduchannel.in


بیتر کا بچہ نظر آیا جسے ہم نے رومال ڈال کر آسانی سے پکڑ لیا۔ یہ اُڑ نہیں سکتا تھا۔ اس کے جسم پر چھرّے کا کوئی نشان نہ تھا!

کھسیانے ہو گئے۔ فرمایا کہ پینتالیس سال پہلے میں اپنے سوتیلے بھائی کے سر پر اخروٹ رکھ کر اُڑا دیتا تھا۔ لیکن اب پرندے ایک لحظہ نچلے نہیں بیٹھتے۔ نشانہ خطا ہوتے ہی وہ پرندے کے شجرۂ نسب کی زنانہ شاخوں پر ہلّہ بول دیتے۔ سب جانوروں اور پرندوں کو پشتو میں گالی دیتے، لیکن کبوتر سے اردو میں خطاب فرماتے۔ کہتے تھے کبوتر سید ہوتا ہے۔

## ہماری چپاتی کا اُلٹا سیدھا

تین فاختائیں گرانے کے بعد انہوں نے ہمیں سوکھی ٹہنیاں، تنکے، پچھٹیاں اور جھاڑ جھنکار جمع کرنے کا حکم دیا اور خود چولھے کا ڈول ڈالا۔ ابدالی میں پرندے کے پر نوچنے اور آلائش نکالنے کا آٹومیٹک انتظام تھا۔ وہ اس طرح کہ دس فٹ کے فاصلے سے (یہی بندوق کی لمبائی ہوگی) چھرّوں کی باڑھ سے اس کے سارے پر و بال مع بازو اُڑ جاتے تھے۔ بعض اوقات تو مرحوم کا قیمہ اور باقیات دیکھ کر یہ بتانا مشکل ہو جاتا کہ اس کا تعلّق کس نسل سے ہے۔ خان صاحب نے نچی نچائی فاختائیں بندوق کے گز (جو دو گز لمبا تھا۔ فرماتے تھے کہ لڑکپن میں ایک دفعہ گز پر جھاڑی باندھ کر لاہور میں بسنت پر پتنگ لُوٹے تھے) میں پرو کر آگ پر بھونیں۔ بھونتے بھونتے کہنے لگے کہ دیگچی سے تہذیب یافتہ انسان وہ کام لیتا ہے جو قدیم زمانے میں معدے سے لیا جاتا تھا۔ یعنی غذا کو گلانا۔ آپ کی کراچی میں تو قیمے میں بھی پپیتے کی گلاوٹ لگاتے ہیں۔ حد یہ کہ سادہ پانی ہضم کرنے کے لئے اس میں فروٹ سالٹ ملاتے ہیں! ہمارے ہاں تو روٹی بھی پتھر پر پکتی ہے۔ اور آٹے کا کیا کہنا! جس چکی کا پسا ہم کھاتے ہیں وہ ندی کے کنارے فاختہ کی طرح کُوکُو، کُوکُو کرتی جاتی ہے اور آدم کو جنّت سے نکلوانے والی شے پیستی جاتی ہے۔ گستاخی معاف! کراچی کی روٹی تو دونوں طرف سے اُلٹی معلوم ہوتی ہے! کراچی بھی عجب شہر ہے! آپ ہماری نان کھا کر باڑہ کا دو گھونٹ پانی پی لیں تو قسم وحدہٗ لاشریک کی، یا تو

www.urduchannel.in



حکومت کے خلاف فی الفور بغاوت کر دیں یا قاضی کے سامنے پھر سے ہار پھول پہن کر بیٹھ جائیں۔

خان صاحب نے دو فاختائیں ہمیں عنایت کیں اور ایک چھوٹی سی ٹوٹرو فاختہ پر توکل فرمایا۔ ہم نے تکلفاً ایک بڑی فاختہ واپس کرنا چاہی توانہوں نے یہ کہہ کر انکار کر دیا کہ یہ ٹھیک سے ذبح نہیں ہوئی تھی۔ روٹی کے بارے میں یہ طے ہوا کہ اس کا رُوکھا بھگتان تنور پر پہنچ کر کر دیں گے۔ ہماری مُسلّم فاختہ میں چھرّے ہی چھرّے بھرے ہوئے تھے، جنہیں ہم پپول پپول کر اس طرح تھوک رہے تھے جیسے جننگ فیکٹری چھانٹ چھانٹ کر بنولے پھینکتی جاتی ہے کہ روئی کی روئی، بنولہ کا بنولہ الگ ہو جاتا ہے۔

کھانے کے بعد چھاگل سے پانی نکال کر تام چینی کے مگ میں اُبالا۔ تھیلے میں سے چائے کی پتی اور چینی نکالی اور ایک بکری کو پکڑ کے چوتھا جزو نکالا۔

## ہمارا کچّے گھڑے سے دریا پار کرنا

شکار ختم ہوا تو ہم پھر حرفِ مطلب زبان پر لائے۔ تمباکو کے بارے میں بھی کچھ ہو جائے۔ کہنے لگے اس برگِ حرام کے بارے میں ایک اہم بات یہ اور یاد رکھئے کہ یہ واحد پودا ہے جس پر کوئی پرندہ چونچ نہیں مارتا۔ چنانچہ آج تک کوئی پرندہ حلق کے کینسر اور مالی مشکلات میں مبتلا نہیں پایا گیا۔ آپ نوٹس لینے کے شوقین ہیں، بے شک نوٹ کر لیجئے۔

ہماری ہمت بڑھی۔ پوچھا "اور اس کی کاشت کے لئے کیا کیا چیزیں ضروری ہیں؟"

فرمایا "تمباکو کے پودا جات کے لئے مٹّی اور پانی نہایت ضروری ہیں۔"

پوچھا "اور آب و ہوا؟"

فرمایا "ہاں! وہ بھی ہونی چاہئے۔"

یہ تھی اُمرت کی وہ بوند جو سارے ساگر کو متھ کر ہم نے نکالی۔ واپسی میں اِدھر اُدھر کے موضوعات کی کمین گاہ سے نکل کر ہم نے آخری وار کیا۔

www.urduchannel.in



"ضلع مَردان میں تمباکو پہلے پہل کس سنہ میں اُگایا گیا؟"

فرمایا "یہ کون سا سنہ ہجری ہے؟"

"یاد نہیں۔"

"نور جہاں کا باپ کون سے سنہ میں دخترِ نیک اختر کو رختِ سفر میں باندھ بوندھ کر ہندوستان میں وارد ہوا؟"

"یاد نہیں"

"سکندر لودھی کی والدہ نے بابر کو کون سے سنہ میں کوہِ نور ہیرے کی نذر گزرانی تھی؟"

"یاد نہیں۔"

"آپ کتنے سال پہلے پیدا ہوتے تو نادر شاہی قتلِ عام میں مارے جاتے؟"

"خبر نہیں۔"

"تو پھر تمباکو کی تخم ریزی کا سنہ جانے بغیر آپ مُولی کی بھجیا، ہضم نہیں کر سکتے؟ عِلم کے زور سے آپ اسکول ماسٹری کر سکتے ہیں، بینک میں افسری نہیں کر سکتے۔ کچے گھڑے سے یہ دریا پار نہیں ہونے کا۔ فلسفہ پڑھ کے آدمی صرف ایک کام کر سکتا ہے: دوسروں کو فلسفہ پڑھا سکتا ہے۔ فلسفہ پڑھنے کے بعد سُود کھانے سے ٹھنڈا گرم ہو جاتا ہے۔"

لو، وہ بھی کہتے ہیں کہ یہ بے ننگ و نام ہے!

## شائستہ لوگ کیسے گالی دیتے ہیں

پاکستانی بزنس مین، بیورو کریٹ اور بینکر کی ڈکشنری میں "انٹلکچویل" سے زیادہ سَڑی گالی کوئی نہیں۔ اور ہم یہ بات‘ ساری عمر یہی گالی کھا کے بے مزا ہوئے بغیر کہہ رہے ہیں۔ شروع شروع میں یہ عجیب سا لگا کہ ڈپٹی جنرل منیجر سے لے کر چپراسی تک، سب ہی ہماری ایم اے کی ڈگری کا مذاق ضرور اُڑاتے ہیں۔ حالانکہ ہم نے بارہا اطمینان دلایا کہ ہم نے فلسفہ میں ایم اے محض دَفع الوقتی کے لئے کیا تھا۔ تعلیم ہرگز مقصود نہ

www.urduchannel.in



تھی۔ علم کے قدِ بالا پر قبائے معاش تنگ ہی نہیں چٹکیوں سے جگہ جگہ سے مسکنے لگی تھی۔ حد یہ کہ بینک کے اکاؤنٹنٹ بھی جو ایک مڈل سکول کے فارغ التحصیل تھے اور خود کو بجا طور پر انڈر گریجویٹ کہتے تھے (بجا اس لئے کہ کنڈر گارٹن سے لے کر تھرڈ ایئر تک اگر ہم انڈر گریجویٹ نہ کہیں تو کیا پوسٹ گریجویٹ کہیں گے؟) وہ بھی جہاں ہم سے جمع و تفریق کی کوئی خطائے جلی یا خفی ہو جائے، اسی ڈگری پر ہاتھ ڈالتے تھے۔ ایل۔ ایل۔ بی کو تو پھر بھی لوگ ایک مکمل اور بیّن معذوری سمجھ کر معاف کر دیتے تھے، لیکن فلسفہ کا ایم۔ اے ؟؟؟ ہمارے ہاں مذاق کا نے کا اُڑایا جاتا ہے۔ اندھے کو اندھا اور نائی کو نائی نہیں کہتے۔ حافظ جی اور خلیفہ کہتے ہیں۔ حدِ ادب یہ کہ جس نے اُسترے سے حضرت احسان دانش کے گھرا چرکا لگایا، اس نائی کو انہوں نے التزاماً نائی لکھا ہے۔ فیض صاحب کہ مشکل پسند آدمی ٹھہرے، اپنی شاعری کے صلہ میں وصل کے علاوہ کچھ اور راحتیں بھی مانگتے ہیں۔ دار اور پھانسی سے کم کی بات نہیں کرتے۔ لیکن ہم تو اپنے آپ کو سطحِ زمین سے اتنی بلندی پر دیکھنے کے آرزو مند نہ تھے۔ پھر یہ بزرگ کیوں ہمیں روز صبح نو بجے سے شام کے سات بجے تک اس ڈگری کی سُولی پر چڑھائے رکھتے تھے۔ ہم خود بھی نیچے اُترنا زیادہ مہلک سمجھتے تھے۔ اس لئے کہ نیچے تو وہ خود ہوتے تھے۔ ہم نے کہیں پڑھا تھا کہ زار روس نے اپنی ملکہ کیتھرین کو یہ سزا دی تھی کہ اس کے آشنا کا سر قلم کر کے اسپرٹ کے بلوری مرتبان میں اس کی خواب گاہ میں عین نظروں کے سامنے سجا دیا تھا۔ سو ہماری یہ داشتہ آید ڈگری بھی کچھ اسی قبیل کی چیز نکلی۔

ہم نے کہا "آپ بجا کہتے ہیں۔ جو کچھ پڑھا لکھا، وہ ہمارے کچھ کام نہ آیا۔ ایم اے فلسفہ تو بعد کی بات ہے، ہم تو زندگی کا کوئی مسئلہ میٹرک کے الجبرا کی مدد سے بھی حل نہ کر سکے۔ تین دن ہوئے بچی سخت بیمار تھی۔ اس کے لئے انجکشنوں کی ضرورت پڑی۔ ہم نے یونیورسٹی میں اوّل آنے کا گولڈ میڈل جو کئی سال سے بیکار پڑا تھا، پروفیسر قاضی عبدالقدوس کے ہاتھ میٹھا در (صرّاف) میں بکوا دیا۔ ڈھائی تولہ کا طلائی تمغہ ۷۲ روپے میں بکا! آگرہ یونیورسٹی نے چاندی پر سونے کا پتّر چڑھوا دیا تھا! قاضی عبدالقدوس نے ۷ روپے نقد اور ۲۸ روپے کی سالم رسید ہمیں تھما دی۔ کہنے لگے۔ ۲۰

www.urduchannel.in



روپے ذرا خرچ ہوگئے۔ بڑی سخت ضرورت تھی۔"

خان صاحب چونک کر سائیکل سے اُتر پڑے "اچّھا! ہم پر بھی ذرا پیغمبری وقت آن پڑا ہے۔ یہ انگوٹھی بیچنی ہے۔ صرّاف کا پتہ کیا ہے؟ اعتباری آدمی ہے؟"

دوسرے دن لنچ کے وقفہ کے بعد ہمارے پاس آئے اور علٰحدہ لے جا کر ایک لفافہ ہمیں تھما دیا۔ اس میں ہمارا گول میڈل تھا۔ ان کی اُنگلی میں انگوٹھی نہیں تھی۔

## دوست آں باشد کہ . . .

شکار تو ایک بہانہ تھا، ورنہ اصل مقصد اپنی طبیعت اور ابدالی کا زنگ دُور کرنا تھا۔ اس رفیقہ کو کندھے پر رکھتے ہوئے ایک دفعہ فرمایا "خیر میں تو پھر بھی پتّا مارلوں۔ مگر اس پٹھانی کو تو ہفتہ واری ورزش چاہیے۔" منگھو پیر کی جن "پہاڑیوں" کو وہ اکھیڑ کر قبائلی علاقے میں لے جانا چاہتے تھے، ہمیں تو وہ ایسی لگیں جیسے ریگستان کو گرمی دانے نکل آئے ہوں۔ بارش کے ایک ہی چھینٹے میں بھُوسی سی اُڑ جائے گی۔ اس تاریخی شکار کے بعد مساوات سی ہوگئی۔ نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز۔ اُستاد و شاگرد کا فرق مِٹ گیا۔ مطلب یہ کہ دونوں ایک دوسرے کے اُستاد ہوگئے اور نجی معاملات میں ایک دوسرے کو نہ صرف غلط مشورے دینے لگے، بلکہ ان پر سختی سے عمل بھی کرنے لگے۔ شام کو توڑ کے وقت ایک دوسرے کے کام میں ہاتھ بٹاتے۔ باہمی صلاح و مشورے کے بغیر کبھی کوئی غلطی نہیں کرتے تھے۔ بینک کے "لیجر" اور صفحات کے ہر کالم میں بالعموم تیس پینتیس اندراجات ہوتے ہیں۔ انہیں رَوانی کے ساتھ ٹوٹل کرنے (جوڑنے) میں ان دنوں ہمیں خاصی دشواری ہوتی تھی۔ کبھی پائی کھا جاتے۔ کبھی آنے بڑھا دیتے۔ اور روپیوں کا صحیح حاصل لگانا تو کبھی یاد ہی نہیں رہتا تھا (خانصاحب کھینچ تان کے ہمارے آنوں کی ناف تو بٹھا دیتے مگر دونوں طرف کی پسلیاں توڑ دیتے تھے۔ یعنی پائیوں اور روپیوں کا میزان نہیں ملتا تھا۔) پروفیسر قاضی عبدالقدوس ایک شام اپنی زیارت کروانے بینک آئے تو ہم نے حاصل بھُول جانے کی عادت کا ذکر کیا۔ اِرشاد ہوا "آپ بھی وہی کیجیے جو واجد علی شاہ کرتا تھا۔"

www.urduchannel.in



"یہاں بینک میں؟"


"اور کیا! واجد علی شاہ مٹیا برج میں نظر بند ہونے کے بعد نماز پڑھنے لگے تھے۔ مگر رکعتیں بھول جاتے تھے۔ اس کا حل یہ نکالا گیا کہ ایک چوبدار ہر رکعت کے بعد ایک بادام جانماز کے حاشیے پر رکھ دیتا تھا۔ تاجدارِ اودھ ہر سجدے کے بعد کنکھیوں سے بادام گن کر یہ فیصلہ کرتے کہ انہیں پھر خدا کے حضور رکوع و سجود کرنا ہے یا آرام سے التحیات پڑھنی ہے۔"

## ہماری عرائض نویسی

ایک دن کہنے لگے ہرچند کہ آپ کی انگریزی اتنی اچھی تو نہیں جتنی میری پشتو، تاہم ایک درخواست انگریزی میں اس مضمون کی لکھ دیجئے کہ مجھے فوراً ترقی دے کر مردان کا منیجر بنادیا جائے۔ زور پیدا کرنے کے لئے آخر میں یہ بڑھا دیجئے کہ مکرر آنکہ، اس علاقے میں جو رقمیں ڈوبیں گی، انہیں سوائے میرے کوئی تخمیر وصول نہیں کرسکتا۔ پشتو میں ایک کہاوت ہے کہ جس علاقے کا ہرن ہوتا ہے وہیں کے کتّوں کے قابو چڑھتا ہے۔ اس کا لفظی ترجمہ کردیجئے۔ ہم نے کہا مگر مردان میں تو بینک کی کوئی شاخ نہیں ہے۔ بولے مجھے ترقی دینی ہے تو پدر سوختہ کو شاخ بھی کھولنی پڑے گی۔ اور ہاں یہ بھی صاف صاف لکھ دیجئے کہ اگر میری ترقی نہ ہوئی تو میں پڑوسی کی لڑکی کو ٹیوشن پڑھانی شروع کردوں گا۔ ہم نے کہا یہ دھمکی تو پڑوسی کو دہلا سکتی ہے، انگریز جنرل منیجر اس سے خوف نہیں کھائے گا۔ جھلّا کر بولے تو پھر یہ وارننگ دے دیجئے کہ میں SPANISH CIVIL WAR میں چلا جاؤں گا۔ ہم نے کہا مگر یہ خانہ جنگی تو بند ہو چکی۔ بولے اوہ! میں نے دو دن سے اخبار نہیں دیکھا۔ عرض کیا اسے ختم ہوئے تو تیرہ سال ہوگئے۔ فرمایا اچھا تو پھر کوئی اور مناسب دھمکی تحریر کردیجئے۔

ہم نے ایک نہایت فدویانہ عرضداشت ایک انگلی سے ہجّے کرکر کے اس طرح ٹائپ کی جیسے ملکہ پکھراج اور طاہرہ سید گانا ٹائپ کرتی ہیں۔ اس میں حضور فیض گنجور کی توجّہ کمترین کی ذہانت اور اہلیت سے زیادہ اس کی ضعیف العمری، کثیر العیالی اور غبن سے

www.urduchannel.in



PDF LIBRARY
0333-7412793

www.urduchannel.in



پیدائشی نفرت کی طرف منعطف کرائی۔ بکراہت دستخط کرنے کے بعد انہوں نے اس کے چاروں طرف اپنے ہاتھ سے سیاہ ماتمی حاشیہ کھینچا۔ اب ایک ایک سے کہتے پھر رہے ہیں کہ میں نے جنرل مینیجر سے جواب طلب کرلیا ہے کہ میری ترقی تین سال سے کیوں رُکی ہوئی ہے۔ کل ہی تخمیر نے مجھے بُلایا۔ میرے "شوکاز نوٹس" کو حرفاً حرفاً پڑھا۔ اپنا "پارکر" ہتھیلی پر رکھ کر مجھے پیش کیا اور کہنے لگا خود اپنا پروموشن آرڈر لکھو اور جہاں چاہو خود کو پوسٹ کرلو۔

حیرت ہمیں اس پر ہوئی کہ چھ ہفتے کے اندر اندر مردان میں بینک کی شاخ کُھل گئی اور وہ سچ مچ اس کے مینیجر مقرر ہوگئے۔ انہوں نے ہمیں کامیاب درخواست لکھنے پر مبارکباد دی اور وہ انگلی چومی جس سے ہم نے ٹائپ کیا تھا۔ اس دن سے وہ ہماری انگریزی دانی اور ہم ان کی انگریز شناسی کے قائل ہوگئے۔ یہ ان کی محبّت تھی کہ اٹھتے بیٹھتے ہماری عرائض نویسی کی داد دیتے ورنہ، انہی کے بقول، پھنسی ہوئی گھوڑی نکلوانے کے بعد کون کسی کو پہچانتا ہے۔

ہم نے اس واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے مرزا سے کہا "دیکھا! یہ سب قوتِ ارادی کے کرشمے ہیں۔ قوتِ ارادی سے پہاڑ بھی جگہ سے ہل جاتے ہیں۔"

فرمایا "اگر تمہاری مراد پہاڑ کی اپنی قوتِ ارادی سے ہے تو مجھے بھی اتفاق ہے!"

طبع آزاد صوم وصلوٰۃ کی پابند نہ تھی۔ ماہِ صیام میں ہمارے ساتھ اسٹیشنری روم میں چائے پیتے ہوئے ارشاد فرمایا کہ رمضان میں ذرا یہ قباحت ہے کہ سحری اور افطاری کرنے سے لنچ اور ڈنر کی اشتہا میں فرق آجاتا ہے۔ ہم نے پوچھا حضور نے کبھی کھانا قضا بھی کیا؟

فرمایا "ہاں! بارہ سال پہلے تین روزے رکھے تھے۔ ہر ایک سے تکرار۔ جس سے دیکھو گالی گفتار۔ اِس کو جھڑکا۔ اُس کو ڈانٹا۔ اور تو اور، اپنے باس کے طمانچہ مار دیا کہ روزہ رکھتا ہے۔ نماز کیوں نہیں پڑھتا؟ اس کے بعد دونوں روزوں سے تائب ہوئے۔ چوتھے روزے سے باسی عید تک ایک ایک کے گھر جا کر فرداً فرداً معافی مانگتا رہا۔

www.urduchannel.in



اب مجھ میں اتنی سکت نہیں کہ ہر اَیرے غیرے کی ٹھوڑی میں ہاتھ دے دے کر معافیاں مانگتا پھروں۔

## نوشہرہ کی لڑائی

جس زمانے کا یہ ذکر ہے اس کے اٹھارہ انیس سال بعد ۱۹۷۰ء میں نوشہرہ جانے کا اتفاق ہوا۔ جنوری کی ایک نہایت یخ صبح تھی۔ تورخم کے پہاڑوں پر دو دن سے برف گر رہی تھی۔ ہم بینک کی زیرِ تعمیر عمارت کے سامنے دھوپ میں نقشہ پھیلائے ٹھیکیدار سے الجھ رہے تھے۔ پہلا نزاعی مسئلہ تو یہ تھا کہ دوسری منزل پر جہاں زینہ ختم ہوتا تھا، سیڑھی سے چھت کی اُونچائی ٹھیکیدار کے قد کے برابر تھی۔

جس کا مطلب یہ تھا کہ پانچ فٹ ایک انچ سے زیادہ لمبا کوئی شخص رات کو تیزی سے چڑھتا چلا جائے تو آخری سیڑھی پر اس کے سرِپُر غرور کا زائد از ضرورت حصّہ خود بخود علیحدہ ہو جائے۔ ٹھیکیدار کا موقف تھا کہ اول تو نقشہ پاس کرتے وقت ہماری آنکھیں کھلی ہوئی تھیں۔ دوم، یہ تو ایک طرح کا SAFETY DEVICE (حفاظتی تدبیر) ہے۔ بینک سے نقب زنوں اور ڈاکوؤں کے سربُریدہ لاشے آئے دن اس طرح نکلیں گے جیسے گردن تراش چوہے دانوں میں سے لالچی چوہوں کی لاشیں۔ دوسرا مسئلہ یہ تھا کہ ڈرائنگ روم بالائی منزل پر تھا اور ظالم نے ڈھلان ایسا رکھا تھا کہ اس منزل کے تمام کمروں اور ساری چھت کا پانی پچھلی بارش میں ڈرائنگ روم میں کھڑا ہو گیا۔ خیر، اس کا حل تو اس نے یہ نکالا کہ ڈرائنگ روم میں ایک کشادہ موری نکال دی جائے گی۔ اس سے پانی کا آخری قطرہ تک کھنچ کر نیچے کھڑی ہوئی کار پر گرے گا، جس سے وہ دُھل دُھلا کر جھما جھم کرنے لگے گی۔ نقشہ میں یہ کار برابر دکھائی گئی تھی۔ بے دھیانی میں ہم نے یہ نوٹس نہیں کیا تھا کہ یہ اتنی چمک کیوں رہی ہے۔

تیسرا دردِ سر یہ تھا کہ عمارت کے سامنے ایک شیشم کا درخت تھا جس نے صدر دروازے اور سائن بورڈ کو اس طرح اپنی اوٹ میں لیا تھا کہ بینک کے نام کا صرف THE پڑھا جا سکتا تھا۔ ٹھیکیدار کا خیال تھا کہ عاقل کو اتنا ہی اِشارہ کافی ہے، اس لئے کہ

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in


یعسوب پاکستان کی۔ پروٹوکول سے واقفیت ضروری ہے۔ ایک دن تمہیں برٹش ہائی کمشنر سے بھی ملواؤں گا۔ تمہاری ٹریننگ میرا ذمہ ہے۔ قاعدے سے تو مہمان کو لینے مجھے خود جانا چاہئے تھا۔ لیکن میں ان گوبھی کھانے والے نازیوں کا دماغ خراب نہیں کرنا چاہتا۔ تمہیں شاید معلوم نہ ہو، ہم جرمنی کو KRAUTLAND یعنی گوبھی خوروں کا ملک کہتے ہیں۔ اس کے سامنے گوبھی کا نام نہ لینا۔ ورنہ منہ نوچ لے گی۔ اور تمہارے منہ پر، نچوانے کے لئے، عینک کے سوا کچھ بھی نہیں۔ کچھ بھی نہیں۔"

## مشورے ہو رہے ہیں آپس میں

فائل کا عقبی نقاب ڈالے ہم اس کوچے سے یوں بے آبرو ہو کر نکلے۔ باہر آکر ہم نے اپنے باس مسٹر یعسوب الحسن غوری کو یہ مژدہ سنایا تو ان کی کلغی ڈھلک کر ایڑی سے آلگی۔ مصیبت یہ تھی کہ ہم نے کوئی بحری جہاز نہیں دیکھا تھا۔ اور نہ انھوں نے ۳۵ سالہ جرمن عورت۔ لہٰذا اتشریفاتی مہم پر روانگی سے پہلے ہم دونوں نے ایک دوسرے کے معلوماتی خلا کو پُر کرنے کی کوشش کی۔ مثلاً ہم نے پوچھا، پانی کا جہاز تو منزل مقصود پر پہنچنے کے بعد بھی غالباً پانی میں ہی کھڑا رہتا ہے یا "لینڈ" کرتا ہے۔ ریل کی طرح سیٹی دیتا ہے یا ہوائی جہاز کی طرح بغیر ہارن کے چھٹا پھرتا ہے؟ بحیرۂ عرب کی سطحِ آب، سطح کراچی سے، اور سطح جہاز ان دونوں سے کتنی اونچی یا نیچی ہوگی؟ نسینی لگانی پڑے گی؟ مال بردار جہاز سے پسنجر کس طرح چھڑایا جاتا ہے؟ طوفان اور بجلی کے ڈر سے تنہا عورت ذات لوہے لکڑ سے لدے ہوئے کارگو اسٹیمر میں کس سے چمٹتی ہوگی؟ جہاز میں کھمبا ہوتا ہے؟ انھوں نے بھی ۳۵ سالہ جرمن عورت سے متعلق کچھ ایسے ہی مبتدیانہ سوال اٹھائے۔ ہم تو خیر تھے ہی ریگستان کے رہنے والے، لیکن وہ بھی کچھ کم پیاسے نہیں نکلے۔ ان کا بچپن ایک چھوٹے سے گاؤں میں گزرا تھا اور وہ آج بھی عورت کا تصوّر، سر پر گھڑے کے بغیر کر ہی نہیں سکتے تھے۔ جیسے جیسے سوال ہوئے، ایک دوسرے کی لاعلمی پر ترس آنے لگا۔ اس وقت ان کی داڑھ میں شدید درد تھا جس کی وجہ سے جبڑا کان تک سُوجا ہوا تھا۔ چہرے کا یہ نصف حصّہ بالکل نارمل اور بھلا معلوم ہوتا تھا۔ دوسرے نصف حصّے میں بے شمار جُھرّیاں

www.urduchannel.in


اور ایک گڑھا تھا جسے صرف وَرم سے پُر کیا جا سکتا تھا۔ انھوں نے بمبئی سے کراچی ہجرت مال بردار جہاز میں کی تھی، جس کا بُرا بھلا اسکیچ بنا کر ہمارے جذبۂ تجسّس کی تھوڑی بہت تسکین کر دی ورنہ ہمیں تو بچپن میں پانی کی تخلیق و مَصرف کے بارے میں کچھ اور ہی اطلاع فراہم کی گئی تھی جس میں جہاز اور جرمن خاتون، دوربین سے بھی نظر نہیں آتے تھے۔

آبِ رَواں کے اندر مچھلی بنائی تو نے
مچھلی کے تیرنے کو آبِ رَواں بنایا

لیکن ہمیں محسوس ہوا کہ جب تک ان کی داڑھ، جبڑے سے، بلکہ جبڑا داڑھ سے علیحدہ نہ کر دیا جائے، جرمن عورت کا سراپا ان کے متورّم دماغ میں نہیں گھس سکتا۔ انھوں نے صرف مال بردار جہاز اور ہٹلر کا فوٹو دیکھا تھا اور انھی پر جرمن عورت کے ہیولے کو قیاس کرنے کی کوشش کر رہے تھے۔ واحسرتا کہ عورت کے بارے میں ہمارا سرمایۂ حکمت "کتاب آلودہ" تھا اور کتابِ حکمت مردم خوردہ۔ آنے کو تو وہ رُت بھی آئی جس کا نام کوئی دیوانی کہے بغیر نہیں لیتا، پر

مِٹّی ترسی، بوند نہ برسی، بادل گِھر گِھر آئے بہت

سچ تو یہ ہے کہ ہمیں زندگی کے بنیادی کوائف و حقائق اور اپنی ادھوری جوانی کے خلاؤں کا علم و انکشاف بھی فلموں ہی کے ذریعے ہوتا رہتا ہے۔ راز و نیاز اور بے تکلفی تو بڑی بات ہے، ہم نے تو کسی خاتون کے سامنے کبھی موزے بھی نہیں اُتارے۔ آج بھی ہمارے جذبات منھ کھول کر اپنا نام نہیں بتا سکتے۔ جن سنگدل حسیناؤں پر ہماری جوانی کی ہائے پڑی ان کے مُنھاسے نِکل آئے۔ بعضی بعضی کے تو جڑواں بچّے بھی ہوئے۔

بالآخر یہ طے پایا کہ پرسوں یعنی اتوار کو ہم دس بجے ان کے ہوٹل پہنچ جائیں۔ وہاں باہمی صلاح مشورے سے ایک دوسرے کی تشنگیِ علم رفع کی جائے گی۔

ہم ٹھیک دس بجے سندھ اسلامیہ ہوٹل پہنچ گئے۔ کمرے کے تین کونوں میں تین چارپائیاں پڑی تھیں اور چوتھے میں ایک ماچا۔ ہمارا سر اُس کے پائے کے شانے تک آتا تھا۔ یہ بینک کے چار افسروں کا کِھچار تھا، جنھیں مختلف برانچوں سے بسبب

www.urduchannel.in



ضعیف العمری، نااہلی، شورہ پشتی رشوت آدمگی خوری تبادلہ کر کے یہاں ایک دوسرے پر چھوڑ دیا گیا تھا۔ جیل میں اناڑی چور اُچکے اور معمولی جیب کترے، عادی مجرموں اور خونیوں کے سامنے تھر تھر کانپتے ہیں۔ سو یہی کیفیت ہماری تھی۔ یہاں کمرے کے ہر کونے میں ایک فرعون بے ساماں پڑا تھا۔

اپنے اپنے بوریئے پر جو گدا تھا شیر تھا

(پروفیسر قاضی عبدالقدوس کا خیال ہے کہ شاعر نے دونوں جگہ جانوروں ہی کے نام باندھے تھے، لیکن کاتب نے سہواً شیر کے پہلو میں گدا بٹھا دیا۔) دو چار پائیاں اور ماچا تو آباد تھے۔ البتہ یعسوب الحسن غوری کی جھلنگی چارپائی بے چراغ پڑی تھی۔ ٹوٹے ہوئے بانوں کی داڑھیاں کہیں خشخشی ، کہیں چگی، کہیں بھرواں یک مشت دو انگشت، اور بیچ میں شرعی حدود سے تجاوز کر کے زمین پر جھاڑو دے رہی تھیں۔ اسی کی پٹی میں ٹانگ کا آنکڑا اُٹکا کر ہم بھی جھولنے لگے۔ ہمارے گھٹنے آنکھوں کو چھو رہے تھے۔ محاورہ کچھ ہی کہتا رہے لیکن اس وقت کوئی ہمارے گھٹنے پر مارتا تو آنکھ ضرور پھوٹتی۔ غوری صاحب کو پوچھا تو معلوم ہوا کہ کچھ دن پہلے انھوں نے اپنی داڑھ فٹ پاتھ پر پریکٹس کرنے والے ایک دانداں شکن سے ۳ ½ آنے میں پلاس سے نکلوائی تھی۔ وہ سیپٹک ہو گئی۔ اب اس کا علاج کروانے ایک ہومیو پیتھ کے ہاں گئے ہوئے ہیں۔ آتے ہی ہوں گے۔

## چہار درویش

کم و بیش چھ مہینے سے یہ جی جوڑا کنبہ اس فرودگاہ میں قیام و طعام پذیر تھا۔ خوش خوری کے علاوہ ہمیں ان میں کوئی چیز مشترک نظر نہ آئی۔ صبح ناشتے میں پاؤ بھر حلوہ اور ایک ایک درجن پوریاں فی کس۔ ہاں کسی کا پیٹ خراب ہو تو تین پراٹھے۔ کھانا بولٹن مارکٹ کے "اللہ کی رحمت کا محمدی ہوٹل" (جی ہاں! آج بھی اس کا یہی نام ہے۔ اب تو فون بھی لگ گیا ہے۔) میں کھاتے۔ اس لئے کہ وہاں پانچ آنے میں ایک بھنا ہوا تیتر مل جاتا تھا۔ دس آنے میں پیٹ بھر جاتا۔ پندرہ آنے میں نیت بھی بھر جاتی تھی۔ جس

www.urduchannel.in



شے کو ہم نے ماچا کہا ہے وہ دراصل ایک مچان تھا۔ اسی قبیل کا جیسے کھیتوں میں بیچوں بیچ نظر آتے ہیں جن کے نیچے سے گیابھن بھینس بآسانی نکل جاتی ہے۔ اس مچان کے نیچے پہیّوں والی ایک اسپتالی چارپائی پارک تھی جو رات برات اچانک آنے والے مہمان کے لئے لڑھکا کر کمرے کے وسط میں عین پنکھے کے نیچے بچھادی جاتی تھی۔ پنکھے کے نیچے چاروں میں سے کوئی نہیں سوتا تھا، اس لئے کہ چھت کے جس آہنی کڑے میں وہ بیس سال سے ہمارے ایمان کی طرح متزلزل تھا، وہ ۳/۴ گھس چکا تھا۔ چاروں اپنی اپنی چارپائی پر سوتے اور مہمان اس پر جاگتا تھا۔

دروازے کے دائیں طرف والی چارپائی پر مولود احمد ترمذی غسل کے بعد تولیہ باندھے بیٹھے تھے۔ ہم نے ان کے کندھوں پر کہنیاں رکھ کر استقبال کو اُٹھنے سے باز رکھا۔ کسی زمانے میں ان کے بھتیجے کی چینی کے برتنوں کی اچھی خاصی دکان تھی۔ ناہنجار کو ریس کھیلنے کا چسکا لگ گیا۔ اسے پکڑنے ہر اتوار کو ریس کورس جاتے تھے۔ وہ تو خیر طوائفوں کے پھیر میں آکر ریس سے تائب ہو گیا۔ لیکن چچا جان قبلہ وہیں کے یعنی گھوڑوں کے ہو رہے۔ ہر گھوڑے کا شجرۂ نسب اور اس کے بزرگوں کی خرگرمیاں انھیں تاریخ وار حفظ تھیں۔ مجھے یاد ہے وہ ذرا ذرا، انھیں یاد ہو کہ نہ یاد ہو۔ چارپائی کے سرہانے والی دیوار پر ایک فوٹو تھا جس میں وہ جتانے والے گھوڑے کی گردن میں ہاتھ ڈالے، اس کے ہونٹوں پر ہونٹ رکھے کھڑے تھے۔ ہونٹوں والی بات سمجھ میں نہیں آئی۔ اس لئے کہ چومنا فرض ہی تھا تو متعلّقہ سُم چومتے۔

دائیں جانب چارپائی پر احمد اللہ ششدر دراز تھے۔ فرماتے تھے کہ احمد اللہ کچھ ادھورا ادھورا، سپاٹ سا لگتا تھا۔ پینتیس سال پہلے بمبئی میں ملازمت کی تو انگریز اکاؤنٹنٹ مسٹر اللہ کہہ کر مخاطب کرنے لگا۔ لہٰذا میں نے نام کے ساتھ ششدر جوڑ لیا۔ ویسے اسی زمانے میں دس بارہ غزلیں کہہ کر اتنے ہی مشاعروں میں خود کو ہوٹ کروا چکے تھے۔ اکثر فرماتے کہ بمبئی میں اچھے سُننے والے عنقا ہیں۔ لکھنؤ میں تو اس گئے گزرے زمانے میں بھی ایسے ایسے سخن شناس باقی تھے کہ سہ روزہ مشاعرے میں داد دیتے دیتے بے ہوش ہو جاتے تھے۔ دو تین غزلیں ہمیں بھی سُنائیں۔ ۲۵ فیصد اشعار وزن سے گرے ہوئے

www.urduchannel.in



تھے۔ بقیہ تہذیب سے۔ عمر ۷۵ کے لگ بھگ ہوگی۔ تمام عمر کنوارے، مگر نچلے نہیں رہے۔ اب طاقتِ گناہ جواب دے رہی تھی۔ شبنے مانند شبنے دیگرنمی ماند۔ دو سال قبل آخری معاشقے میں ناکامی ہوئی اور عشرتِ صحبتِ خوباں کا امکان نہ رہا تو پیرو مرشد حضرت سید گلمبر شاہ کا دامن تھام لیا۔☆

گر نہیں وصل تو حضرت ہی سہی

گلمبر شاہ کسی خاندانی یا پیدائشی مجبوری کی بنا پر نہیں بلکہ اپنی مرضی و اختیار سے سید بنے تھے۔ ہمارے دیکھتے دیکھتے حضرت ہوگئے اور پھر رحمتہ اللہ علیہ۔

ہر انسان کے ساتھ ایک شیطان پیدا ہوتا ہے۔ احمد اللہ ششدر نے اپنے شیطان کو مسلمان کر کے اس کی لبیں کتر دیں اور ٹخنوں سے اونچا پاجامہ پہنوا دیا۔ اب آ کے نہ جانے والے بڑھاپے نے چہرے پر گہری خندقیں کھود لی تھیں۔ ویسے صحت اور کاٹھی مضبوط تھی، جس کے ثبوت میں اکثر فرماتے کہ میرا فجر کا وضو مغرب تک نہیں ٹوٹتا۔ اگر وہ سنِ پیدائش جو انھوں نے ملازمت کے فارم میں درج کیا تھا، واقعی صحیح تھا تو انھوں نے ۳½ سال کی عمر میں میٹرک کر لیا ہوگا۔ جس دن ان کی پتلون میں سے پاجامہ جھانکتا نظر آتا، وہ جمعہ کا دن ہوتا تھا۔ طب میں بھی تھوڑا بہت دخل و درک رکھتے تھے۔ ہر مرض کا علاج انجیر سے کرتے۔ پرانے اور پوشیدہ امراض کا علاج سڑے ہوئے انجیر سے کرتے تھے۔

مچان پر قنبر علی شاہ براجمان تھے۔ گرم جلیبی کھا رہے تھے۔ پٹّی سے آدھا دھڑ نیچے لٹکا کر چپچپاتے ہوئے ہاتھ کو مصافحہ سے صاف کیا۔ شاہ جی کے صحیح وزن کا کبھی تعین نہ ہو سکا۔ سننے میں آیا تھا کہ ایک دفعہ کسی کے "باتھ روم اسکیلز" پر چڑھ گئے تو سوئی باؤلی ہو گئی۔ چلنا پھرنا تو بہت بعد کی بات ہے، اٹھنا بیٹھنا دوبھر تھا۔ ہر وقت ہانپتے رہتے۔ گپ کے شوقین، حالانکہ ایک سانس میں تین الفاظ کے بعد چوتھے پر پنکچر ہو جاتا تھا۔ آٹھ دس تھوتھے سانس لے کر تازہ دم ہوتے تو یہ بھول جاتے کہ کس موضوع پر جملے کا دم ٹوٹا تھا۔ چنانچہ تازہ موضوع پر تازہ جملے پھر سے بناتے۔ اور اسی

☆ جہاں تک پیری مریدی کا تعلق ہے، ہم مریدی کے بالکل قائل نہیں۔ پیری کے ہیں۔ بڑھاپا کسے نہیں آتا۔

www.urduchannel.in



طرح دن بھر چکنے کھمبے پر چڑھتے پھسلتے رہتے۔ پورا جسم ایک کرۂ لحمی تھا، جس پر سیاہ بیلٹ سے خطِ استوا کھینچ لیتے تھے تاکہ شمال و جنوب پہچاننے میں آسانی رہے۔ شکل و ساخت مولوی محمد اسماعیل میرٹھی کے گنبدِ آسمان کی مانند:

بَنایا ہے کیا دستِ قدرت نے گول
جُھرس ہے، نہ جُھرّی، نہ سَلوٹ، نہ جَھول

## کچھوا پروفیسر سے بازی لے گیا

شاہ جی کی ساری زندگی ایک سلوموشن فلم تھی، سوائے ان چُست لمحات کے جب طبیعت غذا یا غیبت پر راغب ہو۔ ایک دفعہ کرسی پر قیلولہ فرمارہے تھے کہ خواب میں ایک گداز سی جلیبی دیکھ کر آنکھ کُھل گئی۔ ہمیں مسکراتے دیکھا تو ارشاد فرمایا کہ "لوجی! وسط ایشیا اور ترکی میں دنیا کے معمّرترین آدمی پائے جاتے ہیں۔ معلوم ہے کیوں؟ لمبی عمر کا راز دراصل لمبی نیند، موٹی کھال اور SLOW LIVING☆ میں مضمر ہے۔" پروفیسر قاضی عبدالقدوس اسے لے اُڑے۔ لقمہ دیا "مثلاً کچھوے ہی کو لیجئے۔ سینکڑوں سال جیتا ہے۔ اکبرِ اعظم کے چند ہم عصر کچھوے آج بھی زندہ ہیں۔ بعضوں کے تو دادا نانا بھی بقیدِ حیات ہیں۔ یہ میکینزم قدرت نے صرف کچھوے میں ہی رکھا ہے کہ ذرا کوئی چیز ناگوارِ خاطر ہوئی اور سَٹ سے گردن اندر کرلی۔ بصورتِ دیگر، جب ذرا گردن نکالی دیکھ لی۔ خشکی سے جی اُوب گیا تو گھنٹوں پانی میں دَم سادھے پڑے ہیں۔ گرمی سردی کا تو ذکر ہی کیا، رائفل کی گولی تک بے اثر۔ حد یہ کہ شارک مچھلی تک کچھوے کو سؤر برابر سمجھتی ہے۔ اگر میں آواگون کا قائل ہوتا تو پرماتما سے یہی دعا کرتا کہ ہے بھگوان! تیری لیلا نرالی ہے۔ مجھے تو اگلے جنم میں کچھوا بنا دے۔ انسان، اور وہ بھی پروفیسر، دوبارہ ہرگز نہ بنائیو۔"

---

☆SLOW LIVING آہستہ زیستن۔

www.urduchannel.in

# دھنک رنگ

ہنسی بالکل بچوں جیسی۔ ہنستے تو ہنستے ہی چلے جاتے۔ ذرا سی بات پر۔ سارا جسم جیلی کی طرح تھل تھلاتا۔ دوسرے کو لمبی بات نہیں کرنے دیتے تھے۔ کوئی نا آشنائے مزاج، بات کو طول دیتا تو اپنا مخصوص نوٹس "کم زیادہ تے ٹیم گھٹ اے" (کام زیادہ اور وقت کم ہے) دے کر بیٹھے بیٹھے سو جاتے۔ وقفے وقفے سے آنکھ کھول کر رنگِ محفل دیکھتے اور مسکرا کر پھر سو جاتے۔ شاہ جی نے تمام عمر دنیا کو ایسی نظروں سے دیکھا گویا کسی نے کچّی نیند اُٹھا دیا ہو۔

خوش طبع، خوش باش، بزم آرائی میں طاق۔ ظاہر و باطن ایک سا۔ سیر چشم ہونے کے علاوہ شکم سیر بھی تھے۔ کسی کو اَفسُردہ و پریشان نہیں دیکھ سکتے تھے۔ اکثر فرماتے کہ بعض کوتاہ بیں کارخانۂ قدرت میں اس طرح عیب نکالتے ہیں گویا پی ڈبلو ڈی کا بنایا ہوا ہے! انھوں نے خود تو کبھی ذکر نہیں کیا، لیکن سُنا، اور بعد میں دیکھا بھی، کہ ان کا اِکلوتا بیٹا ماؤف العقل ہے۔ شاہ جی سے پہلے پہل تعارف ہوا تو چہرے پر چیچک کے گہرے داغ دیکھے تھے۔ پھر کبھی نظر نہ آئے۔ بس مسکراہٹ کی ایک دھنک یاد ہے جس کے دونوں سرے اسی زمین سے چھُوتے تھے۔

جہلم کے رہنے والے تھے۔ وہی مردم خیز جیالا جہلم جس کے بارے میں حضرت سید ضمیر جعفری فرماتے ہیں کہ ہمارے ہاں کے لوگ خدا کے تصوّر کے لئے تھانے دار کو دیکھتے ہیں۔ قد و قامت وہی جس کا ضلع جہلم میں کوئی نوٹس نہیں لیتا۔ یعنی چھ فٹ۔ پچیس سال ٹانگانیکا میں گزار آئے تھے۔ ہر چند کہ پاکستان میں نازل ہوئے چار برس ہو گئے تھے، لیکن دل ابھی کھجور میں ہی اٹکا ہوا تھا۔ چنانچہ جب وہ یہ تمہید باندھتے کہ "ہمارے ہاں تو دستور یہ ہے کہ ......" تو یہ پیش گوئی نہیں کی جا سکتی تھی کہ ان کا منھ ٹانگانیکا شریف کی طرف ہے یا جہلم کی جانب۔ مثلاً جب وہ یہ کہتے کہ "ہمارے حلوائی کی جلیبی انگوٹھے کے برابر موٹی ہوتی ہے" تو ان کا اشارہ جہلمی پاؤں کے انگوٹھے کی طرف، اور ان کا ممدوح و مشارٌ الیہ ٹانگانیکا کا حلوائی مُولچند ہوتا تھا۔ "ہونٹ چھُواتے ہی شیرے

www.urduchannel.in



کی پچکاریاں چھوٹنے لگتی ہیں" (یہ کہہ کر اپنی زبان فرضی شیرے میں لتھڑے ہوئے ہونٹوں پر بار بار پھیرتے۔ اس شے پر جان دیتے تھے۔ ہم نے تو انھیں دوشیزہ کو بھی دوشیزہ ہی کہتے سُنا۔) اور جب وہ یہ فرماتے کہ "ہمارے ہاں کوئی بی۔ اے فرسٹ ڈویژن میں پاس کر لے تو پرائمری اسکول میں ماسٹر ہو جاتا ہے۔ اور فیل ہو جائے تو فوج میں کپتان!" تو ان کا اشارہ ضلع جہلم کے ناقص نظام تعلیم کی طرف ہوتا تھا۔

پچیس برس وطن سے باہر رہے۔ گھاٹ گھاٹ کا پانی پیا نہیں تو چکھا ضرور تھا۔ لیکن لہجے میں پوٹھوہاری حلاوت باقی تھی اور زبان پر اب بھی دیہات کی سوندھی اصطلاحیں چڑھی ہوئی تھیں۔ نمونۂ بیان ملاحظہ ہو۔ "میں ٹانگانیکا سے بائی ایئر فلائی کر کے گاؤں آیا۔ تاریخ شارخ تو یاد نہیں۔ ہمارے چکوک کی دُودھیا چھلیوں (بھٹوّں) میں رَس پڑ گیا تھا، پر دلنہ نے سختی نہیں پکڑی تھی۔ چراغ جلے ہوائی جہاز نے رن دے پر تین کھیت دوڑ کر ایک دَم ٹیک آف کیا۔ ابھی چار بانس ہی اوپر اٹھا ہو گا کہ ایسی گھمیر آئی کہ کیا بتاؤں۔ جیسا کہ بچپن میں بیت الخلا میں پہلا سگرٹ پی کر دیگر احوال ہوا تھا۔ تین دفعہ سورۂ یاسین کے بعد دس ہزار فٹ اوپر پہنچے تو واہ وا! بادلوں کے یہ موٹے موٹے گالے ایسی افراتفری سے اُڑ رہے تھے جیسے غصّے میں بھنّائے ہوئے اپنے مُلّا دُھنیے کی دُھنکی ہوئی روئی...... جب اس کی عورت شیداں اور الف دین پٹواری باہمی تعاون سے ایک دوسرے کا منھ کالا کرتے ہوئے پکڑے گئے اور انجام کار وہ خدا بخش جُلاہے کے ساتھ بھاگ گئی۔ اَجی ادھر اپنے ٹانگانیکا میں تو اغوا کی ضرورت ہی پیش نہیں آتی! کرنا خدا کا کیا ہوا کہ دفعتاً ایک ایئر پاکٹ آیا اور جہاز نے ہائٹ لُوز کی۔ لو جی! $\frac{1}{100}$ سیکنڈ میں پچیس تیس کنویں نیچے اُتر گیا۔ محسوس ہوا کہ گویا دل حلق میں آ کر پھنس گیا ہے۔ جیسا کہ میٹرک کا رزلٹ دیکھ کر ہوا تھا......"

شاہ جی کے بارے میں مشہور تھا کہ میٹرک میں ناکامی کے بعد خودکشی کی کوشش کی۔ اس میں بھی ناکامی ہوئی۔

ہر چارپائی کے نیچے ایک ٹین کا ٹرنک، کھڑاؤں اور لوٹا رکھا تھا۔ سوائے شاہ جی کے مچان کے۔ شاہ جی اپنے تمام پتلون تکئے کی اِستری کے نیچے اور بشرٹ کھونٹی پر رکھتے

www.urduchannel.in


رہتے۔ فرماتے تھے کہ موزے صرف شادی کے دن پہنے تھے۔ سہرے کے بغیر بالکل بے معنی معلوم ہوتے ہیں۔ انھیں جب چرخِ چہارم سے اُترنا ہوتا تو ساتھی باری باری اپنا ٹرنک بطور پائیدان رکھ دیتے اور وہ اس پر پاؤں رکھ کر سہارے سے نیچے اُتر جاتے۔ پہلے یہاں مولود احمد ترمذی کا بکس مستقلاً پڑا رہتا تھا۔ لیکن ایک دن شاہ جی نے بے دھیانی میں پورا وزن اس پر ڈال دیا تو پچک کر چپاتی ہو گیا۔ اور کپڑوں میں دبی ہوئی وسکی کی بوتل چُور چُور ہو گئی۔ مولود احمد ترمذی بہت خفا ہوئے کہ شاہ جی نے میری جمعہ کی اَچکن ناپاک کر دی۔ اس حادثے کے بعد ہر ٹرنک کی باری مقرّر ہو گئی۔ شاہ جی کو باتھ روم جانا ہوتا تو باری والا اپنا ٹرنک رکھ کر ذاتی نگرانی میں انھیں اُترواتا چڑھواتا۔ تینوں "رُوم میٹ" شاہ جی کو پانی نہیں پینے دیتے تھے۔ لہٰذا بینک پہنچتے ہی وہ پانی اور باتھ رُوم پر ٹوٹ پڑتے تھے۔

## ایک کھڑکی کھُلی ہوئی ہے ابھی

شاہ جی کے ذمّے ہمیں غیر ملکوں کے زرِ مبادلہ اور در آمد بر آمد کے رموز و غوامض سے آگاہی بخشنی تھی۔ لیکن وہ غیر ملکوں کے جغرافیائی کوائف میں کانوں تک دھنسے ہوئے تھے اور زرِ مبادلہ پر نظر کرنے کا یارا تھا نہ مہلت۔ اور "غیر ملکوں" بھی ہم رُوانی میں لکھ گئے، ورنہ وہ ٹانگا نیکا (اب اسے تنزانیہ کہتے ہیں) سے ایک عرض البلد بھی آگے بڑھنے یا پیچھے ہٹنے کو تیار نہیں تھے۔ ہم وہاں کے برٹش بینکوں کے طریقِ کار کے بارے میں پوچھتے تو وہ شیروں، گھڑیالوں، اژدہوں اور دیگر آدم خوروں کا طریقۂ واردات بتانے لگتے۔ اور بعض اوقات تو سوال کرنے کی نوبت ہی نہ آتی۔ اس لئے کہ وہ ہمیں دیکھتے ہی کہتے کہ آج تو ایسا لگتا ہے کہ آپ کام کرنے کے موڈ میں نہیں ہیں۔ رَج کے گَل بات ہوتی۔ جب کوئی رَس بھری بات کہنی ہوتی تو دو جملے پیشتر ہی، بطور حفظِ ما تلفظ، سِسکاری بھر کے ایک آنکھ میچ لیتے اور دوسری سے اس کا ردِّعمل ملاحظہ فرماتے رہتے۔ عملاً وہ نیک اور پرہیزگار آدمی تھے۔ اپنے گرد پارسائی کی ایک فلک بوس فصیل کھینچ رکھی تھی۔ لیکن اس کی چُنائی اس کاریگری سے کی تھی کہ فاصلے فاصلے پر جِھریاں،

www.urduchannel.in



روزن اور موکھے چھوڑ دیئے تھے۔ ان روزنوں میں سے، وہ ایک آنکھ بند کر کے، دوسری طرف کا حال کچھ اس طرح دیکھتے اور دکھاتے کہ ہماری تو دونوں بند ہو جاتی تھیں۔ وحشی افریقہ کے شمشیر برہنہ حالات وہ راسِ امید کے اس پار ہمیں کچھ اس طَور سُناتے کہ بے اختیار جی چاہتا کہ گرہستی زندگی کو دھتا بتا کر بقیہ عمر وسط افریقہ کے جنگل میں ایک سلاد کا پاپا باندھ کر اور اسی کو کھا کر گزار دیں۔ پچھلی نسل کے اس بزرگ کی شوخی بسا غنیمت تھی۔

ابھی پچھلی شرارت کے نمونے پائے جاتے ہیں

## ہماری ٹریننگ میں ہاتھی کود پڑا

یعسوب الحسن غوری کی داڑھ کا ذکر آیا تو ہم نے خاقانی ہند استاد ذوؔق کا شعر پڑھ دیا۔

جن دانتوں سے ہنستے تھے ہمیشہ کِھل کِھل
اب درد سے ہیں وہی رُلاتے ہِل ہِل

شعر سن کر شاہ جی پہلے تو کِھل کِھل ہنسے۔ پھر آنکھ بند کر کے جیلی کی طرح تھَل تھَل ہلے۔ آنکھ کھلی تو افریقہ میں تھے اور ہاتھیوں نے گھیرا تھا۔ شروع ہو گئے۔ ان کے ہاں ہاتھی دانت کی لمبائی کتنی ہوتی ہے۔ ہاتھی بوڑھا ہو جائے تو پہلے اس کے کھانے کے دانت گرتے ہیں۔ یا دکھانے کے۔ مستی سے ہاتھی کے دانت کا رنگ کیسا ہو جاتا ہے۔ اسے دیکھ کر مادین کیسی متوالی چال چلتی ہے۔ انھوں نے مولود احمد ترمزی کا سیاہ کمبل اوڑھ کر مچان پر ہی گج گامنی چال چل کر دکھائی جو واقعی ایسی تھی کہ اگر ہم ہاتھی ہوتے تو ہمارے دانتوں کا رنگ تبدیل ہو جاتا۔

ہاتھی سے شیفتگی کا یہ عالم کہ اکثر فرماتے، آپ کیا جانیں، ہاتھی کتنا قیمتی جانور ہوتا ہے۔ مَلایا کے ایک شاعر نے ایک عاشقِ صادق کی زبان سے کہلوایا ہے کہ اگر مجھے اپنی محبوبہ کے بدلے میں ہاتھی بھی دیا جائے تو نہ لوں۔

ہم نے مست ہاتھیوں کی روندن سے بچنے کے لئے پوچھا، اچھا یہ بتایئے مشرقی

www.urduchannel.in



افریقہ میں بینک کے انگریز افسر، کالے اور سانولے گاہکوں اور ماتحتوں سے کس طرح پیش آتے ہیں۔ جواب میں وہ سرکش، سرشور ہاتھی پکڑنے کی ترکیبیں بتانے لگے۔ ہم نے سوال دہرایا۔ اللہ جانے سنا بھی یا نہیں۔ ارشاد ہوا ''آہو جی! ہمارے ہاں خاص خاص ضیافتوں میں سانپ کے سیخ کباب اور فیل مُسلّم پیش کیا جاتا ہے۔ اس کے گرد انسانی کھال سے منڈھی ہوئی ڈھولک پر رقص ہوتا ہے۔ برہنہ۔''

''برہنہ؟'' ہم نے بڑے اشتیاق سے تصدیق و تفصیل چاہی۔

''ہاں جی! دیکھنے والے سب برہنہ ہوتے ہیں۔''

انھیں مائل بہ تفصیل دیکھ کر ہم نے افریقی بینکوں کے انگریز افسروں کے عادات و اطوار سے متعلق اپنی کُرید بند کر دی، مبادا شاہ جی مشتعل ہو کر درندوں، گزندوں کی غیر شرعی زندگی سے پردہ اُٹھانا شروع کر دیں۔ بارہ بجے یعقوب غوری ایک اینٹ بغل میں دبائے، کانکھتے کراہتے ہوٹل لَوٹے۔ ہومیو پیتھ کو تو پولیس ایک پوشیدہ مرض کے لاعلاج مریض کے ساتھ مار پیٹ کرنے پر دفعہ ۳۰۲ میں گرفتار کر کے لے گئی تھی۔ سرِدست اس کے والد ہی سے مشورہ کیا اور نقد فیس مشورہ کے عوض بیٹے کی ضمانت کا انتظام اپنے ذمّے لیا۔ بزرگوار اپنے بتّیسوں دانتوں کے منفرد درد اور ایک ایک کے داغِ جدائی کا جدا تجربہ رکھتے تھے۔ وہ اس وقت اپنی حالیہ صورتِ حال کے اصل سبب کو کھرل میں کُوٹ رہے تھے۔ مطلب یہ کہ پان کے اجزا کو کُوٹ کر مسوڑھوں کی مشکل آسان کر رہے تھے۔ موصوف نے سُرخ اینٹ یا بھاڑ کی بھوبل سے جبڑا سینکنے کی ہدایت کی تھی۔ مصیبت یہ کہ کراچی میں دونوں نایاب۔ محاورتاً بھی عنقا۔ اہلِ کراچی ''بھاڑ میں جائے'' کے بجائے دوسرے غیر معتدل آسمانی مقام کا حوالہ دیتے ہیں۔ اس شہر میں اینٹ سے مراد ہمیشہ تاش کی اینٹ ہوتی ہے۔ پتھر کا جواب بھی اسی سے دیا جاتا ہے۔ اور اسی سے ایک دوسرے کی اینٹ سے اینٹ بجائی جاتی ہے۔

بڑی تلاش کے بعد ایک بوڑھے پارسی کی اس سے بھی زیادہ بوڑھی کوٹھی ملی۔ جس کی نیم پوپلی ''کمپاؤنڈ وال'' سے انھوں نے نظر بچا کے نسخہ کا جزوِ اعظم کھینچ نکالا۔ اب سوال یہ تھا کہ غریب الوطنی کے عالم یعنی ہوٹل میں اینٹ کو گرم کس طرح کیا

www.urduchannel.in



جائے۔ مولود احمد ترمزی نے تجویز پیش کی کہ جبڑے اور اینٹ کو سرخ فیتے سے باندھ کر اینٹ میں بجلی کا کرنٹ "پاس" کر دیا جائے۔ یہ سنتے ہی شاہ جی اپنے جبڑے پورے کھول کر اتنا ہنسے، اتنا ہنسے کہ دیر تک ان کے حلق میں پھدکتا ہوا کوا نظر آتا رہا۔ ہنسی رکی تو فرمایا کہ ہمارے یہاں تو اینٹ ایسی عالیشان اور زود اثر ہوتی ہے کہ ہاتھی کی داڑھ کی بھی نکور کی جا سکتی ہے۔ ہم نے پوچھا، آپ کے ہاں کیا بڈھا بے دانت ہاتھی بھی گنے کا شوقین ہوتا ہے؟ گو دانت کو جنبش نہیں..... اس پر یعسوب غوری نے ہمیں ایسی قہر آلود نظروں سے دیکھا کہ اگر ہم موم کے بنے ہوتے تو جہاں جہاں ان کی نظر پڑی تھی وہیں سے پگھل جاتے۔ شاہ جی کا جواب منہ کے منہ میں رہ گیا۔ بس بائیں آنکھ میچ کے منہ سے گنڈیری چوسنے کی سی آواز نکالی اور اثبات میں سر کو اس طرح ہلایا کئے گویا خود گنے کے کھیت کے کھیت روندتے مسلتے مستانہ وار چلے جا رہے ہیں۔ نے ہاتھ باگ پر ہے نہ پا ہے رکاب میں، اس لئے کہ خود ہاتھی ہیں۔ اور دانتوں کا رنگ ہے کہ ہر لحظہ بدلتا جا رہا ہے۔ خود ہانپے، ہمیں بھی دیر تک ہنپاتے رہے۔ ہاتھی کے نجی جذبات کا اس سے بہتر مظاہرہ ہماری تو کیا، کسی ہتھنی کی نظر سے بھی نہ گزرا ہو گا۔

## کرائے کے ہار

ان چار درویشوں کے صلاح و مشورے سے "مہمانی" (شاہ جی آنے والی کے لئے برابر یہی صیغۂ مونث استعمال کر رہے تھے۔) کے استقبال کی تفصیلات طے ہوئیں، جنھیں در حقیقت جہاز اور عورت سے متعلق ۲۵۱ برس کی غلط فہمیوں کا نچوڑ کہنا چاہیے۔ (ہم پانچوں کی عمروں کا میزان کل ۲۵۱ سال بنتا تھا۔) اخیر میں یعسوب غوری نے کہا کہ تین گوٹے کے ہار ضرور لیتے آنا۔ ہم نے پوچھا، ایک خاتون کے لئے ایک کافی نہ ہو گا؟ فرمایا "مسٹر! یہ سوئمبر نہیں ہے کہ گلے میں ایک جے مالا ڈلوائی اور کنواری کنیا کو مشکی گھوڑے پہ آگے بٹھا کے ایڑھ لگائی اور یہ جا وہ جا!"

ہم نے ہاں میں ہاں ملاتے ہوئے کہا "جیسے ناٹک میں پرتھوی راج چوہان سر پہ مکٹ سجائے سنجوگتا کو بھگا کر لے جاتا ہے۔ مگر ہم نے جو کھیل دیکھا اس میں تو

www.urduchannel.in



پرتھوی راج، گھوڑے کے بجائے سنجوگتا کے ایڑھ لگا رہا تھا!"

"لاحول ولا!" انہوں نے حقارت سے کہا۔ غوری ہونے کی نسبت سے وہ خود کو پرتھوی راج کا رقیب و حریف سمجھتے تھے۔

"گھوڑے کی باگ سنجوگتا کے ہاتھ میں تھی جو آگے بیٹھی تھی۔ چنانچہ جب پرتھوی راج کو باگ کھینچنی ہوتی تو سنجوگتا کو کھینچتا تھا۔ باگ کافی تنگ تھی۔ سنجوگتا کو بار بار پوری قوت سے کھینچنے کے باوجود گھوڑا اور مکالمہ آگے نہیں بڑھ رہا تھا۔ جس کی ایک وجہ یہ بھی ہو سکتی ہے کہ گھوڑا کاٹھ کا تھا اور دوسری سواری کی کاٹھی کا کیا کہنا!"

"یہ کھیل کہاں چل رہا ہے؟"

انھیں منہ زور مشکی گھوڑے سے بدقّت تمام اُتار کر موضوع کی طرف لائے تو دیر تک ہنہنایا کیے۔

فرمایا "تمہاری کھوپڑی میں اتنی سی بات نہیں گھستی۔ ایک ہار تمہاری طرف سے بھی تو ہونا چاہیے۔ کیا فقط دعاؤں کا ہار اس کے گلے میں ڈالو گے؟"

"اور تیسرا ہار؟"

"ایک بات تجربہ کی آج بتاتا ہوں۔ زندگی میں کام آئے گی۔ کبھی کسی VIP کو ہار پہنانے جاؤ تو احتیاطاً ایک ہار فالتو لے جایا کرو۔ پتہ نہیں عین موقع پر کون ایکسٹرا حرامی اور نکل آئے جسے ہار نہ پہناؤ تو نقصان پہنچا دے گا۔ میں نے یہ بال پاؤڈر سے سفید نہیں کیے ہیں۔ چالیس برس بینک میں جُھک نہیں ماری۔ تمہیں جمعہ جمعہ آٹھ دن ہوئے ہیں انڈے سے نکلے۔ اور انڈے کی معراج بس یہی ہے کہ مُرغا بَن جائے! اور ہاں! گوٹے کا نیا ہار آٹھ روپے میں آتا ہے۔ بیٹھے بٹھائے ۲۴ روپے کا خون ہو جائے گا۔ عرض کیا سیٹھ طیب بھائی ولی محمد کے پاس ۱۹۴۹ء سے ہزار ہزار کے DEMONETISED (منسوخ شدہ) نوٹ پڑے ہیں۔ ان کے ہار بنا کر کیوں نہ پہنا دیں۔ بولے وہ تو انھیں نئی مسجد کے چندے میں دینا چاہتا ہے۔ تم یہ کرو کہ باس (اینڈرسن) کے بیرے سے تین ہار کرائے پر لے آؤ۔ ڈیڑھ روپے میں کام بَن جائے گا۔ باس کو اب تک جتنے ہار پہنائے گئے ہیں وہ سب اس بے ایمان نے جمع کر رکھے

www.urduchannel.in



ہیں۔ انھیں کرایہ پر چلاتا ہے۔ پچھلی دفعہ جب باس لندن سے چھٹی گزار کر آیا تھا، تب بھی ہم نے اسی بے ایمان سے ٹیکسی ہار کرائے پر لے کر پہنائے تھے۔ لیکن ہاں ایسا نہ ہو کہ مہمانی ہار پہنتے پہنتے ہی سَٹک جائے۔ بہانے سے تُرنت اُتروا کر اپنی SAFE CUSTODY (تحویل) میں لے لینا۔"

## ہاتھوں ہاتھ

اگلے دن ہار لے کر دونوں ویسٹ وہارف پہنچے۔ جہاز ہمارے خوفزدہ تخمینے سے کچھ زیادہ ہی بڑا نکلا۔ ہمارا خیال تھا کہ جب ہم اس پر ایک قدم جماکر رکھیں گے تو جھوک سے اُلل کر ہچکولے کھانے لگے گا۔ لیکن ہمیں اپنے وزن سے مایوسی ہوئی۔ جہاز پر ادھر ادھر گبرو ملّاح خوش خوش پھر رہے تھے..... روایتی ملّاحوں کی طرح جن کی مچی مچی آنکھیں دھوپ میں نہائے ہوئے جزیروں کے لئے ترستی ہیں۔ جہاں گرم دن اور گرم تر عورتیں مسکراتی رہتی ہیں۔ جہاز پر ایک ملّاح سے پوچھا کہ مسز شوارز کہاں ملے گی؟

بولا "رات کے تین بجے تک تو اس کی نائٹی کپتان کی کیبن کی کھونٹی پر ٹنگی دیکھی تھی۔ وہ بھی کہیں نزدیک ہی پڑی ہوگی۔"

ایک اور معتبر صورت ملّاح سے، جس کی داڑھی اور نیکر اوروں سے لمبی تھی، پوچھا تو جواب مِلا "کل تک تو SAILORS اُسے باسکٹ بال کی طرح اُٹھائے اُٹھائے پھر رہے تھے۔ اسی کی وجہ سے جہاز دو دن سے برتھ پر نہیں لایا گیا۔"

تیسرے نے کہا "آپ اس FRAGILE CARGO (شکستنی مال) کی ڈلیوری لینے آئے ہیں؟ تری کے خزانے کو خشکی پر اُتارنا چاہتے ہیں؟ کیا آپ دونوں مجھے ایک ایک کراری لونڈیا سے ملوا سکتے ہیں؟ پلیز! میرے پاس ڈالر ہیں۔"

ہمارے اوسان اور یعسوب غوری کا چالیس سالہ تجربہ خطا ہو گئے۔

"ماسٹر آف سیری منیز" تو خیر وہ تھے، لیکن تقسیم کار یہ قرار پائی کہ فیصلہ طلب امور میں فیصلہ وہ کریں گے، جذبات و خواہشات وہ رکھیں گے اور انگریزی کا جامہ ہم پہناتے چلے جائیں گے۔ اس لئے کہ انھوں نے کھلے دل سے اعتراف کر لیا تھا کہ ہماری

www.urduchannel.in


عقل اور ان کی گرامر کمزور ہے۔ بہرحال دونوں نے خاصی رواداری سے کام لیا۔ نہ ہم نے ان کے جبڑے پر فقرہ کسا جس پر آج انھوں نے ہینگ کا لیپ لگا رکھا تھا اور نہ انھوں نے ہماری پتلون پر انگشتِ اعتراض اٹھائی کہ وہ ہماری عسرت و نیک نیتی پر دال تھی۔ تھوریو کا قول ہے کہ ہر ایسی مہم کو مشکوک و پُر فتور جانو جس کے لئے نئے کپڑے پہننے پڑیں۔

## ہمارے فرائض کے لذائذ

جوئندہ یا بندہ، اس کا کیبن بھی مل گیا۔ وہ اس کے دروازے پر لپنا سرہاتھوں سے تھامے کھڑی تھی۔ ہمیں دیکھ کر نہ جانے کیا دل میں آئی کہ اندر جا کر برتھ پر لیٹ گئی۔ ہلکے مہندی رنگ کا لمبا اسکرٹ پہن رکھا تھا۔ اس زمانے میں کاشف الاعضا HOT PANTS, MINIS اور HIPSTER ساریوں کا رواج نہیں ہوا تھا۔ دِل والیاں ایسے موقعوں پر بتّی بُجھا دیتی تھیں۔ یعسوب غوری نے اپنی بین الاقوامی خواہشات کی ترجمانی کے لئے ہمیں آگے کر دیا۔ ہم نے مصافحہ کے لئے ہاتھ بڑھایا تو اس نے نیند بھری آنکھوں سے مسکراتے ہوئے اپنا ہاتھ سینہ پر رکھ لیا۔

نجریا سے جیا بھر دوں گی، چھونے نہ دوں گی شریرؔ☆

یعسوب غوری لیٹی ہوئی "مہمانی" کو ہار پہنانے کے لئے جُھکے تو اس نے ان کی گردن میں بانہیں ڈال دیں اور ان کی گُدّی پر سارا وزن ڈال کر اُٹھنا چاہا۔ وہ نشہ میں دُھت تھی۔ ایک ہاتھ نہ جانے کیسے ان کے دُکھتے ہوئے جبڑے سے ٹکرا گیا۔ اس پر انھوں نے ایسی چنگھاڑ ماری کہ وہ دوبارہ لیٹ گئی۔ اور لیٹے لیٹے اپنی شاخِ صندل سی کلائی آگے بڑھا دی۔ وہ منظر دیدنی تھا جب یعسوب غوری نے ہمیں دھکا دے کر اپنی راہ تیاک سے ہٹایا اور فرش پر "نیل ڈاؤن" ہو گئے۔ جس طرح انگریزی فلموں میں عہدِ وسطیٰ کے KNIGHTS ہوا کرتے تھے۔ اپنی ہینگ آلود ناک سے اس مرمیڈ کے ہاتھ کو بوسہ دے کر ہمیں بھی یہ پروٹوکول فریضہ ادا کرنے کا اشارہ کیا۔ ہم نے اس کا ہاتھ

---

☆ شریر۔ (ہندی) بدن۔ جب یہ اپنی چھل اور چھب دکھلاتا ہے تو اُردو کا شریر بن جاتا ہے۔

www.urduchannel.in


چپت کر کے شادی کی دوسری لکیر کو چوما۔

روزِ محشر ہمیں حسینوں کو بھی منہ دکھانا ہے۔ کیسے کہہ دیں کہ حسین چہرہ دیکھ کر جو فرحت ہوتی ہے اس سے ہم نے خود کو محروم رکھا۔ اس کے بائیں شانے پر ایک تازہ نیل تھا۔ پنڈلیوں پر مہین مہین سنہری رُواں جیسا کھٹ مِٹھے آڑو پر ہوتا ہے۔ ناخن اتنے نکیلے گویا انگلیاں پنسل شارپنر میں ڈال کر نوکیں بنائی ہیں۔ ایک ناخن ٹوٹا ہوا تھا۔ عمر پینتیس سے اوپر ہی ہوگی کہ انداز و آواز میں لیک ٹھسک آگئی تھی۔ منہ سے عجیب طرح کے بھبکے نکل رہے تھے۔ یعسوب غوری نے تسلی دی کہ اصلی جرمن بیئر ہے۔ وہ بری طرح لڑکھڑا رہی تھی۔ یعسوب غوری نے آنکھوں ہی سے ہر قدم پہ کولی بھر بھر لی۔ دیرینہ سال پیرے برُدش بیک ہنگا ہے۔ گلے میں گوٹے کا ہار ڈالتے ہوئے ہم نے "ویلکم ٹو پاکستان!" کہا۔ اس نے بھی مغربی جرمنی کی جانب سے نیک خواہشات کا اظہار کیا۔ نیز امید ظاہر کی کہ دونوں ملک بہت جلد ایک دوسرے کے زیادہ قریب آجائیں گے۔ اس پیش گوئی کے پورے ہونے میں زیادہ دیر نہیں لگی، اس لئے کہ جملہ ختم ہونے سے پہلے ہی وہ ہمارے منہ سے منہ بھڑا کے، دونوں کے کندھوں پہ ہاتھ رکھے، پنڈولم کی طرح جھولنے لگی، البتہ ازراہِ تلطّف اپنی گلبدنی کا سارا جھوک ہماری جانب اس طرح ڈالا کہ ہماری چال شطرنج کے گھوڑے جیسی ہوگئی۔ اگر یعسوب غوری کے جبڑے پر ہینگ کا لیپ نہ ہوتا تو یہ لطف و عنایت ان پر ہوتی۔ گلبدنی کا بار اُٹھا کر ڈھائی گھر کی چال انھیں چلنی پڑتی۔ کچھ دیر بعد کہنے لگی "دو مہینے سے یہ جہاز بھنور میں ہے۔ بندر گاہ پر بھی ٹھیک سے کھڑا نہیں ہو سکتا۔ اور ان لہروں کو تو دیکھو۔ کیسی شیخیاں مار رہی ہیں۔ افوہ! تمہارے قدم بھی بھکے بھکے پڑ رہے ہیں۔ تمہیں تو چکّر آرہا ہے۔ (اپنا سُرخ پرس کھولتے ہوئے) تمہارا جی ماندہ ہے۔ لو یہ گولی کھالو۔ متلی بند ہو جائے گی۔ ننّھا ایرک پیٹ میں تھا تو روز صبح کھاتی تھی۔" خیر گولی تو شرمِ حضوری ہم نے کھالی۔ لیکن تین چار دن تک ہَول اُٹھتے رہے۔ صبح متلی ہوئی اور ایسا لگتا گویا پتلون کمر پر سے تنگ ہوتا جا رہا ہے۔

اس نے محبتانہ سرگوشی کے انداز میں تقریباً ہمارا کان چباتے ہوئے پوچھا کہ مجھے لینے وہ کچا بیف اور مار ملیڈ کھانے والا بڈھا جان بُل کیوں نہیں آیا؟ ہم نے اینڈرسن کی

www.urduchannel.in


طرف سے جھوٹی معذرت کی کہ آج اسے کہیں کاک ٹیل پر جانا ہے۔ کراچی میٹروپولیٹن شہر ٹھہرا۔ روز کہیں نہ کہیں پارٹی ہوتی ہے۔ کراچی عظیم شہر ہے۔ فرینکفرٹ سے تیس گنا بڑا۔ کراچی پاکستان کا دروازہ ہے۔ بولی۔ جہاز کا کپتان کہہ رہا تھا کہ کراچی پاکستان کا فٹ اسٹول ہے! بڑا سوٗر ہے وہ!

افتاں و خیزاں آدھا راستہ ہی طے کیا ہوگا کہ وہ کندھوں کے جُھولے سے چھلانگ لگا کر کھڑی ہو گئی۔ کہنے لگی "ہائے! میں بھی کیسی بھلکڑ ہوں۔ تمہارا تعارف کپتان سے تو کرایا ہی نہیں۔ بہت ڈیشنگ ہے۔ بالکل GREGORY PECK لگتا ہے۔" دونوں بار برداروں نے کندھوں کی جوڑی کا رُخ کپتان کے کیبن کی طرف کرلیا۔ ہر چھ سات جھونٹوں کے بعد وہ ہماری ٹائی پکڑ کے نیچے اترتی اور ہماری چال درست کر کے واپس سوار ہو جاتی۔

## گریگری پیک نے ہمیں بھی سینہ سے لگا کر پیار کیا

گریگری پیک نے اس وقت صرف نیکر اور ہوائی چپل پہن رکھی تھی۔ پیشانی سے پسینے کے ریلے بہہ رہے تھے۔ اس کے گال اور ناف پر جو کھرونچے تھے ان پر عُنابی کھرنڈ آگئے تھے۔ سینہ پر ایک بہت بڑا دل گُدا ہوا تھا۔ اور اس کے اندر کسی سابق محبوبہ کی برہنہ تصویر TATTOO کی ہوئی تھی۔ تصویر کے پیٹ پر حسینہ کا نام بھی لکھا تھا جو اَب پڑھا نہیں جاسکتا تھا اس لئے کہ اس پر امریکی پرچم کے ستارے گدوا کر نام مٹا دیا گیا تھا۔ شیوۂ عشق نہیں حُسن کو رُسوا کرنا۔ دائیں ہاتھ پر گریگری پیک نے اپنا پورا نام گدوا رکھا تھا، تاکہ کسی حادثے یا جنگ میں کٹ کر گر جائے تو جن صاحب کو ملے وہ اخبار میں اشتہار دے کر اصل مالک کو لوٹا دیں۔ وہ ہمیں دیکھ کر بہت مسکرایا۔ ایسی گرمجوشی سے مصافحہ کیا کہ ہماری اُنگلیوں کی ہڈّی سے ہڈّی بجا دی۔ کہنے لگا، آئیے، جشن منائیں۔ آپ اس خوبصورت بوجھ کے سینڈل میں ڈیوٹی فری شیمپین سے جامِ صحت نوش کرنا پسند کریں گے یا اچھے محمڈن کی طرح ڈسنٹری کے جراثیم سے بھرپور کراچی واٹر؟

یعسوب الحسن غوری نے پاسپورٹ لیتے اور فارم آگے بڑھاتے ہوئے پُوچھا۔

www.urduchannel.in



کسٹم میں ڈکلیئر کرنے کے لئے کچھ ہے؟

گریگری پیک نظروں سے مسز شوارز کی جامہ تلاشی لیتے ہوئے بولا "آف کورس! ۳۸۔ ۲۴۔ ۳۷ اور پچھلے عدد میں ایک گیلن DUTY-FREE LIQUOR"

وہ اسے الوداع کہنے سیڑھی تک آیا۔ اور وقتِ رخصت ہمیں بھی سینہ سے لگا کر دیر تک چھوڑا۔ غوری کو ہینگ کے لیپ نے ایک مرتبہ پھر بچالیا۔ زینہ سے اُترنے لگی تو نہ جانے کیا دل میں آئی کہ دونوں ہار اتار کر گریگری پیک کے گلے میں ڈال دیئے اور ہم دیکھتے کے دیکھتے رہ گئے۔ ہمارا دل اور ہاروں کی رقم جہاز کے لنگر کی طرح ڈوب گئی۔ غوری نے جن قرض آلود نظروں سے ہمیں دیکھا ان کی تصویر کھینچنا ہمارے بس کا کام نہیں۔ وہ سر سے پاؤں تک مجسّم گالی بنے کھڑے تھے۔

تیسرا ہار انھوں نے ہمیں پہنا دیا۔

پروفیسر قاضی عبدالقدوس غالب کے مختلف مصرعوں کو پھینٹ کر اکثر فرماتے ہیں کہ تنگ دستی نہ ہو تو تندرست آدمی کی تمنّا کا دوسرا قدم گرہستی حدود کے باہر پڑتا ہے! یوں تو کوئی ارمان ایسا ہو گا جس کے ہم مرتکب نہ ہوئے ہوں۔

ہزاروں خواہشیں ایسی کہ ہر خواہش پر گھر بگڑے

حد یہ کہ تندرستی کی آرزو بھی کی ہے! لیکن خدا گواہ ہے کہ ناکردہ گناہوں کی اس ناگفتنی فہرست میں اس سے پہلے مال بردار جہاز کا کپتان بننے کی خواہش کبھی شامل نہ ہوئی تھی۔ اب رہ رہ کر پچھتاوا ہو رہا تھا کہ ہائے! یوں خشکی پر وقت ضائع نہ کیا ہوتا تو کیا کیا مزے کرتے۔ قسمت میں اگر جہاز کا کپتان ہونا نہیں لکھا تو کم از کم چھوا ہی ہوتے۔

رہ گیا، تھا دل میں جو کچھ ذوقِ خواری، ہائے ہائے!

"عجب ہریال☆ عورت ہے!" ہم نے کہا۔

"مسٹر تم ابھی BANKERS اور SAILORS کو نہیں جانتے۔ کٹّے○ کو بھی دوہ کر پھینک دیں!"

---

☆ ہریاں۔ (پنجابی) اس آوارہ گائے یا بھینس کو کہتے ہیں جسے ہر کوئی دوہ لے۔

○ کٹّا (پنجابی) بھینس کا بچہ۔

www.urduchannel.in



## اس انتظار میں کس کس سے پیار ہم نے کیا

یعسوب الحسن غوری تو داڑھ کے درد کا عذر کر کے ویسٹ وہارف ہی سے رخصت ہو لیے۔ ہم نے اسے بیچ لگژری ہوٹل کے کمرہ نمبر ۳ میں چھوڑا تو رات ہو چکی تھی۔ ہلکی ہلکی بارش ہو رہی تھی۔ فلڈ لائٹس کی روشنی میں پھوار ایسی لگتی تھی جیسے سامنے موتیوں کی لڑیوں کی چلمن پڑی ہوئی ہے۔ سمندری ہوا سے پام کے درختوں کے پتّے مجیرے بجا رہے تھے۔ دور لنگر انداز جہازوں کی روشنیاں گدلے آسمان کے نیچے جھلمل جھلمل کر رہی تھیں۔ مسز شوارز کہنے لگی تم لاؤنج میں انتظار کرو۔ میں اسباب سنبھال سنگھوا کر دو منٹ میں آتی ہوں۔ ہم بیٹھے انتظارِ ساغر کھینچتے رہے۔ آدھ گھنٹے بعد ہمیں بیرے سے اپنے کمرے ہی میں بلوا لیا۔ بَن سنور کر نکلی تو عالم ہی کچھ اور تھا۔ ہم بھی دل مضبوط کیے بیٹھے رہے۔ اس میں ہماری محبوب ایکٹرس اوا گارڈنر کی بڑی شباہتیں تھیں۔ اس وقت اس کے آرپار مخفف لباس کے اختصار اور اس کے مشمولات و مُلحقات کے بَسط و کُشاد کو دیکھ کر بڑا ترس آیا کہ اُفوہ! جرمنی میں کپڑے کی اتنی قِلّت ہے! معلوم ہوتا ہے وہاں کے مِل تو ابھی ہمارے جیسا موٹا سُوت بھی نہیں بنا سکتے۔ مقامِ ادب ہے، محاورے کی اوٹ لے کر بس اتنا عرض کر سکتے ہیں کہ لوچھے کے گھر تیتر، باہر رہے نہ بھیتر۔ مصنوعی اَبرو کی کمان کھینچتے ہوئے بولی کہ تمھارا بہت قیمتی وقت ضائع ہوا۔ کس طرح تمھارا شکریہ ادا کروں۔ تھکن سے چُور ہوں۔ یہاں فرنچ برانڈی ملتی ہے؟ جہاز کا کپتان آنے ہی والا ہے۔ مسٹر شوارز کو بھی کھلنا ٹرنک کال کرنی ہے۔ اسے بہت MISS کرتی ہوں۔ کل سہ پہر جہاز چلا جائے گا۔ شام کو تم ہمیں میرے ساتھ کھانا کھاؤ۔ پرسوں صبح کی فلائٹ سے ڈھاکہ جانا ہے۔ مگر یاد رہے، میں ساڑھے دس بجے سے پہلے ڈنر کو ہاتھ نہیں لگا سکتی۔ ڈرنکس کا ستیاناس ہو جاتا ہے۔"

"شکریہ!" "مگر اس وقت تو ہم بینک میں ہوں گے۔"

کِھل اٹھی۔ "ونڈرفل! کیا وہاں ڈرنکس کا انتظام ہوتا ہے؟ ہاہا! کراچی اِز اے

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flic.kr/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in
http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in



شیور کے خود کار زنبور، موچنے، موتراش رندے اور منہ تراش برقی بسولے دیکھ کر ہم جیسا سائنس سے نابلد انسان بھی فوراً قائل ہو گیا کہ یہ آلہ آدمی تو آدمی، جٹا دھاری بڑی داڑھی مونچھ کو بھی مع جڑا کھاڑ کر پھینک دینے کی قدرت رکھتا ہے۔ وہ اپنی ایجاد کے فوائد ملک ہی میں محدود رکھنا چاہتے تھے، ورنہ امریکہ میں تو یہ آلہ ELECTRIC CHAIR کی بجائے بخوبی استعمال کیا جاسکتا تھا۔

نورل دیر تک قوم کی بدنصیبی پر افسوس کرتے رہے جو اُن کے ذہن سے پورا فائدہ اٹھانے سے گریز کر رہی تھی۔ صوبائی اداروں نے البتہ ان کی بھرپور مالی امداد کی جس سے ان کی بربادی میں بھرپور اضافہ ہوا۔ انہوں نے ایک اور قابلِ ذکر ایجاد دکھائی۔ یہ ایک چھوٹی سی ڈبیا تھی جو مجموعۂ یک خوبی و صد خرابی تھی۔ اس کا مصرف یہ بتایا گیا کہ اگر آپ اسے اپنے ٹیلیفون کے تار سے جوڑ دیں تو جو شخص بھی آپ کو فون کرے گا، اس کا فون "ڈیڈ" ہو جائے گا۔ پوچھا، اس سے فائدہ؟ فرمایا سائنس کا کام تو ایجاد کرنا ہے۔ دنیا اپنے آپ فائدے دریافت کرتی پھرے گی۔ نوبل پرائز کے بانی الفریڈ نوبل نے جب ڈائنامائٹ ایجاد کی تو اس کے سان گمان میں بھی نہ تھا کہ اسے اس طرح استعمال کیا جائے گا۔ ایجاد اور اولاد کے لچھن پہلے سے ہی معلوم ہو جایا کرتے تو دنیا میں نہ کوئی بچہ ہونے دیتا اور نہ ایجاد۔


## ایکس رے عینک

فرمایا ایک "ایکس رے عینک" کا پلان بھی ذہن میں بالکل تیار ہے۔ شیور چھوٹا ہو جائے تو اس کی باری آئے۔ پوچھا، یہ کیا شے ہوتی ہے؟ فرمایا، آپ کے مطلب کی چیز ہے۔ آپ نے گوجرانوالہ کی ترکِ افیون گولیوں کا اشتہار دیکھا ہے؟ یہ بھی دراصل ایک اصلاحی آلہ ہے۔ ہم اور چکرائے۔ ارشاد ہوا کہ اس عینک کو لگا کر جسے دیکھا جائے، اس کا گوشت پوست، خط و خال، رنگ روپ سب غائب ہو جائے گا۔ صرف جسم کی ۲۰۶ ہڈیاں نظر آئیں گی۔ پیرس کے نائٹ کلبوں، ساحلِ سمندر، نیوڈ کالونیز اور رقص گاہوں میں داخل ہونے سے پہلے تماشائیوں کو زبردستی یہ عبرت آموز عینکیں پہنا دی جائیں

www.urduchannel.in



گی۔ پوچھا، یہ عینک پہن کر بلو فلم دیکھی جائے تو کیا صرف ہڈیاں نظر آئیں گی؟ ہمارے غیر متوقع سوال پر بالترتیب تعجب، تذبذب، تبسم فرمانے کے بعد ارشاد ہوا کہ جب اس عینک کا استعمال عام ہو جائے گا تو بلو فلموں کی شوٹنگ ایکس رے کیمروں سے ہوا کرے گی۔



یہ سب ادھوری ایجادات ڈرائینگ بورڈ پر تشنۂ زر پڑی تھیں۔ عام مصنوعات مثلاً ریفریجریٹر، ریڈیو، پنکھے وغیرہ کی تفصیلات ہم نے اس لئے نہیں دیں کہ ان پر تو وہ پہلے ہی قرض لے کر ٹھکانے لگا چکے تھے۔ انہوں نے ہماری باتوں کو پوری توجہ اور حقارت سے سُنا۔ اور ہمارے تقاضے کے جواب میں عندیہ ظاہر کیا کہ اگر ہمارا بینک مزید پچیس لاکھ قرض دے دے تو دوسرے چار کم ظرف بینکوں کے قرضے بیباق کر دیں۔ اس میں یہ سُبیتا رہے گا کہ اکٹھے چار بینکوں سے چومکھی کے بجائے صرف ایک سے سُلٹنا، ایک سے دیوانی، فوجداری کرنی پڑے گی۔

## سٹّے کی مروّجہ اصناف

نورل ایک زمانے میں روئی کے سٹّے میں بھی بینکوں کی قسمت آزما چکے تھے۔ اپنا

www.urduchannel.in



ہی دِوالا نہیں نکلا، تین چار بڑی مضبوط پارٹیوں کو بھی لے ڈوبے۔ وجہ یہ بتاتے تھے کہ بینک اناپ شناپ قرض دیتے چلے گئے۔ چنانچہ میں نے چُھٹّی خریدنے میں عُجلت اور بیچنے میں دیر کر دی۔ یہاں تک کہ جولائی کا مہینہ آن لگا۔ ملتان کی گرمی بنولے کے جگر تک اُتر گئی۔ گرمی کھائی ہوئی روئی اور لڑکی کا کون لیوال ہوتا ہے؟ انھوں نے اس کے علاوہ سٹّے کی دیگر مروّجہ اصناف میں بھی طبع آزمائی کی۔ اس زمانے میں تو نیو چالی میں اس پر بھی شرطیں بدھی جاتی تھیں کہ اب جو کار سامنے سے گزرے گی اس کا نمبر جُفت ہوگا یا طاق۔ فلاں عورت امید سے ہے، بتاؤ لڑکا ہوگا یا لڑکی؟ جان پہچان کے حلقہ گھرانے اور زچگیوں میں لمبے لمبے وقفے ان کی قیاس آرائی وقمار بازی کے لئے بالکل ناکافی ثابت ہوئے تو اسپتال کے میٹرنٹی وارڈ میں داخلہ لینے والیوں پر شرطیں لگائی جانے لگیں۔ اسی وارڈ میں کسی پٹھان ”گن مین“ کے ہاں لڑکی پیدا ہو گئی تو ایک سیٹھ کا ایسا دِوالا نکلا کہ زچگی ختم ہونے سے پہلے اس کے اپنے بچّے روٹی کے محتاج ہو گئے۔

## نالش سے مُلّا نصرالدّین اور رسیلے نین تک

ہم نے ہمّت کر کے پوچھا ”آپ نے کراچی سے جو سامان، سوئچ، پلگ، تار، الیکٹرک موٹر اور پمپ مشرقی پاکستان ارسال فرمائے تھے، وہ کوئلے میں کیونکر تبدیل ہو گئے؟“

”یہ سوال تو مجھے کرنا چاہیے۔ آخر بینک میرے سامنے جواب دہ ہے۔ میں اپنے سِلیپنگ پارٹنر کو کیا منہ دکھاؤں گا۔ آپ نے چٹاگانگ پورٹ ٹرسٹ سے بھی پوچھا؟“

”یہ واقعہ ہے کہ آپ نے اس مال کے بِل آف لیڈنگ پر ہماری کراچی برانچ سے ساڑھے چار لاکھ روپے وصول کیے۔“

”آپ درست فرماتے ہیں۔“

”پھر آپ نے ہُنڈی نہیں چھڑائی اور مال نو مہینے چٹاگانگ میں سَڑتا رہا۔“

”آپ پھر درست فرماتے ہیں۔ مال نو مہینے تک سَڑتا رہا۔ اور آپ کا بینک سوتا

www.urduchannel.in

رہا۔ آپ نے سائنس پڑھی ہے؟"

"میں فلسفہ کا طالب علم تھا۔"

"جبھی! تو گویا آپ کوئلے کی کان میں سُرمہ لگا کر جاتے ہیں! لیکن جناب پر سقراط سے زیادہ بقراط کی چھاپ ہے۔ تو بندہ نواز! اگر آپ اسے نو مہینے اور پڑا رہنے دیتے تو عجب نہیں کہ کاربن کے عمل سے کوئلے ہیرے بن جاتے۔"

"کریٹ اور پیٹیاں آپ نے بند کی تھیں۔"

"مگر کھولیں کسی اور نے! بینک نے مال بدل دیا ہے۔ میرے ساتھ دھوکا کیا گیا ہے۔ میں لُٹ گیا۔ برباد ہو گیا۔ میں نالش کر رہا ہوں۔ (ایک فٹ لمبا کیلا بڑھاتے ہوئے) لیجیے غصہ تھوکیے اور اسے نوش فرمایئے۔ ارے صاحب! تین چار انچ ہی سہی۔ منشی گنج کا ہے۔" نُورل نے ایکا ایکی اپنا انداز بدل کر کہا۔

کیلے کی لمبائی کو چار انچ فی مُکٹ کم کرتے ہوئے عرض کیا "نالش پر یاد آیا۔ مُلّا نصرالدّین پر ایک ہمسائے نے نالش کی کہ مُلّا نے مجھ سے ایک نہایت نادر اور بیش بہا صراحی عاریتاً لی، مگر جب لوٹائی تو تڑخی ہوئی تھی۔ مُلّا نصرالدّین نے جوابِ دعویٰ میں لکھا کہ اوّل تو میں نے مدّعی سے صراحی لی ہی نہیں۔ دوم میں نے جس وقت صراحی واپس کی تو وہ بالکل ثابت و سالم تھی۔ سوم، جب میں نے صراحی لی تو وہ پہلے سے ہی تڑخی ہوئی تھی۔"

پھڑک گئے۔ ہاتھ پر ہاتھ مل کے کہنے لگے، بینک میں بھی بڑا بڑا پڑا ہوا ہے! اسی بات پر اناناس کی ایک قاش ہو جائے۔ کوہلہ سے منگایا ہے۔ اور یہ کچّے ناریل کی ڈاب مفرّح ہے۔ کاسرِ ریاح ہے۔ مقوّیِ بصر بھی۔ آنکھیں روشن ہو جاتی ہیں۔ آپ کو چشمِ بنگال دِکھائیں؟ نین رسیلے، بان کٹیلے۔ (وقفۂ تبسّم) اچھا کل سہی۔ ہاہا! ہاتھ لاؤ، یار!


## ٹیبل فین اور فین ٹیبل کا فرق

یہاں ہم اپنے بے قصور قارئین کو قرضے کی وصول یابی اور ڈوبی ہوئی رقومات کی

www.urduchannel.in



بازیابی کی مہم میں خواہ مخواہ اور بلا تنخواہ شریک کرنا نہیں چاہتے کہ قضیہ اپنی جگہ اور تفنّن اپنی جگہ۔ اوّل الذکر ہمارا پیشہ ہے اور ثانی الذکر مشن۔ بہرحال ان کے اس طلسماتی کارخانے میں جہاں ہم اپنی آنکھوں سے سونے کو پیتل بنتے دیکھ چکے تھے، ایک ایجاد ایسی نکلی جس کی جدّت اور کارآمدیت کے ہم قائل ہی نہیں خریدار بھی ہوگئے۔ یہ ایک پنکھا میز تھی جو اپنے موجد کے دس سالہ بینک شکن تجربات کا نچوڑ تھی۔ تین ہندوستانی کوآپریٹو بینک اس کے "شاک" سے سات سال سے کلکتے میں غش کھائے پڑے تھے۔ ان کا دعویٰ تھا کہ اس میں کہیں کوئی جوڑ، کوئی کیل نہیں ہے۔ براہ راست PIG IRON (اس کا ترجمہ پروفیسر قاضی عبدالقدوس "خنزیری فولاد" کرتے ہیں) سے ڈھالی گئی تھی۔ تیزاب اور ہماری داستانوں کی دوشیزاؤں کی طرح تھی۔ یعنی کسی انسانی ہاتھ نے نہیں چھُوا تھا۔ اس کے پایوں کے بیچ میں چار برقی پنکھوں کو تختۂ میز پر اُلٹی پھانسی دی گئی تھی۔ ازبسکہ ہمارا قلمِ عجز رقم اس کی لفظی تصویر کھینچنے سے قاصر ہے، لہٰذا مُوقلم کا سہارا لینا پڑ رہا ہے۔




ہم نے ٹیبل فین تو بھانت بھانت کے دیکھے تھے، لیکن یہ فین ٹیبل ان سب کی اُلٹ تھی۔ وہ اسے فین ٹیبل کے نام ہی سے پیٹنٹ کرانا چاہتے تھے۔ اس کا مخفف فینی

www.urduchannel.in



وضع کیا۔ زیادہ پیار آتا تو ڈارلنگ کہتے۔ اس کا بھولا بھولا ڈیزائن دیکھا تو بے اختیار موجد پر پیار آنے لگا۔ پوچھا، صاحب! پنکھے تو میز کے اوپر رکھے جاتے ہیں۔ آپ نے انہیں نیچے الٹا کیوں لٹکا دیا؟ بولے، آپ نے بڑی دیر بعد ایک معقول سوال کیا ہے۔ عام بازاری پنکھے PHYSICS (طبیعات) کے گھِسے پِٹے اصولوں پر بنائے جاتے ہیں۔ میں نے یہ پنکھا ANATOMY (علم الابدان) کے اصولوں پر بنایا ہے۔ اسی لئے آپ کو سمجھنے میں دیر لگ رہی ہے۔ کڑاکے کی سردی پڑ رہی ہو تو بتایئے سب سے زیادہ سردی کسے لگتی ہے؟"

"ہمیں؟"

"لاحول ولا قوۃ! میرا مطلب تھا کہ کس حصۂ جسم کو؟ آپ نے دیکھا ہو گا کہ سردی میں سب سے پہلے پاؤں ٹھنڈے ہوتے ہیں۔ دَم بھی پہلے پیروں کا نکلتا ہے۔ پس ثابت ہوا کہ اگر انسانی جسم کو ٹھنڈک پہنچانی مقصود ہے تو پنکھے کا رُخ پاؤں کی طرف ہونا چاہئے نہ کہ سر کی طرف۔ چھت اور میز کے پنکھے سائنس کی رُو سے سراسر "اَن سائنٹیفک" ہیں۔ میں نے اس پر بڑی دماغ سوزی کی ہے۔ پنکھے کو سر سے پَیر تک اُتارنے میں ساڑھے تین لاکھ روپے لگے ہیں۔ اچھا، اب یہ بتایئے کہ جب آپ رات کو لان پر بیٹھے ہوں تو آپ کو سب سے زیادہ کس چیز سے تکلیف پہنچتی ہے؟"

"خواتین کے چہرے صاف نظر نہیں آتے۔"

"اے قربان جایئے! مگر یہ تو اندرونی تکلیف ہوئی، خارجی تکلیف بتایئے۔"

## اُدھر جاتا ہے دیکھیں یا اِدھر پروانہ آتا ہے

ہم نے اپنے ذہنِ نارسا پر بہتیرا زور ڈالا، مگر کوئی اور قابلِ علاج تکلیف یاد نہ آئی۔ ہمیں عاجز دیکھ کر خود تشخیص فرمائی کہ لان پر سب سے بڑی NUISANCE مچھر ہوتے ہیں جو پَیروں پر ڈنک مار مار کے لال چُنری بنا دیتے ہیں۔ نیبل فین کی ہوا صرف

www.urduchannel.in



چہرے اور دھڑ کو لگتی ہے اور اونچے پیڈسٹل فین کی ہوا سے استفادہ کوئی دوسرا پیڈسٹل فین ہی کر سکتا ہے۔ نتیجہ آپ نے بچشمہ خود ملاحظہ فرمایا ہو گا کہ پارٹیوں میں خواتین ایک ہاتھ سے بڑے سلیقے سے پلّو ڈھلکاتی رہتی ہیں اور دوسرے سے پنڈلی کے دَدوڑوں کی سوزش رفع کرتی ہیں۔ تو انہیں اس عالم میں دیکھ کر آپ کا کیا ردِ عمل ہوتا ہے۔"

"مچھّروں پہ رشک آتا ہے۔" ہم نے نور جہاں کی طرح دوسرا کبوتر بھی چھوڑ دیا۔

"بھئی آپ تو شاعری کرنے لگے۔ اسے کل رات کے لئے اٹھا رکھئے۔ تو عرض یہ کر رہا تھا کہ جب فینی پوری رفتار سے چلے گی تو مجال ہے کہ ایک مچھّر بھی پیروں کے پاس پھٹک جائے۔"

"پھر رُخِ روشن کے گرد منڈلانے لگیں گے۔"

جواب میں انہوں نے ہمیں مچھّروں کی نفسیات سے آگاہ کرتے ہوئے اطمینان دلایا کہ پیروں کا مار کھایا مچھّر، چہرے کو پھونک پھونک کر کاٹتا ہے۔ نیز یہ کہ جو مچھّر بھی ہم جیسے ندیدوں کی شعاعِ نظر کی لپیٹ میں آگیا وہ وہیں بھسم ہو جائے گا۔

## بازار ہم گئے تھے اِک چوٹ مول لائے

بعد ازاں انہوں نے میز پر دو مَن کے باٹ رکھوائے اور خود بھی اس پر ٹانگیں لٹکا کر بیٹھ گئے۔ پھر سوئچ آن کیا گیا۔ فیکٹری کے معائنے اور تلاطم بحث کے دَوران ہم پسینے میں شرابور ہو چکے تھے۔ اور "کارڈرائے" کی پتلون میں سے پسینہ پھُوٹ رہا تھا۔ یوں بھی ڈھاکہ میں کپڑے چھ مہینے بارش سے تَر رہتے ہیں اور چھ مہینے پسینے میں لیکن فینی نے دو ہی منٹ میں نہ صرف ہمارا سارا پسینہ خشک کر دیا، بلکہ ہمیں تو اندیشہ ہونے لگا کہ اگر یہ دو چار منٹ اور چلتی رہی تو ساری اندرونی رطوبت بھی کھینچ کر ہمیں کھڑنک کر دے گی۔ ہماری بھیگی ہوئی قمیص پاپڑ ہو گئی تھی اور ذرا چلی تو وہی پتلون سوش سوش کرنے لگی۔

ہم نے بالکل "کیثرول" انداز میں اس کی قیمت پُوچھی۔ گھاگ تھے۔ بھانپ گئے۔

www.urduchannel.in



"نذر ہے، سرکار! دو بنائی تھیں۔ ایک تو گورنر مشرقی پاکستان ہیلی کاپٹر میں ڈال کر لے گئے۔ دوسرا دانہ آپ کی نذر۔ تحفہ چیز ہے۔ فینی ڈارلنگ!" انہوں نے عزیزہ کو چمکارتے ہوئے کہا۔

"قیمت کیا ہے؟" ہم نے پھر پوچھا۔

"ماچس ہوگی؟"

"جی نہیں"

انہوں نے اپنی سکریٹری سے ماچس منگوا کر ہمیں پکڑا دی اور ڈپٹ کر بولے "جلایئے۔" ہم نے ڈرتے ڈرتے ایک تیلی جلائی تو کہنے لگے "اب اس فیکٹری کو آگ لگایئے۔" ہم نے ہکّا بکّا ہو کر پوچھا "کیوں؟" بولے "پہلے آگ لگایئے، پھر جرح۔ جلدی کیجئے۔ آپ کی اُنگلی جَل رہی ہے۔" دریافت کیا "مگر کیوں؟" فرمایا "اس لئے کہ برادر! یہ سب کچھ آپ ہی کا ہے۔ آپ مجھے اپنے سلیپنگ پارٹنر سے بھی زیادہ عزیز ہیں۔ یقین نہ آئے تو خدا کی قسم فیکٹری کو آگ لگا دیں۔"

"یہ آپ کی محبّت ہے۔ مگر قیمت کیا ہے؟" ہم نے اِدھر اُدھر دیکھا۔ آس پاس کوئی ایسی چیز نظر نہ آئی جس میں اکیلی ماچس سے آگ لگائی جا سکے۔ چاروں طرف لوہا ہی لوہا تھا...... "خنزیری فولاد۔"

"عرض تو کیا۔ ساڑھے تین لاکھ روپے لاگت آئی ہے۔ آپ کو رعایت سے نو سو میں دے دوں گا۔ گھر کی بات ہے، برادر!"

"ہم نے پانچ سو نقد اور چار سو کا چیک پیش کیا جنہیں جھپٹ کر جیب میں رکھنے کے بعد وہ دس منٹ تک قبول کرنے سے انکار کرتے رہے۔

انہوں نے ہمارے وزٹنگ کارڈ پر چھیالیس سال کی گارنٹی تحریر کرتے ہوئے فرمایا کہ اس عرصے میں پنکھوں کی کارکردگی میں بال برابر بھی فرق آ جائے تو میری قبر پر جمعرات کی جمعرات جوتے مارنا۔ ۴۶ سال سے زیادہ کی گارنٹی پر ہم نے بھی اِصرار نہیں کیا، اس لئے کہ پھر بات ۲۰۰۰ء سے آگے نکل جاتی۔ اور اکیسویں صدی تک محض اس مقصد کے لئے زندہ رہنے کا ہمارا کوئی ارادہ نہیں تھا کہ بس بیٹھے قبر پر جوتے مارتے رہیں۔

www.urduchannel.in



اور وہ بھی ڈھاکہ میں۔ پنکھوں کی پائیداری کا سبب یہ بتاتے تھے کہ یہ انہوں نے ایک نیم غرقاب جہاز سے "سالویج" کیئے تھے جو چٹاگانگ کے قریب ایک جزیرے سے ٹکرا کر ناکارہ ہو گیا تھا۔ یہ اس کے EXHAUST FANS تھے۔ غرقاب جہاز تو ہم نے نہیں دیکھا، لیکن ریلوے کمپارٹمنٹ ضرور دیکھے ہیں جہاں بالکل ایسے ہی پنکھے محض زیبائش اور مسافروں کو آپس میں لڑوانے کے لئے لگائے جاتے ہیں۔

جیسور سلک، جامدانی کی ساری، ڈھاکہ ململ کے دوپٹے، بید کی پکنک باسکٹ، شاہی قوام، دریائی موتی، اجگر کی کھال کا پرس، آرائشی کشتی اور سمپان، رس گلے اور چم چم، مرزا کے لئے کومل کونپلوں کی چائے جن میں سلہٹی دوشیزاؤں کے ہاتھوں کی خوشبو بسی ہو...... ہمارا پرس ایسی فرمائشوں کی پرچیوں سے بھرا ہوا تھا۔ لیکن فیئٹ کی قیمت چکانے کے بعد ہمارے پاس اتنے پیسے بھی نہ رہے کہ منشی گنج کا آدھا کیلا یا جمعہ کی نماز کے بعد کشائش رزق کی دُعا مانگنے کے لئے ڈھاکہ ململ کی ایک دوپلی ٹوپی بھی خرید سکیں۔

## خیر سے ہم گھر کو آئے

گھر واپس آئے تو سوغات میں فقط اپنے آپ کو لائے۔ لیکن جب ہم نے ذرا تفصیل کے ساتھ بتایا کہ کرنافلی پیپر ملز میں ہمارے ہم شکلوں کو کس طرح چھانٹ چھانٹ کر بیدردی سے قتل کیا گیا اور پھر دیکھتے دیکھتے ہزاروں آدمی ہیضے میں کیسے چٹ پٹ ہوئے تو سب نے ہماری خالی ہاتھ واپسی کو ہی غنیمت جانا۔ بیوی اور بچے شکر بجالائے کہ ہم نے اپنی چالاکی سے ان کو بالترتیب بیوہ اور یتیم ہونے سے بچالیا۔ فیئٹ کی خریداری کی اطلاع ہم نے عمداً کسی کو نہیں دی تاکہ "سرپرائز" کا عنصر باقی رہے۔

## بالم گاڑی

ایک مہینے بعد کلیرنگ ایجنٹ نے اطلاع دی کہ فیئٹ بخیریت پہنچ گئی ہے۔ ہم اس کی پذیرائی کو خود گودی پہنچے۔ اب سوال یہ پیدا ہوا کہ اسے گھر کیوں کر پہنچایا جائے۔ ٹرک کے لئے یہ بہت چھوٹی تھی۔ ایسا ہی تھا جیسے کوئی کرین سے ماچس کی ڈبیا ٹھوائے۔

www.urduchannel.in



پھر کرایہ تیس روپے۔ اُونٹ گاڑی کے منہ میں یہ زیرہ معلوم ہوتی۔ گدھا گاڑی والا کہتا تھا کہ زمین پر انگلی سے نقشہ کھینچ کر پتہ سمجھا دو، سات روپے ڈیڑھ آنے میں گھر پہنچا دوں گا۔ (ڈیڑھ آنہ بیڑی کے بنڈل کا بھی ہمارے ہی متھے چڑھا۔ اس کی عورت بڑی چنڈال تھی) ہم فینی کو گدھا گاڑی میں تن تنہا نہیں چھوڑنا چاہتے تھے، حالانکہ وہ بچارا تو ہمیں ڈرائیور کی اعزازی سیٹ پر بٹھا کر بندر روڈ اور جمشید روڈ ہوتا ہوا، دس میل، پیر الٰہی بخش کالونی تک ہمارا جلوس نکالنے کے لئے تیار تھا۔ لیکن گدھے پر بغیر منہ کالا کئے بیٹھنا ہمیں اَدھورا اَدھورا سا لگا۔ آخر یہ حل نکالا کہ ہم نے خاں سیف الملوک خاں کی سائیکل لی اور پیچھے سے لگے لگے چلنے لگے۔ ذرا دیر میں پسینے کے ریلے بہنے لگے تو اس خیال سے بڑی طراوت محسوس ہوئی کہ اگر ٹرک سے لے جاتے تو ناحق ۳۰ روپے کا خون ہو جاتا۔ ۲۳ روپے کی بچت دل لگی نہیں۔ (اس سے پندرہ پیکٹ سگرٹ خریدے جا سکتے تھے۔) محض حسابی بچت کے زور سے ہماری جیب پھٹی پڑ رہی تھی۔ سچ مچ کی بچت تو خدا جانے انسان کو کتنا مغرور بنا دیتی ہوگی۔ پرانی نمائش کے پاس بالم گاڑی (گدھے کا نام بالم اور پیچھے کا نام بلموا تھا) والے نے تالی بجا کر کہا، بابو جی! تمہارے ٹائر میں بہت خوبصورت پھکنا نکل رہا ہے۔ قبل اس کے کہ اس نظارہ سے ہم بھی لطف اندوز ہوتے، ٹیوب کا غبارہ اتنے زور سے پھٹا کہ ہم ایک فٹ ہوا میں اچھل کر بالم کی پیٹھ پر گرے اور وہ ہمیں لے کر تین فٹ اُچھلا۔ سائیکل بغیر سوار کے پندرہ بیس قدم آوارانہ چل کر ایک امریکن ٹورسٹ خاتون (جو گدھا گاڑی کا فوٹو لے رہی تھی) کی سڈول ٹانگوں کے درمیان ہینڈل کی رکاوٹ کے سبب رُک گئی۔ خاتون کے ہاتھ میں کیمرہ اور ناک☆ میں گالی تھی۔

## ہم نے امریکن گالی اور گیہوں کا مزا چکھا

ہم بھی اس امریکن بی بی کو کچھ جواب دیتے، لیکن ہمارا نمک حلال معدہ اس وقت امریکن گیہوں کی روٹی ہضم کرنے میں سرگرم عمل تھا۔ سُن کر جو پی گئے یہ مزا مفلسی کا

☆ "ناک میں" ہم نے اس لئے کہا کہ امریکن تینوں کام ...... یعنی گفتگو، گانا اور گالی ......... ناک سے ادا کرتے ہیں۔

www.urduchannel.in



تھا۔ یاد ش بخیر! امریکہ سے پہلے پہل خیراتی گندم کی کھیپ آئی تو وزیر اعظم محمد علی بوگرہ نے کراچی کے اونٹوں کے گلے میں "تھینک یو، امریکہ!" کی تختیاں لٹکوا کر شہر میں گشت کروایا تھا۔ امریکہ کو یہ خمد گندم اور اونٹ کی زبانی قومی جذبۂ تشکّر کی ترجمانی بہت بھائی۔ چنانچہ اس نے بجا طور پر وزیر اعظم کے بجائے بشیر ساربان کو امریکہ کے دَورے کی دعوت دی۔ مرزا عبد الودود بیگ کا قول ہے کہ امریکی گندم بالکل خالص اور اصلی ہوتا ہے۔ اصلی سے ان کی مراد یہ ہے کہ اس کے بیج خاص اسی خوشے سے حاصل کیے گئے تھے، جس کا ایک دانہ کھاتے ہی حضرت آدم جنّت سے نکالے گئے۔

اس سے خدا نخواستہ گناہ آدم کی بے توقیری مقصود نہیں۔ یہ آدم ہی کا گناہ تھا کہ ایک سُنسان بیابان خرابے ......... کرۂ ارض ...... کو گلزار بنا گیا۔ ورنہ نہ جانے کتنے سیارے، کتنے مہ و مہر ہوں گے کہ اَندھی خلاؤں میں قرن ہا قرن سے، ازاَزل تا بہ ابد، اپنے آدم کی تلاش میں یونہی گردش کرتے رہیں گے۔

## نانِ حلف

ویسٹ وہارف سے پیر الٰہی بخش کالونی تک کی مسافت طے کرنے میں ساڑھے تین گھنٹے لگے۔ گھر آیا تو بالم گاڑی (وہ اسے گدھا گاڑی نہیں کہتا تھا) والے نے نیا شوشہ اُٹھایا۔ کہنے لگا چار من وزنی کارخانہ ڈھویا ہے۔ چار روپے چڑھانے اُتارنے کے علیحدہ دینے ہوں گے۔ ہم نے کہا "بندۂ خدا! یہ تو گیارہ روپے بن گئے۔ اتنے میں تو ہم اسے نئی وکٹوریہ گاڑی میں ٹھاٹ سے لا سکتے تھے۔" بولا "بَرَدبَر لا سکتے تھے، پَن وہ گھسیلا ابھی چڑھائی اُترائی کے دام اُوپر سے لیتا۔ گھوڑے کے گھانس کے پیسے الگ۔ پندرہ روپے ٹھاٹ سے دَھروا لیتا۔ کیا نام اس کا، سب ٹھاٹ پڑا رہ جاوے گا جب لاد چلے گا گھسیلا!۔ بابو جی، سات روپے تو اکیلے بالم ہی کی مجوری ہوئی۔ میں تو اس کی آدھی دہاڑی ملنگ رہا ہوں۔ کراچی میں گدھا آدمی سے زیادہ کماوے ہے۔" ہم نے کہا "مسلمان ہو۔ خدا سے ڈرو۔ سامان چڑھانے اُتارنے کی اُجرت تو کرائے ہی میں شامل ہوتی ہے۔"

www.urduchannel.in



ہمارا یہ کہنا تھا کہ اس نے گدھے کے توبڑے میں سے روٹی کا ایک سُوکھا ٹکڑا نکالا اور ہمارے ہاتھ پر رکھ کر بولا "تمہارا اعجاز شریف چاہے تو بھلے ہی گدھے کا حق مار لو۔ پہ میرے معصوم بال بچّوں کے گلے پہ کائے کو چھری پھیر رہے ہو۔ بابو جی ! تم بھی مسلمان، میں بھی مسلمان۔ لاالہ الااللہ ! جو بے فضول اڑی کرے اللہ اس پہ، اس کی آل اولاد پہ، رزق کا دروازہ بند کر دے۔ اسے پُل صراط پہ اَندھے سوّر کی سواری نصیب ہو۔ تم خود ہی اس رزق کے ہاتھ لگا کے بتاؤ۔ مجوری اور کرائے میں فرق ہے کہ نہیں؟" ہم نے روٹی کا ٹکڑا ہاتھ میں لے کر اقرار کیا کہ ہے تو۔ یہ سُن کر وہ فاتحانہ انداز سے مسکرایا۔ اب ہم نے ٹکڑا اس کے ہاتھ میں تھما کر پوچھا "اب تم ایمان سے بتاؤ کہ اُتارنے چڑھانے کی واجبی مزدوری کتنی ہوتی ہے؟" روٹی کو ہونٹوں اور پیشانی سے لگاتے ہوئے بولا "سائیں ! ڈیڑھ روپیہ۔" یہ کہہ کر ٹکڑا ہماری ہتھیلی پر منتقل کیا اور ہمارے سامنے ہاتھ جوڑ کر کہنے لگا "تمہیں یہ بھی منجور نہیں تو بابا رزق کے ہاتھ لگا کر جو کچھ دے دو گے، لے لوں گا۔ دونوں وقت مِل رہے ہیں۔"

دونوں کے ایمان پر بَن آئی تھی۔ ہم نے بعجلت یہ غذائی بومرنگ اس کے ہاتھ پر رکھ کر، اپنے دونوں ہاتھ پتلون میں چُھپاتے ہوئے کہا "لو یہ ڈیڑھ روپیہ۔ مگر رزق تمہارے ہاتھ میں ہے۔ حلفیہ کہو، میں نے لادنے اُتارنے میں برابر کی محنت کی تھی یا نہیں؟" اس نے سُوکھے ٹکڑے کو سر پر رکھ کر اقرار کیا اور ڈیڑھ روپے میں سے ہماری نِصف مزدوری، بارہ آنے، ہمارا پسینہ خشک ہونے سے پہلے ہمیں ادا کر دی۔ اور اس سے قبل کہ حلفِ جاریہ سے ہم ایک دوسرے کے ایمان کو آزمائش میں ڈالیں، اس نے لپک کر اپنے گدھے کا جبڑا کھولا اور کہنی تک اندر ہاتھ ڈال کر نانِ حلف اس کے حلق سے اتار دی۔

پہنچی وہیں پہ نان جہاں کا خمیر تھا

تھوڑی دُور جانے کے بعد وہ مزدورِ خوش دل کچھ سوچ کر واپس آیا اور بقیہ بارہ آنے بھی لَوٹاتے ہوئے کہنے لگا "بابو جی ! دونوں وقت مِل رہے ہیں۔ روزِ قیامت کے دن خدا کو عاقبقت میں منھ دکھانا ہے۔ حشر کے میدان میں بالم تمہارا دامن پکڑے گا۔"

www.urduchannel.in



پر یہ تمہارا اور اس کا ذاتی معاملہ ہے۔ تم جانو، وہ جانے۔ اپنی اپنی گور اپنا اپنا جواب۔ میں تو یہ جانوں، تم تو مجھ سے بھی زیادہ پسینے میں لھولھان ہو رہے ہو! تمہارے بچے میرے بچوں سے بھی چھوٹے ہیں!"

## ہم بھینس سے کیوں چمک گئے

فیئٹ کو جب اُتار کر ڈھویا جارہا تھا تو چند پڑوسی ٹوہ لینے کے لئے مع اپنی ہم شکل وہم رنگ وہم زبان ذرّیات کے فیئٹ کے گِرد جمع ہوگئے تھے۔ بالشت بالشت بھر کے لونڈوں نے جن مشوروں اور سوالوں کے سینگوں پر ہمیں دَھر لیا، ان کی ایک جھلک ملاحظہ ہو:......

"انکل! اسے دری پہ لِٹال کے اُتاریئے۔"

"ابے یہ تیری نانی کی میّت تھوڑی ہے۔"

"پاک ایئرویز کا جو جہاز گِرا تھا، نا! یہ وِسی کے انجن کی اَگاڑی ہے۔ کیوں نا انکل؟"

"سالے سِڑی ہوا ہے! بینک کے گودام سے آئی ہے۔ اَنڈے پھینٹنے کی فیکٹری ہے۔ اندھے کو بھی نظر آوے ہے۔ آنکھیں ہیں یا بھینس کے......"

"چوتّی کے! اس سے کیا شترمرغ کے انڈے پھینٹے گا؟"

"تجھے کچھ پتہ بھی ہے۔ آنٹی بھینس کے گھی کے لَوندے کے لَوندے ڈال کے انڈے کا ایسا حلوہ بناویں ہیں کہ بس اسٹینڈ تک بُھبکے جاویں ہیں۔ ایک ہی چمچ کھا کے مرکھنے سے مرکھنے آدمی کے منھ پر رُعاب آجاوے ہے۔ کیا نام، ٹھٹّھہ سے کھویا آوے ہے۔ پھر برنس روڈ کی ملائی کے ساتھ تر نوالہ کِھلاویں ہیں......"

"دیکھو لمڈے کی دل لگی! بھینس کا نام آتے ہی سالا رَواں ہو گیا!"

فیئٹ کو برآمدے میں رکھوا کر ہم نہانے دَھونے چلے گئے۔ چھوٹے سے (۶ × ۲) غسل خانے میں ہمارے ہی قد و قامت کی ایک پانی کی ٹنکی رکھی تھی جو ہر نہانے والے کے ساتھ شانہ بشانہ غسل کرتی تھی۔ اسے غسل کروا کے نکلے تو دیکھا کہ

www.urduchannel.in


محلے کے لڑکوں کی مدد سے فینی کمرے کے وسط میں پہنچ چکی ہے اور چمگادڑ کی طرح چھت کی طرف پاؤں کیئے پڑی ہے۔ ہم نے بیگم سے پوچھا "اسے الٹا کیوں کر دیا؟" بولیں "اور لو! میں نے تو پنکھے سیدھے لگائے ہیں۔ مگر یہ ہے کیا؟" ہم نے کہا "تمھاری برتھ ڈے کا پیشگی تحفہ۔ فینی ۔ تمھاری فینی !" فینی کے ایک آلٹے پائے کے تلوے کو سہلاتی، چمکارتی ہوئی بولیں "برتھ ڈے میں تو ابھی گیارہ مہینے ہیں۔ خیر۔ مگر یہ کرتی کیا ہے؟" ہم نے کہا "بجلی سے چلتی ہے۔"

بولیں "یہ تو اندھے کو بھی نظر آتا ہے۔"

ہم خاموش ہوگئے۔ اس دہشت سے کہ اندھے کے توسط سے مکالمہ میں پھر بھینس اپنی جملہ مصنوعات سمیت نہ کود پڑے۔

## خانۂ انوری میں لان کہاں

تھوڑا سا بھلاوا دے کر ہم نے بیگم کو رسان رسان فینی کی کارکردگی سے متعارف کراتے ہوئے بتایا کہ گرمیوں میں شام کے وقت لان پر اس سے زیادہ کار آمد شے کا نِسوانی دماغ تصوّر بھی نہیں کر سکتا۔ بس پر انھوں نے بڑے "میٹر آف فیکٹ" لہجے میں ہمیں اطلاع دی کہ جس کوارٹر میں ہم پانچ سال سے رہ رہے ہیں اس میں لان نہیں ہے۔ نزدیک ترین لان گاندھی گارڈن میں واقع ہے جو یہاں سے چار میل ہے!

وہ جو کہتے ہیں کہ عورتوں میں INTUITION ہوتا ہے وہ غالباً اسی شے کا نام ہے جس کا وہ اس وقت مظاہرہ کر رہی تھیں۔ خدا گواہ ہے کہ فینی سے پہلی نظر میں محبت کے بعد سے اس لمحۂ انکشاف تک ہمیں یہ خیال ہی نہیں آیا تھا کہ ہمارے دو کمروں والے کوارٹر میں لان نہیں ہے۔ جس جگہ ہمارا پائیں باغ اور نہایت کشادہ ہرا بھرا لان لگ سکتا تھا وہاں یار لوگوں نے ہم سے پہلے اپنے کوارٹر کھڑے کر لئے تھے۔ بعضوں نے تو پگڑی پر بھی اٹھا دیئے تھے۔ خود ہم نے سونے کے بٹن بیچ کر ۳۵۰ روپے پگڑی پر راتوں رات قبضہ لیا تھا۔ پگڑی میں مکان کے علاوہ ایک عدد لوٹا جس کی

www.urduchannel.in



ٹوٹی جڑ سے جھڑ گئی تھی، دو جھاڑو مگر ایک عمدہ ڈبل بیڈ جس پر پچھلے کرایہ دار کا انتقال ہوا تھا، شامل تھے۔

ان مکانوں☆ کی دیوار سے دیوار ہی نہیں، بلکہ رات کو مکینوں کے سر سے سر اور کان سے کان ملے ہوتے تھے، اس لئے کہ ان کے درمیان صرف کاغذی اینٹ کی "گوش دارد" والی دیوار ہوتی تھی۔ چنانچہ جب رات ڈھلے کھسر پھسر اُدھر ہوتی تو کسی بزرگ کے کھنکارنے کی آواز اِدھر سے آتی:

تجھے اٹکھیلیاں سوجھی ہیں ہم بیدار بیٹھے ہیں

کیل اُدھر ٹھونکی جاتی تو پلستر اِدھر کا جھڑتا۔ بسا اوقات یہ فرق کرنا مشکل ہو جاتا کہ آدھی رات کو جو بچہ پیٹ کے درد سے چیخ چیخ کر ہمیں ہلکان کر رہا ہے وہ لختِ جگر ہے یا سرودِ خانۂ ہمسایہ ......... تاوقتیکہ اندھیرے میں اپنے ہر بچّے کے منہ پر ہاتھ رکھ کر یہ تحقیق نہ کر لی جائے کہ چیخ کا صوتی مرکز دیوار کے اِس طرف ہے یا اُس طرف۔ عرصہ کی بات ہے، مگر اچھی طرح یاد ہے کہ پڑوسی عبدالغفور کے الارم سے ہمارا مرغا جاگتا تھا اور وہ محلّے کی مسجد کے مُلّا کو جگاتا۔ پھر حشر بپا ہوتا۔

## ہماری زندگی میں کسی شے کی کمی

ہمیں اس کا بڑا قلق تھا کہ جس جگہ جیل کی بنی ہوئی دری بچھی ہے وہاں گھاس ہوتی اور گھاس میں مچھّر ہوتے تو عیش آ جاتے۔ یہ "شاک" اپنے سسٹم میں جذب کرنے کے لئے کہ جس گھر میں ہم پانچ سال سے رہ رہے ہیں، اس میں لان نہیں ہے، ہمیں تین چار دن لگ گئے۔ میرے دماغ پر تو اتنا ہی الزام تھا کہ اس نے کبھی دریچہ کھول کر اس طرف نہیں دیکھا کہ باغ میں بہاریں کیسی دھومیں مچا گئیں۔ مگر ہم نے تو کھڑکی کے اِس طرف والے نقشہ کا بھی نوٹس نہیں لیا جہاں فرش پر چار پیارے پیارے بچّے دیوار تا دیوار لوٹتے لڑھکتے اور ان کے سر ایک دوسرے سے بلیرڈ کی خوشنما گیندوں کی طرح

---

☆ اگر ہم نے یہ مضمون برادرم سید ضمیر جعفری کی شاہکار نظم "ضمیر کا گھر" (لکڑی کی نصف HUT) سے سرقہ کیا ہے تو کیا ہوا۔ ان کے مالکِ مکان نے بھی تو میونسپل کارپوریشن سے منظور شدہ نقشہ ہمارے ہی مکان کا چرایا تھا۔

www.urduchannel.in



ٹکراتے رہتے تھے۔

اس واقعہ کے کئی برس بعد کا ذکر ہے۔ ہم نے بڑے رومینٹک موڈ میں ایک محفل میں کہا "اب ہمیں ہر نعمت، ہر آسائش میسّر ہے۔ مگر آج بھی زندگی میں کسی شے کی کمی محسوس ہوتی ہے۔"

مرزا، جو ہمارے جہل اور نالائقیوں کا مکمل عرفان رکھتے ہیں، سُن کر بولے "جس شے کی کمی تمہیں ہمیشہ محسوس ہوتی رہی ہے اسے قدما کی اِصطلاح میں عقل کہتے ہیں۔"


## ہماری مچھّر دانی

دو تین دن تو جی اُداس اُداس رہا۔ پھر یکبارگی خیال آیا کہ طبیعت کی جولانی اگر زروجواہر، اَبر و بہار، اور سبزہ و گل پر ہی موقوف ہوتی تو کتنے ہیں کہ خود کو شادمان و شاد کام کہہ سکتے۔ جس انجانی مہک کے سہارے یہ ساری زندگی گزاری اسے ہَوا کا جھونکا کہیں سے اُڑا کر نہیں لایا۔ ساری رِوانی خوشبوئیں نافۂ آرزو ہی سے پھوٹیں:

جو بہار آئی مِرے گلشنِ جاں سے آئی

اس تعلّیِ متصوفّانہ کو موجودہ صورتِ حال پر، جو مایوس کُن ہونے کے علاوہ مضحک بھی تھی، منطبق کیا تو طبیعت پر جو زنگ لگ گیا تھا اس کے چھلکے ایک ایک کر کے اُترنے لگے۔ ظاہر سی بات تھی کہ جو آلہ لان پر اپنا کرشمہ دکھا سکتا تھا، وہ ہمارے کمرے میں بھی سائنسی کمالات دکھانے سے باز نہیں رہ سکتا۔ بس اتنی سی بات پہ دل پکڑ کے بیٹھ گئے! مچھّروں کی مردم شماری کر کے تخمینہ لگایا تو اس نتیجے پر پہنچے کہ گاندھی گارڈن کے تمام لانز پر جتنے مچھّر ہوں گے ان سے دُگنے تو ہمارے ۱۲ × ۱۲ کمرے میں پلے ہوئے تھے۔ لان کی ضرورت تو ہمیں محض اس لئے محسوس ہوتی تھی کہ اس پر مچھّر ہوتے ہیں۔ گاندھی گارڈن کی کوئی اِجارہ داری تو نہیں۔ گوشِ حقیقت نیوش سے سُنا تو کراچی کے مچھّروں کا بچّہ بچّہ زبانِ حال سے طعنہ زن تھا کہ "اسیرِ خواہشِ قیدِ مقام تو ہے کہ میں؟" سچ پوچھیے تو کراچی میں مچھّر دانی بھی اس معنی میں استعمال ہوتی ہے جس میں سُرمہ دانی،

www.urduchannel.in



PDF LIBRARY
0333-7412793

www.urduchannel.in



ہتلے دانی، چائے دانی، دودھ دانی، ہمدانی، صمدانی اُردو دانی وغیرہ جن میں اشیائے متعلقہ کو بحفاظت تمام بند کیا جاتا ہے کہ نکلنے نہ پائیں۔

## چائے کے چونچلے

تنخواہ سے قرض کی پہلی قسط وضع ہوتے ہی ہم نے فینی کی رُونمائی کا اہتمام کیا۔ ۱۲ × ۱۲ کمرے میں جتنی خواتین و حضرات باہم بغلگیر ہوئے بغیر سما سکتے تھے، اس سے کچھ زیادہ ہی چائے پر مدعو کئے۔ کراچی میں چائے کی ضیافت کی ایک خوبی یہ ہے کہ چائے ہی پیش کی جاتی ہے۔ چائے کے بہانے دودھ نہیں پیتے۔ لاہور کی طرح نہیں کہ سالم مرغی اور کباب پہ کباب چلے آرہے ہیں اور ایک صاحب نہیں، کئی ہیں، کہ دودھ سے لبالب کپ میں تین قطرے چائے ٹپکوا کر کہہ رہے ہیں کہ "میں تے ہمیشاں سٹرانگ چاہ پینا واں" (میں تو ہمیشہ اسٹرانگ چائے پیتا ہوں) ہم اس میں صرف اتنی سی اصلاح کریں گے کہ چائے دودھ دان میں ہونی چاہئے اور دودھ چائے دانی میں۔ جاپانی اپنی رسمِ چائے TEA CEREMONY اور اس کے صدیوں پرانے چونچلوں کی بڑی ڈینگیں مارتے ہیں۔ لیکن انہیں چاہئے کہ چائے، باتیں اور صحت ایک ساتھ بنانے کا ہنر زندہ دلانِ لاہور سے آکر سیکھیں۔ کراچی میں چونکہ پپیتے اور خربوزے کا شمار سبزیوں میں نہیں ہوتا، اس لئے اگر ہم یہ کہیں کہ ہم نے چائے پر پھلوں کا تکلّف بھی کیا تو اسے مبالغہ آرائی نہ سمجھا جائے۔ آم، اسپاگیٹی، شریفے اور خستہ پے ٹیز کھانے کا مہذّب طریقہ ابھی تک دریافت نہیں ہوا، اس لئے شریفوں اور پے ٹیز کا ذکر ہم نے دانستہ نہیں کیا۔ اور ہاں ایک تربوز بھی تھا۔ بہت میٹھا تو نہیں لیکن خالص۔ خالص سے ہماری مراد یہ کہ اس زمانے میں کراچی کے تربوز گلابی رنگ اور سیکرین کے انجکشنوں کے عادی نہیں ہوئے تھے۔ اور تربوز کی قاشوں نے گاہکوں کو رِجھانے کے لئے لپ اسٹک لگانی نہیں سیکھی تھی۔ تربوز کا چھلکا اگر گہرا سبز ہو تو ہم تم مطمئن ہو جاتے اور اندر کا حال قسمت پر چھوڑ دیتے۔ تربوز اس زمانے میں اس طرح خریدا جاتا تھا جیسے آج کل شادی کی جاتی ہے...... محض صورت دیکھ کر۔ مگر صاحب! اگلے وقتوں کی بات ہی کچھ اور تھی۔ کچّی

www.urduchannel.in



صراحی بھی خریدنی ہوتی تو یہی نہیں کہ بزرگ سرِ عام ٹن ٹن بجا کے راستہ چلتے ہوؤں تک کی تشفّی کر دیتے تھے کہ دیکھ لو کہیں سے ترخی ہوئی یا جھوجھری نہیں ہے، بلکہ کمہار کے چاک اور کمہاری کے چال چلن پر بھی ایک نگہ ڈال لیتے تھے۔ وہ اک نگہ جو بظاہر نگاہ سے کم ہے۔

## یہ کنارا چلا کہ ناؤ چلی

آخری مہمان کے آنے تک مدعوئین کے نصف بہتر حصّہ کا میک اَپ پسینے سے بہہ کر رومالوں میں محفوظ ہونے لگا تھا۔ پھر کیا کیا رنگ بہے اس دَم، کچھ ڈھلک کچھ چپک چپک! سب پسینے میں نہا چکے تو ہم نے فینی پر سے کمبل کا گھونگھٹ اٹھایا جس کی کانی اوٹ میں وہ ہمارے حکم کی منتظر کھڑی تھی۔ جیسے ہی سوئچ آن کیا چاروں پنکھے بڑے زور سے چلنے لگے اور ان کے ساتھ فینی بھی چلنے لگی۔ چند لمحے تیزی سے چکر کاٹنے کے بعد وہ پلک جھپکتے میں دھڑ دھڑاتی ہوئی ایک خاتون کی کرسی کے پایوں میں جا کر ایسی فِٹ ہوئی کہ وہ وہیں سینڈوچ ہو کر رہ گئیں۔ اُٹھ کر جھپاک سے برآمدے میں بھی نہ جا سکیں۔ وہ تو خدا نے بڑی خیر کی ورنہ اگر ان کے پھٹے ہوئے لال دوپٹے میں اُلجھ کر پنکھے "جیم" نہ ہو جاتے تو ہمیں بڑی شرمندگی اُٹھانی پڑتی۔

شکر ہے، دوپٹے سے فینی کو کوئی ناقابلِ مرمّت نقصان نہیں پہنچا۔ دوپٹے کے اس اثنا میں نہایت موزوں سائز کے سُرخ ربن بَن گئے تھے جن سے اسکول جانے والی بچیوں کی چُٹیاں چار پانچ سال تک گوندھی جا سکتی تھیں۔ فینی کو تو منا کر ہم پھر کرتب دِکھانے کے لئے وسط میں لے آئے، لیکن وہ خاتون کمبل کا گھونگٹ کاڑھ کے ایسی بیٹھیں کہ فینی کو ناخن تک نہ دِکھایا۔

اب ہمیں ایکا ایکی خیال آیا کہ جس وقت ڈھاکہ میں فینی کی کارکردگی کی نمائش کی گئی تھی تو اللہ بخشے☆ ۲۵۰ پونڈ وزنی مُوجد اس پر جم کر بیٹھ گیا تھا، جیسے سرکس میں کرتب

☆ نور الحسن شیخ کو ۱۹۷۱ء کے ہنگاموں میں اس کی "سلیپنگ پارٹنر" مسز ...... نے پناہ دی اور دوسرے سلیپنگ پارٹنر نے قتل کروا دیا۔

www.urduchannel.in



دِکھانے والی حسینہ گھوڑے کی پیٹھ پر دونوں ٹانگیں ایک طرف کر کے بیٹھ جاتی ہے۔ چنانچہ اس دفعہ ہم بھی اسی آسن سے بیٹھ گئے۔ اب جو بیگم نے سوئچ آن کیا تو فینی ہمیں اُٹھائے اُٹھائے پھرکی کی صورت گھومنے لگی۔ ایک بچہ اپنی ممی کی گود سے اُتر کر ضد کرنے لگا کہ میں بھی انکل کیساتھ MERRY-GO- ROUND پر بیٹھوں گا۔ چار پنکھوں کی ہارس پاور کے زور سے فینی اتنی تیزی سے گھوم رہی تھی کہ اپنا توازن قائم رکھنے کے لئے ہم نے اپنی ٹانگیں آخری انچ تک پھیلا دیں۔ اور ہماری REVOLVING لات کے قطرے سے بچنے کے لئے مہمانانِ گرامی اور ان کی بیگمات نزدیک ترین کونے میں منہ دے کر کھڑے ہوگئے۔

فینی پر سے چھلانگ لگا کر ہم نے سوئچ آف کیا۔ اب کی دفعہ ہم نے بیگم کو بھی فینی پر بٹھا کر پنکھے آن کئے تو مجال ہے کہ فینی اپنی جگہ سے ذرا بھی ہل جائے۔ اب جو فینی جَم کے، جی لگا کے چلی ہے تو ایک قیامت آگئی۔ چوطرفہ جھکڑ چلنے لگے۔ کمرہ دراصل اتنا چھوٹا تھا کہ اس میں زیادہ آکسیجن کی سمائی بھی نہیں تھی۔ ایسی طوفانی ہوائیں ہم نے تو زندگی میں صرف ایک بار دیکھی تھیں، جب چٹاگانگ میں سُرخ سائیکلون آیا تھا۔ ایسا لگتا تھا کہ کمرے کی ہر وہ چیز جس کا وزن فینی اور ہم میاں بیوی کے وزن سے کم ہو، ہَوا میں اُڑ رہی ہے۔ دیوار پر ٹنگے ہوئے کیلنڈر کے تمام ورق بیک وقت پڑھے جاسکتے تھے۔ مَردوں کے گال اپنی ہی ٹائیوں کے تھپّڑ کھا کھا کے لال ہوگئے۔ سگرٹوں کے جلتے بھرے سگرٹوں سے علیحدہ ہو کر جگنوؤں کی طرح اُڑنے لگے۔ جیسے ہی فینی نے پوری اسپیڈ پکڑی چھوٹے سے کمرے میں نیلی پیلی آندھی آگئی۔ کھڑکی دروازوں کے پردے اس طرح لہرانے لگے جیسے ایرپورٹ پر نارنجی رنگ کی بادنما سَونڈ لہراتی رہتی ہے۔ ایک خاتون کی چوٹی ایریل کی طرح کھڑی ہوگئی۔ ایک صاحب کی داڑھی میں ہَوا سے قدرتی مانگ نکل آئی۔ فرنچ شفان اور بمبئی سے اسمگل کی ہوئی بنارسی ساریوں میں کچھ دیر تو ٹھنڈے جھکڑ چلتے رہے۔ پھر ایسی ہَوا بھری کہ بھری کی بھری رہ گئی۔ خواتین گلے گلے تک ان رنگین بُلبلوں میں ڈوب گئیں۔ کچھ نے پنجوں سے بارڈر اور دانتوں سے پَلّو دبانے کی کوشش کی تو بنارسی غبارے اور پھول گئے۔ ایک غیور شوہر نے پہلے تو اپنے ہاتھوں سے ان

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flic.kr/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in


ایسے سوئیں کہ پھر نہ اٹھیں۔

کچھ اوڑھا دیجئے مولا مجھے نیند آتی ہے

پھر کھانا گرم کیا جاتا اور دونوں ساتھ کھاتے۔ وہ ایک پرائیویٹ اسکول میں پڑھانے لگی تھیں۔ تنخواہ دونوں بچیوں کے دودھ کے ڈبوں کے برابر! البتہ اسکول کے مالک کو تگنی تنخواہ کی رسید دینی پڑتی تھی۔ (چار سال سے اس کی پنشن رکی ہوئی تھی۔) ہمارے درمیان ایک خاموش معاہدہ تھا کہ کوئی یہ نہیں بتائے گا کہ دن کیسا کٹا۔ ان کے لئے ہمارے دل سے دعائیں نکلتی ہیں۔ خدا ان کا سہاگ رہتی دنیا تک قائم رکھے۔ انھوں نے ہماری عادتیں خراب کردی ہیں۔ اور ہم گھر گرہستی سے اتنے بے خبر ہیں کہ آج بھی یہ نہیں بتاسکتے کہ ہمارے کرتے میں کتنا کپڑا لگتا ہے، کریلا کون سے موسم میں آتا ہے، گوشت کہاں سے آتا ہے، ساری کا عرض کیا ہوتا ہے، چیچک کا ٹیکہ کس عمر میں لگوایا جاتا ہے، ایک سیر بریانی میں کتنی چھٹانک نمک پڑتا ہے؟ پھر صبح چھ بجے اٹھ جاتے اور سات تک تیار ہو کر پیدل گرومندر پہنچتے۔ وہاں سے بس آسانی سے مل جاتی تھی۔ تجربے نے ثابت کر دیا تھا کہ ڈھائی تین میل پیدل چلنے میں، پیر الٰہی بخش کالونی کے بس اسٹینڈ پر دھینگا مشتی کرنے کے مقابلے میں آدھا پسینہ بھی نہیں آتا۔ ۸۔۳۰ تک دفتر پہنچ جاتے اور پھر اس چکی میں پستے جس کے دو پاٹن بیچ آج تک کوئی ثابت نہ بچا۔

## شاہجہانی روزن

بینکوں میں اس زمانے میں دیوار کی طرف منہ کر کے بٹھانے کا رواج عام تھا۔ اس میں غالباً یہ فائدہ ملحوظ تھا کہ دھیان اِدھر اُدھر نہیں بھٹکتا۔ آدمی یکسوئی سے گھنٹوں دیوار اور کام کو گھورتا رہتا ہے۔ افسر کا منہ بھی نہیں دیکھنا پڑتا۔ خیر، ہمیں اس طرزِ نشست سے کوئی قابلِ ذکر تکلیف نہیں ہوئی۔ اس لئے کہ ہم تو یوں بھی ساری عمر نوشتۂ دیوار ہی پڑھتے رہے ہیں۔ دائیں جانب ایک کھڑکی تھی جس میں زنگ خوردہ سلاخوں کا آہنی سہرا لٹک رہا تھا۔ یہ سڑک کی طرف کھلتی تھی، لیکن بحکم جنرل منیجر بہادر ہمیشہ بند رہتی تھی۔ موصوف کا خیال تھا کہ کھڑکی کھلنے سے بینک کے رازہائے سربستہ

www.urduchannel.in



نامحرموں پر کھل جائیں گے۔ کبھی پٹ کھلا رہ جاتا تو باقاعدہ "انکوائری" ہوتی "کس نے کھولا؟ کب کھلا؟ کیوں کر کھلا؟" شام کو موصوف اکثر اپنے ہاتھ سے بعض دراز وں کی تلاشی لیتے۔ زنگ اور دیمک نے ترس کھا کر اس کھڑکی میں ایک ذیلی کھڑکی بنا دی تھی جس میں سے چائے کا کپ اور سر بآسانی گزر سکتا تھا۔ اس کے سامنے کی ایک سلاخ کسی شوریدہ سر نے نکال دی تھی۔ جی گھبراتا تو ہم اس سوراخ میں سے باری باری سڑک کی سیر دیکھتے۔ یہ "شاہجہانی روزن" کہلاتا تھا۔ روایت ہے کہ شاہجہاں جب قلعۂ آگرہ میں اسیر ہوا تو دیوارِ زنداں میں لگے ہوئے ایک نگینے پر سے نظریں نہیں ہٹاتا تھا کہ اس میں اس کی چہیتی کے روضہ کا پورا عکس نظر آتا تھا۔ ہمیں سردی، گرمی، پھوار پڑنے، دھوپ ڈھلنے اور چاندنی پھیلنے کا اندازہ اسی روزن سے ہوتا تھا۔ ورنہ اندر تو ہمیشہ جھٹ پٹے کا سا سماں رہتا تھا۔ غروبِ آفتاب کے بعد اسے جھاڑن سے ڈھانک دیا جاتا، اس لئے کہ سنسان سڑک اور گھپ اندھیرا دیکھ کر دل بیٹھنے لگتا تھا۔

چند روز سے ہم دیکھ رہے تھے کہ ایک سفید بلّی شاہجہانی روزن کے نیچے فٹ پاتھ پر اپنے بچّوں سمیت آکر بیٹھ جاتی ہے۔ ایک دن اس نے بہت میاؤں میاؤں کی تو ہم نے فٹ پاتھ پر بیٹھے ہوئے ملباری چائے والے کو اِکنّی پھینک کر اسے دودھ پلوا دیا۔ اس کے بعد یہ روز مرّہ کا معمول ہو گیا کہ وہ شام پڑتے ہی وہاں آجاتی اور ہم اس کا حق ادا کر دیتے۔ اس کے بچّوں کی بڑھوار دیکھ کر جی خوش ہوتا۔ کبھی ہم وہاں نہ ہوتے یا اس کی فریاد پر دھیان نہ دیتے تو وہ جنگلے پر چڑھ کر روزن میں سے جھانکتی۔ اس کی نیلی آنکھوں میں بڑی بے بسی جھلکتی تھی۔ دودھ پی پلا کر کچھ دیر اپنے بچّوں سے ہمارا جی بہلاتی۔ پھر اٹھ کر چلی جاتی اور دوسرے دن چھ بجے سے پہلے نظر نہ آتی۔ گھر پر بچّے روز پوچھتے کہ آج وہ بچّے کتنے بڑے ہوئے۔ اگر ہمیں اتوار کو بینک نہ آنا ہوتا تو سنیچر کی شام کو اس کے دودھ کی اِکنّی چائے والے کو پیشگی ادا کر دیتے۔ کچھ دن سہ پہر ہی سے ہمیں اس کا انتظار رہنے لگا۔ پالتو جانور کی چپ دُسراتھ اور اس کا پیار کتنا بھرپور ہوتا ہے اس کا اندازہ اسی وقت ہوتا ہے جب آدمی دکھی ہو یا تنہا۔ اس کے بھی چار بچّے تھے۔

www.urduchannel.in


# سیمنٹ کا بم

بارش کے دن تھے۔ جھڑ لگ رہی تھی۔ ایسی بارش اور ایسی چھت کراچی میں پھر کبھی نہیں دیکھی۔ لگتا تھا کہ آسمان کا پیندا چھلنی ہو گیا ہے۔ مکان کی چھت بھی چھلنی ہو رہی تھی۔ اور کمرے کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک جانے کے لئے چھتری لگانی پڑتی تھی۔ کوئی جگہ ایسی نہ بچی جہاں آدمی موسمی حالات سے ہر لحظہ باخبر رہے بغیر سو سکے۔ اس کے باوجود ہم نے اس بے چینی اور پھرتی کا مظاہرہ نہیں کیا جس کا نظیر اکبر آبادی مذاق اڑا گئے ہیں:

مدّت سے ہو رہا ہے جن کا مکاں پرانا
اُٹھ کے ہے ان کو مینہ میں ہر آن چھت پہ جانا

چھت پر جانے سے ایک تو پڑوسنیں مچھر دانی اوڑھ لیتی تھیں اور ان کے مرد مچّھر دانی کے بانس لے کر باہر نکل آتے تھے۔ دوسرے، کوئی زینہ سرے سے بنایا ہی نہیں گیا تھا، اس لئے کہ چھت اپنے ہی بوجھ کی متحمل نہ تھی۔

دوسرے کمرے کی چھلنی کے چھید اتنے بڑے تھے کہ اس کا پرنالہ ہی خشک ہو گیا۔

ایک رات ایسی بھی گزری کہ چھت رات بھر روتی رہی۔ اس کی دیکھا دیکھی بچے بھی۔ اور انہیں دیکھ کر ہماری آنکھ بھی بھر آئی۔ ان سب کو رقّت سے باز رکھنے کے لئے دوسرے دن ہم نے لنچ کے وقفے میں آٹھ پونڈ سیمنٹ خریدا اور شام کو اسے لفافے میں ڈال کر، بوچھار سے بچاتے چھپاتے، بس اسٹینڈ کی طرف روانہ ہوئے۔ اتنے میں ایک بیس گواز☆ لمبی کار دائیں طرف سے ہمارے آدھے جسم اور لفافے پر برساتی پانی اور کیچڑ کا اسپرے پینٹ کرتی زوئیں سے گزر گئی۔ کچھ دیر بعد ایک اور کار آتی ہوئی نظر آئی تو ہم نے دوسرا گال بھی پیش کر دیا۔ تاکہ ہمارے کپڑوں کا بایاں حصّہ بھی دائیں کا ہم رنگ ہو جائے۔ آخر ۱۹ نمبر کی بس آ ہی گئی۔ کیچڑ میں لت پت ہونے کا یہ فائدہ ضرور ہوا کہ زندگی میں پہلی بار کشتی لڑے بغیر بس پر چڑھنے میں کامیاب ہو گئے۔ کسی نے فاؤل نہیں

☆گواز (بلوچی) دونوں بازو پورے پھیلانے کے بعد ان کا درمیانی فاصلہ۔

www.urduchannel.in



ملا۔ کسی نے کمر میں ہاتھ ڈال کر پیچھے نہیں کھینچا۔ ہم سیٹ پر بیٹھنے ہی والے تھے کہ ایک صاحب جو ہمارے بعد چڑھے تھے اپنے بریف کیس کے بمپر سے ہمیں دھکیل کر ہماری سیٹ پر قابض ہو گئے۔ انہوں نے سفید شارک اِسکن کا سُوٹ پہن رکھا تھا۔ جو تر بتر تھا مگر بے داغ۔ ہم ان کے پہلو میں چھت کا ڈنڈا پکڑ کر بس کے جھٹکوں کے ساتھ جُھولنے لگے۔ ان کی نگاہیں ہمیں جھڑکتی پرے ہٹنے کی ہدایت کرتی رہیں۔ بس بڑی تیزی سے کیچڑ اُچھالتی جا رہی تھی۔ اور ہم گیلے لفافے کو سینے سے لگائے جُھوم رہے تھے کہ ایک بڑھیا نے اچانک سڑک پار کرنے کی کوشش کی اور بس دو زبردست جھٹکوں کے ساتھ رُکی۔ کھڑے ہوئے مسافروں کی لائن میں ہر سَر پہلے پیچھے اور پھر آگے والے سَر سے ٹکرایا۔ اور مضروبین نے ایک دوسرے کو ''ذرا ہوش کر کے کھڑے ہو'' کی تنبیہ کی۔ ہم نے لفافے کو گرنے سے روکنے کے لئے اس میں مضبوطی سے انگلیاں گڑو دیں۔ یکایک بھیگا ہوا لفافہ پھٹا اور سیمنٹ کا پرنالہ شارک اِسکن کے سُوٹ پر دُھواں دَھار گرا۔ کچھ دیر تو سوائے ہمارے کسی کی سمجھ میں نہ آیا کہ سیمنٹ کا بم کیوں اور کیسے پھٹا۔ لیکن جب ہَوا میں اُڑتے ہوئے غُبار کا آخری ذرّہ تک شارک اِسکن کے سُوٹ پر آ کر جم گیا اور ہمارے ہاتھ میں خالی لفافہ رہ گیا تو دو سال کا بچہ بھی بتا سکتا تھا کہ کیا ہوا۔ دو سال کی قید ہم نے اس لئے لگائی ہے کہ اس سے کم عمر کا بچّہ سچوایشن کو سمجھ تو سکتا ہے مگر الفاظ میں اَدا نہیں کر سکتا۔ بچّے بولنے سے پہلے ہنسنا سیکھتے ہیں۔ جیسے ہی ان صاحب پر اس سانحہ کی سنگینی اور حدودِ اَربعہ منکشف ہوئے، انہوں نے رومال سے اپنا سُوٹ رگڑ رگڑ کر صاف کرنے کی کوشش کی۔ لیکن گیلے سُوٹ پر اعلیٰ کوالٹی کا مضبوط اور پائیدار سیمنٹ، بہتان کی طرح ایسا چمٹا کہ

پھیلتا ہے اِس قدر جتنا کہ رَگڑا جائے ہے

اس نے اس عالم میں بزبانِ اُردو و انگریزی جو کچھ کہا، خدا اسے معاف کرے۔ ہم نے تو اسی وقت معاف کر دیا تھا۔ قابلِ اشاعت فقرہ صرف یہی تھا کہ پرسوں ہی درزی کو ۵۷ روپے نقد سلائی دی تھی۔ بس اور ان کی زبان چلتی رہی۔ ذرا دیر بعد آخری سیٹ سے ایک صاحب نے ٹھیٹ کرخنداری لہجے میں ہدایت فرمائی ''بھائی جان ! فوراً سے پیشتر

www.urduchannel.in



نلکے کے نیچے ہو ں غسلِ صحت کر لو۔ جھٹ دَینی سیمنٹ جم گیا تو پھٹ دَینی ملکہ نُور یہ کا بُت بَن جاؤ گے۔ محلّے کے لَونڈے لُولُو بنا دیں گے۔ جوزہ صاحب بھی نہیں پہچان پائیں گی۔" سیمنٹ پوش صاحب نے منہ سے تو کچھ نہیں کہا، لیکن دو تین منٹ بعد پہلے ہی پرنالے پر بس سے اُتر گئے۔

چار پانچ دن بعد ہم پھر اس بس میں چڑھنے لگے تو ہمارے آگے آگے چارٹرڈ بینک، کے منیجر کی سیکریٹری ........ ۳۸ ۔ ۲۴ ۔ ۳۸ ........... تھی۔ کنڈکٹر نے ہمیں آنکھ مار کے، ریزگاری کا تھیلا بجاتے ہوئے ہانک لگائی "بابو جی! ذرا سنبھل کے۔ آگے پیچھے کے بمپر سے ہوشیار! ہاں جی! میکلوڈ روڈ، پوسٹ آفس، صدر، گرو مندر، جمشید روڈ، بڑا گھر (جیل)، کالونی۔ مہربان قدر دان! بس میں چُھری، چَکّو، چَرس، گانجا اور سیمنٹ لے جانے کی اِزاجت نہیں ہے۔"

## کراچی کی برسات

پانچ چھ سال بعد ایسی بھر کے بارش ہوتی ہے تو کراچی کی تاریخ اور کیچڑ کا حصّہ بن جاتی ہے۔ سارا نظامِ زندگی درہم برہم ہو جاتا ہے۔ اسے معمول پر لانے میں پانچ چھ برس لگتے ہیں۔ جھگّی نشینوں کے لئے یہ بارانِ زحمت، آفاتِ ارضی و سماوی کا درجہ رکھتا ہے۔ دیکھا جائے تو غالب بھی بارش کے اس لئے دلدادہ نہیں تھے کہ پینے کے لئے آبِ مقطّر کی سپلائی بڑھتی ہے۔ کھیتی باڑی کو فائدہ پہنچتا ہے۔ بلکہ

خوشی ہے یہ آنے کی برسات کے
پئیں بادۂ ناب اور آم کھائیں

محکمۂ موسمیات بارش کا سالانہ اَوسط چار انچ بتاتا ہے۔ مگر یہ ایسا ہی ہے جیسے ہماری تنخواہ اور آدمجی، سہگل اور داؤد سیٹھ کی آمدنی کو جوڑ کر ہمار اَوسط چھ کروڑ نکالا جائے اور اس پر ہم سے انکم ٹیکس کا مطالبہ کیا جائے۔ پھر گھر کے سامنے قُرقی کا ڈھول بجا کر ہماری تصانیف کی ناقابلِ فروخت کاپیاں، دوائیں اور ٹائیاں نیلام کر دی جائیں۔ "بقدرِ اشکِ بلبل" تو پھر بھی غنیمت ہے۔ کراچی میں تو بارش اس طرح ہوتی

www.urduchannel.in



ہے جیسے کوئی مگرمچھ آنسو بہارہا ہو۔ کراچی کے اکثر پرانے مکانوں کی چھتوں میں آپ کو پرنالے اور موریاں نظر نہیں آئیں گی۔ بعض سڑکوں پر تو برساتی پانی، بلکہ ٹریفک کے نکاس کا بھی کوئی انتظام نہ ملے گا۔ کراچی کو دُنیا کے تمام شہروں کے مقابلے میں یہ امتیاز حاصل ہے کہ یہاں کبھی چھتریاں اور برساتیاں نظر نہیں آتیں۔ یوں تین چار مہینے گھنگھور گھٹائیں چھائی رہتی ہیں۔ بھولے سے کسی پروگرام ڈائرکٹر کی کھڑکی کھل جائے تو ریڈیو اسٹیشن ساون کے گیت نشر کرنے شروع کر دیتا ہے۔ کراچی کے مطلع پر ساون بھادوں میں گہرے بادل اور محکمۂ موسمیات کی پیش گوئیوں کا دُھند چھایا رہتا ہے۔

کشتِ بے آب نے دیکھے ہیں وہ کالے بادل
جو کہیں اور برسنے کو اِدھر سے گزرے

جب دریاؤں میں طغیانی آتی ہے اور پنجاب کے اکثر علاقے زیرِ آب آجاتے ہیں تو کراچی کی ہوٹلوں اور بوتلوں میں سے کئی ہزار کیوسک فی سیکنڈ بادۂ ناب کا اِخراج ہونے لگتا ہے۔ غالبؔ ہوتے تو یہ نقشہ دیکھ کر کتنے خوش ہوتے۔ کلکتے اور اس کے "وہ بادہ ہائے نابِ گوارا کہ ہائے ہائے!" کو بھول جاتے۔

لیکن اس سال سارے ریکارڈ ٹوٹ گئے۔ بارش اور ایسی بارش! ایسی بارش ہم نے صرف مسوری میں اپنی شادی کے دن دیکھی تھی کہ پلاؤ کی دیگوں میں بیٹھ کر دلہن والے آ، جارہے تھے۔ خود ہمیں ایک کفگیر پر بٹھا کر قاضی کے سامنے پیش کیا گیا۔ پھر نہ ہم نے ایسی حرکت کی اور نہ بادل ایسا ٹوٹ کے برسا۔ عجب سماں تھا۔ جدھر دیکھو پانی ہی پانی۔ اس دن سوائے دُلہن کی آنکھ کے ہمیں کوئی چیز خشک نظر نہ آئی۔ ہم نے ٹہوکا دیا کہ رخصتی کے وقت دُلہن کا رونا رسومات میں داخل ہے۔ انہوں نے بہت پلکیں ٹپٹپائیں، مگر ایک آنسو نہ نکلا۔ پھر کار میں سوار کراتے وقت ہم نے سہرا اپنے چہرے سے ہٹایا۔ خوب پھوٹ پھوٹ کر روئیں۔

ایسی ہی بارش ان دنوں کراچی میں ہو رہی تھی۔ پروفیسر قاضی عبدالقدوس نے کسی سے سُنا تھا کہ پنڈی میں تو تگڑے کے برابر اولے پڑے ہیں۔ ایسا موسلا دھار برسا کر ہر

www.urduchannel.in



طرف جل تھل ہوگیا۔ سڑکیں دریاؤں کی طرح بہہ رہی تھیں۔ میکلوڈ روڈ پر چارٹرڈ بینک کے سامنے اصفہانی خاندان کے ایک بزرگ کی کار ڈبکیاں لگا رہی تھی اور وہ اس کی چھت پر بیٹھے کراچی میونسپل کارپوریشن کو قدیم فارسی میں گالیاں دے رہے تھے۔ اسٹاف کو ساڑھے تین بجے ہی چھٹی دے دی گئی تھی اور ہم بھی چھ بجے تک اُٹھنے کا ارادہ رکھتے تھے۔ وقت معینہ سے کافی پہلے موتی (بچوں نے بلی کا یہ نام رکھ دیا تھا) آئی۔ ہم نے جیب میں ہاتھ ڈالا تو کلہم تین آنے! اب اسے اور اس کے ٹبر کو ایک آنے کا دودھ پلوا دیتے تو بس کے ٹکٹ میں دو پیسے کم پڑ جاتے۔ وہ کھڑکی کے نیچے بھیگتی رہی۔ روتی رہی۔ ہم نے پروا نہ کی۔ پھر اس نے پنجوں سے کھر کھری اور بار بار روزن سے جھانکنے لگی تو ہم نے اسے جھاڑن سے ڈھک دیا تاکہ یکسوئی سے کام سمیٹ سکیں۔ کچھ دیر بعد وہ اپنے رزق کی تلاش میں کہیں اور نکل گئی۔ بارش ذرا تھمی۔ ہم اُٹھنے کی تیاری کر رہے تھے کہ چائے والا، جس نے اپنی دُکان ایک دروازے کی محراب میں منتقل کر لی تھی، کھڑکی کھٹکھٹانے لگا۔ ہم نے پوچھا کیا بات ہے؟ کہنے لگا بابو جی! تمہاری بلی ریلی برادرز کے ٹرک کے نیچے آکر مرگئی۔ یہ لو اس کے بچے۔ بلک رہے ہیں۔ یہ خون تمہاری گردن پر۔

یہ خون ہماری گردن پر تھا۔ اگر ہم آج بھی پیدل چلے جاتے تو کون سی قیامت آجاتی۔ چاروں بچے بارش میں شرابور تھر تھر کانپ رہے تھے۔ ہم نے سب سے چھوٹے کو میز پر بٹھا کر ڈسٹر سے خشک کیا تو اس کی آنکھوں کی طرف نہ دیکھا گیا۔ ہو بہو ماں جیسی تھیں۔ بارش پھر تیز ہوگئی اور ہم نے کھڑکی کھول کر تین آنے بہتے نالے میں پھینک دیئے۔ انھی کی وجہ سے وہ اپنی جان سے گئی۔ ہفتوں اس کی اداس نیلی نیلی آنکھیں اس روزن سے جھانکتی ہوئی دکھائی دیں۔ آخر ہم نے تنگ آکر اس روزن پر براؤن کاغذ چپکا دیا۔

## بول میری مچھلی کتنا پانی؟

چاچا فضل دین (چوکیدار) صبح ہمارے لئے پھر سیمنٹ خرید لایا تھا۔ اور اس گارنٹی کے ساتھ کہ اب کے لفافہ سیمنٹ سے زیادہ پائیدار ہے۔ اس نے کہیں سے

www.urduchannel.in



ٹوکری بھی بر آمد کی جس میں لفافہ اور موتی کے چاروں بچے رکھ کر ہم برستے مینہ میں پیدل روانہ ہوئے۔ وہ تین آنے ہمارے پاس ہوتے بھی تو کچھ کام نہ آتے، اس لئے کہ بسیں چلنی کبھی کی بند ہوچکی تھیں۔ پانی کی چادر چل رہی تھی۔ پہلے تو کچھ سمجھ میں نہ آیا کہ سڑک کہاں ہے۔ لیکن سات آٹھ ڈبکیوں کے بعد آسان پہچان ہاتھ آگئی۔ جہاں جہاں پانی زیادہ گہرا اور گڑھے تھے، وہی سڑک تھی۔ بندر روڈ طغیانی پر آئی ہوئی تھی۔ اور ہم اس کی موجوں اور کوڑے کے تھپیڑوں سے بچتے بچاتے گلیوں گلیوں جارہے تھے۔ لائٹ ہاوس سینما کے پاس کمر کمر پانی تھا، بشرطیکہ کمر والے کا قد $\frac{1}{۲}$ ۲ فٹ ہو۔ لیکن گلی بہت بہتر تھی۔ وہاں صرف کیچڑ تھا۔ چنانچہ ہم اُدھر ہو لئے۔ ابھی چند قدم ہی چلے ہوں گے کہ محسوس ہوا گویا کسی نے سر پر مشک چھوڑ دی۔ لیکن مشک میں سے دِلّی کی نہاری کا دھوُاں تو نہیں نکلتا۔ وہ تو خدا نے خیر کی کہ سر پہ پہلے تربوز کا ہیلمٹ آن کر فٹ ہوگیا، ورنہ فجری آم کی ایک سیروزنی گٹھلی سے سر پاش پاش ہو جاتا۔ گردن اُٹھا کر دیکھا تو ایک لڑکی بالٹی اُلٹے، چوتھی منزل کی بالکنی میں کھڑی کھِلکھِلا رہی تھی۔ کہیں سے آواز آئی "......... ہرا سمندر۔ بول میری مچھلی کتنا پانی؟" اس کے بعد ہم نے بندر روڈ پر غرقاب ہونے کو گلیوں میں نہاری سے غسل کرنے اور پھسلنے پر ترجیح دی۔ لیکن اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ پھسلنے پر ہمیں خدا نخواستہ اُصولاً کوئی اعتراض ہے۔ نظیر اکبر آبادی کی طرح، ہم تو کیچڑ نہ ہو تب بھی پھسلنے کے لئے جی جان سے تیار ہیں:

کیچڑ سے ہر مکاں کی تُو بچتا بہت پھرا
پر جب دِکھائی دی کُھلے بالوں کی ایک گھٹا
بجلی بھی چمکی حُسن کی، مینہ برسا ناز کا
پھسلن جب ایسی آئی تو پھر کچھ نہ بس چلا
آخر کو واں نظیرؔ بھی آکر پھسل پڑا

جوتوں کا اکلوتا جوڑا پانی میں بھیگ کر مخمل کی طرح ملائم ہوگیا تھا اور اسے مزید مخملیں ہونے سے بچانے کے لئے ہم نے ٹوکری میں رکھ لیا۔ پانی میں نہ صرف لُطف آیا بلکہ اس کی انگلی پکڑے پکڑے بچپن بھی لَوٹ آیا۔ ہمیں ان پر بڑا ترس آتا ہے جو بچپن

www.urduchannel.in



میں کبھی ننگے پیر نہیں پھرے، اور نہ بارش میں نہائے۔ انہوں نے اپنا بچپن ضائع کیا۔ وہ کیا جانیں کہ جب بادلوں کے جھما جھم بان، گرم دانوں سے بھرے ہوئے بدن کو باڑھ پر رکھ لیتے ہیں تو کیسی گدگدی ہوتی ہے اور زمین کا ہر قدم پر بدلتا ہوا سُبھاؤ اور کوراپنڈا، اس کی نرمی، گرمی اور کٹیلاپن کیا چیز ہوتی ہے۔ دھرتی اپنا آپا اور بھید بھاؤ جوتے کے تلے کو نہیں دکھایا کرتی۔

## جہاں قطرے کو ترسایا گیا ہوں

راستے بھر گھرے فکر اور پانی میں ڈوبے رہے۔ صبح تک جوتے کیسے سوکھیں گے؟ ''اُجلے پوش لانڈری رجسٹرڈ'' بھی بارش کی وجہ سے دو دن سے بند تھی۔ بارش سے پہلے اس کے کارندے شہر سے دُور دھوبی گھاٹ کے گندے نالے میں ''ارجنٹ'' دُھلائی کرتے تھے۔ بارش کے بعد یہ سہولت گلی گلی میسر ہوگئی۔ یہ لانڈری بکفایت یعنی ڈھائی آنے میں دن کے دن قمیص دھو دیتی تھی، جب کہ شہری لانڈریاں اس زمانے میں قمیص کی ''ارجنٹ'' پھڑوائی کے چھ آنے لیتی تھیں۔ ہم سوچنے لگے کہ گھر میں اتنا پانی کہاں کہ کپڑے دھو کر صبح کوئلوں کی استری سے خشک کرلیں۔ آخرالذکر کو برسات میں دھوپ کے فرائض بھی انجام دینے پڑتے تھے۔ گھر میں کوئی مضبوط الگنی بھی نہیں تھی جس پر خود کو لٹکا کر کپڑے پہنے پہنے سُکھا لیتے۔ کالونی میں نلکے نہیں تھے مگر یہ اکبر الہ آبادی کا زمانہ نہیں تھا کہ نلکے لگنے کو ایک قومی سانحہ سمجھ کر شاہ ایڈورڈ کی دہائی دی جائے کہ کیا زمانہ آن لگا ہے:

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| پانی | پینا | پڑا | ہے | پائپ کا |
| حرف | پڑھنا | پڑا | ہے | ٹائپ کا |

بحمد اللہ! میونسپل کارپوریشن نے ہمیں پہلے سانحہ سے بذریعہ مشک محفوظ رکھا۔ کالونی کی کوآپریٹو سوسائٹی ٹنکیوں کے ذریعہ پانی تو کیا تقسیم کرتی، بُوند بُوند کو ترساتی تھی۔ ہمیں تین مشک روزانہ کے کوپن ملتے تھے۔ معلوم ہوتا تھا یہ مشکیں خاص طور پر آرڈر دے کر بکری کے قبل از وقت پیدا ہونے والے بچّوں کی کھال کی بنوائی گئی تھیں۔

www.urduchannel.in



ان تین مشکوں میں بھی بہشتی حسبِ توفیق و طاقت پھونک بھر دیتے تھے۔ ربر کی دریافت سے پہلے ایسی مشکیں تیرنے کے لئے استعمال کی جاتی تھیں۔ کبھی زوری وزاری یا آٹھ دس آنے کے نذرانہ سے ایک مَشک زیادہ مِل جاتی تو گویا عید بلکہ ہولی ہو جاتی۔ تین دن سے سڑکیں کٹ جانے کے باعث پانی کی ٹنکیاں نہیں آئی تھیں اور پانی پینے کا بھی تیمم کرنا پڑتا تھا۔

گھر کے سامنے والی سڑک کے نالے کی صحیح گہرائی، آخری اعشاریہ تک، تو ہم نہیں بتا سکتے۔ اتنا ضرور یاد ہے کہ ایک موج ہماری عینک بہا کر لے گئی اور اب ہم اس قابل بھی نہ رہے کہ، ڈُبکی کھائے بغیر، پانی اور خشکی میں تمیز کر سکیں۔ گلی کے نکڑ پر شیخ رحیم بخش، ملک رحیم بس کمپنی، نے ترس کھا کر ایک پرانا ٹیوب دیا، جسے کمر سے باندھ کر ہم نے چڑھتی ندی پار کی۔ کالونی کے تمام مکان ایک دوسرے کا چربہ تھے۔ اور بغیر عینک کے تو ہر مکان پر اپنے مکان کا گمان ہوتا تھا۔ نتیجہ یہ کہ تین چار جگہ اہلِ محلّہ نے پان کی ایک ایک گلوری کِھلا کر واپس پانی میں چھوڑ دیا۔ دربدر لنگر اندازی کے بعد گھر آیا تو دیکھا کہ برآمدے اور کمرے میں نالے کا پانی ٹھاٹھیں مار رہا ہے (مکان چوراہے پر نشیبی علاقے کے پیالے میں واقع ہوا تھا۔) جن موریوں کا کام گھر کا گندہ پانی باہر نکلنا تھا، وہ اب فعلِ معکوس انجام دینے میں جُتی ہوئی تھیں۔ یعنی باہر کا غلیظ پانی ان کے توسّط سے بَھل بَھل اندر داخل ہو رہا تھا۔ سطحِ آب پر جا بجا رُوئی کے گالے تَیر رہے تھے۔ ہُوا یوں کہ ایک دن ہم نے اپنی اولاد کو تنبیہ کی کہ شرفا کے بچّے گلاسوں اور چِلّوں سے نہیں لڑا کرتے۔ خدا ان کی عمر دراز کرے، اس کو ان سعادت مندوں نے ایسا گرہ میں باندھا کہ پھر کبھی تکیے سے زیادہ سخت چیز استعمال نہ کی۔ ایک چارپائی پر دونوں بچیاں اپنی گڑیوں پر چھتری لگائے سہمی بیٹھی تھیں۔ چھوٹی کے منہ پر ابھی تک دودھ کی مونچھیں بنی ہوئی تھیں۔ دوسری چارپائی کتابوں کے مچان تلے بچھی تھی، جو کباڑی سے خریدے ہوئے "صبغے اینڈ سنز، ناشران و سوداگرانِ کتب" کے سائن بورڈ کو دیوار پر ریلوے کی بالائی برتھ کی طرح لٹکا کر بنایا گیا تھا۔ اس پر ساری متاعِ فقیر............ کتابیں............ تین قطاروں میں سجی رہتی تھیں اور ان کے اوپر دیگر اشیائے غیر ضروری۔ اس

www.urduchannel.in



"فالس سیلنگ" کے نیچے چارپائی پر دونوں بیٹے پشیمان بیٹھے تھے۔ بڑے نے سوتے میں نیکر سے باتھ روم کا کام لیا تھا اور اب پیش بندی کر رہا تھا کہ دیکھئے امّی! میری نیکر میں آپ کے گڈّو نے پیشاب کر دیا ہے! تعجب اس پر تھا کہ گڈّو میاں سسکیاں لے لے کر یقین دلا رہے تھے کہ امّی اب نہیں کروں گا! لالٹین ایک کونے میں لٹکی ہوئی تھی جہاں ایک کالی زبان بن گئی تھی۔ ٹوٹے ہوئے گلوب پر جو کاغذ آٹے سے چپکایا گیا تھا وہ آدھا جل چکا تھا۔☆ اس کی آنکھ مارتی ہوئی روشنی میں ہمارے بچوں نے بلّی کے بچّوں کو دیکھا اور دونوں کے بچے ایک دوسرے کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔

## آج ہم نے اپنا چہرہ دیکھا

بیگم بہت خوش خوش نظر آ رہی تھیں۔ کچھ دیر بعد ہمیں کچّے صحن میں لے گئیں اور کہا "دیکھو آج میں نے دو مٹکیاں پانی سے بھر لی ہیں! بالکل موتی کی طرح! ڈھیروں کپڑے دُھل جائیں گے۔" تین دن سے پانی بالکل بند تھا اور لوگ بُوند بُوند کو ترس گئے تھے۔ یہ دو مٹکیاں انہوں نے برآمدے کے پرنالے کے نیچے رکھ کر پانی سے بھری تھیں۔ انہیں دیکھ دیکھ کر یہ بی بی اس قدر خوش ہو رہی تھی گویا کوئی خزانہ مل گیا۔ یہ دکھانے کے لئے کہ دونوں لبالب بھری ہیں انہوں نے لالٹین اپنے چہرے تک اُٹھائی تو مانگ میں ایک سفید بال نظر آیا جو اس سے پہلے ہم نے کبھی نہیں دیکھا تھا۔ پانی اولے کی طرح ٹھنڈا ٹھار اور موتی کی مانند جھلمل جھلمل کر رہا تھا۔ ہمیں اس میں اپنا چہرہ نظر آیا۔

## مفلسی میں جُوتا گیلا

گھر کی ساری کائنات چارپائیوں پر محفوظ کر لی گئی تھی۔ بچّے ایلومینیم کی پتیلی کو تیرتا ہوا دیکھ کر خوشی سے تالیاں بجانے لگے۔ مٹّی کے چُولھے سے پانی اُبل رہا تھا۔ دیکھا

☆ یہ شکوۂ ایام نہیں تحدیث نعمت ربِ جلیل ہے۔ ایک دن بیگم نے بہت خوش ہو کر کہا تھا کہ خدا کا لاکھ لاکھ شکر ہے کہ گھر میں بجلی نہیں۔ ورنہ تمہارے بچے ہر وقت پلگ ساکٹ کے سوراخوں میں انگلی ڈالے بیٹھے رہتے۔

www.urduchannel.in



کہ آج پیروں پر ورم نہیں ہے۔ اتنی دیر ٹھنڈے پانی میں رہنے سے تلوے اتنے گورے ہوگئے کہ ہمیں شبہ ہونے لگا کہ کسی اور کے تو نہیں آگئے۔ سلوٹیں پڑنے سے، بقول گڈّو میاں، کریپ سول بن گئے تھے۔ تھوڑی دیر میں نالا اُتر گیا اور سارے گھر میں اُجلی اُجلی ملائم مٹّی کی دبیز تہہ چھوڑ گیا۔ بچّے اپنے ننّھے منّے پیروں کے نشان دیکھنے کے لئے اس پر خوب چلے۔ بالکل ایسے ہی بقدم خود نشان پلنگ کی چادر پر بھی تھے، مگر وہ زیادہ واضح اور دیر پا تھے۔ سونے سے پہلے ہم نے دونوں جوتوں کو فیتے سے باندھ کر لالٹین کی گردن میں ہار کی طرح لٹکا دیا تاکہ صبح تک سوکھ جائیں۔

صبح ساڑھے چار بجے بجلی کے کڑکنے سے آنکھ کھلی تو کمرے میں چمڑا جلنے کی چراند پھیلی ہوئی تھی۔ اُٹھ کر دیکھا تو معلوم ہوا کہ جو جوتا گلوب کے ٹوٹے ہوئے رُخ پر تھا، اس کی ایڑی کے اوپر کا پُشتہ جل کر اب پشاوری چپّل بن گیا ہے۔ ہم لالٹین اور جوتا بجھا کر ایسے سوئے کہ صبح پونے سات بجے آنکھ کھلی۔ اس وقت تک بیوی ہمارے کپڑوں پر استری کر کے اپنے اسکول پڑھانے جا چکی تھیں۔ کپڑوں پر ایک پرچہ رکھا ملا جس پر لکھا تھا کہ رات میں تمہیں بتا نہ سکی۔ ڈاکٹر نے مجھے یرقان بتایا ہے۔ خواہ مخواہ ڈھیر ساری دوائیں اور انجکشن لکھ مارے ہیں۔ میں واپسی میں پاکستان چوک کے ہومیو پیتھ ڈاکٹر سے دوا لیتی آؤں گی۔ زرد رنگ تمہارا فیورٹ (پسندیدہ) رنگ بھی تو ہے۔

## زخم کا سفر

جوتا ایسی چیز نہیں کہ زیور کی طرح مانگ تانگ کر پہن لیا جائے۔ اس کے سوا کوئی چارہ نظر نہ آیا کہ چپّل پہن کر بینک جائیں اور تین دن بعد تنخواہ ملے تو نیا جوتا خرید لیں۔ پھر خیال آیا کہ اگر اینڈرسن پوچھ بیٹھا کہ آج اِنسپکشن ڈپارٹمنٹ چپّل پہنے کیوں پھر رہا ہے تو کیا جواب دیں گے۔ ایک دفعہ ایک افسر بینک میں بغیر ٹائی کے آگیا تو اینڈرسن نے اس سے پوچھا کہ آج کیا بینک ہالی ڈے ہے جو یوں ننگ دھڑنگ پھر رہے ہو؟ اسی طرح ایک کلرک کا تین دن کا بڑھا ہوا شیو دیکھ کر دوّنی پکڑاتے ہوئے کہنے لگا کہ اپنا کیموفلاژ مُنڈوا کر آؤ تاکہ چہرہ شناخت کر کے رجسٹر میں حاضری لگائی جا سکے۔

www.urduchannel.in


ذہن پر زور ڈالا تو اس کا حل بھی نکل آیا۔ چپّل پہن کر ایک پیر پر پٹّی باندھ لیں گے۔ کسی نے پوچھا تو کہہ دیں گے چوٹ لگ گئی ہے۔ اور یہ کچھ ایسا جھوٹ بھی نہیں۔ آخر اندرونی چوٹ تو آئی ہی تھی جس کے بارے میں حضرت نوح ناردی سہلِ ممتنع میں فرما گئے ہیں :

جگر کی چوٹ اوپر سے کہیں معلوم ہوتی ہے
جگر کی چوٹ اوپر سے نہیں معلوم ہوتی ہے

ایک مونڈھے پر نیلے رنگ کا جھاڑن پڑا نظر آیا۔ اس میں سے ایک لمبی سی دھجّی پھاڑ کر پٹّی باندھ لی۔ سہ پہر کو اینڈرسن کی نظر پڑی تو کہنے لگا کہ زخم پر کبھی رنگین پٹّی نہیں باندھنی چاہیے۔ ٹپک جاتا ہے۔ خصوصاً برسات میں۔

دوسرے دن صبح دونوں کام پر جانے کے لئے تیار ہونے لگے تو بیگم دوپٹّہ اوڑھتے ہوئے کہنے لگیں کہ تمہارے ان لاڈلوں نے ناک میں دَم کر رکھا ہے۔ اور کچھ نہیں تو کم بخت آدھا دوپٹّہ ہی پھاڑ کر لے گئے۔ ان کا دایاں کان ایک کھونٹے میں سے باہر نکلا ہوا تھا۔

ہم نے پٹّی بجنسہٖ واپس کر دی۔ اور جلدی جلدی ایک پھٹے پاجامے کے نیفے کی سفید پٹّی باندھ کر بینک چلے گئے۔ گیارہ بجے کسی کام سے اینڈرسن نے طلب کیا۔ واپس آنے لگے تو عینک کو ناک کی پھننگ پر رکھ کر اس کے اُوپر سے دیکھتے ہوئے فرمایا! JUST A MINUTE , TAMERLANE! تمہارے زخم نے چوبیس گھنٹے میں کافی مسافت طے کی ہے۔ دائیں سے بائیں پیر میں منتقل ہو گیا ہے!"

اب جو ہم نے نگاہ ڈالی تو دھک سے رہ گئے۔ افراتفری میں آج دوسرے یعنی بائیں پیر پر پٹّی باندھ کر آ گئے تھے۔

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

# جانا ہمارا کاک ٹیل پارٹی میں

## ڈی۔ جے اور انگر کھا

"تمہارے پاس .D.J ہے؟" مسٹر اینڈرسن نے پوچھا۔

"یہ کیا ہوتی ہے؟"

"ڈنر جیکٹ۔ بلیک ٹائی۔"

"وہی جس کا کالر سیاہ ساٹن کا ہوتا ہے اور پتلون پر بینڈ بجانے والوں کی سی ریشمی پٹی لگی ہوتی ہے؟"

"سِلوا تو لو۔ بینک سے ڈِسمس ہونے کے بعد بینک کی انتظامیہ کی طرف سے بینڈ بجانے پر کوئی پابندی نہیں۔ تم نے سُنا ہو گا، ڈنر جیکٹ پہن کر تو بینکر کی بھی اشرافوں کی سی صورت نِکل آتی ہے۔"

"سر! میں ڈنر جیکٹ پہن کر کہاں جاؤں گا؟ اُردو میں مثل ہے کہ جنگل میں مور ناچا کِس نے دیکھا۔"

"!HOW STUPID۔ جاننا چاہئے کہ مور تو صرف اپنی مادہ کو دکھانے کے لئے ناچتا ہے۔ اسے آدمیوں سے کیا رغبت ہو سکتی ہے؟ پروموشن کے بعد تم بوٹ کلب یا سندھ کلب کے ممبر نہیں بنے؟ کیا ساری تنخواہ دال روٹی پر ہی ضائع کر دیتے ہو؟ اب تو غیر یوروپین بھی ممبر ہو سکتے ہیں۔"

"میں بس سے آتا جاتا ہوں۔ پیر الٰہی بخش کالونی کے بس اشاپ کے بھیڑ بھڑکے، کُشتم پچھاڑ سے دل ڈرتا ہے۔ دو ڈھائی میل پیدل چل کر صبح گرومندر سے بس پکڑتا ہوں، تاکہ دفتر بغیر قمیص کے نہ پہنچوں۔"

"بینک کے جنرل منیجر کو اس سے سرو کار نہیں کہ تم اپنے نیم رضا مند وجود کو

www.urduchannel.in



ڈرائنگ روم سے بینک میں کس طرح ڈھو کر لاتے ہو۔"

"بائی دی وے، میرے کوارٹر میں کوئی ڈرائنگ روم نہیں ہے۔ ہمارے حصے میں ایک کمرہ آیا ہے، جس میں قالین بھی نہیں۔ WALL-TO-WALL بچے بچھے رہتے ہیں۔"

"میں تمہاری مفلوک الحالی کی بے مثل منظر کشی سے بے حد متاثر ہوا ہوں۔ لیکن یاد رہے کہ مغرب میں ذاتی مشکلات کا "اِسٹرپ ٹیز" بدمذاقی سمجھی جاتی ہے۔ اچھا تو ۲۷ تاریخ کو میرے ساتھ کاک ٹیل میں چلنا۔ پھر تمہیں CALEDONIAN SOCIETY کے ANNUAL BALL میں بھی لے چلوں گا۔ اِسکاٹ کلچر اور پہناوے دیکھ کر آنکھیں پھٹی کی پھٹی رہ جائیں گی۔ ڈنر جیکٹ فوراً بنوالو۔ افسوس کہ تمہارا کوئی معقول "فارمل ڈریس" نہیں۔ تمہارے جتنے بھی پہناوے ہیں سب کے سب UNSCIENTIFIC"

"کیسے؟" ہم نے بات کو طُول دیا کہ وہ باتیں کرنے کے موڈ میں تھا۔

"عجیب بات ہے۔ عورتیں تو اپنے خوب صورت چہرے کو نقاب سے اور ملحقہ اِرتقائی تجاوزات کو دوپٹے سے ڈھانک لیتی ہیں اور مَرد؟ بُرا نہ ماننا۔ میں نے کلکتہ میوزیم میں اودھ کے نواب کی تصویر دیکھی تھی۔ ڈھاکہ ململ کے انگرکھے میں سے ایک عدد نوابی چُوچی بطور نمونہ باہر نکال رکھی تھی۔ دوسری بھی ویسی ہی ہوگی۔ VERY UNSCIENTIFIC! اپنے لباس پر غور تو کرو۔ ۱۱۶ ڈگری ٹمپریچر میں سر پر بیس گز لمبا صافہ، اور جنوب میں دس گز گھیر کی شلوار! مانسون کی اُمس میں اَچکن اور ناف سے لے کر ٹخنوں تک سرکس والوں کا سا انڈرویئر۔ کیا کہتے ہیں اسے؟"

"چوڑی دار پاجامہ۔"

"ALL VERY UNSCIENTIFIC!"

"لیکن یوروپین لباس اس سے بھی زیادہ اَن سائنٹفک ہے۔ یورپ میں برف گر رہی ہو اور ٹمپریچر نقطۂ اِنجماد سے بیس ڈگری کم ہو تو ہٹے کٹّے مَرد تو گھٹنوں تک دوہرے اُونی موزے، LEGGING اور گرم پتلون پہنتے ہیں اور نازک اَندام عورتوں کی ٹانگیں،

www.urduchannel.in



رانوں تک کُھلی رہتی ہیں!"

"سُود خور مُلّا! تمہیں ننگی ٹانگوں پر کیا اعتراض ہے؟"

"سر! مجھے تو باقی ماندہ لباس پر اعتراض ہے؟"

"تم نے کل مجھے بیلجیئن فرینک کا بھاؤ غلط بتا دیا۔ آئندہ ایسی غلطی نہ کرنا۔" اس نے اس طرح کہا جیسے ہمارا فقرہ سُنا ہی نہیں۔

## مَے سے غرض نشاط ہے کِس رُوسیاہ کو

یہ وہ زمانہ تھا جب برٹش کمپنیوں، فوج، آئی سی ایس اور انگریزوں کی ماتحتی میں کام کرنے والے دیسی افسر اپنے آپ کو روشن خیال، سوشل اور اہل ثابت کرنے کی خاطر دل پہ جبر کر کے شراب پینا سیکھتے تھے۔ کچھ دن کی مشق کے بعد ایسے رَواں ہوتے کہ نہ پینے کے لئے دل پہ جبر کرنا پڑتا تھا۔ روز کہیں نہ کہیں کاک ٹیل پارٹی ہوتی تھی اور آدمی ذرا سوشل اور خوش اخلاق ہو تو سال کے ۳۶۵ دن دُوسروں کے خرچ پر خود کو ہر شام اُلّو بنا سکتا تھا۔ کاک ٹیل پارٹی بیک وقت انگریزوں سے تقریب بہرِ ملاقات، مُفت مے نوشی اور صاحبانِ امروز تک رسائی کا پاسپورٹ ہوتی تھی۔ عجب مخمصہ تھا۔ کچھ مسلمان افسر تو اس الزام میں نکال دیئے جاتے تھے کہ وہ سوشل نہیں، یعنی شراب نہیں پیتے۔ بقیہ افسروں کو اس بنا پر برخاست کر دیا جاتا کہ وہ ALCOHOLIC ہوگئے ہیں اور مِکسڈ پارٹیز میں دُند مچانے لگے ہیں۔ دو چار ہی خوش قسمت ایسے ہوتے تھے جو برخاست ہونے کی ذِلّت سے بچ جاتے تھے۔ یہ وہ ہوتے تھے جو ڈِسمس ہونے سے پہلے ہی جگر کے "سروِس" میں باعزّت طریقے سے وفات پا جاتے تھے۔ راویانِ رنگیں بیاں سے روایت ہے کہ قرونِ وسطیٰ میں انگلینڈ میں لوگ بھُوت پَریت کے بڑے قائل تھے۔ ہر کسی عورت پر چُڑیل ڈائن کا شبہ کرتے۔ پھر یہ تحقیق کرنے کے لئے کہ وہ واقعی چڑیل ہے یا بے گناہ، گاؤں کے پنچ پٹیل اس کے ہاتھ پاؤں رَسّیوں سے کستے اور بھاری پتّھر سے باندھ کر نزدیک ترین دریا میں پھینک دیتے۔ اگر وہ ڈُوب جائے تو یہ اس بات کا ثبوت تھا کہ وہ چڑیل نہیں، بالکل معصوم تھی۔ اور اگر نہ ڈُوبے تو اس کا چڑیل ہونا مُسلّم۔ اس

www.urduchannel.in



صورت میں اسے پانی سے نکالتے۔ گرم کپڑے پہناتے۔ اچھّے اچھّے کھانے کِھلاتے۔ اور پھر آگ میں زندہ جَلا دیتے کہ چڑیل کی اس زمانے میں یہی سزا تھی۔ اِلزاموں کی نوعیّت بدلتی رہی ہے، مگر زمانے کا طرزِ تعزیر آج بھی وہی ہے۔

## بنا ہے شہ کا مصاحب پھرے ہے اِتراتا

مسٹر اینڈرسن کچھ دن سے ہم پر مہربان تھے۔ ہم ان کے مشیرِ خاص تھے۔ مطلب یہ کہ ہر اہم مسئلہ پر وہ ہم سے مشورہ لیتے اور ہمیشہ اس کے خلاف عمل کر کے کامیاب ہوتے۔ دوسرے دن انہوں نے پھر تاکیداً کہا "۲۷ تاریخ نہ بُھولنا۔ ایسی کاک ٹیل پارٹیوں کے دعوت نامے حاصل کرنا تمہارے فرائضِ منصبی میں داخل ہے۔ چوٹی کے انگریزوں سے میں خود تمہارا تعارف کراؤں گا۔" اِدھر کچھ عرصہ سے ہم خود محسوس کر رہے تھے کہ ہرچند ہماری تنخواہ میں ایک پیسے کا بھی اضافہ نہیں ہوا، لیکن جب سے ہم چیف اکاؤنٹینٹ، سیکرٹری اور انسپکٹر آف برانچز کے عہدوں پر بیک وقت فائز ہوئے ہیں ہماری "اِمیج" میں ایک خوشگوار تبدیلی آگئی ہے۔ ہمارا مطلب یہ ہے کہ اسی تنخواہ میں ہم بہتر سگرٹ دو ٹکڑے کر کے پینے لگے تھے۔ ڈالڈا چھوڑ کر اب اِصلی گھی کے نام پر دھوکا کھانا شروع کر دیا تھا۔ لباس اور اس کے لوازمات سے بھی نخوت جھلکتی تھی۔ یعنی ٹائی کی گِرہ پُھولی ہوئی ہوتی تھی۔ اب ایسے موزے بھی نہیں پہنتے تھے جن میں ایسا مُورلخ ہو جس میں سے گردن نکال کر انگوٹھا آزادی کا سانس لے سکے۔

## جس محلّے میں تھا ہمارا گھر

چاؤ میں اگلے ہفتے مکان بھی تبدیل کر لیا۔ اس محلّے میں ایک نہیں، کئی سَوداگر رہتے تھے۔ علاقے کے POSH ہونے کا اندازہ اس سے لگا لیجئے کہ ہماری چھوٹی بٹیا ہمسائے کے بچّوں کے بارے میں ہم سے پوچھنے لگی، بابا! یہ ہر روز عید کے کپڑے کیوں پہنے پھرتے ہیں؟ گڈو میاں نے ہمسائے کی دیواروں پر ساگوان کی PANELLING اپنی چھ سالہ زندگی میں پہلی بار دیکھی تو ہم سے کہا کہ انہوں نے دیواروں پر بھی فرنیچر لٹکا رکھا

www.urduchannel.in



ہے! چند روز بعد دائیں ہاتھ والی پڑوسن نے بتایا کہ بائیں ہاتھ والی پڑوسن کہہ رہی تھی کہ ہم اپنے بچّوں کو اس کے نئے قالین پر حوائجِ ضروری سے فارغ کروانے لے جاتے ہیں۔ ملاقات ولاقات تو محض بہانہ ہے۔ "کوئی پوچھے، انہیں اس LOCALITY میں آنے کی کیا مار پڑی تھی۔ ایرانی قالین دیکھے بغیر لاڈلوں کا پیشاب نہیں اُترتا۔" ہمارے غسلخانے میں کائی لگے گھڑوں اور ٹنکی کے بجائے اب گرم اور ٹھنڈے پانی کا اہتمام تھا۔ یعنی واش بیسن کی ٹونٹی سے گرمیوں میں گرم اور سردیوں میں سرد پانی نکلتا تھا۔ مہینے کی آخری تاریخوں میں کوئلے سے دانت نہیں مانجھتے تھے، بلکہ ٹیوب پر کود کود کر ٹوتھ پیسٹ کشید کرتے تھے۔ مختصر یہ کہ ہر چیز سے افسری کی شان ٹپکنے لگی۔ بینک اکاؤنٹ سے بھی سُرخی جھلکنے لگی۔

انہی دنوں اینڈرسن نے اپنا جی۔ ای۔ سی کا پرانا فرج از راہِ پرورش چار سو روپے میں ہمیں فروخت کر دیا۔ نیا ساڑھے سات سو میں آتا تھا۔ ہمارے ہاں مہینوں اس میں پیپتے لڑھکتے اور بینگن برفاتے رہے۔ پہلے دن تو ہم نے اس میں کوری صراحی بھی رکھی دیکھی تھی۔ تین چار دن استعمال کرنے کے بعد معلوم ہوا کہ اس کا موٹر اینڈرسن کے مزاج کی طرح ہے۔ یعنی چار پانچ منٹ چل کر آگ بگولا ہو جاتا اور شور و غوغا کرنے لگتا۔ اسے ٹھنڈا رکھنے کے لئے ہم نے اسی کمپنی کا بنا ہوا پنکھا سوا تین سو میں خریدا۔ نئے فرج کے مقابلے میں مجموعی سَودا پھر بھی ۲۵ روپے سَستا پڑا۔ اور انہی داموں ایک کے بجائے دو چیزیں ہاتھ لگ گئیں۔ پنکھا چوبیس گھنٹے فرِج کے بلڈ پریشر کو بگڑنے سے باز رکھتا تھا۔ گرمی زیادہ پڑے تو ہم اپنی مصالحتی چارپائی پنکھے اور فرِج کے درمیان ڈال لیتے تھے۔

## پیرہنِ یوسفی

اب ہم اُجلے پوشی کا آٹھ آنے یومیہ تاوان اَدا کر کے، پیر الٰہی بخش کالونی لانڈری سے اپنے کپڑے اس "ارجنٹ" بیدردی سے نہیں دُھلواتے اور پھُڑواتے تھے کہ جو قمیص صبح دفتر جاتے وقت دے گئے وہ اسی شام بشتابی چھُڑوالی یا گھر پر "ڈلیور" کر دی گئی۔ اس زمانے میں ہم اپنی میلی قمیص رات کو دھوبی کے پاس ہرگز نہیں رہنے

www.urduchannel.in

www.urduchannel.in

http://www.flic.kr/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in



چیز ہے۔ اس کے برابر آبِ حیات رکھا ہے ...... چیکو سلوواکیہ کی سونف کی وائن" دریافت کیا "اور اس بلّوریں مُگدر میں؟" بولے "یہ ایک افریقی وائن ہے۔ مَردوں کا ڈرنک، سچ پُوچھو تو بس یہی ہے۔ ایک چُسکی لیتے ہی محسوس ہوتا ہے کہ، بقول شخصے، گلے سے مشعل بردار مظاہرین کا جلوس گزر رہا ہے۔" سوال کیا "اور یہ بَیل کو سانی کھِلانے کی ناند میں کیا پڑا چھلک رہا ہے؟ اور اس میں ڈونگا کیوں ڈال رکھا ہے؟" ارشاد فرمایا "اوہ! یہ 'پنچ' ہے۔ ایک دوست کے ہاں ہاؤس وارمنگ پارٹی ہے۔ اسے بھیجنی ہے۔ اسی طرح ناند میں بھر کر لان پر رکھ دی جاتی ہے۔" عرض کیا یہ تو غالبؔ کے زمانے میں بھی ہوتا تھا۔

"صحنِ چمن میں رکھ دیں مے مشکبو کی ناند
جو آئے جام بھر کے پئے اور ہو کے مست
سبزے کو رَوندتا پھرے پھولوں کو جائے پھاند

فرمایا "چار مصرعوں کی رُباعی کو تو ہندی میں چوپائی کہتے ہیں۔ آپ نے تو صحنِ چمن میں تپائی رکھ دی۔ میرے والد کی عادت تھی کہ کبھی کوئی بُری خبر سُنتے، یا کھڑی فصل کو پالا مار جاتا، یا خاندان میں غمی ہو جاتی تو شعر پڑھا کرتے تھے۔ آپ تو خوش ہوتے ہیں تب بھی شعر پڑھتے ہیں!" پھر پوچھا "اور یہ کیا بلا ہے جو رنگت اور بُو سے مست خچّر کا قارورہ معلوم ہوتا ہے؟" کہنے لگے "لاحول ولا قوۃ! یہ تو دُنیا کی بہترین بیئر، میونخ بیئر ہے۔ نازی انقلاب کی بنیاد بیئر خانوں ہی میں رکھی گئی تھی۔"

اُردو زبان کی تہی دامنی کا گِلہ کرتے ہوئے فرمایا کہ "ہمارے ہاں ہر تیز پانی کے لئے صرف ایک گالی ہے...... شراب! اسی طرح کتّے کی اُردو میں لے دے کے دو قسمیں ہیں۔ دوسری کو برادرِ خورد کہتے ہیں۔ اور آپ کو حیرت ہوگی، فارسی میں تو گُلاب تک کے لئے کوئی علٰحدہ لفظ نہیں۔ دیکھا جائے تو انگریز نے ہمیں...... پورے برِّصغیر کو...... کتّوں، پھولوں اور شراب کی مختلف اقسام اور نفاستوں سے روشناس کیا۔"

ہم نے گِرہ لگائی۔ "ورنہ یہاں کیا دَھرا تھا۔

www.urduchannel.in



کہیں تھا مویشی چرانے پہ جھگڑا
کہیں پانی پینے پلانے پہ جھگڑا"

فرمایا "آپ غلط پڑھ رہے ہیں۔ مویشی چَرانے پہ عرب میں جھگڑا ہوتا تھا۔ اپنے ہاں چُرانے پہ ہوتا ہے۔"

## کاک ٹیل گائیڈ

لیجئے، دو ڈھائی گھنٹے کے سوال و جواب سے مکمّل "رہنمائے کاک ٹیل پارٹی" ..... پہلے پیگ سے صبح کے HANG-OVER (خمار) تک ..... تالیف ہو گئی۔ خلاصۂ خرافات و خمریات نو آموزوں کی عاقبت سنوارنے کے لئے حاضر ہے :۔

۱۔ پہلا اصول تو انھوں نے یہ بتایا کہ جب تک کوئی مشترک شناسا تعارف نہ کرائے، کسی سے بات نہ کرو۔ انگریز تو جب تک باقاعدہ انٹروڈکشن نہ ہو، کسی کی گالی کا بھی جواب نہیں دیتا۔

۲۔ ایک ہی جگہ اتنی زیادہ دیر جَم کر کھڑے نہ ہو کہ جملہ پورا ہو جائے۔ سَرکولیٹ (گردش) کرتے رہو۔

۳۔ جو تم سے رُتبہ میں چھوٹا یا بے فیض ہو، یا آگے چل کر کام نہ آسکے، اس کی صحبت سے گریز کرو۔ لیکن جو تمہارا نوٹس نہ لے، تم بھی اس کا نوٹس نہ لو۔

۴۔ سنجیدہ گفتگو سے پرہیز کرو۔ ورنہ لوگ سمجھیں گے کہ تم ابھی سے TIPSY (بہکے بہکے) ہو گئے ہو۔

۵۔ اگر ٹماٹر کی گاد یا نمبو پانی پر توکّل کرتے ہو تو کسی سے یہ ہرگز نہ کہو کہ شرعی ممانعت کے سبب نہیں پی رہے ہو، یا PRACTISING MUSLIM ہو۔ خونی پیچش کا بہانہ بنا دو۔

۶۔ اگر مذکورہ بالا اَلا بَلا یعنی سافٹ ڈرنک پی رہے ہو، تب بھی لیڈیز سے بہکی بہکی باتیں کرو۔ کاک ٹیل کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ مَردوں کو بدتمیزی کرنے کا ایک معقول بہانہ مِل جاتا ہے۔ عورت اگر خوبصورت ہے تو فلرٹیشن اس کا حق ہے، اور اگر

www.urduchannel.in



بدصورت ہے تو اس کے ساتھ حتی الایمان فلرٹ کرنا آدمی کا اخلاقی فرض ہو جاتا ہے۔ تم بہت کم سخن، کم آمیز ہو۔ بند بند سے رہتے ہو۔ میں نے آدمجی کی پارٹی میں دیکھا کہ خواتین سے تعارف کے وقت، تم اپنی نظر، نیت اور نیک ٹائی ہی درست کرتے رہ گئے۔

کیا زنانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں؟

بچہ! ایسے سے تو پلک جھپکانا بھی روپ کا اپمان ہے۔

۷۔ کاک ٹیل پارٹی میں ہر ایک سے اعتماد کے ساتھ، جُم کے بات کرو۔ دوسرے کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کے بلکہ نکال کے۔ وہسکی کے ہر گھونٹ کے بعد اپنی بات کا وزن بڑھتا ہوا صاف محسوس ہوتا ہے۔ عرض کیا، پیرو مرشد! یہ کیفیت تو "لبریم" کی گولی سے بھی پیدا کی جاسکتی ہے۔ فرمایا، بڑا فرق ہے۔ استاد ذوق نے کیا خوب کہا ہے۔ آبِ رز سے لکھنے کے لائق ہے:

پیرِ مُغاں کے پاس وہ دارُو ہے جس سے ذوق
نامرد مَرد، مَرد جواں مَرد، ہو گیا

لبریم کے بعد بِلّی کو چوہوں کی حاجت نہیں رہتی۔ پھر اسے خواب میں چھچھڑے نظر نہیں آتے، بِلّے نظر آتے ہیں۔ لیکن شراب پی کر چوہے کی مونچھیں اتنی اکڑ جاتی ہیں کہ اپنے بِل میں داخل نہیں ہو سکتا۔ پھر وہ بِلّی کی تلاش میں نکل کھڑا ہوتا ہے کہ کدھر گئی وہ مُردار؟

۸۔ جب ہر بات FUNNY اور ہر چہرہ حَسین دکھائی دینے لگے تو فوراً کوئی تُرش چیز کھالو۔ یہ دستیاب نہ ہو تو اپنی بیوی کی تصویر بٹوے میں سے نکال کر ایک نظر دیکھ لو۔

۹۔ ڈِھیلے کالر کی قمیص پہن کر جاؤ۔ نشہ میں کوئی گر پڑے تو بھُول کر بھی اس کی نیند میں مخل نہ ہو۔ انگلینڈ میں اس صدی کے اوائل میں، جسے ایڈورڈین دَور کہا جاتا ہے، اونچے کلبوں میں چھوٹے چھوٹے چھوکرے صرف اس کام پر تعینات ہوتے تھے کہ جیسے ہی معزز ممبر کرسی سے لُڑھک کر گرے، وہ میز کے نیچے گھس کر کالر ڈھیلا کر دیں تاکہ

www.urduchannel.in


دم گھٹنے سے کلب میں موت واقع نہ ہو۔

۱۰۔ واپسی میں اپنا سارا وزن کار کے بریک پر ڈالے رکھو۔ بجلی کے کھمبے سے کار روکنے سے گریز کرو۔ کھمبے گر جائیں تو کتّوں کو بہت تکلیف ہوتی ہے۔

۱۱۔ نشہ گہرا ہو جائے تو طبیعت سچ بولنے پر بے تحاشا مائل ہوتی ہے۔ لہٰذا گھر پہنچ کر بیوی سے بات چیت کرنے سے پرہیز کرو۔

۱۲۔ صبح آنکھ کھلتے ہی محسوس ہونے لگے کہ معاشرے میں اندھیر مچا ہوا ہے اور حکومت اپنی پالیسی سے قوم کو تباہی کے غار میں دھکیل رہی ہے تو ایک اسپرین کھالو۔ دس منٹ کے اندر اندر حکومت کی پالیسی میں اِفاقہ محسوس ہو گا۔

## رُوٹھی دَھرتی

انھوں نے موسم کی ترکاریاں اور پھل ہمارے ساتھ کیے۔ اور جیپ میں بٹھا کر اپنے باغ اور فارم کی سیر کرائی۔ کہنے لگے، دس گھنٹے روزانہ کام کرتا ہوں۔ میرا باپ زمیندار تھا۔ مجھے بھی کھیتی باڑی سے لگاؤ ہے۔ اکثر ہوتا ہے کہ پارٹی سے رات کو ڈھائی تین بجے لوٹتا ہوں۔ مگر صبح ساڑھے چار بجے اپنے وقت پر اُٹھ جاتا ہوں۔ گنہ گار ہوں۔ (وہ آبدیدہ ہو گئے) فجر کے بعد دو گھنٹے کھیتوں میں ضرور گزارتا ہوں۔ عجیب کیفیت ہوتی ہے۔ پَو پھٹنے سے پہلے ہر تیسرے منٹ مطلع اور منظر کا موڈ آنکھوں کے سامنے بدلتا نظر آتا ہے۔ اُجالے کی ہر لہر کے ساتھ چڑیوں کی چہکار کی لَے بھی بدلتی جاتی ہے۔ پھر ایک ایک پھول سے باتیں ہوتی ہیں۔ سب سے اپنی یاری ہے۔ میں نے اپنی زندگی میں کبھی کوئی پھول ڈالی سے نہیں توڑا۔ گیہوں کی سُنہری بالیں دیکھتے ہی جھومنے لگتی ہیں۔ کبھی کوئی بُوٹا اداس، ماندہ دِکھائی دے تو دن بھر خلش سی رہتی ہے۔ زندگی کو سمجھنا چاہو تو کوئی درخت، کوئی پَودا، کوئی پھول..... ایک ہی سہی ..... کیکٹس ہی کیوں نہ ہو..... لگا کر دیکھو تو سہی۔ زمین کسان سے، اپنے چاہنے والے سے، بار بار بے وفائی کرتی ہے۔ وہ پھر اس پہ اعتبار کرتا ہے۔ دھوکے پہ دھوکا کھاتا ہے۔ پھر بھی پیار کیے چلا جاتا ہے۔ اور جب وہ پیار کے لائق نہیں رہتا تو گاؤں چھوڑ دیتا ہے۔ شہر آکر اپنا تھکا ہارا

www.urduchannel.in



پنجر کسی بل کے سپرد کر دیتا ہے۔ شہر میں پھر اسے جیتے جی زمین اپنی صورت نہیں دکھاتی۔ دری، چٹائی، سنگِ مرمر، سیمنٹ، ٹائلز کے فرش اور تارکول تلے اپنا منھ چھپائے رہتی ہے۔

## باٹل سے دبنے والے اے آسماں نہیں ہم

ایک دوست نے اپنی موٹر سائیکل پر لفٹ دی جس کا "سائی لین سر" پھٹا ہوا تھا۔ اس کے ۱۰۱ دھماکوں سے اپنی سلامی آپ دیتے اور لیتے ہوئے ہم پارٹی میں پہنچے تو آٹھ بج رہے تھے۔ اس وقت کاک ٹیل پارٹی اپنے شباب پر تھی۔ بلکہ کہنا چاہیے کہ اس کے نصف حصّے میں تو شباب بھی شباب پر تھا۔ کسی نے ٹھیک ہی کہا ہے کہ رنگ پہ آنے کے بعد کاک ٹیل میں اتنی تاخیر سے شریک ہونا ایسا ہی ہے جیسے تیز چلتے ہوئے MERRY-GO-ROUND (پھرکی کی طرح گھومنے والا جھولا) میں بیٹھنے کی کوشش کرنا۔ لان پر بڑے جگ مگ جگمگے تھے۔ درختوں اور جھاڑیوں میں اُودے اُودے، نیلے نیلے، پیلے پیلے قمقمے انہی رنگوں کے پیرہنوں کو آنکھ مار رہے تھے۔ ایسا لگتا تھا کہ بیشتر مہمان نہ صرف آچکے ہیں بلکہ بعضے تو اس قابل بھی نہیں رہے کہ واپس جا سکیں۔ بات بے بات ہنسی کہ ان ہوئے کو پیار آئے۔ آنکھیں گلابی، پنڈے گرم، چہرے گلنار۔

دہکا ہوا ہے آتشِ گُل سے چمن تمام

لان کے پرلے کنارے پر بیرے، مغل بادشاہوں کی یونیفارم، مع راجپوتی پگڑی، پہنے ڈرنکس بنا رہے تھے۔ کبھی کبھی کوئی بیرا نظر بچا کر چیکو سلوواکیہ کے بنے ہوئے گلاسوں کو منھ کی بھاپ سے نم کر کے پیمانۂ تابدار کو اور بھی تابدار کر دیتا تھا۔

کافی مہمان ایسے تھے جو کسی کاک ٹیل سے آرہے تھے یا کسی اور کاک ٹیل میں جانے والے تھے۔ ہم اصول نمبر ۳ پر سختی سے کاربند تھے کہ جو شخص اپنے سے کم مرتبہ نظر آئے یا آگے چل کر کام نہ آسکے، اس کا نوٹس نہ لو۔ کچھ دیر بعد یکایک منکشف ہوا کہ یہاں تو معاملہ ہی کچھ اور ہے۔ کوئی ہمارا نوٹس نہیں لے رہا ہے! چاروں طرف نظر

www.urduchannel.in



دَوڑائی، ہمیں کوئی اپنے سے کم حیثیت نظر نہ آیا۔ سُن ہو گئے۔ اب جو غور سے دیکھا تو معلوم ہوا کہ بڑے لوگ ہمیں "اِگنور" کرنے کی انتھک کوشش کر رہے ہیں۔ کنارہ کش ہوتے ہوتے ہم نے خود کو ایک کونے میں چینی نارنگی کی جھاڑی کے پاس اِستادہ کر لیا۔ اور نمکین بادام اور خِلال کے تِنکوں میں اَٹکی ہوئی مُرغی کی کلیجی سے شغل کرنے لگے۔

## تَرکِ مے

اس سے پہلے ہم کسی کاک ٹیل میں شریک نہیں ہوئے تھے۔ سُنا ہی سُنا تھا۔ چنانچہ بے حد سُراسیمہ و ششدر۔ ایک INHIBITION ہو تو بیان کریں۔ ہمارے ساتھ کے اکثر لوگ کبھی کے گھِس گھِسا کر ندی کی چکنی بَٹیا☆ ہو گئے تھے۔ لیکن ہم ہنوز اس درجہ دقیانوسی اور ناتراشیدہ تھے کہ ڈرنکس کا ترجمہ شراب اور غم غلط کرنے والوں کو شرابی کہتے تھے۔ انھی ایّام حیرت کی بات ہے، ہم نے مرزا سے کہا کہ شراب اسلام میں حرام ہے۔ پھر کیا وجہ کہ جتنا ذکر، جتنے قصیدے شراب کے اُردو اور فارسی شاعری میں ہیں، اتنے دُنیا کی تمام زبانوں کو مِلا کر نہیں نکلیں گے!

فرمایا "چودہ سو سال سے طاقِ عصیاں پہ رکھے رکھے، اس کا نشہ صدی بہ صدی تیز تر ہوتا چلا گیا۔"

بعد ازاں تشریح فرمائی کہ مغل بادشاہوں نے کبھی اس گناہ کو تعزیری جرم قرار نہیں دیا۔ اگر ایسا کرتے تو بیشتر تاجداروں کی زندگی زنداں میں ہی کٹتی۔ تخت پر کون بیٹھتا؟ فیض کے اسباب ..... پُل، چاہ، مسجد اور بھینسوں کے غسل خانے یعنی تالاب کون بنواتا؟ لیکن مستثنیات کہاں نہیں۔ جناب محمد باقر شمس، مصنف تاریخ لکھنؤ، مرزا یحییٰ آصف الدولہ وزیر المالک رُستم جنگ کے پاس شریعت اور دینداری کی تعریف کرتے ہوئے رقم طراز ہیں۔ "دیندار بھی بہت تھے۔ پہلے شراب پیتے تھے۔ غفران مآب کے موعظے سے متاثر ہو کر توبہ کی اور بھنگ پینا شروع کی۔ انھوں نے بھنگ کی حُرمت بھی بیان کی اور اس کو بھی تَرک کر کے افیون پر اِکتفا کر لی۔" ہم تاریخ داں تو نہیں، لیکن

---

☆ بَٹیا۔ ندی کا چکنا گھِسا ہوا پتھر

www.urduchannel.in



ہماری چھٹی حِس کہتی ہے کہ مرزا یحییٰ آصف الدولہ نے اس مرحلہ پر غفران مآب کی صحبت کو بھی ترک کر دیا ہو گا۔

## للی پُت کے دیو

سَوا آٹھ بجے ہمارے پیرِ مغاں ہنستے کِھلکِھلاتے وارد ہوئے اور ہماری جان میں جان آئی۔ انھوں نے خواتین و حضرات سے ہمارا تعارف کرانا شروع کیا۔ اور ہم نے "سَر کُولیٹ" کرنے کی کوشش کی۔ لیکن ہر مرتبہ کھوٹے سِکّے کی طرح واپس کر دیئے گئے۔ ایک صاحب نے تو ہم سے صرف دو انگلیوں سے مصافحہ کیا۔ سَو سَوا سَو مَردانِ خوش اوقات کی اس محفل میں ہمیں ایک بھی ایسا نظر نہ آیا جس کی آمدنی ہم سے کم ہو۔ جدھر نگاہ اُٹھائی، جہاں گئے، وہی ایک منظر...... مایا کو مایا اور رُوپ کو روپیہ مِلے کر کر لمبے ہاتھ۔ اس لنکا میں سبھی باوَن گزے تھے۔ اور یہاں یہ حال کہ فضیلت، نہ عزت نہ فرمانروائی۔ ہر دیو سے ہاتھ مِلانے کے بعد ہم نے اپنا قد ایک انچ کم ہوتا محسوس کیا۔ ساڑھے آٹھ بجے تک ہم لان پر رینگنے لگے۔

ہم نے مرشد سے جا کر پوچھا، حضرت! آپ نے تو ہدایت فرمائی تھی کہ خلوئے معدہ وہسکی نہیں پینی چاہیے۔ آپ نے دو پیگ ہماری آنکھوں کے سامنے نوش فرمائے اور مُرغ کی کلیجی کو ہاتھ تک نہیں لگایا۔ فرمایا تمھاری نظر ٹھیک کام کر رہی ہے۔ ہاتھ نہ لگانے کی وجہ یہ کہ انگریزوں کے بیرے مُرغی ذبح کرتے وقت ٹھیک سے کلمہ نہیں پڑھتے۔ ایسا گوشت مکروہ ہوتا ہے۔ ممانعت آئی ہے۔

یکے بعد دیگرے ٹماٹو جُوس کے چار گلاسوں کے بعد ہماری زندگی کا واحد نصب العین یہ رہ گیا کہ، بلا منّتِ بیرے، ٹائلٹ کا نزدیک ترین راستہ دریافت کر لیں۔ (کاک ٹیل میں بیروں، بوڑھوں اور اپنی بیوی سے بات کرنے سے ہمیں سختی سے منع کر دیا گیا تھا) اتنے میں ایک قنات کے پیچھے سے ایک بوڑھے انگریز کو ایک ہاتھ سے اپنا سر اور دوسرے سے پتلون تھامے آتے دیکھا تو جن تاریک راہوں سے وہ نکلا تھا، اسی طرف ہم ایسے ہَولے ہَولے قدموں سے روانہ ہوئے کہ پیٹ کا پانی نہ ہِلنے پائے۔ جان نِکلی

جا رہی تھی۔ خیر اس کا تو غم نہیں۔ خدشہ تھا جان نکلنے سے پہلے کچھ اور نہ نکل جائے۔ پچاس ساٹھ محتاط قدموں کے بعد، گویا کوئی مینا خانہ بارِ دوش ہے، ہم نے اپنی منزلِ مقصود کو جالیا۔ باوردی بیروں کی قطار ہاتھ میں چھوٹے چھوٹے رنگین تولیے لیئے کھڑی تھی۔ ایک نستعلیق سے باریش بیرے نے بڑھ کر پوچھا۔

"حضور تے فرمائیں گے یا چھوٹا حاجت؟"

## نیوٹن جونیئر

راستے میں میکفرن مل گیا۔ کہنے لگا کیا بات ہے؟ ابھی ابھی کچھوے کی طرح گئے اور لائیڈز بینک کے گھوڑے☆ کی طرح کڈکڑے لگاتے واپس آئے! تم اتنی دیر تک بجلی کے کھمبے کی طرح تنِ تنہا کھڑے رہے۔ زندگی بہت مختصر ہے۔ آؤ! تمہیں ایک امریکن شعلہ بدن سے ملواؤں۔ ڈپلومیٹک کور کی پارٹیوں کی جان ہے۔ پاک امریکی دوستی کی حامی۔ ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی خیرسگالی کا مظاہرہ گھر پر ڈھیلی گرہ کالاچا باندھ کر کرتی ہے۔ ذرا دیر باتیں سُنو گے تو گرویدہ ہو جاؤ گے۔ کس طرح کی لذّت ہے تو چکھ دیکھ مرے یار!

میکفرن بڑی خوبیوں کا آدمی تھا۔ سب سے بڑی خوبی تو یہ کہ اس بھری محفل میں وہ تنہا یوروپین تھا جس سے ہماری شناسائی ہی نہیں، بے تکلّفی بھی تھی۔ دوسری خوبی یہ کہ وہ کسی کو اُداس نہیں دیکھ سکتا تھا۔ ہنس مکھ، بذلہ سنج، حاضر جواب۔ ان دنوں اس نے نیوٹن کی کششِ ثقل کی تھیوری میں ایک انقلاب آفریں ترمیم کی تھی۔ معاشیات اور کم لباسی پر ان کے فرمودات محفل کو گھنٹوں گرم رکھنے کے لئے کافی تھے۔ ان کی تھیوری یہ تھی کہ ۱۹۵۲ء کے بعد سے زمین کی کشش ہر چیز کو نیچے کھینچتی ہے، سوائے قیمتوں، پاکستانی بیوروکریٹ کے سر اور ماڈرن BRA کے مشمولات کے جو فی زمانہ صرف آسمان کی کشش کے تابع ہیں۔ اس فلکیاتی دریافت کی بنا پر یہ کلب میں نیوٹن جونیئر کہلاتے تھے۔ ہمیں اُداس اور بے آسرا جان کر عزیز رکھتے اور اکثر اپنی چلبلی گفتگو سے ہماری سوئی ہوئی

☆ لائیڈز بینک کا نشان:

www.urduchannel.in



بلکہ خرّاٹے لیتی ہوئی اُمنگوں کو بیدار کرتے۔ اِس وقت ہمیں للچانے لگے کہ اسے ایک نظر دیکھو گے تو دل ہی نہیں، تمہاری گھڑی کی دھڑکن بھی تیز ہو جائے گی۔

## تجھ سے بھی دلفریب ہیں غم روزگار کے

نیوٹن جونیئر نے اس لذّت چشیدہ کے بارے میں جو معلومات اپنا منھ ہمارے کان سے لگا کر فراہم کیں، ہم نے اس لذیذہ کو ان سے کچھ زیادہ ہی پایا۔ مَردوں میں سَتر بے مہار پھر رہی تھی۔ میکفرن نے یہ مژدہ بھی سُنایا کہ شاید طلاق ہو جائے۔ موٹی اسامی کی گھات میں ہے۔ چلتے ہوئے مکان کو کرائے پر اُٹھانا چاہتی ہے! وہ اس وقت ایک تنکے میں پِرَدیا ہوا کھٹّا زیتون کھا رہی تھی۔ ہاتھ ملایا تو محسوس ہوا گویا اسے ۱۰۵ ڈگری بخار ہے۔ باتوں میں بھی سرسامی کیفیت۔ سمندری نیلے رنگ کے چُست لباس پر سے نگاہیں اور مُجست تر فقرے پھسل رہے تھے۔ واشگاف V نیک لائن نے سمندر جھاگ گھاٹی میں ایسی آدمی دباؤ ڈُبکی لگائی تھی کہ، ہر تیراک نے والا شرمندہ اور ڈوبنے والا ناز کرے۔ پیٹھ بھی انگریزی کے U کی طرح تاحدِ ادب کھُلی ہوئی۔ لیکن ہمارے لئے ان سب سے زیادہ یہ دلکشی کہ اس کا شوہر ایک امریکن کمپنی کا منیجر تھا اور اس کے اکاؤنٹ سے ہمارے دن پھر سکتے تھے۔ دُگنا تگنا سالانہ انکریمنٹ مل سکتا تھا جس سے ہم نئی عینک بنوا سکتے تھے۔ قالین خرید سکتے تھے۔

## یہ وہ جامہ ہے کہ جس کا نہیں اُلٹا سیدھا

یوروپین بیبیوں کے بارے میں ہمارا مشاہدہ ہے کہ کچھ بھی پہن لیں، بَھلی لگتی ہیں۔ کچھ بھی نہ پہنیں تو پکچر ہِٹ ہو جاتی ہے۔ مگر سارا الزام جدید یوروپین فیشن پر رکھنا صریحاً ناانصافی ہوگی۔ یونہی ہوتا آیا ہے۔ سَو سال پہلے اسی طور نظیرؔ اکبر آبادی اس زمانے کی کترپیونت اور اپنے دوطرفہ ردِّ عمل کا اظہار فرما گئے ہیں۔

آگا بھی کھُل رہا ہے، پیچھا بھی کھُل رہا ہے
یاں یوں بھی واہ وا ہے اور ووں بھی واہ وا ہے

www.urduchannel.in



اسی سے ملتا جلتا نقشہ نواب درگاہ علی خان نے دِلّی کی نامی گرامی طوائف امر بیگم کا اپنی فارسی تواریخ میں کھینچا ہے جس کا اُردو ترجمہ "نادر شاہی قتلِ عام کی دہلی" حضرت خواجہ حسن نظامی نے کیا ہے۔ فرماتے ہیں "اس کا کمال یہ ہے کہ یہ حسین اور طوائف ہونے کے ساتھ ساتھ اکثر ننگی رہتی ہے اور مجلسوں میں بالکل برہنہ آتی ہے۔ اور وہ اس طرح کہ جسم کے اسفل حصہ کو بالکل عُریاں کر کے اس پر پاجامے کی نقاشی کرواتی ہے۔ کمخواب کے تھان کی طرح اور بُوٹے دار پاجامے کی مانند اس کے زیریں جسم پر پاجامے کی تصویر بَنی ہوتی ہے جو بالکل پاجامہ معلوم ہوتی ہے۔ جب امر بیگم امیروں کی مجلسوں میں عریاں پاجامہ پہنے ہوئے آتی ہے تو کوئی نہیں کہہ سکتا کہ یہ ننگی ہے۔ اس راز کو اس کے مخصوص آشنا ہی جانتے ہیں۔ امر بیگم بہت محبوبِ خلائق ہے۔" خیر امر بیگم کے محبوبِ خلائق ہونے کی وجہ تو ظاہر ہے، مگر اگلے وقتوں کے بزرگوں کی شان ہی کچھ اور تھی۔ ہر بات میں ثواب کا پہلو نکال لیتے تھے۔ چنانچہ سلیس و لذیذ اُردو میں ترجمہ کے بعد حضرت خواجہ حسن نظامی نے کہ دِلّی کے روڑے اور شیدائی تھے صرف یہ حاشیہ لگایا ہے کہ "اس سے دہلی کی مصوری کا کمال ظاہر ہوتا ہے!" ہائے ہائے! نہ ہوئی امر بیگم۔ سُن لیتی تو پاجامہ پیٹ کے رہ جاتی۔

## ڈرافٹ بیئر سے اوور ڈرافٹ تک

دیکھئے بات کاک ٹیل سے خواجہ حسن نظامی تک پہنچ گئی۔ کسی پری وش یا گداز ڈپازٹ کا ذکر آجائے تو ہمارا خامۂ ہذیاں تحریر اسی طرح مائل بہ گمراہی ہوتا ہے۔ تعارف کے بعد وہ بی بی کہنے لگی "تمہارا ہاتھ خالی کیوں ہے؟ میں تو بلیک لیبل پیتی ہوں۔ وہسکی دس سال سے کم کی ہو تو میں دوسرے دن چڑچڑی ہو جاتی ہوں۔ یہ بات نہیں کہ میں ڈرنکس کے بغیر زندہ ہی نہیں رہ سکتی۔ میں تو بائی گاڈ اپنی ناک کی خاطر پیتی ہوں۔ سو فیصد پروف وہسکی سے سارے SINUSES کُھل جاتے ہیں۔ تم بھی ناک میں بول رہے ہو۔ ایک چُسکی میرے گلاس میں سے لگا کر دیکھو۔ خود کو سچ مچ کا مَرد محسوس کرنے لگو گے۔ میرا میاں تو وہائٹ ہارس پیتا ہے۔ اور ہاں! تمہارے ہاں مَرد دو گھوڑا بوسکی کیوں پہنتے

www.urduchannel.in



ہیں؟ SO EFFEMINATE میرے میاں پر گہری نیلی اُداسی کا دَورہ پڑتا ہے تو چینی کھاتا کھاتا ہے اور برف میں لگی ہوئی ڈرافٹ بیئر کے مگ پہ مگ چڑھاتا ہے۔ اور باتھ روم کے چکّر پہ چکّر کاٹتا ہے۔ ہاہا! مگر تم اتنے فکر مند کیوں نظر آرہے ہو؟ زندگی مختصر ہے۔"

ہُوا دراصل یہ کہ ڈرافٹ بیئر پر ہمیں یکلخت اوور ڈرافٹ یاد آیا۔ موقع غنیمت جان کر ہم نے روایتی پچڑ کا پتلا سرا ٹھونک ہی دیا۔ "آپ کے شوہر کی کمپنی کا اکاؤنٹ کہاں ہے؟"

"بینک میں۔ آف کورس!"

## کس لئے آئے تھے ہم، کیا کر چلے

پھر چڑھی ہوئی آنکھیں اور چڑھا کر بولی "ہاں! خوب یاد آیا تم تو بینکر ہو، نا؟ تمہارے ADENOIDS بڑھے ہوئے معلوم ہوتے ہیں۔ مُنہ کھول کر بات سُنتے ہو۔ تو سُنو، میں نے رَمی میں ایک لاکھ پینسٹھ ہزار روپے جیتے ہیں۔ میرا میاں دَورے پر جاتا ہے تو ایک جائنٹ سیکرٹری اور دو سیٹھ میرے ساتھ رَمی کھیلنے آجاتے ہیں۔ شاید انہیں میرے میاں کی کمپنی کی ایجنسیاں چاہئیں۔ جم، میرا میاں، مارچ میں بیروت گیا تو V.D لگا لایا۔ ہفتوں چھدرا چھدرا چلتا رہا۔ جیسے تمہارے ہاں قیدی بیڑی پہن کر ZIG-ZAG کرتے ہیں۔ مجھ سے چھپایا۔ وہ تو ڈاکٹر بٹر فیلڈ نے مجھے بتا دیا۔ مگر اس بدذات کا خیال ہے کہ جم کو یہ اِنفکشن مجھی سے لگا۔ ہاہاہا! ابدی مُثلّث! متعدّی مُثلّث! اچھا تمہارے تو اسٹیٹ بینک کے بدذاتوں سے مراسم ہوں گے۔ میرے یہ ایک لاکھ پینسٹھ ہزار شکاگو بھجوا دو۔ پلیز! کہہ دینا کہ میری سیونگ ہے۔ صبح دس سے پہلے گھر فون مت کرنا۔ جم دس بجے دفتر جاتا ہے۔"

ہم "سرکیولیٹ" ہونے کی غرض سے بادلِ نخواستہ اس سے جُدا ہونے لگے تو پھر نظر سے بھالا مار گرایا۔ جسم کے درمیانی حصّہ کو جھولا جُھلاتے ہوئے کہنے لگی مجھے تو چکّر آرہا ہے۔ ذرا جم کو تلاش کر کے گھر چلنے کو کہو۔ ہم نے پوچھا بی بی! ہم اس مردِ خدا کو

www.urduchannel.in



کیوں کر پہچانیں گے؟ ہمارا ہاتھ اپنے ہاتھ میں لے کر بولی، آج اس نے سلک کا انڈرویئر پہن رکھا ہے۔ ہلکے نیلے رنگ کا ہے۔ کل دس بجے مجھے فون کرنا مت بھولنا۔ نمبر اِس وقت یاد نہیں آرہا۔ صبح مجھے فون کر کے پوچھ لینا۔

## ہمارے باس کا نزولِ اجلال

اس وقت تک محفل کا نقشہ دِگرگوں ہوچکا تھا۔ کسی کو کسی پر ہنسنے کا ہوش نہ تھا۔ مردوں کی حرکات و سکنات میں فرق آچکا تھا۔ بلکہ یہ کہنا زیادہ صحیح ہوگا کہ حرکات ختم ہوچکی تھیں، صرف سکنات رہ گئے تھے۔ بقول شاعرِ شیوہ بیاں ؎

جو کھڑا تھا، کھڑا رہا وہ وہیں
جو پڑا تھا، پڑا رہا وہ وہیں

اس مرحلہ پر مسٹر اینڈرسن جھومتے جھامتے داخل ہوئے۔ ڈرائیور نے سہارا دے کر اسے شامیانے کی شِمالی سرحد پر لاکر چھوڑ دیا۔ ہم نے آگے بڑھ کر اس سے کراچی کے موسم کے بارے میں تبادلۂ خیال کرنا چاہا تو اندازہ ہوا کہ ہمیں پہچاننے میں اسے یہاں تکلّف و تامّل ہے۔ چنانچہ ہم نے بھی اس کا نوٹس لینا چھوڑ دیا۔ تھوڑی دیر بعد اس نے چھنگلیا سے بُلانے کا اشارہ کیا۔ ہم دَوڑے دَوڑے گئے تو کہنے لگا کہ میں تو بیرے کو بُلا رہا تھا۔ میرے گلاس میں سوڈا زیادہ ہے۔ مگر یہ کیا بات ہے؟ تمہارا گلاس اندر سے بڑا، باہر سے چھوٹا ہے! اچھا! تم آہی گئے ہو تو بتاتے جاؤ، کچھ CONTACTS بنے؟ کچھ یوروپین ڈپازٹ ہاتھ لگے؟ ہم نے مختصراً اسے مطّلع کیا کہ اب تک جتنے یوروپین حضرات کو ہم نے کنٹکٹ کیا، انہوں نے اُلٹا اوور ڈرافٹ مانگا، جس کی مجموعی رقم اس گلاس تک ستّر لاکھ ہوچکی ہے۔ بُرا سا منہ بناتے ہوئے بولا، تم جہاں سے آئے تھے، وہیں واپس جاسکتے ہو۔

اس نوع کے چار پانچ مزید خسارہ خیز "کن ٹیکٹس" قائم کر کے، ہم چینی نارنگی کی جھاڑی کے پاس، اپنے بارہ سُنہری اصولوں کی چھتری تلے کھڑے ہوگئے۔ ذرا دیر بعد دیکھا کہ اینڈرسن ہماری طرف لُڑھکتا لُڑھکتا آرہا ہے۔ ہم نے بھی اسے آخری

www.urduchannel.in



نقطۂ اتصال تک تو جھکنے دیا۔ پیشوائی کو ایک قدم بھی آگے نہ بڑھے۔ قریب آکر کہنے لگا کہ تم برٹش ہائی کمشنر سے بھی ملے؟ اور یہ تم سپیرے کی طرح گلپھڑے پھلا پھلا کر کیا پی رہے ہو؟ زمزم واٹر؟ تمہاری ٹائی میرے موزوں سے میچ کرتی ہے! یہ کہہ کر اپنی ظرافت سے آپ ہی محظوظ ہوا اور مارے ہنسی کے منہ بھر کے وہسکی کی کُلّی کر دی جو آدھی فرش پر ضائع ہوئی، آدھی ہمارے گلاس میں محفوظ ہو گئی۔

## سوال دیگر، جواب دیگر

مہکتی بہکتی لیڈیز اب شراب اور شولری☆ سے لبریز مَردوں سے دامن کشاں، اپنا ایک علیحدہ جُھرمٹ بنا چکی تھیں۔ یہ جُھرمٹ قریب سے فرنچ خوشبوؤں کا بگولہ اور دُور سے صبح کا ستارہ نظر آتا تھا، جس کی کٹیلی نوکیں مردانہ دائروں میں تاحدِ آرزو پیوست تھیں۔ جب وہ، بقول پروفیسر قاضی عبدالقدوس، "گِگل گِگل" ہنستیں تو ہر مَرد اپنی اپنی گھنٹی کی آواز پہچاننے کے لئے کنوتیاں اُٹھاتا۔ ان خواتین کا طرزِ تخاطب و تکلّم دیکھ کر ہم اس نتیجے پر پہنچے کہ جہاں سات آٹھ عورتیں جمع ہوں تو سب بیک وقت بولتی ہیں اور اس سے زیادہ اچنبھے کی بات یہ کہ بولتے میں سب کچھ سُن بھی لیتی ہیں۔ گویا ایک عورت نان اِسٹاپ ٹرانسمِٹ بھی کرتی ہے اور اس عمل کے دَوران سات آٹھ WAVELENGTHS پر کان ٹیون کر کے اَوروں کی سُن بھی لیتی ہے۔ لیکن مَردوں کی بات اور ہے۔ سات آٹھ مَرد یکجا ہوں تو آپ دیکھیں گے کہ ان میں سے صرف ایک بولتا ہے۔ باقی ماندہ نہیں بولتے۔ اور نہ سُنتے۔

بے محل سہی، مگر مرزا کا قول یاد آتا ہے کہ تاش کے جتنے بھی کھیل ہیں وہ مَردوں نے ایک دوسرے کو چُپ رکھنے کے لئے ایجاد کیے ہیں۔

ہمارے وہ پڑھنے والے جو کبھی اس آتشیں بتپسمہ سے نہیں گزرے، ان کی اِطّلاع و عِبرت کے لئے عرض ہے کہ اگر سَو ڈیڑھ سَو باتونی بہروں کو ایک جگہ جمع کر دیا جائے تو ان کے درمیان جو گفتگو ہوگی، وہ من و عن وہی ہوگی جو کاک ٹیل پارٹی

---

☆CHIVALRY

www.urduchannel.in



میں سُننے میں آتی ہے۔ ہر ایک اپنی ہانکے چلا جا رہا ہے۔ سوال کچھ، جواب کچھ، مگر دونوں مطمئن۔ اور چاہیئے بھی کیا؟ اب ہم خواتین کے چیدہ چیدہ مکالمے نقل کرتے ہیں جو وقتاً فوقتاً کاک ٹیل پارٹیوں میں ہمارے کان میں پڑے۔ ان میں ربط یا کسی اور شے کی کمی محسوس ہو تو اس عاجز ناقل کو معاف فرمائیں۔ (ایسے میں مَردوں کے مکالمے چونکہ آہ! واہ! وہسکی اور سِسکی سے آگے نہیں بڑھ پاتے، اس لئے مجبوراً زنانہ مکالموں پر اِکتفا کرنا پڑا)

"مجھے روسی زہر لگتے ہیں۔ میرا میاں جب روسی وود کا پیتا ہے، تو ساری کراکری توڑ دیتا ہے۔ پھر مجھے "میٹرنٹی ڈریس" پہننا پڑتا ہے۔ ہو ہو ہو!"

کیسا پیارا TAN ہے تمہارا! کیا ہاکس بے گئی تھیں؟"

"ایلس کے میاں کی سیکرٹری ہر سال اپنڈکس کا آپریشن کرواتی ہے!"

"تم نے ڈاکٹر بسم کا کس کی نئی یونانی لاڈلی کو دیکھا ہے؟"

"سیخ کباب کے سوا، مجھے لوکل کلچر کی اور کوئی چیز پسند نہیں آئی۔"

"تم نے کبھی ریچھ اور کتے کی لڑائی دیکھی ہے؟ ہمارے گولڈن ریٹریور کے ایک زمیندار نے چار ہزار لگائے ہیں۔ کیسے بے رحم ہیں! مئی میں ہمارا پاکستان تبادلہ ہوگا تو ڈاکٹر فیروز سے کتے کو زہر کا انجکشن لگوا دوں گی۔ اس کا باپ بہت FASTIDIOUS ہے۔ چلم میں اُونٹ کی سڈول ہموزن مینگنیاں ڈال کر حقّہ پیتا ہے۔"

"TWO CUBES OR THREE CUBES? HA! HA!"

"تم اس ایوننگ ڈریس میں بڑی پیاری لگ رہی ہو۔ پیرس سے خریدا؟ میں نے پچھلے سال فینسی ڈریس بال میں بھاری بنارسی ساری پہن کر رقص کیا۔ مجھے کیا معلوم تھا کہ اتنی دبیز و درتہ ساری کے نیچے بھی کچھ پہنا جاتا ہے۔ ایک فاسٹ نمبر میں اس کا بارڈر مسٹر احمد کے جوتے کے نیچے آگیا۔ جیسے ہی میں جھوم کر تیزی سے پلٹی تو ایک ہی جھٹکے میں ساری کھل کر فلور پر آرہی۔ جلیبی سی بن گئی۔ تم نے کبھی کھائی ہے؟ سڑے ہوئے مکھن اور چینی کے قوام کو آٹے کے نارنجی کیپسول میں بند

www.urduchannel.in



کر دیتے ہیں؟ میں شرم سے پانی پانی ہوگئی، اس لئے کہ میں نے کاٹن (سوتی) کا انڈرویئر پہن رکھا تھا۔ اوہ! ایسٹ از ایسٹ! عجیب بات ہے جب بھی میں کسی پاکستانی سہیلی سے چپاتی بنانے کی RECIPE مانگتی ہوں تو وہ ٹھٹھے مارتی ہے!"

ہائے! سارے بال بکھرے جارہے ہیں۔ آج ہی سیٹ کرائے تھے۔ کراچی میں اتنے زور کی پچھمی ہوا چلتی ہے کہ کسی کبڑے کو پچھم کی طرف پیٹھ کرکے کھڑا کردو تو ایک ہی دن میں ساری کُوب نکل جائے۔"

"تم نے سُنا؟ جب سے وہ جاپانی مساج کرنے والی آئی ہے، کراچی کے سبھی کروڑپتی گٹھیا میں مبتلا ہوگئے ہیں۔ بیرا! وہسکی آن دی روکس، پلیز!"

"BLOODY MARY☆ FOR ME"

"CAMPARI"

"تم نے نئے جرمن اتاشی کی بیوی دیکھی؟ دودھیا بھٹے جیسے بال۔ ٹماٹر جیسے گال۔ ٹانگیں جیسے کنگ سائز دوشاخہ مولی۔ بالکل دہاتن لگتی ہے۔ بدن سے بیل کی بو آتی ہے۔"

"اور اس کا میاں تو بالکل ہی جنگلی ہے۔"

"ہائے! مرد کی بہترین قسم یہی تو ہوتی ہے، پگلی!"

"جینی کو بریسٹ کینسر ہوگیا۔ پیتھی ڈین کی عادی ہوگئی ہے۔"

"سُنا ہے تمھاری کزن کی تصویر VOGUE میں چھپی ہے؟"

"کیا بجا ہے؟ مجھے ان کے ڈنر میں جانا ہے۔"

"صدیقی چارمنگ ہے مگر بہت BOOKISH۔ ایک دفعہ ناچتے ناچتے نشہ میں اپنے ہونٹ میرے VACCINATION MARK پہ رکھ کے کہنے لگا، ہنی! تمھاری رانیں کیلے کے تنے جیسی ہیں! اسی نے بتایا کہ یہ تشبیہ کالیداس نام کے کسی شاعر نے استعمال کی ہے۔ میں صبح اٹھتے ہی کیلے کا تنا دیکھنے گاندھی گارڈن گئی۔

"HOW SWEET OF KALIDAS!

☆ ٹماٹو جوس اور ووڈ کا کو ملانے سے بنتی ہے۔

www.urduchannel.in



"اوہ ڈیئر! اوہ ڈیئر! اوہ ڈیئر!"

"مجھے نتھیا گلی سے کرسمس ٹری منگوا دو نا۔ ورنہ پھولدار جھاڑو کا کرسمس ٹری بنانا پڑے گا۔"

"نو تھینکس ! بہت ہوگئی۔ بائی بائی وینیسیا !"

"تمہیں مونچھیں پسند ہیں؟"

"مرد کی یا عورت کی؟"

"مونچھ اور سگار کے بغیر پیار کیسا اُدھورا اُدھورا، پھیکا شیر خوار لگتا ہے!"

"مَردوں کو ہَوانا سگار کی بُو بہت بھاتی ہے۔ اسے بناتے وقت لڑکیاں ران پر رکھ کر ROLL کرتی ہیں۔"

"میں نے چٹاگانگ سے بدھسٹ خانساماں بلوایا ہے۔"

"خان ڈرنک ہولڈ نہیں کرسکتا۔ اسے تو آئی ڈراپر سے اپنے مُنھ میں چوانی چاہیے۔"

"نپولین برانڈی"

"آم اور مہندی کی بدبو ۴۸ گھنٹے تک نہیں جاتی۔ نہ جانے یہ لوگ کیسے برداشت کرلیتے ہیں۔"

"فرانس میں آج کل لمبے اِسکرٹ اور مِڈل ایجڈ مَرد فیشن میں ہیں۔"

"میرا لکی اِسٹون زمرّد ہے۔ جب میری طلاق ہوئی ہے تو میں نے اسی کی انگوٹھی پہن رکھی تھی۔"

"تم سنڈے کو چرچ نہیں آتیں؟"

"پانی نہیں، سوڈا!"

## . . . ترے کُوچے سے ہم نِکلے

ساڑھے نو بجنے میں دو تین منٹ باقی ہوں گے کہ ایکا ایکی بھگدڑ مچ گئی۔ وہی نستعلیق باریش بیرا ہانپتا کانپتا ہمارے پاس آیا اور کہنے لگا کہ اپنے باس کو سنبھالئے۔ اس

www.urduchannel.in



نے آپ ہی کے بینک کے ڈائرکٹر سیٹھ.......... کے سر سے ترکی ٹوپی اُتار کر اُس میں اُلٹی کر دی۔ اور اب ڈرنکس کی میز کے نیچے گھُس کر مرغے کی بولی بول رہا ہے۔ سب میمیں بھاگ گئی ہیں۔ ایک تو اپنا پرس اور ہسبینڈ بھی چھوڑ گئی۔ جلدی چلیے۔ اس کا نیا ڈرائیور عشاء پڑھنے گیا ہوا ہے۔ آپ چارج لیجیے۔ مسٹر اینڈرسن بن بُلائے ہر کاک ٹیل میں پہنچ جاتا ہے۔ آج بھی گیٹ کریش کیا ہے۔

"ڈبل وہسکی، پلیز!"

www.urduchannel.in

# ناٹک

## بے در و دیوار ناٹک گھر بنایا چاہیئے

صحیح نام اور پتہ بتانے سے ہم قاصر ہیں، اس لئے کہ اس میں کچھ پُردہ نشینوں کے بھی نام آتے ہیں۔ سرِدست اتنا اشارہ کافی ہو گا کہ اس تھیٹر کو اداکاروں کی ایک کو آپریٹو سوسائٹی نقصانِ باہمی کی بنیاد پر چلا رہی تھی۔ پہلی تاریخ کو بڑی پابندی سے مہینے بھر کا خسارہ تمام ممبران کو بحصّہ مساوی بانٹ دیا جاتا تھا۔ صرف ٹکٹ گھر پختہ تھا کہ اس پر کھیل کے بعد اکثر حملے ہوتے رہتے تھے۔ ہال کی دیواریں اور چھت ٹاٹ کی تھیں، جن میں خلافِ محاورہ پیوند بھی ٹاٹ ہی کے لگے تھے۔ چھت قمری کیلنڈر کا کام دیتی تھی۔ ٹاٹ کی قناتوں میں بھی جابجا سر کے برابر سُوراخ ہو گئے تھے۔ کھیل کے شروع میں ان میں سر گھُسا کر باہر والے اندر کا تماشا دیکھتے، آخر میں اندر والے گردن نکال کر باہر کی رونق دیکھ لیتے تھے۔ فرسٹ کلاس کا ٹکٹ پونے نو آنے کا ہوتا تھا۔ اس میں صوفوں کا تکلّف تھا، جن کے فولادی اسپرنگ لباسِ مجاز پھاڑ کر چھ چھ انچ باہر نکل آئے تھے۔ انھیں رانوں کے بیچ میں لے کر بیٹھنا پڑتا تھا۔ سیکنڈ کلاس کا ٹکٹ چھ آنے کا تھا۔ اس میں سرکنڈوں اور لوہے کی پتریوں کے مونڈھے، مُونجھ کی پیڑھیاں اور چنیوٹی کھٹولیاں پڑی تھیں۔ تیسرے درجے میں فرشی نشست کا اہتمام تھا۔ فرشی سے ہماری مراد فرشِ خاکی ہے۔ اس کلاس میں جو ناظرینِ باتمکین زیادہ نک چڑھے واقع ہوئے تھے وہ گھر سے انگوچھے کے کونے میں ریزگاری باندھ کر لاتے۔ کسی گانے یا ناز و ادا پر طبیعت بہت بے قابو ہو جائے تو نیچے سے نکال کر گوپھن کی طرح گھُماتے اور اسٹیج پر داد کے انگوچھے برساتے۔ چند "ماہواری ناظرین" نے کٹے پاؤں کی پیڑھیاں ڈال رکھی تھیں جن پر بیٹھ کر وہ مہینے بھر مزے سے مونگ پھلیاں اور پیچھے بیٹھنے والوں کی گالیاں کھاتے رہتے تھے۔ رُواروی میں ہم یہ بتانا تو بھول ہی گئے کہ

www.urduchannel.in



پیچھے بیٹھنے والوں کی سہولت کے لئے ہال میں "نشستی" ڈھلان اس طرح پیدا کیا گیا تھا کہ اگلے یعنی اسٹیج سے ملحق حصے میں دو ڈھائی فٹ گہری زمین کھود کر ایک اکھاڑا سا بنا دیا گیا تھا۔ اس میں فرسٹ کلاس والے خاک پھانکتے اور سیکنڈ کلاس والے لوٹیں لگاتے تھے۔ اکھاڑے کی دائیں بائیں منڈیر پر چند "خلیفے" پیر لٹکائے بیٹھے رہتے تھے۔ اسے گیلری سمجھ لیجئے۔ آرکسٹرا اور فرسٹ کلاس کے درمیان ہم نے ہمیشہ ایک پھاوڑا پڑا دیکھا۔ اور کبھی کبھار یہ بھی دیکھا کہ پیچھے بیٹھنے والے کسی "ناظرینِ باتمکین" (تماشائی کے لئے ہمیشہ یہی صیغۂ جمع استعمال ہوتا تھا) کو کسی دوسرے "ناظرین" کی ٹوپی یا کلف دار طُرّہ نظر آنے لگے تو وہ انٹرول میں پھاوڑے سے ایک دو بالشت اکھاڑا کھود کر سرکش صوفے کو مع سرِ پُرغرور زمین میں دھنسا دیتا تھا۔ اسی آلے کے پاس ایک اُدھ کُھدی قبر میں منشی ریاضت علی سوختہ سندیلوی کی کھٹیا پڑی رہتی تھیں۔ ان کا صرف چہرہ اور مخمل کی چوگوشیہ ٹوپی پُھدکتی نظر آتی تھی۔

## مصورِ درد منشی ریاضت علی سوختہ

یہ بزرگ جو ستّر کے پیٹے میں ہوں گے، اسی کھٹیا پر گاؤ تکیہ لگائے صاحبِ فراش رہتے تھے۔ ایک پاؤں قبر میں، دوسرا اسٹیج پر۔ سپید مَیدہ رنگ جو جوانی میں ہی نہیں، اب بھی شہابی تھا۔ تیکھے تیکھے نقوش۔ غلافی آنکھیں۔ بے شکن پیشانی۔ انہیں اس بڑھاپے میں بھی وجیہہ کہا جاسکتا تھا۔ بَر میں سپید ململ کا چُنا ہوا کُرتا۔ کُرتے پر کشیدے سے کڑھے ہوئے چنبیلی کے سپید پھول۔ پھولوں میں تازہ پان کا رنگ بھرا ہوا۔ پھنسا پھنسا چوڑی دار پاجامہ۔ نڈھال نڈھال سے رہتے تھے۔ پاجامے کے علاوہ کسی چیز میں چُستی نہیں پائی جاتی تھی۔ (پہننے کے بعد پائینچے کَس کے سیتے تھے) سُرخ ریشمی ازار بند میں ٹرنک کی چابی جھولتی رہتی۔ ازار بند بھی اتنا چھوٹا کہ اکڑوں بیٹھ کر تالا کھولنے سے پہلے خود اسے کھولنا پڑتا تھا۔ گرمیوں میں ہلالی عینک کی چاندی کی کمانیاں جلنے لگتیں تو ان پر سائیکل کا VALVE TUBE چڑھا لیتے تھے۔ تھیٹر کے رسیا تھے۔ چالیس برس پہلے انہوں نے موجودہ ہیروئن کی نانی کو الفریڈ تھیٹریکل کمپنی کے اسٹیج پر پہلے پہل لکھنؤ میں دیکھا تو اپنی

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flic.kr/junaidrashid

www.urduchannel.in

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in


گونج اٹھتا ہے۔

شاذ و نادر ہی کوئی ایسا ڈرامہ ہوتا تھا جس میں فرض اور محبت کی خونیں ٹکّر نہ دکھائی جائے۔ مثلاً منشی ریاضت علی سوختہ سندیلوی نے پانچوں انگلیاں خونِ دل میں ڈبو کر ایک رِقت انگیز سین لکھا تھا، جس میں شہزادہ سلیم کو اپنے ہی نام کی شاہی جوتی پہنے اسٹیج پر لمبے لمبے ڈگ مارتا، جذباتی کشمکش میں مبتلا دکھایا جاتا ہے۔ ایک طرف فرض ہے۔ دوسری طرف محبت۔ اور تیسری طرف ...... جدھر منشی جی کی نظر نہیں گئی ...... عقلِ سلیم یعنی COMMONSENSE انار کلی کے گریبان میں منھ ڈالے کھڑی ہے۔ آخر میں تینوں لہولہان ہو جاتے ہیں۔ فتح تینوں میں سے کسی کی نہیں ہوتی۔ فتح ہوتی ہے منشی ریاضت علی سوختہ سندیلوی کے ایک ناموزوں مصرع کی، جس پر کھیل کا خاتمہ ہوتا ہے۔

## اسٹیج کے "آلات کشاورزی"

فرسٹ کلاس میں بیٹھنے والوں کو گرین رُوم میں جا کر اداکاروں کو مبارکباد کے علاوہ نقدی دینے پر بھی کوئی پابندی نہیں تھی۔ گرین رُوم کی دیواریں چٹائی کی اور سُتون بانس کے تھے۔ چھت یاد نہیں کاہے کی تھی۔ غالباً سیمنٹ کی نہیں تھی۔ چھت سے ذرا دُور، میک اپ کے لئے، ایک کھوکھے پر چیچک زدہ قدِ آدم آئینہ رکھا تھا۔ اس آئینے میں چہرہ نظر آنا تو بعد کی بات ہے، خود آئینہ بھی نظر نہیں آتا تھا۔ قدِ آدم ہم نے اس لئے کہہ دیا کہ آدمی کا قد ساڑھے تین فٹ بھی تو ہو سکتا ہے۔ اس کے پہلو میں تختِ طاؤس پڑا تھا جو اچھے دنوں میں ڈینٹسٹ کی کُرسی رہ چکا تھا۔ اب اس پر نادر شاہ دُرّانی کے دانت تھے۔ چاروں طرف بقول قاضی عبدالقدوس، ناٹک کے آلات کشاورزی بکھرے پڑے تھے۔

نور جہاں کے دو کبوتر، نظام سقہ کی مشک، مجنوں کا گریبان، لات گھونسے کھانے والے وِلن کی پیٹھ کا حفاظتی پیڈ، سائیڈ ہیروئن کی چولی بھرنے کے لیے گودڑ جو غالباً کسی تیلی کے لحاف میں سے نکالا گیا تھا اور جس سے بقول حضرت جوش ملیح آبادی

www.urduchannel.in



"جھل جھل کرتی چُست انگیا کی کٹوریوں میں زیرِ تعمیر تاج محل کی ہمکار" دکھانی مقصود تھی۔ (معاف کیجئے جوش صاحب کے مستورہ بالا اِستعارے کا سہارا ہم نے محض اس رعایت سے لیا کہ دیکھا جائے تو تاج محل کے گنبد تلے آخر دو مُردے ہی تو دفن ہیں۔) سائیکل کے اگلے بریک کے دو شاخہ سے بنایا ہوا اسٹیتھس کوپ جسے کانوں سے لگا کر ڈاکٹر مریضہ کے گودڑ کا معائنہ کرتا تھا۔ قارورے ٹیسٹ کرنے والی لیبارٹری سے خریدی ہوئی بوتلیں جنھیں رانا سانگا کے ساتھ جنگ کرنے سے پہلے توڑ کر بابر شراب نوشی سے توبہ کرتا تھا۔. باتھ روم کی فلش کی زنجیر جس پر سُنہری پینٹ کیا ہوا تھا۔ یہ زنجیرِ عدل تھی جسے کھینچ کر فریادی جہانگیر سے فوری حاجت رَوائی چاہتے تھے۔ آئینے کے پاس ویسپ کی، ربر کی ناک پڑی تھی جسے وہ حَرافہ ہر شب کٹواتی تھی۔ اتوار کو دو دفعہ کٹتی تھی۔ اس لئے کہ میٹنی شو میں بھی اپنی بد ذاتی سے باز نہیں آتی تھی۔

## چوڑی دار پاجامہ

کھیلوں میں زنانہ ملبوسات کی تراش خراش تو ظاہر ہے وہی تھی جو اس زمانے میں الٹرا ماڈرن سمجھی جاتی تھی۔ یعنی وہ جو آج کل ہر گھر میں نانیاں دادیاں پہنتی ہیں۔ لیکن ایک نکتہ آج تک سمجھ میں نہ آیا۔ وہ یہ کہ عورت کو جب پاکباز، پتی ورتا یا باعصمت دکھانا مقصود ہوتا تو اسے چُنا ہوا دوپٹّہ اور سفید چُوڑی دار پاجامہ پہنایا جاتا۔ تاڑنے والے مہین مہین چُنٹوں اور پاجامے کی چوڑیوں کی تعداد ہی سے عصمت کی شدّت کا اندازہ کر لیتے تھے۔ لیکن جب وہ بدراہ یا مائل بہ بدی ہوتی تو ساری زیبِ تن کر لیتی تھی۔ چنانچہ جیسے ہی کوئی گُلِ اندام ساری پہن کر اسٹیج پر نمودار ہوتی، ناظرین کے دل کا کنول کِھل جاتا۔ پُراُمید نظروں سے تھپتھپاتے۔ دیر تک تالیاں بجتیں۔ جن کے منہ میں دانت تھے وہ سیٹیاں بھی بجاتے۔ انتہا یہ کہ انارکلی نے مغلِ اعظم کے سامنے بھی مرہٹی اسٹائل سے ساری باندھ کر زخمی مورنی کا رقص کیا۔ یہ رقص بے مثال و بے نظیر تھا۔ اس لحاظ سے کہ اوّل تو مورنی کبھی ناچتی ہی نہیں۔ دوم، اس مورنی کے پَیر خوبصورت ہونے کے علاوہ محاورۃً بھاری بھی تھے۔ اور اس صورتِ حال کی مبیّنہ

www.urduchannel.in



ذمّہ داری شہزادہ سلیم کے بجائے ایک شرارتی چوب دار پر عائد ہوتی تھی۔ رقص کے لباس کے معاملہ میں انارکلی کی چھوٹی بہن ثریّا اور بھی اختصار پسند واقع ہوئی تھی۔

سینۂ ہمشیر سے باہر ہے دَم ہمشیر کا

## پردہ اُٹھتا ہے

شو کے اوقات میں تھیٹریکل کمپنی گھڑی گھنٹے کی غلام نہ تھی۔ ۲/۳ ہال کے ٹکٹ بِک جائیں تو پھر ایک گھنٹہ سے زیادہ انتظار نہیں کرنا پڑتا تھا۔ ٹکٹ گھر کی کھڑکی پر ایک چار فٹ لمبی تختی مستقل لگی رہتی تھی۔

ہاؤس فل نہیں ہے

پَردہ اُٹھنے سے پہلے تین رہکلے داغے جاتے تھے۔ یہ وہی توپیں تھیں جن کے چلتے ہی ایک کھیل میں غنیم کے ہاتھی اس بُری طرح بِدکے تھے کہ ایک تو اپنی چپّل اور بیڑی کا بنڈل بھی چھوڑ گیا۔ پلاسی کی جنگ میں جب یہ بَونی توپیں چلتی تھیں تو جتنی دُور گولہ جاتا، اس سے دو چار گز آگے اچھل کر یہ خود پہنچ جاتی تھیں۔ جو عیّار فرنگی، گولے سے بچ نکلتا وہ ان سے ڈھیر ہو جاتا۔ پردہ اُٹھتے ہی سب مِل کر سَلامی گاتے۔ تھیٹر کی دُھنوں کے ٹکڑے، کبھی کبھار ریڈیو کی ٹرانسکرپشن سَروِس سے نشر ہوتے ہیں تو ایک دوسری دُنیا میں لے جاتے ہیں۔ کسی کی یاد سے وابستہ خوشبو کا جھونکا، کسی بھُولے بسرے نغمے کی گونج ایک پَل میں اس ہمزاد کو سامنے لا کر کھڑا کر دیتی ہے جسے زندگی کے کسی موڑ پر تنہا چھوڑ کر ہم آگے چلے آئے۔

## وکیلِ صفائی

ڈھائی تین سال تک تو اتوار بھی بینک میں گزرتا تھا۔ بارے فراغت نصیب ہوئی تو اتوار کی صبح پاک بو ہیمین کافی ہاؤس میں مرزا عبدالودود بیگ اور پروفیسر قاضی عبدالقدوس سے عالمی مسائل پر مناظرہ کرنے جانے لگے۔ اور سہ پہر کو اس تھیٹر میں گنڈّے دار حاضری۔ اتوار کا میٹنی شو پابندی سے دیکھنے والوں کو دو آنے رعایت دی

www.urduchannel.in



جاتی تھی۔ لیکن ہمیں کبھی اس رعایت سے فائدہ اٹھانے کا اتفاق نہیں ہوا، اس لئے کہ ہم ہمیشہ طاہر صاحب ایڈووکیٹ کے مہمان ہوتے تھے۔ موصوف کمپنی ہٰذا کے شب اوّل سے وکیل صفائی تھے (کمپنی ہٰذا عدالت، کچہری، میونسپل کارپوریشن اور تھانہ میں ہمیشہ مدعا علیہا اور ملزمہ کی حیثیت ہی سے پیش ہوتی تھی۔) طاہر صاحب کمپنی سے نقد فیس نہیں لیتے تھے۔ احباب کو زیادہ سے زیادہ تعداد میں گھیر گھار کر لے جاتے جس کا بنیادی مقصد تفریح سے زیادہ کمپنی کو مالی نقصان پہنچانا تھا۔ طلاق اور خلع کے مقدّموں کے اسپیشلسٹ تھے۔ مشہور تھا کہ ان کی پرچھائیں بھی پڑ جائے تو نِکاح ٹُوٹ جاتا ہے۔ کراچی ہئی کورٹ کو مرکز بنا کر پرکار سے ۲۰ میل کا دائرہ کھینچا جائے تو اس میں خلع کی خواہشمند کوئی عورت بچی ہوگی جس نے ان سے رُجوع کر کے اپنا گوہرِ مراد یعنی طلاق حاصل نہ کی ہو۔ ان سے بھی اکثر و بیشتر فیس نقد نہیں لیتے تھے۔ ایک دیہاتی مثل یاد آرہی ہے کہ آسمان کی چیل، چوکھٹ کی کیل، اور کورٹ کے وکیل سے خدا بچائے، ننگا کر کے چھوڑتے ہیں۔ طاہر صاحب کی باتوں میں بلا کا لوچ تھا۔ وہ جھوٹ بھی بولتے تو جی چاہتا کہ خدا کرے یوں ہی ہُوا ہو۔ ہمارے مخدوم اور قدر دان تھے۔ دُور کے جلوے کے قائل نہیں تھے۔ دو تین دفعہ ہاتھ پکڑ کر گرین رُوم میں لے گئے اور اپنی منظورِ نظر سونے کے دانت والی ایکٹرس سے تعارف کرایا۔ میک اپ کے بغیر وہ اور بھی خوبصورت لگ رہی تھی۔

سات آٹھ مہینے بعد طاہر صاحب مسٹر اے۔ ٹی نقوی، کمشنر کراچی، کی جنبشِ قلم سے علاقہ مجسٹریٹ بن گئے۔ ان کا علاقہ نیپیئر روڈ اور جاپانی روڈ (کراچی کا بازارِ؟) سے شروع ہو کر غالباً وہیں ختم ہوتا تھا۔ اب کچھ اور ہی طنطنہ تھا۔ گھر پر اہلِ معاملہ کا ہجوم رہنے لگا۔ داؤں پڑے تو بے خرخشہ معاملت بھی کر لیتے۔ دل کا دَورہ پڑنے کے بعد شراب اور رشوت میں اعتدال برتنے لگے۔ پرانے دوستوں سے مِلتے اب بھی تپاک سے تھے مگر، ابتدائے شوق کی لمبی ملاقاتیں گئیں۔ ایک دن سرِ راہے مُڈبھیڑ ہو گئی تو ہم نے شکایت کی، اب آپ مہینوں اپنے نیاز مندوں کی خبر نہیں لیتے۔ بُرا مانے بغیر بولے، اگر کسی سے برسوں ملاقات نہ ہو تو سمجھ لیجئے کہ کراچی ہی میں

www.urduchannel.in

ہے۔ اور بالکل خیریت سے۔

## ہم نے مُجرا دیکھا

ان کے بیٹے کے ختنے ہوئے تو احباب نے فرمائش کی کہ زندہ ناچ دیکھنے کو آنکھیں ترس گئیں۔ تو پھر ہو جائے چھَن، چھَنن چھَنن! چھَن، چھَنن، چھَنن! انھوں نے متعلقہ انسپکٹر پولیس تک فرمائش پہنچا دی۔ اشارے کی دیر تھی۔ اس ظالم نے سارے شہر کی طوائفوں کو بَجری ڈھونے کے ٹرکوں میں لاد کر حاضر کیا۔ پاکستان بننے کے بعد یہ غالباً پہلی رات تھی کہ شہر میں کہیں مُجرا نہیں ہوا۔ مُجرا یہاں بھی نہیں ہوا۔ اس لئے کہ ناظم آباد کے اس چار سو مربّع گز مکان میں طوائفیں ایسی ٹھساٹھس بھری تھیں کہ مُجرا تو کُجا، طَبلہ دَھرنے کی جگہ نہ رہی۔ جو جہاں بیٹھی تھی وہیں بزت مدرا دِکھا کے بیٹھ رہی۔ ایک منچلی نے بیٹھے بیٹھے ہی طبلے کی تھاپ اور تتکار کے ساتھ کُولھا بھی لگایا۔ مگر اس طرح جیسے دفعتاً آنکھ بدشگونی سے پھڑکنے لگے اور سارا جسم دیکھتا رہ جائے۔ پروفیسر قاضی عبدالقدوس نے اپنی پاکٹ ڈائری میں حساب لگا کے ہمارے کان میں مُژدہ سُنایا کہ فی تماشائی ۱۷½ طوائفیں پڑ رہی ہیں۔ اور ڈھیر ساری نائکائیں رُوکن میں۔

## سونے کے دانت والی لڑکی

افسوس کہ وہ بساطِ عیش چشمِ زدن میں اُلٹ گئی۔ ایک منحوس صبح طاہر صاحب کے پڑوسی نے فون پر اطّلاع دی کہ طاہر صاحب صبح پانچ بجے چل بسے۔ آخر وہ خون کی پھٹکی جو اُن کی رگوں میں پانچ سال سے آنکھ مچولی کھیل رہی تھی، دماغ تک پہنچ گئی اور وہ ہنستے کھیلتے اس گھاٹی سے گزر گئے جس سے ہر ذی رُوح کو گزرنا ہے۔ زندہ دِلوں کی طرح وہ بھرا میلہ چھوڑ کر چل دیئے۔ میلہ بچھڑنے کا انتظار نہیں کیا۔ دو مہینے بعد سُنا کہ اس سونے کے دانت والی لڑکی نے بھی بندر روڈ کے عقب میں ایک عطائی ڈاکٹر کے مذبح خانے میں اِسقاط کے آپریشن کے دَوران دَم توڑ دیا۔ خون کسی طرح بند نہ ہوا۔

www.urduchannel.in



اے۔ بی گروپ کا کمیاب خون سڑک کے اس پار سول اسپتال میں دستیاب تھا مگر اسے وہاں منتقل کرنے کے لئے "ڈاکٹر" کسی طور تیار نہ تھا۔ دیکھتے ہی دیکھتے اس کا جسم زرد اور آنکھیں بے نور ہوتی چلی گئیں۔ کوئی دم کی مہمان تھی کہ منیجر کمپنی ہٰذا نے صابن لگا کر اس کی انگوٹھی اُتاری۔ پھر لونگ اور طاہر صاحب کی دی ہوئی چوڑیاں اُتار کر رکھ لیں۔ دانت پر سے سونے کا پتّر اتارنے کی کوئی صورت نہیں تھی۔ اس کی پیشانی پر بالوں کے قریب ابھی رات کے میک اپ کے نشان بھی باقی تھے۔ منشی ریاضت علی اور چار پانچ ساتھی راتوں رات اسے میوہ شاہ قبرستان میں طاہر صاحب کی پائنتی گاڑ آئے۔ اس کے جسم نے ہوس کی بہت مار سہی تھی۔ دوزخ میں اس سے بڑھ کر اور کیا ہوگا؟ اور اس کے بعد وہ تھیٹریکل کمپنی بھی بند ہو گئی۔

اس زمانے میں بھی کراچی میں سینما گھروں کی کمی نہ تھی۔ انگریزی فلمیں بکثرت دکھائی جاتی تھیں۔ اور ہندوستانی فلموں پر بھی کوئی قدغن نہ تھا۔ اس کے باوجود کراچی کی اس پہلی اور غالباً آخری تھیٹریکل کمپنی کی بات ہی کچھ اور تھی۔ ہمارا شمار تو خیر طفیلیوں میں تھا، لیکن ہم نے یہاں ایسے ایسے نک چڑھوں کو چاؤ سے آتے دیکھا جو ہالی ووڈ کی اچھی اچھی فلموں کو خاطر میں نہ لاتے تھے۔ بات یہ ہے کہ جسے ایک دفعہ اسٹیج کا نشہ ہو جائے، پھر جب تک آنکھوں میں دَم ہے اس کا ہَڑ کا نہیں جاتا۔ جس نے ایک بار گوشت پوست کا رُوپ بہروپ دیکھ لیا اس کی تسکین پھر کبھی پرچھائیوں سے نہیں ہوگی۔ یہ اسی کا جادو نہیں تو اور کیا ہے کہ ایک بے سرو ساماں تھیٹر کا نام بر سبیلِ تذکرہ آیا اور ہم نے بلا قصد و ارادہ دفتر کے دفتر لکھ ڈالے۔ کون جانے اسی بہانے اس کا حقِ غمگساری و چارہ گری ادا ہو جائے جس نے ایک گمنام، بے نوا کے نہ جانے کتنے اُداس لمحوں میں اُجالا کیا۔ باہر اندھیرا ہی اندھیرا تھا۔

## مسٹر ولیم شیکسپیئر مرحوم

بیس برس ادھر کی بات ہے۔ ایسا ہی ایک اتوار اور ایسا ہی ایک شو تھا۔ کھیل شروع ہونے سے پہلے "منیجر کمپنی ہٰذا" نے ناظرینِ باتمکین کی تشریف آوری کا شکریہ ادا

www.urduchannel.in



کرتے ہوئے اعلان کیا کہ "اب مسٹر ولیم شیکسپیئر مرحوم کا ڈرامہ رومیو جولیٹ بمعہ چار کتھک رقص پیش کیا جائے گا۔ مسٹر ولیم شیکسپیئر مرحوم انگریزی ڈرامہ کے آغا حشر کاشمیری مرحوم ہیں۔ (ہمیں تو آج تک ان دونوں میں مرحوم ہونے کے علاوہ کوئی اور بات مشترک نظر نہ آئی۔) مصورِ درد منشی ریاضت علی سوختہ سندیلوی نے مسٹر ولیم شیکسپیئر مرحوم کے ڈائلاگ میں سے بیس مخربِ اخلاق فقرے نکال کر مسدسِ حالی مرحوم کے پچیس اخلاقی شعر ڈال دیئے ہیں۔ گر قبول افتد زہے عزّ و شرف۔"

## دوسرا ناٹک

نگاہیں پردہ اُٹھنے کی منتظر تھیں کہ اتنے میں مسٹر اینڈرسن کا ڈرائیور غفّار ہمارا کھوج نکال کر ڈھونڈتا ڈھانڈتا یہاں پہنچ گیا۔ یہ نوکر اپنے مالک ہی کے منہ نہیں، اس کی بوتل کے منہ بھی لگا ہوا تھا۔ حضرت مولانا اشرف علی تھانوی (کہ خود عالمِ بے بدل و باعمل اور پیرِ طریقت تھے) نے ایک جگہ بڑے پتے کی بات نقل کی ہے۔ فرماتے ہیں کہ ایک ظریف کا قول ہے کہ مولویوں اور کسبیوں کے ملازم کاہل ہوتے ہیں۔ کیونکہ جہاں ان کے منہ سے کچھ نکلا، بہت سے حاضر باش کام کرنے کو دوڑ پڑتے ہیں۔ اس لئے ان کے ملازم بے کار، اَحدی ہو جاتے ہیں۔ آقاؤں کے اس زمرے میں ہم یورو پینوں کا بھی اضافہ کر سکتے ہیں۔ وہ اپنا کام آپ کرنے کے عادی ہوتے ہیں، اس لئے ان کے نوکر ہاتھ پر ہاتھ دھرے زبان چلاتے رہتے ہیں۔ یہ ڈرائیور بھی بگڑ چکا تھا۔ رات کو چوری کی شراب کے نشے میں دُھت نہ ہو تو بینک کی کار چوری چھپے پرائیوٹ ٹیکسی کے طور پر چلاتا تھا۔ رات گئے شہر سے غیر ملکی مَلّاحوں اور ٹورسٹوں کو ملیر کے ایک پرائیوٹ قحبہ خانے میں لے جاتا جہاں صرف پونڈ اور ڈالر میں محنتانہ وصول کیا جاتا تھا۔ غفّار منھ مانگا کرایہ اور جانبین سے دَلّالی کا کمیشن وصول کرتا۔ ایک رات ملیر سے واپسی میں ایک یونانی مَلّاح پر مجرمانہ دست درازی کی کوشش میں ناک تڑوا بیٹھا۔ اور کار چھوڑ کر ایسا بھاگا کہ پھر نہ لَوٹا۔ صبح گیارہ بجے ڈرگ روڈ تھانے نے ہمیں فون پر مطّلع کیا کہ کار مشتبہ حالت میں کھڑی ہے۔ نیز کیچے میں اس کی چال سے معلوم ہوتا ہے کہ واردات سے قبل مال مسروقہ نے

www.urduchannel.in



پٹرول کے بجائے وہسکی پی رکھی تھی۔ اسے لے جائیں۔ آپ کو کچھ نہیں کہا جائے گا۔

غفار جودھپور کا رہنے والا تھا۔ اس کے تلفّظ اور مارواڑی لہجے کی نقل بہت دشوار ہے۔ ہر لفظ کے آگے پیچھے دوچشمی ھ لگا کر بولیں تو شاید لہجے میں وہ دھڑدھڑاہٹ اور ھمھمہ پیدا ہو جو راجستھانی بولی کا ٹھاٹھ اور سنگھار ہے۔ چھوٹتے ہی کہنے لگا "آپ کو تماش بینی کی پڑی ھے۔ ادھر بڑا صاب منھ ھندیرے سے ھدھم مچا رھا ھے۔ دارو کا اُدھا چڑھا گیا ھے۔ آپ کو تو وہ مرڈر کیس اچھی طریوں یاد ہوگا۔ اس کے یار مسٹر جیمسن کا ننگی حالیت میں قتل۔ جب ہیجڑے لونڈے نے شراب کے گلاس میں تیزاب بھر کے اس کی آنکھوں پہ پھینکا۔ پھر جھٹ دینی ڈبل روٹی کاٹنے کی چھری سے ذبح کر دیا۔ وہ دن ھے اور آج کا دن۔ بڑا صاب بوتل سے منھ لگا کے پیتا ھے۔ لطیفی صاب (ایک بڑے افسر جن سے مسٹر اینڈرسن کی ذرا نہیں بنتی تھی) سے آئینے میں کھڑا تُوتکار کر رہا ھے۔ بلکہ انگریزی میں فادر مدر کر رہا ھے۔ بڑے بڑوں کی شان میں یکے بعد دیگرے، دیگرے بعد یکے، غستا خی ہو رہی ہے۔ گیارہ بجے اس نے لطیفی صاب کی کنپٹی پہ کس کے ایسا گھونسا مارا کہ آئینہ کرچی کرچی ہو گیا۔ ساری مغروریت خاک میں مل گئی۔ گھونسا بھی خونم خون ہو گیا۔ ابھی ابھی ڈاکٹر بٹرفیلڈ کو بُلا کر پٹی کروائی ھے۔ یقین نہ آئے تو جا کے چشم دیدھ دیکھ لینا۔ آپ کو سلام بولتا ھے۔ آرڈر ھے کہ آپ جس حالیت میں بھی ہوں، گاڑی میں ڈال کے بنفشہ نفیس حاضر کروں۔ قصّہ کھوتاھ آپ کی انتظاری میں چشم بھرا ھے۔ اپن کو تو لگتا ہے آج کچھ دھرم بھرم ہونے والا ھے۔ سویرے سے مالجادی بائیں آنکھ پھڑک کے جا رہی ھے۔"

"کیا لطیفی صاحب کو بھی بلایا ہے؟"

"نہیں۔"

## بہت آگ چلموں کی سلگانے والے

لطیفی صاحب کے حلقۂ معتوبین میں ہم نہایت ممتاز مقام رکھتے تھے۔ دو مہینے پہلے وہ ہمارے رزق کا دروازہ بند کرنے کی دھمکی دے چکے تھے اور ہم بھی اتنے عاجز

www.urduchannel.in



آ چکے تھے کہ صبح کا سلام تک بند کر دیا تھا۔ اس کے علاوہ کوئی اور چیز بند کرنا ہمارے اختیار میں تھا بھی نہیں۔ یہ صحیح ہے کہ ہم دُم دبائے رہتے تھے، لیکن اب اتنے بھی گئے گزرے نہیں کہ اس پر کسی کو کھڑا ہونے دیں۔ انھوں نے اپنے گرد منتخب روزگار نااہل جمع کر لئے تھے جو دوسروں کے لئے بھی وہ پسند نہ کرتے تھے جو اپنے لئے ناپسند کرتے تھے۔ یعنی کام۔ ان کا واحد مشغلہ لطیفی صاحب کی ہر ادا اور ہر لطیفے پر لوٹ پوٹ ہونا تھا۔ اور ہم بڑے لوگوں کی ہاں میں ہاں ملانے سے اس لئے بھی احتراز کرتے ہیں کہ اگر ہم کسی کی رائے سے اتفاق کریں تو لوگ اسے احمق سمجھنے لگتے ہیں۔ مولانا محمد حسین آزاد یہ نہیں کہتے کہ اکبر اَن پڑھ، جاہل یا کاہل تھا۔ فرماتے ہیں "علوم نے اس کی آنکھوں پر عینک نہ لگائی تھی اور فنون نے دماغ پر دستکاری خرچ نہ کی تھی۔" گویا سارا قصور اور تمام تر کوتاہی علوم و فنون ہی کی ٹھیری جو سراسر حرام خوری اور کاہلی پر اُتر آئے تھے۔ لیکن دربارِ لطیفی کے تو نورتن بھی اپنے بادشاہ پر پڑے تھے۔ یعنی عینک وغیرہ کے تکلفات سے بے نیاز۔

وہ بغیر عینک کے کہاں سے کہاں پہنچ چکے تھے اور ہم؟ ہم، بقول مرزا، معاشرے کی وہ پسلی ہیں جس میں کہنیاں مار مار کے آگے بڑھنے والے آگے بڑھتے ہیں۔ اب جو ٹھنڈے دل سے محاسبہ کرتے ہیں تو اعتراف کرنا پڑتا ہے کہ ہماری خواری میں ان کی خصومت سے زیادہ ہماری اپنی ناسمجھی اور ناتجربہ کاری کو دخل تھا۔ ہم جوان تھے۔ برخود غلط تھے۔ (برخود غلط تو آج بھی ہیں، مگر پہلی خرابی دُور ہو چکی ہے۔) ان کی مسٹر اینڈرسن سے ٹھنی ہوئی تھی اور ہمیں اس کا قربِ خاص حاصل تھا۔ مطلب یہ کہ ہم جنرل منیجر کے اتنے قریب ہو گئے تھے کہ اس کے غیظ و غضب کی ابتدا ہم ہی سے ہوتی تھی۔ پشتو کہاوت کے بمصداق سانڈوں کی لڑائی میں مینڈک کچلے جاتے ہیں۔ سو ہمارا بھی قیمہ ہو گیا مگر ٹرانا نہ گیا۔ دیکھا جائے تو لطیفی صاحب کو ہم سے کیا عداوت یا رقابت ہو سکتی تھی۔ ان کا ایک ادنیٰ سا افسرانہ مطالبہ تھا جسے ہماری اَنا سمجھ نہ پائی۔

مجھ کو بھی پُوجتے رہو تو کیا گناہ ہو

لطیفی صاحب کی عمر ہم سے ۱۲ سال، سُوجھ بُوجھ ۲۴ سال اور تنخواہ ۱۶۰۰

www.urduchannel.in



روپے زیادہ تھی۔ لہٰذا اسے صحیح معنوں میں تصادم نہیں کہا جاسکتا۔ ہم خود ریل کی پٹری پر انجن کو چیلنج کرنے کے لئے سینہ تان کر لیٹے تھے۔

## تڑپے ہے مُرغا قبلہ نما آشیانے میں

اونٹ کی کمر جس روایتی تنکے سے ٹوٹی وہ ان کی کرسچین سیکریٹری مِس راٹھور تھی جس کے ناوک نے زمانے میں صَید نہ چھوڑا تھا۔ ان کے مزاج ہی میں نہیں، کام میں بھی دَخیل تھی۔ پہلے غمزہ ہی غمزہ تھا۔ اب غُرّانا بھی شروع کر دیا۔ ہم سے بھی غُرفِش کرنے لگی۔ اور بقول پروفیسر قاضی عبدالقدوس یہ نوبت آگئی کہ

تڑپے ہے مُرغا☆ قبلہ نما آشیانے میں

ہماری جگہ کوئی اور ہوتا تو اسے بھی شیشے میں اُتار لیتا یا کم از کم خود اُتر جاتا کہ یوں بھی عورت کی ایڑی ہٹاؤ تو اس کے نیچے سے کسی نہ کسی مرد کی ناک ضرور نِکلے گی۔ مگر اس کو کیا کریں کہ طبیعت ہی غصیلی اور زود رنج پائی ہے۔ التفاتِ دلِ دوستاں نہ رہے، یا کاروبارِ دنیا ہماری عین مرضی کے مطابق نہ چلے تو بلبلا اُٹھتے ہیں۔ جہانگیر کے عہد میں تو ہم چوبیس گھنٹے زنجیرِ عدل ہی سے لٹکے رہتے۔ اس بچارے کا سُونا لیٹنا حرام ہو جاتا۔ مصیبت یہ تھی کہ ہم سَدا سے زبان کے پھوہڑ ٹھہرے اور وہ چغل خور نکلی۔ مولانا احسن مارہروی فرماتے ہیں ۔

ہزار بار مجھے لے گیا ہے مقتل میں
وہ ایک قطرۂ خوں جو رگِ گلُو میں ہے

ہمیں یقین ہو چلا ہے کہ یہ فسادی قطرۂ خوں ہماری زبان میں ہے جس پر ہمیں اتنا ہی قابو ہے جتنا عُشّاق کو اپنے دِل پر ہوا کرتا ہے۔

یار لوگوں نے مشہور کر رکھا تھا کہ یہ اسٹینو گرافر دِن بھر سامنے بیٹھی اپنے باس کو فرمائشیں ڈکٹیٹ کراتی رہتی ہے۔ ہم نے جب دیکھا سوئٹر بُنتے یا موٹی اسامیوں پر

☆ پروفیسر قاضی عبدالقدوس ایم اے سوداؔ کے مصرع "تڑپے ہے مرغِ قبلہ نما آشیانے میں" کو اسی طرح پڑھتے اور پڑھاتے ہیں۔ مطلب یہ بتاتے ہیں کہ ذبح ہوتے وقت مرغا اپنا منہ قبلہ کی طرف کر کے تڑپ رہا ہے!

www.urduchannel.in



مُسکراتے ہی دیکھا۔ مَرد کی ایک پہچان یہ بتائی گئی ہے کہ چوں مرگ آید تبسّم بر لب اوست۔ یہاں اگر مرگ کی بجائے مَرد پڑھا جائے تو مصرع اس عورت پر بھی چسپاں ہوتا تھا۔ ویسے لطیفی صاحب کا سارا کام زبانی اور بیشتر حکم احکام ٹیلی فون پر صادر ہوتے تھے۔ لکھنے لکھانے کو تکلّفِ بے جا جانتے تھے حالانکہ بننے کا ملتا ہوا اُصول ہے کہ پہلے لکھ، پیچھے دے، بھول پڑے کاغذ سے لے۔ مِس راٹھور کا لقب نہ جانے کیوں اور کب سے "مِس رنتھمبھور" چلا آتا تھا۔ بڑے بڑے افسروں کے ساتھ نتھی رہ چکی تھی۔ وجہ تسمیہ ہمیں معلوم نہیں۔ البتہ قلعہ رنتھمبھور کے بارے میں اتنا یاد پڑتا ہے کہ اس پر ہر بادشاہِ وقت نے لشکر کشی کی۔ کسی نے منجنیق سے سر کیا۔ کوئی اَسپِ تازی کو ایڑ لگا کے خندق پھلانگ گیا۔ کوئی سنگلاخ فصیل ڈھاتے ڈھاتے خود ڈھے گیا۔ کسی نے شبخون مارا۔ اور کوئی دن دہاڑے فولادی میخوں کی اَنی کو بلوَنت ہاتھیوں کے مَستک سے موڑتا توڑتا، صدر دروازے کو ریلتا دھکیلتا، پھریرا اُڑاتا ہوا قلعہ میں داخل ہو گیا۔ ہم نے تو بس ان معدودے چند بادشاہوں کے نام رَٹ لئے تھے۔ جنھوں نے اس قلعہ پر دھاوا نہیں بولا ورنہ امتحان میں ہر بادشاہ کا نام اور اس کے بعد ڈیڑھ دو صفحوں میں رنتھمبھور کی رَنگ رَنگائی لفظی تصویر کھینچ کر لکھ دیتے کہ مذکورہ بالا نے مندرجہ ذیل پر یورش کی۔

## ڈیوڑھا آدمی

لطیفی صاحب نہایت ملنسار، زمانہ شناس، خوش خلق اور خوش تدبیر تھے۔ ان کی اہلیت ان کے حوصلوں کے ساتھ قدم ملا کر نہیں چل سکتی تھی۔ سیدھی سڑک سے انہیں سخت الجھن ہوتی تھی۔ ہمہ وقت "شارٹ کٹ" کی تلاش میں رہتے، خواہ وہ کتنا ہی اُوبڑ کھابڑ کیوں نہ ہو۔ اس کی تلاش میں اکثر دگنا وقت لگ جاتا۔ گرمیوں میں بھی واسکٹ پہنتے، اس لئے کہ اس کی جیبوں میں انگوٹھے ڈالے بغیر بات نہیں کر سکتے تھے۔ دشمنوں نے اُڑا رکھی تھی کہ چوری چھپے پانچ بسیں چلاتے ہیں جن کی آمدنی کو ہر مہینے گیارھویں کی نیاز دلوا کر پاک کر لیتے ہیں۔ آخر جنّت کا بھی تو کوئی شارٹ کٹ ہوگا۔ نگاہِ بدبیں نے کہاں کہاں ان کا تعاقب نہ کیا۔ اتوار کو دیکھا کہ اینگلو انڈین بھبُوکا

www.urduchannel.in



چھوکریوں کو کار میں بھر کے نہلانے دھلانے سینڈزپٹ لے جارہے ہیں۔ ابھی کار کی سیٹیں ٹھیک سے ٹھنڈی بھی نہیں ہوئی ہوں گی کہ دیکھا اسی کار میں اٹالٹ مولوی ٹھونسے شبینہ پڑھوانے گھر لے جارہے ہیں۔ اور ڈِکی میں اتنے ہی عدد مرغیاں بھری ہوئی ہیں۔ سنیچر کی رات کو وہ "لاگورے" میں اس طرح ڈانس کرتے دیکھے گئے کہ دُور سے تو یہی لگتا تھا کہ ابھی تو پنجے لڑارہے ہیں۔ دَم کے دَم میں گتھ مریں گے۔ اور لالِ وردے انہیں پاک پتن شریف میں روضہ کی جالی پکڑے اشکبار بھی دیکھا۔ خود ہم نے انہیں ۱۹۵۲ء میں جُھگیوں میں سات روپے سیر کے بمبئی کے الفانسو آم تقسیم کرتے دیکھا۔ کہتے تھے روٹی تو رُوکھی سُوکھی سب کو مل جاتی ہے۔ قلمی آم غریبوں کو برسوں نصیب نہیں ہوتے۔ بقرعید پر پندرہ بیس بکرے ذبح کرتے تھے تاکہ گورنمنٹ کے بڑے افسروں کو سالم رانیں بھیج سکیں۔ چھوٹے بڑے، ہر بزنس مین سے ان کی یاد اللہ تھی۔ سب سے جھک کر ملتے، پورے سے بھی زیادہ سُود وصول کرتے اور تاکید و تقاضے میں بھی شہد☆ گھول دیتے۔ اپنا کام نکالنے کا ہُنر جانتے تھے۔ زمین میں ذرا سا سُوراخ کرنا ہو تو پوری طاقت سے کدال چلانی پڑتی ہے۔ لیکن خاک بسر بیج، کومل اکھوے اور نرم و نازک پنیری کس دھیرج سے اسی زمین کو ایک ادا سے رضامند کر کے نکل آتے ہیں۔

سلیفی صاحب کو کامیاب ہونے میں دیر نہیں لگی، اس لئے کہ دنیا جس زاویہ سے کج ہے اسی زاویہ تک انہوں نے اپنی رفتار و گفتار و کردار میں کجی پیدا کرلی تھی۔ فرماتے کہ "بزنس میں صرف گھاٹا حرام ہے۔ باقی سب چلتا ہے۔ ہر پکڑ، ہر داؤں۔ ارے بابا! یہ تو ایک کھیل ہے۔ ناٹک۔ ہر آدمی سوانگ بھر کے اپنا اپنا ڈائیلاگ بولتا ہے۔ کھیل ختم، ڈائیلاگ خلاص۔ جھوٹ سچ کا سوال کہاں۔ کٹھ پتلیوں کے لئے کیا پاپ، کیا پُن۔" پیسہ کیسے جُڑتا ہے۔ روپیہ اپنے آپ کو کس طرح ضرب دیتا ہے۔ زر خدا نہ سہی، لیکن کتنا "غالب و کار آفرین، کارکشا و کارساز" ہے۔ پیسے سے کیا کیا خریدا جاسکتا ہے۔ ناخنِ زر سے کیسی کیسی گرہیں کُھل جاتی ہیں۔ لکشمی کس کس چیز کی بھینٹ

☆ پروفیسر قاضی عبدالقدوس کہتے ہیں کہ تحریر میں بھی سُود کھانے سے لذت پیدا ہوتی ہے۔ مثال میں ہمیں پیش کر دیتے ہیں۔

www.urduchannel.in



مانگتی ہے ........... آدمی یہ بیوہار اور بیوپار بہت قریب سے ساری عمر دیکھتا رہے اور آزردہ و دل گرفتہ نہ ہو تو بڑے حوصلے یا پھر اتنی ہی بے حسی کی بات ہے۔ دو ہی راستے ہیں۔ یا تو آدمی کھرا کھوٹا پرکھنے کی کسوٹی نزدیک ترین گٹر میں پھینک کر نچنت ہو جائے یا پھر سارے سنسلد سے ناتا توڑ کر اپنی ذات کی گپھا میں اپنا نروان آپ ڈھونڈے۔ یونانی دیومالا کی دیونی میڈوسا گارگن نے زمین کی کوکھ سے جنم لیا تھا۔ اس کی زندگی کا واحد مقصد نور سے بنے ہوئے دیوتاؤں کو زیر اور خوار و زبوں کرنا تھا۔ کوئی آدم زاد اسے قتل نہیں کر سکتا تھا، اس لئے کہ جیسے ہی اس کے چہرے پر نظر پڑتی، آدمی پتھر کا ہو جاتا تھا۔ آخر کار، پر سی لیس نامی ایک جوان شہ زور نے یہ ترکیب نکالی کہ اپنی جلائی ہوئی ڈھال میں اس کا عکس دیکھ کر تلوار کے ایک ہی وار سے سر تن سے جدا کر دیا۔ تو صاحبو! یہ دنیائے دنی اس وقت تک دلوں کو پتھر میں تبدیل کرتی رہتی ہے جب تک انسان کسی آدرش یا عقیدے کی سپر میں عکس دیکھ کر اس کی شہ رگ نہ کاٹ دے۔ اور ایک بار پھر اس خرابے کو انسانوں کے رہنے کے لائق بنا دے۔

## نذرِ ارسطو

لطیف صاحب ہی کا قول ہے کہ زندگی کے ہر درد کا مداوا، تمام مصائب کا حل کسی نہ کسی انسان کے ہاتھ میں ہے۔ اس لئے کہ در حقیقت انسان ہی مسبّب المصائب ہے۔ اور وہی مشکل کشا۔ لہٰذا اسی کا دامن تھامو۔ اسی سے مدد چاہو۔ پھر بیڑا پار ہے۔ ان کی اپنی نیا نہ صرف منجدھار پار کر چکی تھی بلکہ ریگستانی ساحل کے میلوں اندر گھس گئی تھی۔ اتوار کی صبح کو دلی کی نہاری پر بیس پچیس مسبّب المصائب مدعو ہوتے۔ قوالی اور کاک ٹیل کے دلدادہ تھے۔ اکثر فرماتے کہ "آدمی کی یہی دو قسمیں ہوتی ہیں۔ ان تقریبوں میں دونوں سے ملاقات ہو جاتی ہے۔ (جو واں نہ کھنچ سکے وہ یہاں آ کے دم ہوئے) کامیاب بینکر بننے کے لئے پچھتر فیصد یاری، پچاس فیصد عیاری اور پچیس فیصد نہاری درکار ہے۔" عرض کیا "جناب! یہ تو ڈیڑھ سو فیصد ہو گیا۔" بولے "اور کیا! یہ پروفیشن تو ڈیوڑھا آدمی مانگتا ہے۔ آدھے پونے آدمی سے کام نہیں چلنے کا۔

www.urduchannel.in



یونیورسٹی کی پروفیسری تھوڑا ہی ہے کہ زندگی پر کتابیں پڑھ پڑھ کے ایک کتاب اور لکھ ماری۔ اجی کہیں گنّو سے گنّو بھی گیا بھن ہوئی ہے؟ انٹلکچوئل لوگ اسپیڈو میٹر دیکھنا جانتے ہیں، اسٹیرنگ وہیل نہیں سنبھال سکتے۔ قسم خدا کی! اگر ارسطو آج قبر سے اُٹھ کر آجائے اور اس مارکٹ میں کپاس کی ایک گانٹھ بھی دو پیسے منافع پر بیچ لے تو میں اپنی بھنویں مُنڈوادوں۔ " (مونچھیں پہلے ہی کسی ایسی ہی شرط پر نذرِ ارسطو کر چکے تھے۔ سر پر بھی شرط لگانے کے لئے کچھ نہیں رہا تھا۔)

## جُملۂ تیموریہ

ماتحتوں کو اس پیشہ کی نجابت، نفاست اور نجاست سے متعلق نصیحتیں کرتے رہتے۔ گاہے ماہے مہربان ہوتے تو چاند ماری کے لئے ہمیں بھی منتخب فرماتے۔ ان کے ڈیوڑھا آدمی ہونے میں کسے کلام ہو سکتا تھا۔ ہم نے اپنی آنکھوں سے انہیں لنچ پر سالم مُرغی کھا کر اپنی سکریٹری کے سامنے انگلش گرامر پر دَست درازی کرتے دیکھا ہے۔ ہم نے آج تک اتنے فرّاٹے، زور اور اعتماد سے کسی انگریز کو بھی غلط انگریزی بولتے نہیں دیکھا۔ صحیح اِملا و تلفظ کو اپنے مُرتبۂ افسری سے پست جانتے تھے۔ ان کا ہر جُملہ، جُملۂ تیموریہ ہوتا تھا.........یعنی لنگڑا اور حملہ آور۔ ان کی دیکھا دیکھی ماتحتوں نے بھی اپنی انگریزی میں شرعی عیب پیدا کر لئے۔ سندھی میں بڑے مزے کی کہاوت ہے کہ کبھی ایک ٹانگ والوں کے دیس میں جاؤ تو اپنی ایک ٹانگ کندھے پر رکھ لو۔ ہم نے تو بہ نظرِ احتیاط اپنی انگریزی کی دوسری ٹانگ بھی توڑ دی۔ بلکہ اعضائے رئیسہ بھی کاٹ کر پھینک دیئے۔ کوئی یہاں گرا کوئی وہاں گرا۔ اس اپاہج پن سے آگے چل کر ہمیں بے شمار فائدے ہوئے جن کی تفصیل میں جانے کی ضرورت نہیں، اس لئے کہ خود آپ نے دیکھا ہو گا کہ خاندانی فقیر اور دُور اَندیش بھکاری اپنے بچّوں کے ہاتھ پاؤں عالمِ شیر خوارگی میں ہی توڑ دیتے ہیں تاکہ بڑے ہو کر بچّوں کو روٹی کمانے میں آسانی رہے اور ماں باپ کے محتاج نہ رہیں۔

طعن و تشنیع سے ہماری کافی اِصلاح ہوئی۔ کتابی باتوں سے اِحتراز کرنا سیکھ لیا۔ ان

www.urduchannel.in



جیسے کامیاب لوگوں کی مصاحبت و مجالست کا یہ اثر ہوا کہ ہم نے کتابیں پڑھنے سے توبہ کی اور کتاب لکھنے کا تہیہ کر لیا۔ بچپن کے کھلونے ٹوٹتے ٹوٹتے ہی ٹوٹتے ہیں۔ ڈلن تھامس نے غلط نہیں کہا تھا کہ میں نے جو گیند باغیچے میں کھیلتے ہوئے اُچھالی تھی وہ ابھی تک زمین پر واپس نہیں آئی۔

لطیفی صاحب کا چال چلن نارمل تھا۔ یعنی ویسا ہی جیسا کہ ہمارے ہاں نارمل آدمی کا آسانی سے کامیابی اور دولت حاصل ہونے کے بعد ہو جاتا ہے۔ ازدواجی زندگی کو عمر قید سزا سمجھتے تھے، یعنی محبت باشقت۔ مشہور امریکی سفیر اور ماہرِ اقتصادیات پروفیسر گالبریتھ اپنی چٹخارے دار کتاب "سفیر کی ڈائری" میں یورپ میں تعینات ایک رنگین مزاج امریکی سفیرِ کبیر کے بارے میں رقمطراز ہیں کہ موصوف ہر مسئلہ، ہر مشکل کا سامنا بند ذہن اور کھلے اِزار بند سے کرتے تھے۔ لطیفی صاحب بینکنگ کے پیچیدہ ہی نہیں، غیر پیچیدہ مسائل بھی اسی طریقے سے حل کرنے لگے تھے۔ انہیں ایک دفعہ اچانک رخصت پر کلکتہ جانا پڑا اور ہم ان کے قائم مقام مقرّر ہوئے تو حسینوں کے فون اور خود حسین متواتر پندرہ دن تک آتے رہے۔ ڈان کھوٹے کے رازداں خدمت گار کی طرح ہم بھی عصمت دہندگان کی فہرست بڑی محنت سے مُرتّب کرتے رہے۔ گھڑی تو وقت کا حساب رکھتی ہے۔ وقت سے لطف نہیں اٹھاتی۔ سولھویں دن وہ خود آگئے اور ہماری قائم مقامی ختم ہوئی۔ حیف در چشم زدن صحبتِ بد آخر شد۔

## فردِ جُرم

اتنا طویل تعارف اس لئے اور ناگزیر ہوگیا کہ جب ہم مسٹر اینڈرسن کے حضور لرزاں و ترساں پیش ہوئے تو دیکھا کہ نشہ کو غُصّہ نے سہ آتشہ کر دیا ہے۔ اور وہ لطیفی صاحب کو ناقابلِ اشاعت گالیاں دے رہا ہے۔ عجیب عجیب بُہتان لگا رہا ہے۔ کہنے لگا کہ میں نے جو رسّی دراز کی تھی، وہ اس کے لئے پھانسی کا پھندا بن گئی۔ وہ کمیشن کھاتا ہے۔ بسیں چلاتا ہے۔ بینک کے ذریعہ درآمد کیا ہوا سوا روپے گز کا جاپانی لٹھا بالا بالا اپنے "بینامی" پارٹنر کو ۵ آنے گز میں بیچ دیا۔ بینک کے فرنیچر سے میک نیل روڈ پر اپنی

www.urduchannel.in



گرل فرینڈ کا پلش فلیٹ فرنش کرایا ہے۔ بے شمار قرضے بلااجازت و ضمانت دیے جن کے سُود کے حساب سے تم رات کے بارہ بجے تک مغز ملتے رہتے ہو۔ اور تو اور مسٹر.......... وزیرِ حکومتِ پاکستان کے نام ایک لاکھ روپے کا قرض دِکھا کر ایک نئی کمپنی کے شیئرز خریدے جن پر ڈیڑھ لاکھ کا منافع ہوا۔ انکوائری ہوئی تو وزیر نے صاف انکار کر دیا کہ فارموں پر سِرے سے میرے دستخط ہیں ہی نہیں! یہی نہیں، لطیفی ایک کاک ٹیل پارٹی میں بلیک ٹائی کے بجائے لاؤنج سُوٹ پہن کر گیا جس سے بینک کی بھد ہوئی۔ ایک سنگین الزام ان پر مسٹر اینڈرسن نے یہ بھی لگایا کہ انھوں نے ہیڈ آفس سے اجازت لئے بغیر اپنی سکریٹری کے سینڈل کی اُونچی ایڑی دو دو انچ کم کرادی تھی! فردِ جُرم سُنانے کے بعد مسٹر اینڈرسن نے مطّلع کیا کہ کل شام بورڈ آف ڈائرکٹرز نے مسٹر لطیفی کو برخاست کر دیا۔ یہ تلوار تو اس کی گردن پر ایک نہ ایک دن گرنی تھی۔ قتل میں عجلت کی فضیلت پر اس نے اپنے "فیورٹ کریکٹر" میکبتھ کا قول دہرایا (اسکول کے اسٹیج پر میکبتھ کے رول میں وہ خود کو کئی مرتبہ کامیابی کے ساتھ قتل کروا چکا تھا):

"If it were done when 'tis done, then t'were well if it were done quickly..."

پھر ہدایت کی کہ اسی وقت میری کار میں بینک جا کر اس کی تجوری، الماریاں اور میز کی درازیں اور جو کچھ تمھیں اس کا نظر آئے.......... سِیل کر دو۔ اس کے حمایتیوں کے منہ بھی۔ چِٹ پر اپنے دستخط کر کے چپکا دینا اور صبح ٹھیک نو بجے اس سے کیش کا چارج لے لینا۔ وہ باسٹرڈ مجھ سے چارج لینے کے "ڈے ڈریمز" دیکھا کرتا تھا۔ ہاہاہا! روپیہ اور عورت کبھی میری کمزوری نہیں رہی۔ اور ہاں! نوٹ گِننے کے لئے لعابِ دہن کے بجائے کسی دوسرے سیّال پر اِکتفا کرنا۔ تم اتنے پریشان کیوں نظر آرہے ہو؟ ترقی مبارک! تم سے زیادہ اس عہدے کا اہل میرے پاکستانی ماتحتوں میں اور کوئی نہیں۔ مجھے تم سے بڑی اُمیدیں ہیں۔ گُڈ لک! اور ہاں! صبح اس کی کار بھی اپنی تحویل میں لے لینا۔ جی تو بہت چاہتا ہے کہ تمھیں شیورلٹ کار لے دوں۔ لیکن بڑی کار میں تو تم اور بھی مُنّے سے لگو گے۔

www.urduchannel.in



## نظامِ سقّہ

ہم رات کے دس بجے تک ہر الماری، کیبنٹ، دراز اور تجوری پر اپنی دستخطی سِلپ بجھاتے گوند سے چسپاں کرتے رہے۔ از رُوئے احتیاط ان کے تھرماس پر بھی مہر لگادی۔ صبح لطیفی صاحب نے ہمیں اپنی کُرسی کے کنارے پر نروس بیٹھے دیکھا تو اسے ہماری طبعی شوخی اور دفتری گُستاخی پر محمول کیا۔ ہم نے ڈرتے ڈرتے ان کی برخاستگی کا پروانہ پیش کیا۔ بھونچکے رہ گئے۔ انہیں اپنی برخاستگی سے زیادہ ہماری ترقّی کا صدمہ تھا۔ اور جھوٹ کیوں بولیں، ہماری مسرّت کی بھی ترتیب بالکل یہی تھی۔ جس ڈائرکٹر نے سنیچر کی شام کو ان کی برطرفی کی قرار داد بورڈ سے بعجلت منظور کروائی تھی، اس نے اتوار کی صبح کو انکے ساتھ دِلّی کی نہاری کھائی اور دن بھر ڈکاریں لے لے کر رَمی کھیلی۔ "ہنٹ" تک نہ دیا۔ جیسے کچھ ہُوا ہی نہیں۔ لطیفی صاحب نے جھو نجھل میں چابیاں اس سیلہ میز پر، جو کل تک ان کی اور آج ہماری تھی، اتنے زور سے پھینک کر ماریں کہ میز پر لگے ہوئے دبیز شیشے میں ایک سُورج سابن گیا جس کی کرنیں دُور دُور تک پھیل گئیں۔ پہلے اس شیشے میں ہمیں اپنی ایک ہی تصویر نظر آرہی تھی۔ ٹوٹا تو ایک ایک کرچی میں اسی کا جلوہ تھا۔ میں ہی آیا نظر، جدھر دیکھا۔ وہ بغیر کچھ کہے سُنے چل دیئے۔

دن بھر ہم اپنے نئے فرائض نہایت جوش اور تندہی سے انجام دیتے رہے۔ رات کو ٹھاٹ سے لطیفی صاحب کی کار میں گھر گئے اور اپنے کوارٹر کی دہلیز پر اس وقت تک قدم نہیں رکھا جب تک باوردی شوفر نے اُتر کر دروازہ نہ کھولا۔ بچّوں نے لالٹین کی روشنی میں ہماری کار اور ترقّی کا ہر زاویہ سے معائنہ کیا۔ انہیں ڈرائیور کی ٹوپی بہت پسند آئی۔ بیگم نے ڈگارڈ کو تھپتھپاتے ہوئے کہا کہ ہلکا سبز رنگ مجھے شادی سے پہلے بھی پسند تھا۔ ماں نے ڈبڈبائی آنکھوں سے پوچھا، بیٹا! تم نے آج بھی روٹی کھائی یا نہیں؟

دوسرے دن یومِ آزادی کی تعطیل تھی۔ ہم نے سب احباب اور اپنے تمام بہی خواہوں کو دِلّی کی نہاری کِھلائی اور "آنکھ کا نشہ" کھیل دِکھایا۔ ۱۵ اگست کو دفتر پہنچے تو ایک کُرسی پر ایک ڈائرکٹر کے منہ چڑھے افسر نور علی نجم الدّین کھانڈ والا کو بیٹھے دیکھا۔ ہماری ہر الماری، کیبنٹ، دراز اور تجوری پر ان کی دستخطی سِلپ چسپاں تھی۔ حد یہ کہ ناک

www.urduchannel.in



میں ڈالنے کے "ڈراپس" کی شیشی جو ہم میز پر بھول گئے تھے، اس پر بھی لال چپڑی کی مہر لگی ہوئی تھی۔ ہم انہیں اپنے تختِ ہمایونی پر متمکن دیکھ کر بھونچکے رہ گئے۔ انہوں نے اپنی تقرری اور ہمارے تبادلہ کا پروانہ دکھایا۔ مسٹر اینڈرسن سے پرسوں سہ پہر کو ایک گھنٹے تک ہماری گفتگو ہوئی تھی۔ "ہنٹ" تک نہ دیا۔ جیسے کچھ ہوا ہی نہیں۔ ہم نے چابیاں اس سیاہ میز کے سورج پر، جو پرسوں تک ہماری اور آج ان کی تھی، پھینک کر ماریں اور بغیر کچھ کہے سُنے چل دیئے۔

ہم آکر اپنی پُرانی میز پر بیٹھ گئے۔ کچھ دیر بعد مسٹر اینڈرسن خود ہمارے پاس آئے اور کہنے لگے "تمہارے بغیر جنرل منیجر کا آفس سُونا سُونا لگتا ہے۔ ویلکم بیک ہوم! تم سے زیادہ اس عہدے کا اہل میرے پاکستانی ماتحتوں میں کوئی نہیں۔ مجھے تم سے بڑی اُمیدیں ہیں۔ میری ڈریسنگ ٹیبل میں نیا آئینہ لگوادو۔ بد ذات بلی نے توڑ دیا ہے۔ بیچوں بیچ سُورج سا بن گیا ہے۔ ایک زخمی ہاتھ کے بجائے سَو زخمی ہاتھ نظر آتے ہیں۔"

رات گئے، حسبِ معمول بس کے ڈنڈے میں بانہیں حمائل کیے، گھر آئے۔ بیگم نے پوچھا کار کہاں گئی؟ بچّوں نے پوچھا کیا ڈرائیور بھی چھین لیا؟ ماں نے ڈبڈبائی آنکھوں سے پُوچھا، بیٹا! تم نے آج بھی روٹی کھائی یا نہیں؟

نظام سقّہ کو اس کی مشک واپس مِل گئی۔

(پردہ گرتا ہے)

# موصُوف

## شیشے کی آنکھ

وہ ان لوگوں میں سے تھا جو اپنی زندگی میں ہی قصہ کہانی بن جاتے ہیں۔ انواع واقسام کی خوبیاں اور خرابیاں اس سے منسوب تھیں۔ کوئی کہتا ہم نے مسٹر اینڈرسن کو کبھی مُسکراتے نہیں دیکھا۔ منہ لال، ہونٹ کنجوس کے بٹوے کی مانند ہمیشہ بند۔ پَر دِل کا بُرا نہیں۔ بلغمی مزاج کا انگریز ہے۔ محض اپنا گلا صاف رکھنے کی خاطر چِنگھارتا رہتا ہے۔ منظور اس سے قطع محبت نہیں اُسے۔ دوسرا کہتا چوبیس گھنٹے نشے میں چُور رہتا ہے۔ آنکھ کُھلتے ہی پینا شروع کر دیتا ہے۔ صبح ڈرائیور اور جمعدار اجمل خاں سہارا دے کر کار سے اُتارتے ہیں۔ کار میں بھی ایک اسٹیپنی بوتل ساتھ رکھتا ہے۔ ہاتھوں میں رعشہ ہے۔ شام کو بیرا اپنے ہاتھ سے پلاتا ہے۔ رات کو بستر پر فیڈنگ باٹل سے پیتے پیتے سو جاتا ہے۔ تیسرا کہتا کہ ایک آنکھ شیشے کی ہے۔ پہلی جنگ عظیم کی یادگار۔ لیکن خان سیف الملوک تو ہمارے سرِ عزیز کی قسم کھا کر کہتے تھے کہ دونوں شیشے کی ہیں۔ بس انگریز کا اقبال ہے! نصیر فاروقی سے روایت ہے کہ ایک آنکھ نیلی اور دوسری سبز تھی۔ ماں آئرش اور باپ اسکاٹ تھا۔ لیکن یہ وہ بھی نہیں بتا سکتے تھے کہ کون سی آنکھ مادری ہے اور کون سی پدری۔ چہرے کی طرف نگاہ بھر کے دیکھنے کی یہاں کس میں تاب تھی۔ لکشمن بھی تو سیتا کو چہرے سے نہیں پہچان پائے تھے۔ اس لئے کہ ان کی نگاہ بادب کبھی پیروں سے اُوپر نہیں اٹھی تھی۔

وہ بَلا کا مغلوب الغضب، سخت گیر، بدزبان اور بدلحاظ مشہور تھا۔ سُنا ہے سُود خور کی آنکھ میں مُروّت نہیں ہوتی۔ طوطا چشم ہم اس لئے نہیں کہیں گے کہ طوطا چشم سے طوطا چشم طوطا کم از کم اپنی مادہ کا چہرہ تو پہچان لیتا ہے۔ لیکن بینکر، خواہ کہیں کا ہو، اس کی

www.urduchannel.in

http://www.flick.kr/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flic.kr/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flic.kr/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in



کر ہم سے جرح کی جائے گی کہ خدا کو حاضر و ناظر جان کر کہو کہ تم واقعی اسے ستر پوشی کے لئے استعمال کرتے تھے۔

"تو گویا دو چور صرف ایک گھڑی چُرانے آئے تھے؟" تھانے دار صاحب اپنے ڈنڈے سے کھیلتے ہوئے بولے۔

"ایسا ہی لگتا ہے۔"

"انھیں یہ کیسے علم ہوا کہ عالیجاہ کے پاس یہ انمول گھڑی ہے؟"

"خدا بہتر جانتا ہے۔"

"چوری کے کوئی عینی گواہ ہیں؟"

"وہ تو خود چور ہی ہو سکتے ہیں۔"

"اچھا تو آپ کو کیسے معلوم ہوا کہ دو چور تھے؟"

"چار پاؤں کے نشان تھے۔"

"تو گویا چار پاؤں کا مطلب دو آدمی ہوتے ہیں؟ گھڑی کہاں رکھی تھی؟"

"ہماری پتلون میں۔"

"پتلون کہاں ہے، عالیجاہ؟" انھوں نے ہمارے پاجامے کو، جس میں جمعہ کی نماز کے گھٹنے بنے ہوئے تھے، گھورتے ہوئے پوچھا۔

"چور لے گئے۔"

"ابھی تو آپ نے کہا تھا کہ کوئی اور چیز چوری نہیں ہوئی۔ اب تفتیش کے دوران آپ اقبال کر رہے ہیں کہ پتلون بھی چوری گئی۔ یہ تو صاف سرقہ بالجبر دفعہ ۳۹۰ کا کیس ہوا۔ تو گویا واردات کے وقت آپ نے پتلون مسروقہ پہن رکھی تھی؟"

"نہیں۔"

"آپ نے اس سرقہ کو کیوں چھپایا؟"

"کوئی خاص وجہ نہیں۔"

"آپ کو معلوم ہونا چاہئے کہ یہ اعانتِ مجرمانہ ہے۔ قابلِ دست اندازیِ پولیس جرم کو چھپانا بھی جرم ہے۔ آپ پر زیرِ دفعہ ۱۰۹ تعزیراتِ پاکستان فوجداری مقدمہ چل

www.urduchannel.in



سکتا ہے۔ مجسٹریٹ اگر ACQUITTING NATURE کا ہوا تو چھ مہینے کی با مشقت ہوگی منشی جی! ذرا اِدھر آیئے۔"

"حاضر ہوا، عالیجاہ!" منشی جی نے تمباکو کے پان کی پہلی پیک سے حوالات کے جنگلے میں تھوکتے ہوئے کہا۔

"اچھا! گھڑی کی رسید لائے ہیں، عالیجاہ؟"

"میں رپٹ لکھوانے آیا ہوں۔" ہم نے جھنجھلا کر کہا۔

"آپ کو معلوم ہے آپ اس وقت کس کے بالمواجہ ہیں؟ آپ نے جب یہ گھڑی مبلغ پانچ ہزار میں خرید فرمائی تو اس کی رسید تو لی ہوگی۔ وہ کہاں ہے؟"

"رسید تو نہیں ہے۔"

"ہوں! منشی جی! یہ تو پھڈا ہی گویا کچھ اور ہے! جلدی آیئے۔"

"حاضر ہوا غوائی واہ!" منشی جی آسمان کی طرف منہ کر کے بلبلائے۔ دیر تک، پان کی پیک سے گر گل کرتے رہے۔

## ۲۱ پیتیں

ہم نے وہیں سے فون پر دُہائی دے کر ایک دوست سے، جو سپرڈنٹ پولیس تھے، سفارش کروائی، تب کہیں ہم پر تفتیش کا باب بند ہوا اور گھر جانے کی اجازت ملی۔ ڈھائی گھنٹے تاخیر سے بینک پہنچے۔ کچھ دیر بعد اینڈرسن ادھر سے گزرا تو ہمیں اچکن پاجامے میں ملبوس دیکھ کر کہنے لگا "بالکل 'جپسی' لگتے ہو۔ گھڑی کی 'اسٹوریج' کے لئے تو تمہیں ایک نہ ایک دن کنگرو کی سی تھیلی آگے لٹکانی پڑے گی۔"

ایسے فقرے وہ اکثر چُست کرتا رہتا تھا۔ خدا جانے ہمیں جلانے کو انجان بن رہا تھا یا سچ مچ ناواقفِ حال، ایک دن سُوکھا سا منہ بنا کر پوچھنے لگا کہ مجھے ادھر رہتے بستے تیس پینتیس برس ہوگئے۔ پر یہ آج تک سمجھ میں نہ آیا کہ تمہارے ہاں ملازمت کی درخواستوں پر ایک ہی ریفرنس نمبر کیوں دیا جاتا ہے۔ سوال ہماری سمجھ میں نہ آیا تو دو تازہ درخواستیں ہمارے آگے بڑھا دیں جن کی پیشانی پر ۷۸۶ لکھا ہوا تھا۔

www.urduchannel.in



ایسے شگفتہ لمحے کم ہی آتے تھے، کیوں کہ وہ دائمی طیش میں رہتا تھا۔ اس کا غصہ بالکل خالص ہوتا تھا۔ یعنی بلاوجہ۔ فون پر بولتا تو تار جل اٹھتے۔ ہر لفظ کی تیوری پر بل، ہر فقرے کی آستین چڑھی ہوئی۔ غبن اگر ڈھاکہ میں ہوا ہے تو ڈانٹ کراچی کے کیشئر پر پڑرہی ہے۔ چائے کے کپ میں کسی مکھی نے خود کشی کرلی تو انسپکٹر آف برانچز سے باز پرس۔ غرض کہ، بقول مرزا، ہر شخص کی بے عزتی خراب کرتا تھا۔☆ لوگ رجز پڑھتے ہوئے جاتے اور ہجو کہتے لوٹتے۔ بشیر احمد تو اس کے کمرے میں داخل ہونے سے پہلے لبریم کی ایک گولی کھا لیتے تھے۔ کہتے تھے کہ لحۂ توہین و تذلیل سے پانچ منٹ پہلے ایک گولی کھالی جائے تو پھر طبیعت پر ڈانٹ پھٹکار کا ذرا اثر نہیں ہوتا۔ ذرا دیر بعد کمرے سے بے آبرو ہو کر نکلتے تو دو اور کھاتے۔ ملازمت پیشہ آدمی اور کر بھی کیا سکتا ہے۔ غریب جہاں بھی ہو، یہی دُرگت بنتی ہے۔ پنجابی میں ایک مثل ہے کہ کاشت کار کی ۲۱ "پتیں" (عزتیں) ہوتی ہیں۔ ایک آدھ چپراسی کی نذر۔ دو تین اہلمد، سرشتہ دار کی بھینٹ۔ کچھ گرداور قانون گو کے سر صدقے۔ اور وہ جو الگ باندھ کے رکھی ہیں وہ پٹواری پہ نچھاور۔ کاشتکار پھر بھی دو چار بچا کے ہی لے جاتا ہے۔ سفید کالر والے ملازموں کا حشر کچھ مختلف نہیں ہوتا۔

اس کے باوصف وہ سب کے لئے ایک FATHER FIGURE کی حیثیت رکھتا تھا۔ اپنے قدو قامت سے بڑا لگتا تھا۔ اور اس کی باتیں بھی۔ خشونت و سرزنش میں ایک ادائے دلنوازی و دلداری ضرور تھی۔ آم اگر پہلے تُرش نہ ہو تو پھر کبھی میٹھا نہیں ہو سکتا۔ سرداری و سرخیلی کی ایک شان رکھتا تھا۔ آرے کے دندانے کُھل کرنے والی سخت اور خوبصورت گرہیں ساگوان کے گٹھیلے اور برف و باراں چشیدہ ہونے کی غماز تھیں۔ فہمائش کے کچھ دیر بعد معتوب کو دوبارہ کسی بہانے سے بُلاتا اور بلاوجہ نرمی و شفقت سے پیش آتا۔ یہ دِلا سا غالباً اس لئے کہ آئندہ ڈانٹ کے لئے اس کی طبیعت میں تازہ سہار پیدا ہو۔ کشتگانِ تیغِ زبان پھر جگر لختِ لخت کو جمع کرتے۔ نوکِ مژگاں سے

---

☆ بے عزتی خراب کرنا: مرزا عبدالودود بیگ کے متروکہ وطن چاکسو (خورد) میں بے عزت کرنے یا عزت خراب کرنے کی بجائے بے عزتی خراب کرنا بولا جاتا ہے جو ہمیں کہیں زیادہ پُر معنی و مدلّل معلوم ہوتا ہے۔

www.urduchannel.in


رزق کا ایک ایک ریزہ چُنتے۔ پھر جی چھوٹ جاتا۔ آس ٹوٹ ٹوٹ جاتی۔ اور پھر کسی کا حرفِ تسلّی گرتوں کو تھام لیتا۔ یہی اَزلی چکّر چلتا رہتا:

مارے کے پُچکار پُچکارے،

پُچکارے پھر کے مار مارے،

جن ملزموں کو سزائے موت سنا دی جاتی ہے، جیل والے ان کی بڑی دیکھ ریکھ کرتے ہیں کہ کہیں زہر نہ کھالیں۔ بلیڈ سے شہ رگ نہ کاٹ لیں۔ دیوار سے سر نہ پھوڑلیں۔ نیکر سے پھانسی کا پھندا نہ بنالیں۔ چھینک بھی آجائے تو ترنت ڈاکٹر بلوایا جاتا ہے۔ غرضیکہ ان کی جان کی پوری پوری حفاظت کی جاتی ہے تاکہ پھانسی دی جاسکے۔

## ہمارا کچّا چِٹّھا

ڈسپلن کا خود بھی لحاظ رکھتا تھا۔ ٹھیک پونے نو بجے دفتر آتا۔ دُنیا جانتی تھی کہ ALCOHOLIC☆ ہے۔ لیکن دفتر میں شراب نہیں پیتا تھا۔ گھر سے پی کر آتا تھا۔ عام طور سے دھاری دار ٹائی لگاتا تھا۔ لیکن کسی سینئر افسر یا منیجر کو ڈانٹنا ہو تو لنچ کے بعد سیاہ بو لگا کر آتا۔ بعض افسر ایسی ہی سادہ لیکن پُروقار تقریب میں "ڈِسمس" بھی ہو چکے تھے۔ گوشمالی کے بعد یہ ضرور کہتا کہ میں نے تمہاری نااہلی کا "سیاہ اندراج" اس خفیہ ڈائری میں کرلیا ہے۔ اس ڈائری کی گہرے عُنّابی رنگ کی جِلد، بقول اس کے، اصلی پِگ اِسکن (سؤر کے چمڑے) کی تھی۔ اس کا کہنا تھا کہ "یہ خونخوار سؤر میں نے اپنے نیزے سے اسکاٹ لینڈ کی ترائی میں مارا تھا۔ بڑا ہی سؤر تھا۔ ہاں! پاکستانی سؤر میں چربی کم، مگر سؤرپن زیادہ ہوتا ہے۔ اسی لئے ہم یورپین بڑے شوق سے کھاتے ہیں۔" جن جن کے کرتوت اس ڈائری میں محفوظ کیے جا چکے تھے، ان کی دلی خواہش تھی کہ اپنی عاداتِ قبیحہ اور افعالِ شنیعہ کی رُوداد اپنی آنکھوں سے دیکھیں، لیکن سؤر کی جِلد کے کون ہاتھ لگائے۔ چپراسی بھی میز صاف کرتے وقت جھاڑن تک اس پلید شے کے نہیں لگنے دیتا تھا۔ مرزا عبدالودود بیگ فرماتے تھے کہ سُود، شراب، اپنے افسروں کی تاریخِ پیدائش،

---

☆ALCOHOLIC شراب نوشی کی عادت جب مرض کی صورت اختیار کرلے۔ دائم الخمر

www.urduchannel.in



اور جوئے کی ہار جیت کا حساب رکھنے کے لئے سؤر کے چمڑے کی ڈائری سے بہتر اور کوئی چیز نہیں ہو سکتی۔

ایک سُہانی سلونی صبح کا ذکر ہے۔ ہم کاؤنٹر پر چیک وصول کر کے اس کے بدلے "ٹوکن" دینے کا کام سیکھ رہے تھے کہ ایک مقامی ہوٹل میں رقص کرنے والی آسٹرین کیبرے ڈانسر نے ایک کروڑ پتی صنعت کار کا "بیئرر" چیک بھنانے کو دیا۔ اس زمانے میں خواتین بینکوں میں خال خال ہی نظر آتی تھیں۔ بقول پروفیسر قاضی عبدالقدوس، عورتوں کا قحط الرِّجال تھا۔ مطلب یہ کہ کہیں کوئی عورت کار چلاتی یا سگرٹ پیتی نظر آجائے تو لوگ یوں آنکھیں پھاڑ پھاڑ کر دیکھتے جیسے دُمدار ستارہ نکل آیا ہو، جس کا منہ ان کی طرف ہو اور دُم شوہر کی طرف۔ چیک کے جُملہ اندراجات کی جانچ پڑتال کے علاوہ ہمارے سپرد یہ کام بھی تھا کہ چیک پر کئے ہوئے دستخطوں کا موازنہ نمونہ کے دستخطوں سے کر کے تصدیق کریں کہ جعلی نہیں ہیں۔ ہم یہ دُہرے تہرے فرائض کس طرح انجام دے رہے تھے، اس کا اندازہ تو قارئین کو آگے چل کر خود ہو جائے گا۔ یہاں صرف اتنا اشارہ کافی ہو گا کہ موصوف حسبِ عادت دبے پاؤں آئے اور ہمارے پیچھے کھڑے ہو کر نہ جانے کتنی دیر تک ہمارے عالمِ محویّت کا نظارہ کرتے رہے۔ ان کی عادت تھی کہ ہر کبھی "سرپرائز چیکنگ" کو آنکلتے۔ کئی دفعہ چُپ چاپ آکر ہمیں بھی دیکھ چکے تھے۔ ہر دفعہ ناقابلِ اعتراض حالت میں پایا۔ اس دفعہ وہ "آہم" کہہ کر کھنکارے۔ ہم نے جھٹ چیک کو گھورنا شروع کر دیا۔ فرمایا، اس چیک کی اَدائی سے جانبر ہونے کے بعد جنرل منیجر سے مِلو۔ موصوف ایسے موقعوں پر اپنی جانب صیغۂ غائب میں اشارہ فرماتے تھے۔

ہم عرقِ خجالت میں غرق پیش ہوئے تو بکمالِ شفقت فرمایا، تم دوسرے قسم کے فگر پر نظر سے ٹِک مارک لگا رہے تھے! ہم ایسے بَن گئے گویا، ہم بھوبیٹیاں یہ کیا جانیں۔ لہٰذا وضاحت فرمائی کہ تم چیک کے دستخط اس کے چہرے سے COMPARE کر (ملا) رہے تھے!

بعدہٗ، نصیحت و تنبیہ۔ نصیحت یہ کہ ینگ مین! ایسی عورتوں کے چہرے جعلی

www.urduchannel.in



ہوتے ہیں۔ یعنی، ہیں خواتین کچھ نظر آتی ہیں کچھ۔ ایسے چیک کو تو ترنگل☆ سے چھونا بھی خالی از خطر نہیں۔ تنبیہ یہ کہ میں اس بل کے اسٹاک کی ابھی چیکنگ کروا رہا ہوں۔ نیز اس غیر پیشہ ورانہ لغزش کی رپورٹ اس ڈائری میں قلمبند کر رہا ہوں۔ ہمارے پاؤں تلے سے سارا کیریئر نکل گیا۔ شبانہ روز کی محنت پر پانی کیا چیز ہے، پورا بحیرۂ عرب پھرتا نظر آیا۔ تین چار دن بعد کُریدسی ہوئی کہ لاکھ سزاوارِ نکوہش سہی، آخر دیکھنا تو چاہیے ڈائری میں لکھا کیا ہے۔ چنانچہ سنیچر کی رات کو ۱۱ بجے کا عمل ہوگا۔ ہم اس کے کمرے میں پچھلے دروازے سے داخل ہوئے اور کانپتے ہوئے ہاتھ پر رومال لپیٹ کر حرام جانور کے چمڑے کی جلد والی ڈائری کھولی۔ ایک ورق، دوسرا ورق، تیسرا ورق، ساری ڈائری کھنگال ڈالی۔ ہر ورق خالی۔ ہر صفحہ سادہ! بجز پہلے صفحے کے جس پر اس کا اپنا نام اور اس کے نیچے چھ سال پہلے کی تاریخ لکھی تھی!

## ہماری تنخواہ سے مُلکی معیشت کی تباہی

ہنی مون کا وہ سنہری دُھند جب آدمی یہ سمجھتا ہے کہ وہ انگوٹھا چوس کر بھی زندہ رہ سکتا ہے، کبھی کا چھٹ چکا تھا۔ بیگم نے ہمیں ایک دن یہ اطلاع دی کہ ہماری تنخواہ ۱۳ تاریخ تک کے لئے بالکل کافی ہوتی ہے تو ہمیں پوپ گریگری پر بڑا غصّہ آیا جس نے عیسوی کیلنڈر کی ترتیب و اِصلاح کرتے وقت یہ تباہ کن فیصلہ کیا تھا کہ کوئی مہینہ ۲۸ دن سے کم کا نہ ہوگا۔ ظالم کو اِصلاح ہی کرنی تھی تو ٹھیک سے کرتا۔ خیر، گرم گرم گرہستی چوٹ تھی۔ ہم نے دوسرے ہی دن اینڈرسن کی اسٹینو گرافر کو ایک درخواست ڈکٹیٹ کروائی جس میں اِحتجاج کیا کہ جس تنخواہ کا بینک کے چیئرمین مسٹر ایم۔ اے۔ اصفہانی نے وعدہ کر کے ہم سے سِول سروس سے استعفیٰ دِلوایا تھا، اس کے نِصف پر ہمیں ٹرخا دیا گیا۔ لہٰذا چار سو روپے کا فوری اضافہ کیا جائے اور بقایا جات ادا کئے جائیں۔ اس لُتری نے غالباً اس کی پیشگی اِطّلاع اسے دے دی۔ جبھی تو درخواست ٹائپ ہونے سے پہلے ہی اس نے ہمیں طلب کر لیا۔ کہنے لگا بینک کا حال تو

---

☆ ترنگل: (پنجابی) گھاس اٹھانے اور اتھل پتھل کرنے کا پنجے کی شکل کا آلہ۔

www.urduchannel.in



لوریمنٹ ایریویز سے بھی بدتر ہے۔ شیئر کی قیمت کا کریش ہو چکا ہے۔ خسارہ ہے کہ بڑھتا جارہا ہے۔ ایک فراڈ بھی ہو گیا ہے۔ بینک فراڈ دراصل اعداد و شمار کی شاعری ہے۔ صبح کیش پوزیشن دیکھ کر گلے میں پھندا سا پڑ جاتا ہے۔ میں خود آج کل ضرورت مند صنعت کاروں اور تاجروں کو اوور ڈرافٹ کے بجائے قیمتی مشورے دے رہا ہوں۔ بینک موجودہ اخراجات کا متحمل نہیں ہوسکتا۔ میں تمہاری تنخواہ کی طرف سے بہت فکرمند رہتا ہوں۔ مگر تم عیالدار آدمی ہو۔ گھٹاتے ہوئے ڈرتا ہوں۔

تنخواہ میں مزید تخفیف کی بشارت کے علاوہ اس نے معاشیات پر لمبا سا لیکچر بھی دیا جس کے دَوران رَف پیڈ پر ڈائیگرام بنا کر ہمیں ذہن نشین کرایا کہ اگر قومی پیداوار میں اِضافہ نہ ہو اور تنخواہیں اور اُجرتیں بڑھتی ہی چلی جائیں تو ملک کی معیشت تباہ ہو جاتی ہے۔ انگلینڈ اسی طرح برباد ہو رہا ہے۔ ہم اِس کے کمرے سے نِکلے تو ہرچند ہماری تنخواہ وہی تھی جو کمرے میں داخل ہونے سے پیشتر تھی، لیکن اس خیال ہی سے ایک عجیب طرح کی سرخوشی اور طمانیت محسوس ہوئی کہ ہماری ترقّی سے ساری معیشت تباہ ہو سکتی ہے۔

## ٹونی صاحب

طنطنے اور دَبدبے کا کیا ٹھکانا۔ اسی سے اندازہ کر لیجیے کہ ایک دن ہم ضرب کرنے کی مشین کو اُلٹا چلا کر تقسیم کرنے کی اِجتہادی کوشش کر رہے تھے کہ چپراسی دَوڑا دوڑا آیا اور کہنے لگا ٹونی صاحب آیا ہے۔ دودھ کے لئے چلر آنے چاہئیں۔ ہم نے یہ سمجھ کر کہ شاید ملاقاتیوں کے لئے چائے کا دودھ ختم ہو گیا ہے، فوراً چونّی نکال کر اسے دے دی۔ کچھ دیر بعد وہ ٹونی صاحب کو ہم سے متعارف کرانے لایا۔ نِکلتا ہوا قد، شربتی آنکھیں، چوڑی چھاتی، کمر چیتے جیسی، نیم وا لَب، اُجلے سپید دانت، کھلتا ہوا چمپئی رنگ۔ اور اسی رنگ کی دُم۔ یہ اینڈرسن کا کتّا تھا جو اس وقت RABIES (پاگل پن) کے ششماہی ٹیکے کے لئے رِچمنڈ کرافورڈ اسپتال لے جایا جارہا تھا۔ سب اس سے بڑے ادب و تکریم سے پیش آتے۔ اِس کے سامنے کوئی اینڈرسن کی غیبت نہیں کرتا تھا۔ کوئی اسے کتّا نہیں کہتا تھا۔ سب ٹونی صاحب پُکارتے تھے، سِوائے یعسوب الحسن غوری کے،

جواسے ٹونی میاں کہتے تھے۔ جب بھی یہ چینک آتا تو ہر شخص جتا جتا کر اس طرح ناز برداری کرتا جیسے باس کے بچے کو چومتے چاٹتے ہیں۔ کوئی سر پر ہاتھ پھیرتا، کوئی تعریفوں کے پُل باندھتا، کوئی دُم اور سَر کے قلّا بے مِلاتا اور کوئی اپنے ٹِفن کیریر میں سے کلیجی نکال کے کاغذ پہ رکھ دیتا۔ سیلونیز چیف اکاؤنٹینٹ مسٹر گنسا لوز نے ایک دفعہ خواہش ظاہر کی کہ وہ اپنی کُتیا شیبا کو اس نجیب الطّرفین کتّے کے حبالۂ آوارگی میں لانا چاہتے ہیں۔ سپردم بتو مادۂ خویش را۔ اور یعسوب الحسن غوری تو بڑے احترام اور دلجمعی سے اپنا ہاتھ اس سے چٹواتے اور شام تک چٹی ہوئی ہتھیلی کو سَینت سَینت کر رکھتے اور ہر ایک کو اس طرح اِترا اِترا کر دکھاتے جیسے قلوپطرہ نے اپنا چُوما ہوا ہاتھ دکھایا تھا۔

"... and here
My bluest veins to kiss : a hand that kings
Have lipp'd and trembled kissing."

## مُلّا عبدالصّمد اور مِس مارجری بالڈ

اس کے لکھے ہوئے نوٹ اور خطوط پڑھنے کا اتّفاق ہوا تو پہلے حیرت، پھر بڑی فرحت محسوس ہوئی کہ انگریز بھی غلط انگریزی لکھ سکتا ہے۔ ہماری انگریزی تو، بقول اس کے، گریمر کی گٹھیا میں مبتلا تھی اور دفتری دھوپ میں ابھی اس کے جوڑ بند نہیں کُھلے تھے، لیکن اس کے اپنے جملے بہت گُنجلک اور غیر مربوط ہوتے تھے۔ بعض الفاظ، بلکہ فقرے کے فقرے، اپنے مفہوم سے روٹھے رہتے تھے۔ ایک دن شامت جو آئی تو ہم نے اس کے ایک ڈرافٹ میں نیسفیلڈ گرامر کی رُو سے کسی معمولی سے سقم کی ڈرتے ڈرتے نشاندہی کی۔ جھنجھلا کر عینک اُتار دی اور اس کی ٹانگوں کی آلتی پالتی مارتے ہوئے بولا "کیا نیسفیلڈ کوئی اینگلو انڈین اسکول ماسٹر تھا؟ سولا ہیٹ اور سفید پتلون؟ رائس اینڈ کری کھانے والا؟ افسوس تم نے کسی اہلِ زبان سے انگریزی نہیں پڑھی۔"
عرض کیا "۴۳۔ ۱۹۴۲ میں ہم نے ایک انگریز عورت سے انگریزی پڑھی تھی۔"
فرمایا "!Aha! just as I thought" جبھی تو مردانہ انگریزی کے تیور

www.urduchannel.in



نہیں پہچانتے۔ چندے میری صحبت میں رہے تو چھاتی پر گھنگھریالے بال نکل آئیں گے۔ مگر وہ تھی کون؟"

"مِس مارجری بالڈ" ہم نے گردن اکڑا کر کہا۔ اس زمانے میں مِس مارجری بالڈ پر ہم اس طرح فخر کرتے تھے جیسے مرزا غالبؔ اپنے ایرانی اُستاد مُلّا عبدالصمد پر، جس کے بارے میں جدید تحقیق نے ثابت کر دیا ہے کہ اس کا سِرے سے کوئی وجود ہی نہ تھا۔ غالبؔ کا اُستاد اس کے اپنے ذہن کا زائیدہ تھا۔ دیکھا جائے تو اس سے بہتر اُستاد ہو بھی نہیں سکتا۔

عجب اتّفاق ہے کہ ہم دونوں بے اُستادوں (یعنی غالبؔ اور راقم آثم) کو اہلِ زبان اُستاد آگرے ہی میں نصیب ہوئے۔ مُلّا عبدالصمد کو پاکر غالبؔ لکھتے ہیں "بارے مُراد بَر آئی۔ اور اکابرِ پارس میں سے ایک بزرگ وارِد ہوا اور فقیر کے مکان پر دو برس رہا۔" افسوس کہ یہ فقیرِ پُر تقصیر اپنی فرنگی نژاد اُستانی کو دو گھڑی بھی اپنے مکان میں رکھنے سے قاصر تھا اس لئے کہ فقیر خود سینٹ جانس کالج کی ہیلی بری اقامت گاہ کے تنگ و تاریک حجرہ ۴۲ میں معتکف تھا جس کی واحد کھڑکی چڑا کمانے کی "ڈینسری" کی جانب کھلتی یعنی ہمیشہ بند رہتی تھی اور مہمان کے لئے دروازہ اندر کی جانب صرف اس صورت میں کھلتا تھا کہ دروازے سے لگی ہوئی چارپائی کو پہلے پیٹھ پر اُٹھا کر کھڑا کیا جائے۔ پھر واپس بچھانے کے بعد اسی کے نیچے سے گھٹنیوں نکل کر مہمان سے بغل گیر ہوں اور اسی پر بٹھا دیں۔ مولوی محمد اسمٰعیل میرٹھی (اللہ انھیں اپنی رحمتوں سے نوازے) جن کی کتابوں سے ہم نے اُردو زبان اور قناعت سیکھی، ایسی خام خیالی کے بارے میں مثال دے کر فرما گئے ہیں۔

کیا کیا خیال باندھے ناداں نے اپنے دل میں
پر اُونٹ کی سمائی کب ہو چُوہے کے بِل میں

لیکن خود مولوی صاحب قبلہ نے غالباً ضرورتِ شعری کے تحت، خلافِ وضعِ شُتری، چُوہا باندھا ہے۔ ورنہ اونٹنی یا کم از کم چوہیا ہونی چاہیئے تھی۔

عینک ماتھے پر چڑھاتے ہوئے بولا۔ "تم نے عورت سے انگریزی کیوں پڑھی؟

www.urduchannel.in


کیا مَرد دستیاب نہ تھا؟"

"وہ سیر کے لئے ہندوستان آئی تھی۔ اثنائے سیر میں دوسری عالمی جنگ چھڑ گئی۔"

"بہت قابل تھی؟"

"وہ بالوں میں سُرخ ربن باندھتی تھی اور ..........."

"میں کھوپڑی کے باہر کا حال نہیں پوچھ رہا۔"

"کیمبرج میں پڑھا چکی تھی۔ شیلی پر اتھارٹی۔ وقت گزاری کے لئے سینٹ جانس کالج آگرہ میں "پوئٹری" کی کلاس لینے لگی۔"

"ہاہاہا! مَرد کا عورت سے شاعری پڑھنا ایسا ہی ہے جیسے کوئی عورت، مَرد سے دودھ پلانا سیکھے۔ خوبصورت عورت سے بینکر صرف ایک ہی ڈھنگ کی بات سیکھ سکتا ہے، "نہ" کہنے کا سلیقہ۔ بہرحال، Give the devil his due. تم میرے پہلے اِنڈین، آئی ایم سوری، پاکستانی ماتحت ہو جو سیمی کولن (;) استعمال کرنے کا جِگرا رکھتا ہے۔ مگر ایک بات دھیان میں رہے۔ شیکسپیئر نامی ایک شخص بھی مجھ سے بہتر انگریزی لکھتا ہے۔ لیکن میں اسے بینک کی خط و کتابت میں مداخلت کرنے کی اجازت نہیں دیتا۔"

## انگریزوں میں بھی دہلوی اور لکھنوی ہوتے ہیں

وہ اس وقت بہت اچّھے مُوڈ میں تھا۔ ورنہ عام طور سے بحث تو بڑی بات ہے، خوشامد تک کا موقع نہیں دیتا تھا۔ ہم نے یہ موقع غنیمت جانا اور روغنِ قاز کی پہلی بُوند ٹپکائی۔ "یہ میری خوش قسمتی ہے کہ اب میں ایک انگریز سے بینکنگ سیکھ رہا ہوں۔"

انگریز کا نام زبان پر آتے ہی بارود خانے میں آگ لگ گئی۔

"آ آ آ!! (کسی بات کی زور شور سے تردید کرنی ہوتی تو انگشتِ شہادت اُٹھا کر مدلگاتا چلا جاتا تھا) مجھے یہ تو معلوم ہے کہ اسکینڈل، اسٹاف کی غذائے رُوحانی ہے، لیکن

www.urduchannel.in



میری ولدیت کے بارے میں یہ گمراہ کُن اِطلاع کس کُتیا کے بچّے نے دی؟ میں انگلش نہیں، اسکاٹ ہوں۔ اسکاٹ۔" انگریزوں کے لئے اس کے دل میں نفرت اور حقارت تھی جو صدیوں پرانی تھی۔

اس فہمائش کے دوسرے دن ہمارا ایک واجبی سا ڈرافٹ دیکھ کر غالباً اشک شوئی کی خاطر کہنے لگا، تم انگریزی خاصی لکھ لیتے ہو۔ اگر شگفتگی سے پرہیز کرو تو کہیں بہتر لکھ سکتے ہو۔

ہم نے جوابی تعریف کی کہ جناب بھی بہت عمدہ انگلش..........

لفظ انگلش ہمارے منھ سے ابھی پورے طور سے ہی باہر نکلا تھا کہ کل کی برہمی یاد آ گئی۔ ازسرِنو احتیاط سے جملہ گھڑا کہ جناب بھی بہت عمدہ اسکاچ لکھتے ہیں۔

بارود خانہ پھر آگ پکڑ گیا۔ کہنے لگا "آ آ آ ! یہ اِطّلاع تمھیں کِس باسٹرڈ انگریز نے دی۔ میں اِسکاچ لکھتا نہیں اِسکاچ پیتا ہوں۔ دھڑلے سے۔ لیکن انگلینڈ والوں کی طرح مجھے عورت کی پیاس نہیں لگتی اور ہاں! رابرٹ برنس☆ سے بڑا شاعر انگلینڈ میں پیدا ہوا، نہ ہو گا۔ میں اسکاٹ لینڈ میں پھانسی پانے کو انگلینڈ میں طبعی مَوت مرنے پر ہزار بار ترجیح دوں گا۔

اِسکاچ پر یاد آیا کہ وہ کبھی گلاس میں برف نہیں ڈالتا تھا۔ کہتا تھا برف جگہ بہت گھیرتی ہے۔ اس کے بیرے بندو خاں سے روایت ہے کہ "میں نے صاب کو کبھی نخالص پانی پیتے نہیں دیکھا۔ بولتا ہے لوکل پانی میں ڈِسنٹری کے کیڑے ہوتے ہیں۔" انھیں وہسکی سے مار کے ان کی یخنی پیتا تھا۔ ایک مرتبہ ہم نے بندو خاں سے پوچھا، صاب کو کبھی پانی کی پیاس لگتی ہے؟ بولا، کیوں نہیں لگتی؟ کیا وہ انسان نہیں ہے؟ جب شراب کی طلب ہوتی ہے تو گلاس میں پہلے دو پیگ وہسکی انڈیلتا ہے، پھر پانی ڈالتا ہے۔ لیکن جب پانی کی پیاس لگتی ہے تو گلاس میں پہلے پانی انڈیلتا ہے، پھر دو پیگ وہسکی۔

---

☆ اسکاٹ لینڈ کا ایک قدیم شاعر

www.urduchannel.in



## وہ ایک تحفہ جسے تو گراں سمجھتا ہے

کرسمس بڑے اہتمام سے مناتا تھا۔ بندو خاں کا بیان تھا کہ صاحب جولائی کی پہلی تاریخ سے وہسکی میں پانی ڈالنا بند کر دیتا ہے۔ کہتا ہے اب کرسمس آ رہا ہے۔ دسمبر کی ۱۹ یا ۲۰ تاریخ سے دفتر آنا اور کھانا بند کر دیتا اور ۵، ۶ جنوری تک فلیٹ میں مدہوش پڑا رہتا۔ اس کے بعد کلینک میں بے ہوش۔ زیارت کنندگان وہاں بھی نذر نذرانے لے کر پہنچ جاتے تھے۔ کرسمس کے دن قمر کورٹ (جس میں اس کا فلیٹ تھا) کے پھاٹک پر ڈالیوں سے لدے ہوئے افسروں اور قرضداروں کا کیو لگ جاتا۔ وہی چینڈے کے بیچ میں کوہان والی ٹوکری (تاکہ تھوڑے سے پھل بھی زائد از گنجائش معلوم ہوں) رنگین کاغذوں اور پنّی کی کترنوں میں لپٹے ہوئے پانچ چھ قسم کے پھل اور ان کے نیچے حلال کی کمائی سے کشید کی ہوئی حرام شے کی بوتل۔ جس کا جتنا بڑا قرضہ ہوتا اتنا ہی بڑا وہسکی کا کریٹ۔ پتھر پوجے ہر☆ ملے تو میں پوجوں پہاڑ۔ ایک سے زیادہ کریٹ کا مطلب ہوتا کہ رقم کب کی ڈوب چکی۔ اب اتنی ہی اور درکار ہے۔ ایک کرسمس پر ہماری بھی رگِ اطاعت پھڑکی اور ہم "میری کرسمس" کہنے اس کے فلیٹ پہنچے۔ شاہ مراد کر تھیا تھیا بخن لگی شرماون کیا۔

قمر ہاؤس کے کمپاؤنڈ میں بندو خاں بیرا چار پائی ڈالے پڑا تھا۔ اَدوان پر پھلوں کا ایک ٹوکرا رکھا تھا اور پائے سے ایک ڈُھیاری سی ٹرکی بندھی ہوئی تھی۔ ہم نے اپنا نام اور غائتِ ملاقات بتائی تو کہنے لگا، ڈالی کہاں ہے؟ ہم نے کہا، ہم تو محض مِلنے آئے ہیں۔ فرمایا، تو ایسے بولو کہ کرسمس پہ عید مِلنے آئے ہو! وہ تو ایک ہفتے سے بستر پر لمبا لیٹا ہے۔ سر میں سخت سر درد ہے۔ (گویا سر میں دردِ گُردہ بھی ہو سکتا ہے۔) چاء دانی سرہانے پڑی ہے۔ اور اس کی بھبکتی ٹی کوزی سر پہ اوڑھے، آنکھوں پہ انگیا○ پہنے پڑا ہے۔ تہوار کے دن صبح سے اپنے دادا کو یاد کر کر کے بھوں بھوں روئے چلا جا رہا ہے۔ یہ لو، اپنا نام لَونڈے کی سلیٹ پہ لکھ جاؤ۔ اسی پہ دس روپے نقد رکھ دو۔ ڈالی اور

---

☆ ہر (ہندی) خدا

○ BLINKERS مراد ہیں یہ جُڑواں ٹکلیاں سوتے وقت روشنی سے بچنے کے لئے آنکھوں پر باندھ لیتے ہیں

www.urduchannel.in



بوتل اپن کا ذمہ۔

ہمارے شکوک رفع کرنے یا ممکن ہے "ریکانے"☆ کی غرض سے وہ ہمیں ایک کمرے میں لے گیا جہاں تیس چالیس ڈالیاں تلے اُوپر، اور ڈیڑھ دو سَو بوتلیں اپنی گردنوں میں وزٹنگ کارڈ لٹکائے پڑی تھیں۔ کہنے لگا، ان میں سے جونسی پسند ہو بتادو۔ صاب کو ہوش آتے ہی تمھارے نام سے پریزنٹ کردوں گا۔ چالیس روپے کا کام دس رُوپلّی میں بَن جائے گا۔

ہم واپس آنے لگے تو بولا، چلو تین روپے میں سَودا ختم کرو۔ تم بھی کیا یاد کروگے۔ منھ اندھیرے ایک کلرک بابو رنچھوڑ لائن سے پَیرپیدل آیا تھا۔ دکھیا کی چار سال سے ترقّی رکی ہوئی ہے۔ تین جوان پھٹتی بیٹیاں چھاتی پہ بیٹھی ہیں۔ لطیفی کا سالا ان سے مسخری کرتا تھا۔ اس نے منع کیا۔ اس پہ لطیفی قصائی نے اس کی زائن گنج بدلی کرادی ہے۔ یہیں اُدوان پہ بیٹھا سسکیوں سے رو رہا تھا۔ یہ ٹرکی دے گیا ہے۔ اب مَری کہ اب چلی۔ میں اس کی ٹانگ میں تمھارے نام کی پرچی باندھ کر "ہیپی کرسمس!" کردوں گا۔

ہم نے کہا "میاں! اس غریب کی سفارش کردو۔ بیٹیوں کی عزّت آبرو کا سوال ہے۔"

بولا "اصل سوال تو جُورو کے بھائی کا ہے۔ لَونڈا ہی تو ہے۔ وہ جو پرانی کہاوت ہے نا کہ جس گھر میں بیری اور جوان بیٹی ہو، اس میں پتّھر آویں ہی آویں۔ پر اب تو قربِ قیامت کا زمانہ آن لگا ہے۔ پتّھر سے پہلے خود لَونڈے گھس آویں ہیں!"

ہم نے تحفے تحائف کی "کرسمس کلیرنس سیل" کا ذکر خان سیف الملوک خاں سے کیا تو انھوں نے ہماری لاعلمی پر غم و غصّہ کا اظہار کیا۔ کہنے لگے کہ تحفے طوائف دینے کا دستور تو بگڑے ہوئے رئیسوں کے زمانے سے چلا آتا ہے۔ وہ کون سا نواب تھا جس نے اپنے بیٹے کو سولھویں سالگرہ پر تحفے میں لَونڈی دی تھی؟ اور یہ تو بینک کے منیجر سے لے کر مہتر تک سب کو معلوم تھا کہ تحفے کیسے ٹھکانے لگائے جاتے ہیں۔ اینڈرسن کو

---

☆ ریکانا (پنجابی) رعب داب ڈال کے دبانا اور کام نکلوانا۔

www.urduchannel.in



اس کا ہوش کہاں کہ کون کیا دے گیا۔ ہر سال کرسمس پر ڈیڑھ دو سَو بوتلیں آجاتی ہیں۔ ان کو یہ بیرا تین برابر کی ڈھیریوں میں تقسیم کرتا ہے۔ ایک تہائی بازار میں اَونے پَونے بیچ آتا ہے۔ دوسری ڈھیری خود پی جاتا ہے۔ بقیہ ⅓ کا یہ کرتا ہے کہ جب اینڈرسن بازار سے وہسکی منگواتا ہے تو اسی اسٹاک میں سے قیمتاً سپلائی کرتا رہتا ہے۔

## بُندو خاں کی زبانی

بندو خاں نے ہی ایک دن بتایا کہ موصوف پہلے تو صرف شب کو اپنا گنجینۂ گوہر کھولا کرتے تھے، لیکن اب صبح دَم ہی دروازۂ خاور کھول کے بیٹھ جاتے ہیں۔ کہنے لگا کہ اب تو بوتل سے منہ لگا کے نخالص پیتا ہے۔ نہ سوڈے کا ٹنٹا نہ گجک کا بکھیڑا۔ پر کتنا ہی نشے میں کیوں نہ ہو، کسی کی تنخواہ نہیں بڑھاتا۔ صفائی بڑے صاب کا جزوِ ایمان ہے۔ ہماری تمہاری طرح ہر جگہ بلغم تُھوکتا نہیں پھرتا۔ کھانسی آتی ہے تو رومال میں تھوک کر جیب میں رکھ لیتا ہے۔ پہلے تو دن میں دو دفعہ باتھ لیتا تھا۔ لیکن ایک شام نہاتے نہاتے ٹب میں سو گیا۔ اپن تو انگریز کی پرائیوٹ لائف میں دخل نہیں دیتے۔ صبح آنکھ کُھلی تو مجھے آرڈر دیا کہ ہمارا ڈِنر لگانا مانگٹا۔ اب ڈاکٹر برٹ فیلڈ نے بھرے ٹب میں سَونے کی ممانعت کر دی ہے۔ پٹڑے پر کھڑے ہو کر ہماری تمہاری طرح غسل کرتا ہے۔ میں نے تام چینی کا مگ لا کر دے دیا ہے۔ اسی میں بیئر پیتا ہے۔ میں تو اب اسی میں انڈا اُبال کے اسی کے آبِ جوش سے شیو کرواتا ہوں۔ اسی میں بیڈ ٹی پیوے ہے۔ اسی سے نہاوے ہے۔ جیسی روح ویسا غسلِ میت۔ اَپن تو انگریز کی پرائیویٹ لائف میں دخل نہیں دیتے۔

پھر کتے کے سر پہ ہاتھ رکھ کے حلفیہ بیان کیا، ٹونی کی قسم! بڑا صاب نشے میں اتنا دُھت ہو رہا ہے کہ اس ٹیم تو مُرغی اور مور میں بھی فرق نہیں کر سکنے کا۔ البتہ خود حرامی مور ہی دُم اُٹھا کے ناچنا شروع کر دے تو یہ اس کا پرائیویٹ معاملہ ہے۔ اِتّی پینے لگا ہے کہ کھانے کو حرام سمجھے ہے۔ کلفٹن کے سارے مچھّروں نے دُور دُور سے مہاجرت کر کے صاب کی مچھّر دانی میں پیر الٰہی بخش کالونی بنالی ہے۔ کس واسطے کہ وِن کو بھی شرابی خون کی لَت پڑ گئی ہے۔ بعضے، سیکنڈ، نئے نئے خون پینے والے مچھّر تو کاٹتے ہی بے

www.urduchannel.in




سُدھ ہو کے وہیں پَٹ سے گر پڑیں ہیں۔ سویرے گُل مسیح مہتر جھاڑو سے سمیٹ کے گٹر میں پھینک دیوے ہے۔ شرابیوں کا یہی روز حشر ہووے ہے۔ بڑا صلب اور ٹونی ایک ہی کمبل تلے رَین بسیرا کریں ہیں۔ کیا بتاؤں، بڑا ہی محبّتی کتّا ہے۔ رات بھر صلب کے گلے میں ٹانگ ڈال کے سووے ہے۔ پر اب وہ حرامی پلّا بھی دَارو پینے لگ گیا ہے! ہم نے پوچھا، تم نے اپنی آنکھ سے ٹونی کو شراب پیتے دیکھا؟ بولا، نہیں۔ مسلمانوں کی طرح چھپ کر پیوے ہے! ذرا زیادہ چڑھ جائے تو دو ٹانگوں پر کھڑا ہو کے صلب لوگوں کی طرح ناچنے لگے ہے۔ کبھی کبھی مست ہو کے کلفٹن کی طرف نکل پڑے ہے۔ وہاں ایک لونڈی سے فرینڈلی ہو جاوے ہے۔ ہم نے پوچھا، تمہیں کیسے پتہ چل جاتا ہے کہ کتّا اس وقت پئے ہوئے ہے۔ بولا میں اسے روز شام کو دوسری کوٹھیوں کے سامنے ٹائلٹ کرانے لے جاتا ہوں۔ اُدھر کے کتّے اِدھر استنجے کو آویں ہیں۔ جس دن ٹونی پئے ہوئے ہو تو حضرت پیر گلبرشاہ کی درگاہ کی طرف ہرگز نہیں جاتا۔ چاہے کاٹ ڈالو۔

## اِکلوتے بیٹے کا استقبال

ہمیں اپنے دن مقررہ بارہ برس سے پہلے ہی پھرتے نظر آئے۔ دو سال گزرے ہوں گے کہ ہم اس کے مقربِ خاص سمجھے جانے لگے، جس کا مطلب یہ تھا کہ ہم وہ معزز موم کے پُتلے تھے جسے آتشدان کے سامنے قریب ترین کرسی پر جگہ دی گئی تھی۔ حاکم کے قرب و کربِ حضوری میں مبتلا تھے۔ لیکن جن دِیواروں سے ہمارا سر ٹکرایا وہ موم کی بنی ہوئی نہ تھیں۔ ہم اس کے مصاحب، مشیر اور مطعونِ اعلیٰ کی حیثیت سے اپنی خولری اور حاسدوں کی تعداد میں تیزی سے اضافہ کر رہے تھے، لیکن اس کے عادات و اَطوار سے پوری طرح واقف نہ ہوئے تھے۔ چار بجا چاہتے تھے۔ وہ گیارہ بجے کا نِکلا اب دفتر لَوٹا تھا۔ ہم کسی کام سے اندر گئے تو دیکھا کہ آنکھوں سے آنسو رَواں ہیں۔ ناک رَواں تر۔ نِچلا ہونٹ لٹکا ہوا۔ آواز اور ہاتھ میں رعشہ۔ کہنے لگا معاف کرنا، میں ذرا جذباتی ہو رہا ہوں۔ میرا اِکلوتا بیٹا دس سال بعد آج رات B.O.A.C سے ہانگ کانگ سے آ رہا ہے۔ بُہتیرا منع کیا، ہوائی جہاز سے نہ آؤ۔ مگر آج کل کے سرپھرے نوجوان کسی کی سُنتے

www.urduchannel.in



PDF LIBRARY
0333-7412793

www.urduchannel.in


ہیں؟

ہم نے باہر آکر ڈھنڈورا پیٹ دیا۔ بینک کے جتنے بڑے افسر تھے، اور وہ بھی جنہیں بڑے ہونے سے روک رکھا تھا، سب نے ایئرپورٹ جانے کی تیاریاں شروع کر دیں۔ جہاز رات کے ڈھائی بجے آرہا تھا۔ لوگ گوٹے اور پھولوں کے ہاروں سے لدے پھندے.......... کوئی ٹیکسی میں، کوئی کسی کے ساتھ لدکر، اور کوئی مانگے تانگے کی کار میں.......... بارہ بجے ہی ایئرپورٹ پہنچ گئے۔ ہمارے پاس نہ ٹیکسی کا کرایہ تھا، نہ کسی اللہ کے بندے نے ہمیں لفٹ دینا گوارا کیا۔ لہٰذا گھر پر ہی پڑے سناتے رہے۔

صبح دفتر پہنچے۔ سب غائب۔ نو بج کر دس منٹ پر رجسٹر میں سب کی غیر حاضری لگاکر غیر حاضرین کی طویل فہرست ہم نے حسبِ معمول اینڈرسن کے پاس بھیج دی اور اس نے اسی وقت اس ریمارک کے ساتھ لوٹا دی کہ اتنے منظّم طریقے سے غیر حاضر ہونے پر ان سب سے تحریری جواب طلب کیا جائے۔ ساڑھے دس بجے یہ حضرات دفتر پہنچے۔ جسے دیکھو بپھرا ہوا۔ غیظ میں آنکھیں لہو کے جام۔ جہاز ڈھائی بجے رات کے بجائے صبح نو بجے پہنچا۔ ساری رات آنکھوں میں کٹی۔ کراچی اُترنے والے مسافروں میں کوئی ایسا نہ نکلا جو خود کو اینڈرسن کا بیٹا تسلیم کرنے پر آمادہ ہو۔ ایک ایک سے پوچھ دیکھا۔ ایک سر پھرے سے تو استقبالیہ کمیٹی کے سربراہ یعسوب الحسن غوری کی مارکٹائی ہوتے ہوتے رہ گئی

"آپ کا کیا نام ہے؟" یعسوب الحسن غوری نے اس کی آستین پکڑ کر پوچھا۔

"ہنری ہالنگ ورتھ"

"کیا مسٹر اینڈرسن آپ کے والد ہیں؟"

سب نے ہمیں نرغے میں لے لیا۔ کسی نے ناشتہ نہیں کیا تھا۔ گال بھی سینڈ پیپر ہو رہے تھے۔ ایئرپورٹ سے سیدھے بینک آکر نہار منھ ہم پر غصے ہونے لگے۔ کوئی ٹیکسی کا کرایہ مانگنے لگا اور کوئی رات بھر کی جگار کا تاوان۔ یعسوب الحسن غوری نے تو قیمت بتا کے گلابوں کا ہار ہمارے گلے میں ڈال دیا حالانکہ ہمیں موتیا پسند ہے۔ یورش نے

www.urduchannel.in



بشدت اختیار کی تو ہم اینڈرسن کے پاس گئے اور جی کڑا کر کے پوچھا!

"سر! رات آپ کے صاحب زادے تشریف نہیں لائے؟"

"کس کے صاحب زادے؟" اس نے کان پر ہاتھ کا کپ بنا کر سوال سمجھنے کی کوشش کی۔

"آپ کے جو ہانگ کانگ سے B.O.A.C سے آنے والے تھے۔"

"آ آ آ آ! تم پیے ہوئے ہو؟ میں آج پہلی مرتبہ یہ خوشخبری سُن رہا ہوں کہ میرا کوئی بیٹا بھی ہے! تمہاری طبیعت تو ٹھیک ہے؟

And Hongkong of all the places! یہ بھی نہ سوچا کہ جو ہوائی جہاز سے سفر کرے وہ کم از کم میرا نطفہ نہیں ہو سکتا۔"

بات کہاں سے یہاں تک آپہنچی تو ہم نے بھی ہوائی جہاز کی مذمت اور ریل کے سفر کی تعریف کی، جو کچھ ایسی غلط بھی نہ تھی، اس لئے کہ گاڑھا گاڑھا دھواں اور چنگاریاں چھوڑتے ہوئے انجنوں کی سُریلی سیٹی میں ہنوز بچپن کی یادوں کی مٹھاس گھلی ہوئی ہے۔ ابھی نکٹے ڈیزل انجنوں کے گلے نہیں بیٹھے تھے۔ اس روز ہم پر منکشف ہوا کہ "الکھا لک" کی اپنی ایک الگ MAKE- BELIEVE (خیالی) دُنیا ہوتی ہے۔ بعضوں کی قسمت میں وہاں بھی رونا دھونا لکھا ہے۔

## فری میسنری کی ایک جھلک

وہ پہنچا ہوا فری میسن تھا اور اسکاٹش لاج اور گرینڈ لاج کے اعلیٰ ترین عہدوں مثلاً ڈسٹرکٹ گرینڈ ماسٹر پر فائز رہ چکا تھا۔ ایک دن بُلا کر کہنے لگا "کل اتوار ہے۔ بینک ہاؤس آکر ذرا "لاج" کے اکاؤنٹ چیک کر لو۔ ایک غبن ہو گیا ہے۔ حیدری پھر رخصت پر ہے۔ اس سے بھی نمٹ لوں گا۔ ورنہ تمہیں زحمت نہ دیتا۔" کیسی زحمت۔ کہاں کی زحمت۔ یہاں تو خود ایک مدت سے یہ جاننے کے آرزومند تھے کہ جادو گھر میں آخر فری میسن کرتے کیا ہیں۔ طرح طرح کی باتیں ان کے بارے میں مشہور تھیں۔ مثلاً یہی کہ کام جائز نہ ہو تب بھی ایک دوسرے کی اخلاقی مدد کرتے ہیں۔ مسٹر بسرانچی نے جو خود بڑے

www.urduchannel.in



پاپائے کے فری میسن تھے، ہمیں یہاں تک لالچ دیا کہ لندن میں ہمارا اپنا اسپتال ہے جہاں فری میسنوں کے پتّے اور گُردے مفت نکالے جاتے ہیں۔ ربڑ کے مصنوعی ہاتھ جتنے چاہو مفت لگوالو۔ یہ بھی سُننے میں آیا تھا کہ فری میسن سے مصافحہ کریں تو کسی مخصوص انگلی کے کوہان (KNUCKLE) کو انگوٹھے سے اس طرح دباتے ہیں کہ مصافحہ کنندہ کو فوراً معلوم ہو جاتا ہے کہ اپنی ہی برادری کا آدمی ہے۔ ایک صاحب نے یہ بھی بتایا کہ جس رات "ماسٹر" کی تیسری ڈگری دی جاتی ہے تو سب فری میسن برادران قمیصیں اُتارے ہیکلِ سلیمانی کے سامنے ہرن کی کھال باندھ کر ایک سفید چادر کے گرد ناچتے ہیں جس پر ایک انسانی کھوپڑی اور اس پر ایک موم بتّی رکھی ہوتی ہے۔ پتلون کا صرف ایک پائنچہ ہوتا ہے، دوسرا اجڑ سے غائب۔ لاج کے دروازے پر ایک گارڈ یہی حُلیہ بنائے ننگی تلوار کھینچے پہرہ دیتا ہے۔ حالانکہ ایسے شمشیر برہنہ حُلیے کے بعد ننگی تلوار کا تکلّف بالکل غیر ضروری ہو جاتا ہے۔ کوئی فری میسن مرجائے تو، بقول مرزا "مُردے کی مشہوری کے لئے" تعزیتی جلسہ ہوتا ہے جس میں ایک مصنوعی تابوت بنا کر لاج میں رکھ دیا جاتا ہے۔ پھر برادری کا سرپنچ جُملہ برادران کے نام پکارتا ہے اور وہ باری باری "حاضر، برادرِ مکرّم! حاضر برادر معظّم!" کہتے ہیں۔ مرحوم کا نام تین دفعہ پکارنے کے باوجود کوئی جواب نہیں آتا تو ہزوَرشِپ فل ماسٹر میّت کو مخاطب کر کے کہتا ہے کہ "برادرِ عزیز! معلوم ہوتا ہے تم وفات پا گئے۔" اب اگر کوئی شکّی مزاج آدمی میّت کی نبض دیکھے تو پھر بھی بات سمجھ میں آتی ہے کہ اپنے وہم کا علاج کر رہا ہے، لیکن مصنوعی میّت سے سوال جواب تو منکر نکیر بھی نہیں کرتے۔ پھر پسماندگان ایک دوسرے کو دلاسا دیتے ہیں۔ کسی نے یہ بھی بتایا کہ اگر کوئی شخص فری میسنری کی رسوم و عوائد کا بھید کھول دے تو اس کی زبان گُدّی سے کھینچ کر چیل کوّوں کو کھلا دی جاتی ہے۔ یہ بات بھی سمجھ میں نہ آئی۔ اس لئے کہ اگر راز کی پوری پوری حفاظت کرنی منظور ہے تو افشا کرنے سے پہلے سب کی زبان کاٹ دینی چاہئے نہ کہ بعد میں۔

اب ہر اُمیدوار کرم، فری میسنوں سے ربط ضبط بڑھانے کی تگڑم لڑانے لگا۔ جسے دیکھو مصافحہ کے وقت بڑے آدمیوں کا ہاتھ اس طرح دبا رہا ہے جیسے اُردو فلموں

www.urduchannel.in



میں ہیرو، ہیروئن کا دبا تا ہے۔ جب سے یہ سُنا کہ ایک فری میسن دوسرے فری میسن کو کبھی ڈِسمس نہیں کرتا، یہ کیفیت ہو گئی کہ جو فی الحال بے ایمان نہ تھے وہ بھی بَربِنائے دُور اندیشی فری میسن بننے کی ترکیبیں سوچنے لگے۔ اودھر داخلہ محدود و مشروط۔ ایک بدنام کیشئیر البتہ ہرن کی کھال سے ستر اور کیش کی کمی کی پردہ پوشی کر چکا تھا۔ اور یہ کوئی نئی بات نہیں۔ یہی رِیت چلی آئی ہے کہ جو مشرب حاکم کا، سو اپنا۔ بلکہ بعضوں نے تو جوشِ عقیدت میں مشروب تک اپنا لیا۔ تزکِ جہانگیری میں آیا ہے کہ اجمیر شریف میں غسلِ صحت کے بعد جہانگیر نے ازراہِ عقیدت اپنے کانوں میں خواجہ معین الدین چشتیؒ کے نام پر موتیوں کے حلقے ڈال لئے۔ یہ دیکھ کر تمام اراکینِ سلطنت، اعیانِ دربار اور نمک خوارانِ قدیم نے اپنے کان چھدوا لئے۔ (واضح رہے، کان چھدوائے، غسل پھر بھی نہیں کیا۔ ورنہ جہانگیر اس باب میں یوں خاموشی اختیار نہ کرتا۔) اسی طرح ایک دفعہ کا ذکر ہے، اکبر پاک پٹن شریف کے نواح میں شکار کھیل رہا تھا کہ یکایک ایک درخت کے نیچے اس پر جذبے کا عالم طاری ہوا۔ شکار سے تائب ہوا اور اسی درخت کے نیچے، دربارِ اکبری کے الفاظ میں، بادشاہ نے "وہیں بیٹھ کر سر کے بال منڈوائے اور جو مصاحب بہت مقرّب تھے، خوشامد کے اُسترے سے خود بخود مُنڈ گئے۔"

## کوئل نے ہاف بائلڈ انڈا دیا

فری میسن لاج کے اکاؤنٹ کے سلسلہ میں تین چار دفعہ اس کے فلیٹ جانا پڑا تو اس کی شخصیت کے وہ پہلو سامنے آئے جن سے صرف گھر کے ملازم، جانی دشمن اور بیوی واقف ہوتے ہیں۔ مثلاً ایک اتوار کو بُندو خاں نے بتایا کہ کل ساری رات قدِ آدم آئینے کے سامنے کھڑا اپنے جانی دشمن مسٹر لطیفی کو گالیاں دیتا رہا۔ ڈانٹتے ڈانٹتے آواز بیٹھ گئی تو آئینے پر مس ریمزڈن☆ کی لپ اِسٹک سے مسٹر لطیفی کی تصویر بنائی۔ پھر گاف کے ڈنڈے اور گیند سے اس پر چاند ماری کرنے لگا۔ کھڑکی دروازوں کے سارے شیشے اور کراکری ٹوٹ گئی۔ سفید بلّی کے سر پر بھی ڈنڈے سے ہٹ لگائی۔ پھر گیند ہاتھ میں لے

---

☆ مس ریمزڈن: تعارف کے لئے آخری باب "موصوفہ" ملاحظہ ہو۔

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in



## ہے خبر گرم ان کے جانے کی

شاعر نے ٹھیک ہی کہا ہے کہ وقت میں بات یہی ہے کہ گزر جاتا ہے۔ سو اچھّا بُرا ہمارا ابھی گزر گیا۔ "میں اگلے ہفتے وطن جا رہا ہوں۔" اینڈرسن نے ایک دن دِیوار کو ٹکٹکی باندھ کر دیکھتے ہوئے ہم سے کہا۔ "ایک دن اس دِیوار پر میری تصویر KNIGHT کے لباس میں، آویزاں ہوگی۔ اس وقت میں زمین میں چھ فٹ نیچے سو رہا ہوں گا۔ اب مِٹّی مِٹّی میں مِلا چاہتی ہے۔ افسوس کہ میرے قُرب کے باعث تمہارا کیریئر بھی تباہ ہوگا۔ میں تمہارے لئے کچھ نہ کر سکا۔ مگر میری اچھائیوں کو ہی یاد رکھنا۔" اس نے اپنا سر جُھکا لیا۔ وہ رو رہا تھا۔ وہ نشے میں تھا۔

تین چار مہینے سے بینک میں افواہیں گشت کر رہی تھیں کہ اب کا گیا وہ واپس نہیں آئے گا۔ عافیّت اندیشوں نے اس کے جانشین کو ابھی سے "بڑا صاحب" کہنا شروع کر دیا تھا۔ پنجابی مثل کے مصداق دریا ہنوز کوسوں دُور تھا لیکن یار لوگوں نے ابھی سے شلواریں کاندھے پر ڈال لی تھیں۔ لوگ آدھ آدھ گھنٹے اس انتظار میں کھڑے رہتے کہ وہ ادھر سے گزریں تو کورنش بجالائیں۔

یوں وہ گزرے نظر چُرائے ہوئے
ہم لئے رہ گئے سَلام لپنا

بڑے بڑے آدم خور افسر اُن کے سامنے گِھگھیانے لگے۔ جنگل میں شیر بَن گئے تھے خوف سے ہرن! جمعہ کو سب ایک ہی مسجد میں ایک دوسرے کے شر سے محفوظ رہنے کی دعائیں مانگنے لگے۔ ادھر خود اینڈرسن چند روز سے اور بھی چڑچڑا ہو گیا تھا۔ ڈرائیور اگر بائیں طرف کا دروازہ کھولتا تو دائیں طرف سے اُترتا اور دایاں کھولتا تو بائیں سے کُود پڑتا۔ لوگوں نے ہم سے ملنا جُلنا ترک کر دیا۔ ہماری بربادیوں کے مشورے آسمانوں کے علاوہ دفتر میں بھی ہو رہے تھے جو کہیں زیادہ خطرناک صورتِ حال تھی۔ عام طور پر یہ خیال تھا کہ اس کے جہاز کے عدن پار کرنے سے پہلے ہمارا بیڑا غرق ہو جائے گا۔ اس زمانے میں ہمیں اور زیادہ لگن اور تندہی سے کام کرتے دیکھ کر مرزا بولے کہ صاحب! برستے مینہ میں سفیدی کرنے سے فائدہ؟

www.urduchannel.in



اینڈرسن نے خود ذکر چھیڑا تو ہم نے آواز میں ایک جہان کی رِقّت بھر کے کہا۔ "جانے سے پہلے ہمیں اپنی نشانی ایک سرٹیفکیٹ دیتے جایئے۔" ہر طرف آپا دَھاپی، نفسی نفسی کا عالم تھا۔ اس کے چپراسی نے اس کی جیب سے سو روپے کا نوٹ بطورِ نشانی نکال لیا تھا۔ ہمارا یہ کہنا تھا کہ اس کی بھوؤں کے درمیان شکن پڑ گئی جو اس کی غمّاز تھی کہ آبگینے کو ٹھیس ہی نہیں لگی، اس میں V کی شکل کا بال بھی پڑ گیا۔ یکبارگی اس کے تیور بدل گئے۔ شیکسپیئر کے رِچرڈ سوم کا فقرہ دُہراتے ہوئے کہنے لگا۔

" Authority leaves a dying king! "

سرٹیفکیٹ چاہیئے؟ آ آ آ! تمہارا کام بُرا نہیں۔ میرے خانساماں کے پاس ڈیڑھ سَو سرٹیفکیٹ ہیں۔ دو مرتبہ ایسا ہوا کہ میں نے اپنا کھانا کتّے کو کھلا دیا۔ دونوں کتّے مر گئے۔ میں نے تمہارے بارے میں مکمّل رپورٹ اس ڈائری میں لکھ چھوڑی ہے۔ آخری دن نقل کر کے میرے دستخط کروالینا۔ کل میں تمہیں ایک الوداعی تحفہ دوں گا۔ ایک انتہائی کار آمد کتاب۔ اگر میری طرح تم نے اسے سمجھ کے پڑھ لیا تو میری ہی طرح ایک دن جنرل منیجر ہو جاؤ گے۔ یہ میرا بڑا عزیز سرمایہ ہے۔"

دوسرے دن حسبِ وعدہ اس نے یہ کلیدِ کامیابی ہماری نذر کر دی۔ یہ ایک مجلّد کتاب تھی جس میں بینکنگ کے حالیہ مسائل پر سیر حاصل تبصرہ کیا گیا تھا۔ حالیہ سے ہماری مراد ۱۸۹۸ء کے مسائل ہیں جب یہ کتاب شائع ہوئی تھی۔ کاغذ و طباعت سے اندازہ ہوا کہ انگریز کسی زمانے میں بھی ہم سے پیچھے نہیں رہے۔ ان میں بھی منشی نول کشور ہوا کرتے تھے۔ اس کی ورق گردانی کے بعد ہم بھی قائل ہو گئے کہ اسے پڑھ کر ہر شخص جنرل منیجر بن سکتا ہے، بشرطیکہ وہ ۱۸۹۸ء میں پیدا ہوا ہو۔

روانگی سے ایک دن قبل افسروں نے شیزان میں اسے الوداعی پارٹی دی۔ دس پونڈ کا ایک سہ منزلہ کیک بطورِ خاص بنوایا گیا جس کی سفید آئسنگ پر تولہ تولہ بھر کے تین گلابی آنسو لرزاں تھے اور ان کے نیچے چاکلیٹ سے لکھا تھا:

FAREWELL, SIR!

سپاس نامہ یعسوب الحسن غوری نے ان سپاسناموں کی مدد سے ڈرافٹ کیا تھا جو

www.urduchannel.in



پچھلے تیس برسوں میں ایک اِسٹول سے دوسرے اِسٹول پر تبادلے کے موقع پر چپراسیوں نے ان کی خدمت میں پیش کیے تھے۔ سپاس نامے میں یہ احتیاط برتی گئی تھی کہ اپنی طرف سے کوئی جملہ نہ گھڑنا پڑے، مبادا انگلش گرامر کو چوٹ چپیٹ آجائے۔ ہر خیال کا اظہار کسی ریڈی میڈ محاورے کے ذریعہ ہو۔ (حالانکہ بقول پروفیسر قاضی عبدالقدوس، محاورے تو زبان کے بڑھے ہوئے ناخن ہوتے ہیں) وہ اپنی عینک بھول آئے تھے، اور انھیں مستقبل اور بھی تاریک نظر آرہا تھا۔ لہٰذا سپاس نامہ بڑی دِقّت اور رِقّت کے ساتھ پڑھا۔ گلے میں پھندا پڑ پڑ گیا جسے بعد میں کیک کے تینوں اشکِ خونیں کھاکر صاف کیا۔ بامحاورہ اُردو کے انگریزی (لفظی) ترجموں کا مضحکہ اُڑاتے تو آپ نے بہتوں کو دیکھا ہوگا۔ ہم اس بامحاورہ انگریزی کا لفظی ترجمہ مِن و عَن پیش کرتے ہیں۔

## سِپاس نامہ

"جنابِ عالی!!!

ہمارے لئے یہ انتہائی مسرّت و ملال کا سنگم ہے کہ آپ تشریف لے جارہے ہیں۔ آپ نے ہمیشہ انتظامی گتھیوں کے سینگ پکڑ کے ان کا مقابلہ کیا ہے۔ آپ نے یہ رخصت اپنی پیشانی کے پسینے سے کمائی ہے۔ آپ اپنی موم بتّی دونوں طرف سے جلاتے رہے ہیں۔ یہ اس نومولود بینک کے دانت نکلنے کا زمانہ تھا۔ مگر آپ نے کمال چابکدستی سے بینک کی کشتی کو ایک طرف چٹان اور دوسری طرف بھنور سے بچاکر خشک ساحل پر لا کھڑا کیا۔ یہی نہیں، آپ نے مخالف بینکوں کے بادبانوں کی ساری ہوا نِکال دی۔ اس اِدارے کی ترقّی کے لئے آپ نے کوئی پتّھر اُتھل پُتھل کیے بغیر نہیں چھوڑا۔ آپ اپنی پتوار پر سر ٹِکا کر نہیں سوئے۔ بینک کا پرچم لہراتے ہوئے آپ نے کبھی اپنے پیروں کے نیچے کائی نہیں جمنے دی۔

"ہم تمام عملے کی جانب سے حضورِ والا کو یہ یقین دلاتے ہیں کہ آپ کے بغیر یہ بینک چلانا ایسا ہی ہوگا جیسے ہملٹ کا ڈرامہ پرنس آف ڈنمارک کے بغیر کھیلنا۔ ہمیں اس عارضی جُدائی کا بڑا صَدمہ ہے۔ ہم آپ کی خدمت میں گوٹے کے ہار اور آنسوؤں کا

www.urduchannel.in



نذرانہ پیش کرتے ہیں۔ (ہار پہنایا جاتا ہے۔ تالیاں بجتی ہیں۔) ہم پورے وثوق سے کہہ سکتے ہیں کہ یہ مگرمچھ کے آنسو نہیں ہیں۔

"آپ نے اس شِیر خوار ادارے کی خاطر اپنی کمزور صحت مکمّل طور پر تباہ کرلی ہے، جس کی بحالی کے لئے ہم اور ہمارے معصوم اطفال چوبیس گھنٹے دُعا کرتے رہیں گے۔ دُنیا دیکھے گی کہ وقت کے ریگزار میں ہمارا ہر قدم آپ ہی کے نقشِ قدم پر پڑتا چلا جائے گا۔ ہم اپنا باقی ماندہ کیریئر آپ کی دانائی سے حاصلہ نصیحت کی روشنی میں گزاریں گے کہ فرض فرض ہے۔ اور ایمانداری بہترین پالیسی ہے۔☆ ہمیں شیکسپیئر کا تو کوئی حسبِ حال شعر یاد نہیں، لیکن ورنا کیولر کے سب سے بڑے شاعر غالبؔ نے اپنے بادشاہ کو دُعا دی تھی کہ خدا تمہیں ایک ہزار سال سلامت رکھے اور ہر سال پچاس ہزار دن کا ہو۔ جنابِ والا! ہماری دِلی دُعا ہے کہ آپ اتنے عرصے سلامت رہنے کے علاوہ اس بینک کے جنرل منیجر بھی رہیں (حاضرین کورس میں آمین! ثم آمین! کہتے ہیں۔)

"ہماری سمجھ میں نہیں آتا کہ اس سپاسنامے کو کس طرح ختم کریں۔ ہم شرمندہ ہیں کہ مختصر نوٹس کے سبب ہم اسے چھپوا کر سنہری فریم میں پیش نہ کر سکے۔ ممکن ہے اس میں آپ کو املا کی ضرورت سے زیادہ غلطیاں بھی نظر آئیں۔ مسز ڈی کونا ٹائپسٹ ڈیڑھ مہینے سے میٹرنٹی لیو پر ہے۔ مگر غلطی کرنا انسان کا کام ہے۔ معاف کرنا فرشتوں کا۔

ہم ہیں جناب کے انتہائی تابعدار اور غمزدہ

خادم

جن کے دونوں سرے بوجہ مہنگائی بمشکل مل پاتے ہیں۔"

اس کے بُشرے سے ہویدا تھا کہ سپاس نامہ سُن کر چکرا گیا ہے۔ اپنی اس کیفیت کو غالباً اس نے وہسکی کی زیادتی پر محمول کیا۔ جبھی تو اکاؤنٹنٹ کے کندھے پر ہاتھ رکھ کر

---

☆ Honesty is the best policy!

جو قوم (انگریز) ایمانداری کو اصولاً نہیں، بلکہ بطور پالیسی اختیار کرے، وہ ایمانداری سے کیا کچھ توقعات رکھتی ہے، اس کا اندازہ لگانا مشکل نہیں۔

www.urduchannel.in



خود کو کھڑا کیا۔ جوابی تقریر میں "شکریہ!" کے ایک لفظ کے بعد ہی برس پڑا۔ کہنے لگا، میں نے آپ کی ٹریننگ پر بڑا مغز مارا ہے۔ اپنے علم کا آخری قطرہ تک آپ کے دماغوں میں پمپ کر دیا۔ میری سمجھ میں یہ بات بالکل نہ آئی کہ اس کے باوجود آپ نے ایک کیلنڈر سال میں پچاس ہزار دن کی سفارش کیسے کر دی، جب کہ برطانیہ میں ۵ روزہ ہفتہ کا مطالبہ بشدّت پکڑتا جارہا ہے۔ آپ نے یہ تو سوچا ہوتا کہ اگر سال کے دن بڑھا دیئے گئے تو سالانہ سُود میں کمی کے باعث ایک ہفتے میں سارے بینکوں میں تالے پڑ جائیں گے۔

## کیا بُرا تھا رولینا ایسے مُسکرانے سے

ہم سے رخصتی مصافحہ کرتے وقت کہنے لگا۔ "اپنی صحت کا خیال رکھنا۔ اور اخبار ذرا توجّہ سے پڑھتے رہنا۔ وَن فائن مارننگ، برتھ ڈے آنرز لسٹ میں اپنے باس کا نام دیکھ کر تم اپنے کو کتنا خوش نصیب سمجھو گے۔ KNIGHT کے چُغے میں فوٹو کھنچوا کر تمہیں سیکنڈ کلاس ایئر میل سے بھیجوں گا۔ ۱۰×۱۲ سائز کا سُنہری فریم خرید کر رکھ لو۔ تمہارے اور حیدری کے علاوہ کسی اور کو تو کرسمس کارڈ بھی نہیں بھیجوں گا۔"

وہ زیرِ لب مُسکرا رہا تھا۔ ہم نے بھی مُسکرانے کی کوشش کی۔ شام کا جُھٹ پٹا سا ہو چلا تھا۔ وہ دھوپ کی عینک لگا کر سب سے ہاتھ ملانے لگا۔ اس شرابی کی پیار بھری پھبتیاں، کام نکالنے والی گھُرکیاں اور جھوٹی خفگیاں آنکھوں میں پھر گئیں۔ یادوں کا گنبدِ بے در گونج رہا تھا۔

ان کے غُصّے میں ہے دلسوزی، ملامت میں ہے پیار
مہربانی کرتے ہیں نامہربانوں کی طرح

اور وہ شوخیاں اور گُستاخیاں بھی یاد آتی چلی گئیں جو ہم اس رندِ بلانوش کی شان میں کرتے اور معاف ہوتے رہے۔ اگر عینک کو کان پر ٹکانے کا کھٹراگ نہ ہوتا تو ۱۰×۱۲ فوٹو کے بدلے میں اور کچھ نہیں تو شہرۂ آفاق مصوّرواں گف کی طرح اُسترے سے اپنا ایک کان ہی کاٹ کر بطورِ نشانی پیرِ مُغاں کو پیش کر دیتے جس کا حرفِ شرابی دل پر کیا کیا خرابی لایا تھا۔

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

# موصوفہ

## پٹڑی چمک رہی تھی، گاڑی گزر چکی تھی

ٹھیک سے یاد نہیں اسے پہلے پہل کب دیکھا اور وہ اس وقت کیا پہنے ہوئی تھی، کیسی لگ رہی تھی۔ وہ ان عورتوں میں سے تھی جن سے مِل کر اپنے مَرد ہونے کا احساس نہیں ہوتا۔ مطلب یہ کہ وہ عورت نہیں ہوتیں۔ اسے بینک میں دیکھ کر ہمیں تعجب ضرور ہوا تھا، اس لیئے کہ اینڈرسن بینک میں لڑکیوں کو ٹائپسٹ اور اسٹینو گرافر کے علاوہ کسی اور جگہ ملازم رکھنے کے سخت خلاف تھا۔ کہتا تھا برِ صغیر میں کوئی لڑکی آفس میں ٹِک نہیں سکتی۔ لڑکی اگر نیک ہے تو خوفزدہ ہو کر بھاگ جاتی ہے۔ نیک نہیں ہے تو کوئی بھگا لے جاتا ہے۔ کچھ بَھڑکتی ہیں۔ کچھ بھٹکتی ہیں۔

نہ حَسین نہ کم رُو۔ مُسن نہ جوان۔ سنہری بالوں کی ایک لَٹ نُقرئی ہو چَلی تھی، جس کے بارے میں مشہور تھا کہ خود "بلیچ" کرتی ہے۔ صورت شکل سے اینگلو انڈین نہیں، انگریز ہی لگتی تھی۔ زردی مائل دانت، کرنجی آنکھیں، ٹھینگا دِکھاتی ہوئی مخصوص برٹش ناک، کَسا بَندھا پنڈا۔ ابھی باقی تھی کچھ کچھ دُھوپ دیوارِ گُلستاں پر۔ دُھوپ ہی نہیں، دیوار پر ان کمندوں کے چغل خور نشان بھی باقی تھے جو کبھی پھینکی گئی تھیں۔ کم آمیز، کم گو، بھَرے بھَرے بازو، بھاری آواز، اس سے بھاری تیڑ☆ جملہ حقوق ہنوز غیر محفوظ۔ ایک راویِ کج مج بیان نے بتایا کہ کسی زمانے میں یوروپین مِڈ وائف بھی رہ چکی ہے۔ جبھی تو یہ حال تھا کہ کوئی داخلِ دفتر پوری پاٹھی فائل طلب کریں تو نہ جانے کہاں سے کوئی ستوانسی فائل کھینچ کر لے آتی ہے۔

پانچ چھ مہینے بعد جب اینڈرسن نے اس سے ہمارا باضابطہ تعارف و مصافحہ کروایا

---

☆ تیڑ (پنجابی) کمر سے لے کر گھٹنوں تک کا حصہ۔ اردو مرادف، اگر کوئی ہے، تو میرے علم میں نہیں۔

www.urduchannel.in



تو وہ ڈری ڈری، سہمی سہمی نظر آئی۔ اس کی اُنگلیاں موٹی اور ہاتھ کُھردرا تھا۔ کہنے لگا "بینک بہت خوش قسمت ہے کہ اس خاتون کا نام اس کے نام سے وابستہ ہو گیا۔ ۱۹۲۰ء میں اس کے والد کراچی کے راجہ تھے۔ کلکٹر رہے۔" اوّل تو ہم سنہ ء مذکور تک اس دُنیائے گرد و باد میں وارد نہیں ہوئے تھے۔ پھر یہ کہ ابھی تو ہم کراچی کے جغرافیہ سے ہی اچھی طرح نمٹ نہیں پائے تھے کہ اس کی تاریخ میں غوطے لگا کر ایسے دُرِ شہوار نکالتے۔ وثوق سے نہیں کہہ سکتے تھے کہ راجہ داہر کے بعد کوئی اینگلو انڈین راجہ بھی گزرا ہے جس کی وجہ شہرت اس خاتون کا باپ ہونا تھی۔ اس زمانے میں بھی نومبر دسمبر میں مُرغابیاں اور انگریز بینکر پاکستان میں اُترنے شروع ہوتے تھے۔ اینڈرسن ان پر رعب ڈالنے کی غرض سے مِس ریمزڈن کا تعارف اسی طرح کراتا تھا۔ گفتگو میں جب تک راجہ، نواب، ناچ گرلز، حرم، ڈاک بنگلہ، بنگال ٹائیگر، چھوٹا حاضری، سپیرے، بخشیش اور رائس اینڈ کری کا ذکر نہ آئے انگریز کو یقین نہیں آتا تھا کہ وہ کالوں کے دیس میں ہے۔

## ہمارا دَورِ اَتالیقی

تعارف کے بعد حکم ہوا کہ مِس ریمزڈن کو "فارورڈ فارن ایکسچینج"☆ کا کام سکھاؤ۔ یہ سُنتے ہی ہمارے اَوسان خطا ہو گئے جو ذرا دیر میں اس للچاوے سے بحال ہوئے کہ پڑھانے اور اپنے کو اُستاد کہلوانے میں جو سَو بوتلوں کا نشہ ہے وہ بادشاہی میں ہو تو ہو، ورنہ دُنیا کا ہر مزا اِس کے سامنے ہیچ ہے۔ اسی لئے تو شاہجہاں نے اپنے ایامِ اَسیری میں صرف ایک خواہش کی تھی کہ قلعۂ آگرہ میں مجھے بچّوں کو پڑھانے کی اِجازت دے دی جائے۔ اورنگ زیب نے اس سلطنت در سلطنت کی درخواست کو بوجوہ رَد کر دیا۔ لیکن درس و تدریس کے سلسلے میں یہاں دو مشکلات درپیش تھیں، جن پر قابو پانا تقریباً ناممکن تھا۔ اوّل تو وہ حد درجہ غَبی ٹھیری۔ "فارن ایکسچینج" کا انتہائی پیچیدہ کام قطعی نہیں سمجھ سکتی تھی۔ دوم، ہم خود یہ کام قطعی نہیں سمجھ پائے تھے۔

---

☆ زرِ مبادلہ کے وعدے کے سودے اور لین دین۔ یہ کام سب سے پیچیدہ سمجھا جاتا ہے۔ اس لئے کہ مارے ڈر کے اسے کوئی سمجھنے کی کوشش ہی نہیں کرتا۔

www.urduchannel.in



علم سیکھنے کی سب سے آسان ترکیب یہ ہے کہ آدمی پڑھانا شروع کر دے۔ ہم نے بھی یہی کیا۔ اس مخلوط تعلیمی تجربے کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ نیک بخت تو ساڑھے چار بجے پرس ہلاتی چلی جاتی، ادھر بینک کے اکاؤنٹ رات کے بارہ ایک بجے تک بیلنس نہ ہو پاتے۔ ہماری مشترکہ غلطیوں سے سب ہی ڈپارٹمنٹ متاثر و مفلوج و مشتعل ہو جاتے۔ اتنا ضرور ہے کہ ہماری غلطیوں میں ایک انفرادیت، اُستادی کی ایک شان پائی جاتی تھی۔ مطلب یہ کہ وہ زیادہ دیر اور مشکل سے پکڑ میں آتی تھیں۔ صبح ہماری آنکھیں اور دوسروں کے منہ سُوجے ہوئے ہوتے۔ کسی بھی ڈپارٹمنٹ کے حساب میں کوئی ایسا گھپلا ہو جائے جو رات کے نو بجے تک کسی کی گرفت میں نہ آسکے تو دوش ڈالنے کے بعد غلطی ہائے مضامین کو، مع ملزمان، عالم حُسین صاحب کے "سیشن سُپرد" کر دیا جاتا۔ غلطی کہیں بھی سرزد ہوئی ہو۔ ہمیں ضرور شاملِ تفتیش کیا جاتا تھا۔

عالم صاحب کی ساری زندگی اور تمام سرمایۂ علم غلطیاں پکڑنے اور اینڈے بینڈے اِکاؤنٹ کی چُول بٹھانے کے لئے وقف علی الاغلاط تھا۔ اور وہ اس کے اس حد تک خوگر ہو چکے تھے کہ کبھی کسی صحیح اکاؤنٹ سے پالا پڑ جائے تو چکرا جاتے۔ شام تک تقریباً ٹھالی بیٹھے رہتے، اس لئے کہ اس سے پہلے انفرادی اور اجتماعی غلطیوں کے گھوڑے بحرِ ظلمات میں دوڑنے شروع نہیں ہوتے تھے۔ حساب جتنا گنجلک اور گندہ ہو، اتنا ہی ان کی طبیعت میں اِنشراح اور بالیدگی پیدا ہوتی۔ تادیر تبسّم فرماتے۔ دونوں آنکھیں بند کر لیتے اور ایک ہی دَم لگا کے سالم سگرٹ کو آدھا، اور آدھے کو راکھ کر دیتے۔ پھر غلطیوں کے نشے سے سرشار ہو کر جُھوم جُھوم جاتے۔

مجموعۂ اغلاط ہے دُنیا مرے آگے

جب تک وہ غلطی پکڑتے، سارا عملہ ملزم کو پکڑے بیٹھا رہتا۔ البتہ ہم خود کو روزانہ سات بجے ہی گرفتاری کے لئے رضاکارانہ طور پر پیش کر دیتے تھے۔ کبھی کبھی غلطی بڑی جلدی ہاتھ آجاتی اور ہمیں رات کے گیارہ بجے ہی رہائی مِل جاتی۔ دوسرے دن سہ پہر تک لوگ ہماری پچھلی خطاؤں کو معاف کر کے ندامت کے نئے نئے مواقع فراہم کرتے۔

www.urduchannel.in



کرتے رہے خطائیں ندامت کے بعد ہم
ہوتی رہی ہمیشہ ندامت خطا کے بعد

ہماری خوش نصیبی ہے کہ یہ خطاشناس رفیقِ دیرینہ آج بھی ہمارے ہم پیشہ و ہم مشرب و ہمزاد☆ ہیں۔ اور ان کے برتے پر ہم آج بھی جمع تفریق کی غلطیوں سے پریشان یا پشیمان نہیں ہوتے۔ ان کا دَم ہمارے لئے غنیمت بلکہ مالِ غنیمت ہے۔

بابر بہ عیش کوش کہ عالمِ حُسین دوبارہ نیست

لوگ ہمیں سخت محنت اور زیادہ کام سے باز رکھنے کی کوشش کرنے لگے، اس لئے کہ ہم جتنا زیادہ کام کرتے، غلطیوں کے تناسب و تعداد میں اتنا ہی اضافہ ہوتا چلا جاتا۔ کئی بدخواہوں نے اینڈرسن سے شکایت بھی کی کہ رُشد و ہدایت کا جو باب ہم نے کھول رکھا ہے، اس کی وجہ سے ان کی راتیں کالی ہو رہی ہیں۔ اپنے بچّوں کی پیاری پیاری صورتوں کو ترس گئے ہیں۔ لیکن اس نے نہ صرف یہ کہ ان چغل خوروں کی بات کا نوٹس نہیں لیا، بلکہ ہماری یہ بھی ڈھارس بندھائی کہ جب دفتر میں سب کے سب، کسی آدمی کی غیبت کرنے لگیں تو سمجھ لو کہ وہ بہت اچھا جا رہا ہے۔ اس نے ہمارے طرزِ تدریس پر مکمّل اعتماد اور مسرّت کا اظہار کیا، جس کے بعد ہم اور زیادہ تندہی اور جانفشانی سے غلطیاں کرنے لگے۔ ایک سُود خور ادارہ تو چیز ہی کیا ہے، جہاندار شاہ نے تو ایک مرتبہ دریائے جمنا میں آدمیوں سے بھری ہوئی کشتی محض اس لئے ڈبوا دی تھی کہ اس کی منظورِ نظر لال کنور نے کبھی آدمیوں کو ڈوبتے نہیں دیکھا تھا۔

## مِس ریمزڈن پر دِل کا غیر مہلک دَورہ پڑا

تین چار ہفتے تک تلمذ و تعزیر کا یہ سلسلہ جاری رہا۔ پھر ایک دن اینڈرسن نے ہمیں بُلا کر پوچھا کہ تمہیں 'فارن ایکسچینج' کا کام کِس نے سِکھایا۔

---

☆ یہ سطور ۱۹۷۲ء میں لکھی گئی تھیں۔ ہمیں اپنی ہی نظر لگ گئی۔ تیئس سالہ رشتۂ وفا یکم جنوری ۱۹۷۴ء کو ہمارے تبادلے کے بعد ٹوٹ گیا۔ اب وہ اور کہیں، ہم اور کہیں۔ دُعا ہے کہ وہ جہاں بھی رہیں، خدا ہمیں بھی خوش رکھے اور ہمیں اپنے ہی شر سے ہمیشہ محفوظ رکھے۔

www.urduchannel.in



ہم نے ذہن پر بہتیرا زور دیا۔ کوئی نام یاد نہ آیا۔ اور آتا بھی کیسے۔ اس زمانے میں ٹریننگ کا کوئی تصوّر سرے سے تھا ہی نہیں۔ بینکر بھی شاعروں کی طرح تلامیذ الرحمٰن ہوا کرتے تھے۔ جیسا کہ پہلے عرض کر چکے ہیں، ہم بینکنگ "ڈائرکٹ میتھڈ" سے سیکھ اور سکھا رہے تھے جس کا پہلا اور آخری سبق یہ تھا کہ تیرنا سکھانے کے لئے چھوٹتے ہی بیچ بھنور میں دھکّا دے دیا جائے۔ اب یہ اور بات ہے کہ بقول اُستاد ذوق:

شیر سیدھا تیرتا ہے وقتِ رفتن آب میں

اس نے اپنا سوال پھر دُہرایا۔ کچھ سمجھ میں نہ آیا کہ کس کو فرضی اُستاد بنائیں۔ فارن ایکسچینج تو بینکوں میں آج کل بھی سِفلی علم کے ذیل میں آتا ہے۔ آں را کہ خبر شد، خبرش باز نیامد۔ یہ علم ہم تک پاؤں پاؤں چل کر نہیں آیا تھا، بلکہ ایک اور تشبیہ کی اجازت ہو تو اتنا عرض کریں گے کہ ہم نے محض زورازوری سے اسے کٹی ہوئی پتنگ کی طرح لُوٹا تھا۔ معاً خیال آیا کہ خود کو بے اُستادا کہنا کہیں نمک حرامی نہ سمجھی جائے۔ چنانچہ ہم نے ہچکچاتے ہوئے کہا کہ آپ ہی سے سیکھا ہے۔

جھنجھلاتے ہوئے فرمایا "سچ بولنے میں تمہیں اتنا تأمّل کیوں ہے؟"

وہ ہمارا جھوٹ کانٹے ڈور اور بنسی سمیت نِگل گیا۔ ہمارا عرقِ انفعال ابھی پوری طرح خشک نہیں ہوا تھا کہ اس نے قدرے تُرش رُوئی سے پوچھا "اچھا! اب یہ بتاؤ کہ جب تم نے فارن ایکسچینج کی ٹریننگ مجھ سے لی تو تمہیں ہارٹ اٹیک ہوا تھا؟"

"نہیں تو۔"

"تمہاری اِطّلاع کے لئے مس ریمزڈن کو ہو گیا ہے! اب اسے ہلکے کام اور ہلکی غذا کی ضرورت ہے۔"

ہم کمرے سے نکلے تو دیکھا کہ باہر مس ریمزڈن، ہلکے لباس میں، کھڑی ٹھٹّھے لگا رہی ہے۔ کہنے لگی آج تمہاری صورت کیوں اُتری اُتری ہے؟ ہم نے کہا، شاگرد کے ہارٹ اٹیک کی وجہ سے۔ پر یہ تشخیص نہیں ہُوا دل پر حملہ کس نے کیا۔ کہنے لگی، بندی اس کارِ خر (DONKEY WORK) میں تمہارا ہاتھ نہیں بٹا سکتی۔ تمہیں کو مبارک!

www.urduchannel.in



پھر اپنے اُوپر بناوٹی متانت طاری کرلی۔ اور سگرٹ کے دھوئیں سے ہوا میں چھلّے بنانے لگی۔ ایک آوارہ چھلّا ہماری بائیں آنکھ میں آکر فٹ ہوگیا۔

اس سے پہلے ہم نے اسے سگرٹ پیتے نہیں دیکھا تھا۔

## ٹام بوائے کی پونی ٹیل☆

سب حیران کہ یہ دم بھر میں کیا ماجرا ہوگیا کہ جنگل کا جنگل ہرا ہوگیا، بلکہ راتوں رات اس میں منگل بھی ہوگیا۔ دیکھتے ہی دیکھتے اس جانِ حیا کی کایا پلٹ گئی۔ سج گرم، نکہ گرم، ہنسی گرم، ادا گرم۔ انگلیوں کو تو "ڈائٹنگ" نہ کرواسکی، لیکن ناخن اتنے بڑھا لئے کہ اب منہ نوچنے کے علاوہ ہاتھ کا کوئی اور کام نہیں کر سکتی تھی۔ دیسی چھینٹ کی ڈولتی جھولتی فراک کے بجائے پیرس سے منگایا ہوا اسکرٹ پہننے لگی۔ اُڑی مٹی بھنوؤں کی جگہ کھنچی ہوئی کمانیں۔ آنکھوں پر سبز مسکارے کا لیپ، ایک دفعہ لطیفہ سُناتے ہوئے آنکھ بھی ماری جو لوحِ دل پر ایسی نقش ہوئی کہ ایک ہفتے تک مسکارا چھُٹائے نہ چھُٹا۔ چاندی کی لٹ پر سونے کا ملمع پھر گیا۔ لڑکوں کے سے کٹے ہوئے پٹّوں کی جگہ ایک سنہری جھاڑو سی لٹکنے لگی جسے اس زمانے میں "پونی ٹیل" کہتے تھے۔ کہاں تو یہ حال تھا کہ کبھی کبھار بالوں میں فریر گارڈن سے چرایا ہوا پھول لگا کر آجاتی، یا اب یہ نقشہ کہ پورا گملا اٹھائے پھرتی تھی۔ ہار سنگھار، پیار دُلار کے دن لوٹ آئے تھے۔ پہلے ہمہ وقت یوں نظریں جھکائے رہتی کہ ہمیں شبہ ہونے لگا تھا کہ کہیں آنکھوں میں نقص تو نہیں لیکن اب گالوں پر سُرخی لگائے بغیر "بلش" نہیں کر سکتی تھی۔ ایک لٹکا آگیا تھا۔ اِٹھلا اِٹھلا کر بات کرتی تو لائف بوائے صابن کے بھبکے کے بجائے چاؤ بھرے بدن سے آنچیں سی نکلتیں۔ اب اس میں سے عورت کی لپٹ آتی تھی۔ بدرنگ مردانہ پمپ شوز اپنی مہترانی

☆ پونی ٹیل: خچر کی دُم۔ ڈارون اور اس کا نظریۂ ارتقا کچھ ہی کہتا رہے، مرزا عبدالودود بیگ فرماتے ہیں: "خچر کی دُم مکھی اڑانے کے لئے، کتّے کی دُم اعلانِ وفاداری، بلّی کی دُم انکشافِ جنس اور اونٹ کی دُم شتر پوشی کے لئے بنائی گئی ہے۔ انسان کی دُم اس لئے جھڑ گئی کہ اسے رکھنے کے لئے پتلون میں کوئی جگہ نہیں۔ نیز، ڈرل، پریڈ وغیرہ میں پچھلی صف والوں کو بڑی تکلیف ہوتی۔"

www.urduchannel.in



کو بخش دیئے اور ایک بالشت اُونچی ایڑی کے جُوتے سے فرش پر ٹاپ کرتی پھرتی۔ چھوٹے چھوٹے، ترچھے ترچھے قدموں سے WIGGLE کر کے کمر اور اس کے معلقات کو دائیں بائیں جُھولا جُھلاتی۔ دوسرے مرحلے میں کُولھے SEE-SAW کی مانند اس طرح اُوپر نیچے ہوتے کہ آنکھیں باؤلی ہو جاتیں۔ ڈِھلمل خطوط اب کھنچ کے تلوار بن گئے۔ ایک قدم چلتی تو سینہ دو قدم آگے آگے چلتا۔ کوسوں بڑھے ہوئے ہیں پیادے سوار سے۔ اینڈرسن بالعموم کان پر ہاتھ کا کپ بنا کر بات سنتا تھا۔ لیکن اب موصوفہ کے ہونٹ اس کے کان سے لگے رہتے تھے۔ گراں گوشم بنہ رُخ بر رُخم۔ بائیں ہاتھ کی تیسری اُنگلی میں پکھراج کی انگوٹھی لشکارا مارنے لگی۔ کچھ کہو، کچھ پوچھو تو پہلے صرف ہوں ہاں کر دیتی تھی۔ اب اٹک اٹک بولتا تھا۔ اور کام؟ اتنے ناز سے غلط "ٹوٹل" (بَعِ) کرتی تھی کہ ہم تو صحیح ٹوٹل بھی اس طرح نہ کر سکتے تھے۔ پھر مصنوعی پلکیں پٹ پٹا کر اپنی غلطیوں پر کھلکھلاتی۔ اپنے مرحوم باپ کو اس نے انسپکٹر کسٹم سے پروموٹ کر کے جائنٹ سکریٹری بنا دیا۔

## گھوڑا چیف جسٹس بنا دیا گیا

جدھر دیکھو اسی کے چرچے۔ طرح طرح کی باتیں اُڑی ہوئی تھیں۔ عالم عالم عشق و جُنوں ہے، دُنیا دُنیا تہمت ہے۔ کسی دانائے راز نے کیا خوب منظّم بات کہی ہے کہ "دو تہمتیں ایسی ہیں جو کسی پر بھی لگا دو تو لوگ فوراً یقین کر لیں گے۔ ان میں سے دوسری یہ ہے کہ وہ پینے لگ گیا ہے۔" اینڈرسن پر پہلی بھی لگ گئی اور اب وہ مسٹر ریمزڈن کہلایا جانے لگا۔ خود مس ریمزڈن اب بینک میں L.L کہلاتی تھی جو LADY LOVE کا پیار بھرا مخفف تھا۔ بڑے بڑے افسر اس کے آگے پیچھے پھرتے اور اکثر و بیشتر "سر" کہہ کر مخاطب کرتے۔ کچّی نوکری والوں کا بے تحاشا جی چاہتا کہ بینک میں کہیں کیچڑ میسّر آ جائے تو سر والٹر رالے کے طرح اپنا کوٹ اُتار کر بچھا دیں اور وہ ملکہ الزبتھ کی طرح اس پر سے بے نیازانہ گزر جائے۔ سالانہ ترقّیوں کے دن آئے تو اہلِ غرض اسے زنجیرِ عدل کی طرح کھینچنے لگے۔ اور یہ کون سی اچنبھے کی بات تھی۔ تذکروں میں آیا ہے کہ روم کے شہنشاہ کلیگولا نے تو اپنے گھوڑے کو کونسل (قاضی القضاۃ، چیف

www.urduchannel.in



جسٹس) کے عہدے پر فائز کر دیا تھا۔ مانا کہ گھوڑا انسانوں کی طرح انصاف نہیں کر سکتا۔ لیکن گھوڑا انسانوں کی طرح ناانصافی کرنے کی بے پناہ صلاحیتیں بھی تو نہیں رکھتا۔ کرسمس آیا تو ایل ایل کے ہاں ڈالیوں کے ڈھیر کے ڈھیر لگ گئے۔ گھر پھلوں کے آڑھتی کا گودام معلوم ہونے لگا۔ یعسوب الحسن غوری تو عیدالفطر کی نماز کے بعد سیدھے گورا قبرستان گئے اور اس کے والد کی قبر پر پھولوں کی چادر بھی چڑھا آئے۔ فوٹو گرافر کو ساتھ لے گئے۔ چِرہ بھی رویا رویا سا لگ رہا تھا۔ اسی طرح نذر محمد قصور گئے تو اس کے لئے وہاں کی ساری سوغاتیں ........... میتھی، حضرت بُلّھے شاہ کا کلام اور پراندے (بھُجیلے) لے آئے۔ (اتّفاق سے ان دنوں ملکۂ ترنّم نور جہاں اپنے وطن قصور میں نہیں تھیں) گُندھے ہوئے بِیروں والے پراندوں کو ایل ایل نے اینڈرسن کے شب خوابی کے پاجاموں میں ازار بند کے بجائے ڈالا۔ اسے یہ خود کار ازار بند بے حد پسند آئے کہ یہ نیفے میں پنسل یا ٹوتھ برش کی مدد کے بغیر ڈالے جا سکتے تھے۔ دن پر دن گزرتے گئے۔ ایک روز چپراسی نے اِطّلاع دی کہ آج صبح دونوں نہ صرف ایک ہی کار میں بینک آئے ہیں بلکہ جوانی قسم! ایک ہی دروازے سے اُترے ہیں! حق نواز چیمہ، اکاؤنٹینٹ نے اپنی آنکھوں سے ایل ایل کے بالوں میں اینڈرسن کی "ڈینڈرف" دیکھی! تین چار دن بعد وہی چپراسی خبر لایا کہ میں کل اتوار کو صبح ڈاک دینے اینڈرسن کے گھر گیا تو کیا دیکھتا ہوں کہ ایل ایل سر سے تولیہ باندھے بال سُکھا رہی ہے۔ کہتے کی زبان نہیں پکڑ سکتے (جبھی تو خود اسے پکڑ لیتے ہیں۔) کہنے والے کہتے تھے کہ سنیچر کو کنواں خود چل کر آتا ہے اور اپنے آپ کو پیاسے پر انڈیل دیتا ہے۔

## صاحب کو دِل نہ دینے پہ کتنا غُرور تھا!

کوئی منحوس ہفتہ ایسا گزرا ہو گا جب اینڈرسن نے یہ اعلان نہ کیا ہو کہ رِشوت اور عورت کبھی اس کی کمزوری نہیں رہی۔ اور یہ ادّعائے بے گناہی حرف بحرف صحیح تھا، اس لئے کہ مے نوشی نے کبھی اسے اتنی مہلت ہی نہ دی کہ دیگر خباثت پر قرارِ واقعی توجّہ دے سکے۔ کسی طرح یقین کرنے کو جی نہیں چاہتا تھا کہ عورت ........... اور یہ عورت ........... اس

www.urduchannel.in



کی کمزوری ہو سکتی ہے۔ عقاب اور چیل کے گھونسلے میں بسیرا کرے! لیکن یہ حقیقت ہے کہ قدرت نے بعض عقابوں کی آنکھیں اتنی بڑی بنا دی ہیں کہ دماغ کے لئے جگہ ہی نہیں بچی۔ مزاح نگار جارج میکش (جو خود ہنگیرین ہے) کا قول ہے کہ برّاعظم یورپ کی تمام اقوام کی "سیکس لائف" ہوتی ہے، مگر انگریز کے ہاں اس کی جگہ گرم پانی کی بوتل! میلکم مگرج، سابق ایڈیٹر پنچ، نے بھی اعتراف کیا ہے کہ "سیکس" ہم انگریزوں کے سر میں ہوتا ہے، جو اس شے کے رکھنے کے لئے نہایت نامناسب جگہ ہے۔ اس کے برعکس، مرد ذات کے بارے میں قبرصی کہاوت ہے کہ جب تک لومڑ کے منھ میں ایک بھی دانت ہے، وہ پارسا نہیں رہ سکتا۔ لیکن آخر افواہوں اور عینی شہادتوں کی آندھی کے سامنے ہم اپنے حُسنِ ظن کے چراغ کو کہاں تک کفِ اقوال پر لئے پھرتے۔ یوں بھی آدمی کسی چٹ پٹے اسکینڈل کی تفتیش یا تردید کرنے بیٹھ جائے تو لوگ اسی کے پیچھے پڑ جاتے ہیں۔ چڑھتی ندّی میں بہاؤ کے خلاف کون تیر سکتا ہے۔

ایک دفعہ آدمی کا بھرم اُٹھ جائے تو پھر بیروں کی پوٹ عین چوراہے پر بکھر جاتی ہے۔ اور وہ چُپکا کھڑا انھیں لٹتے، مٹّی میں رُلتے دیکھتا کا دیکھتا رہ جاتا ہے۔ اس بچارے کے ساتھ بھی یہی کچھ ہوا۔ ایک داستان کا سَت رنگا تانا بانا بُنتا۔ دُوسرا اس پر زردوزی کام کے بیل بُوٹے بناتا۔ تیسرا کلی پُھندنے ٹانکتا۔ پھر سب مل کر غیبت بانی کی شاہکار جُھول اس پر ڈال دیتے۔ ہاں! اتنا تو ہم نے بھی دیکھا کہ اب اس کے کالر میں سُرخ کارنیشن لگا ہوتا تھا۔ پہلے ہم اس کی ناک سے مقیاس الشّراب کا کام لیتے تھے، یعنی اسے دیکھ کر معلوم کر لیتے تھے کہ کتنے ڈگری نشہ چڑھا ہے۔ لیکن اب ایل ایل اس کی ناک پر پاؤڈر لگا کر بینک ساتھ لاتی تھی۔ اگست تک روز وہی ایک سیاہ رنگ کا سُوٹ پہن کر آتا تھا لیکن اب برٹش ٹیلرنگ کمپنی سے ایل ایل کے پسندیدہ "گرے" رنگ کے تین قیمتی سُوٹ ایک ہی تھان کے کپڑے میں سے سلوا لئے تھے۔ انھیں کو روز بدل کر پہنتا۔ ایک دن اس کا کنوارا چپراسی اپنے بیٹے کی قسم کھا کے کہنے لگا "میں نے اپنی چشم دید آنکھوں سے ایل ایل کو اپنے جُوڑے کے پُھول سے صاب کا کان گُدگُداتے دیکھا ہے۔ صاب بھی ایک دن بلاٹنگ پیپر سے اس کے آنسو پونچھتا پڑا تھا۔ ٹیلی فون رِسیور سے دن بھر

www.urduchannel.in



لپ اِسٹک کے بھپارے آتے ہیں۔ تم کو یقین نہیں آنے سکنا تو بقلم خود اس کے ہونٹ سُونگھ کر تپاس تسلّی کر لو۔ کہ خوشبو آ نہیں سکتی کبھی کاغذ کے پھولوں سے۔ پرسوں میں صاحب کے بنگلے گیا تو یہ چھیا اسپتال کی پٹی کے کپڑے سے بَنی ہوئی پوشاک پہنے بیٹھی تھی۔ مجھے تو اس کی ہُریانی دیکھ کے بڑی حَریانی☆ ہوئی۔" ہمارے شکاری دوست خان سیف الملوک خاں تو یہاں تک کہتے تھے کہ انھوں نے اپنی آنکھوں سے ایل ایل کی بانہوں پر اس کے پِگ مارک دیکھے ہیں!

## وہ خود سے ہوئے ہم کلام اللہ اللہ!

عشق جب آدابِ خود آگاہی سکھاتا ہے تو دیوانے بھی ہُشیار ہو جاتے ہیں۔ پہلے تو یہ حال تھا کہ اس کی پتلون کے بٹن آدھے کُھلے، آدھے بند ہوتے تھے۔ البتہ قمیص کا یہ نقشہ نہ تھا۔ اس کے سب بٹن کُھلے ہوتے تھے۔ بقول چپراسی کے، ہر ایک کی بے پردگی کرتا تھا لیکن اب سب بٹن متعلقہ کاجوں سے رُجوع کرنے لگے۔ وہ اپنی عمر سے کم معلوم ہونے لگا۔ ہمارا مطلب ہے ٦٣ برس کا تھا مگر ٦٢ کا دِکھلائی دینے لگا۔ گنجے سَر پر بڑی دِیدہ ریزی سے فرضی مانگ نکالتا۔ دو بال دائیں طرف، ایک بائیں طرف۔ عبادالرحمٰن قالب بیان کرتے تھے کہ انھوں نے اسے ایک حکیم کے اشتہار کو للچائی ہوئی نظروں سے پڑھتے ہوئے پکڑا تھا۔ چڑچڑانا بھی چھوڑ دیا۔ بلکہ کافی خوش مزاج ہو گیا۔ تذلیل و تحقیر کی جگہ تضحیک و تمسخر نے لے لی۔ یعنی آ آ آ! کی جگہ ہا ہا ہا!

ایک دن موج میں آئے تو ہم سے فرمایا "اسکاٹ لینڈ والوں کے خلاف تمہیں جتنے بھی لطیفے یاد ہیں، آج ہی مجھے اوور ٹائم بٹھا کر سُنا دو۔ مجھے یہ روز روز کی ہی ہی ہا ہا اچھی نہیں لگتی۔" چائے میں مکھی گر پڑے تو چار حرفی اینگلو سیکسن گالی کے بجائے اُردو مرادِفات پر تکیہ کرتا جو اس نے اپنے بَیرے بندو خاں سے سیکھے تھے۔ صبح ڈاک، تار یا ٹیلیفون پر کوئی بُری خبر مِلے تو فوراً دفتر چھوڑ کر چلا جاتا۔ چپراسی اور سکریٹری کو کہہ جاتا کہ "اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے مجھے پھر صلاح مشورے کے لئے بُلایا ہے۔ گورنر

☆ عریانی دیکھ کے بڑی حیرانی ہوئی۔

www.urduchannel.in


عبدالقادر بہت پریشان ہیں۔ " جب گورنر عبدالقادر پر روزانہ صبح ساڑھے گیارہ بجے پریشانی کا دَورہ پڑنے لگا تو ہمیں ان کی طرف سے بڑی تشویش ہوئی۔ ڈرائیور سے پوچھا تو معلوم ہوا کہ اینڈرسن کا اسٹیٹ بینک دراصل پیلس ہوٹل کی بار میں واقع ہوا ہے۔ موصوف دفترِ بے معنی کو غرقِ مئے نابِ اوّلی کر کے گھر پہنچتے اور آئینے کے سامنے کھڑے ہو کر گورنر سے خطاب فرماتے جو عتاب سے خالی نہ ہوتا۔ وہیں خطاب و عتاب فرماتے فرماتے سو جاتے۔ مکالمہ تو دلِ ناتواں نے خوب کیا۔ دوسرے دن آتے تو ہمیں سارا ڈائیلاگ مِن وعَن سُناتے اور ایک ایک فقرے پر اپنی حق گوئی اور معاملہ فہمی کی داد پاتے۔ وہ " انکا حلیم " اور ہم ضبط و خواری کی آخری حد پر لڑکھڑا رہے تھے۔

## ۴۰۴ تریا چلتّر

ایل ایل اب بالکل بدل چکی تھی۔ کچھ اور ہی چھب جھک، چٹک مٹک تھی۔ دو تین مہینے بعد سگرٹ پینی بھی چھوڑ دی۔ وہسکی پینے لگی۔ بات کرتے کرتے ایک دَم پرس میں سے آئینہ اور لپ اِسٹک نکال کر گلاب کی پنکھڑیوں کے رنگ و رقبہ میں ترمیم و اضافہ کرتی۔ ایک دن ہمارے کسی شوخ فقرے سے محظوظ ہوئی تو ازراہِ تلطّف ہمارے گال پر اسی سے "ریڈ کراس" بنا دیا، جیسا ایمبولینس پر بنا ہوتا ہے۔ ہم نے پوچھا "بی بی! یہ کیا؟" اپنے سینے پر ہاتھ سے صلیب بناتی ہوئی بولی "رومن کیتھولک عقیدہ ہے کہ اس سے آدمی ہر بَلا سے محفوظ رہتا ہے۔" ہم اسے رومال سے رگڑ کر مٹانے والے ہی تھے کہ خیال آیا اگر بیگم نے رومال پر دستاویزی ثبوت دیکھ لیا تو اپنے دل میں کیا کہیں گی۔ (زبان سے جو کچھ کہیں گی، اس کا تو ہمیں بخوبی اندازہ تھا۔) اِزدواجی اعتماد میں یہ لمبی دراڑ پڑ جائے گی جسے بالعموم صرف قیمتی تحفوں سے بھرا جا سکتا ہے۔ اور یہاں چیل کے گھونسلے میں ماس کہاں؟

مفلسی سب بہار کھوتی ہے
مرد کا اعتبار کھوتی ہے

ابھی ہم اس نشان ( + ) کو کسی محفوظ طریقے سے مٹانے کی ترکیبیں سوچ رہے تھے کہ

www.urduchannel.in



اینڈرسن ہماری کیبن میں آدھمکا۔ کہنے لگا، عجیب بینک ہے! ہتھیلی پر حساب☆ کرتے کرتے اب گال پر جمع و تفریق ہونے لگی!

اپنی تازہ اداؤں کو آزمانے کے لئے گاہے ماہے ہمیں بھی تجرباتی خرگوش بنالیتی۔ نزاکت اب اس پر ختم تھی۔ ایک دن دیکھا کہ انگلی پر پٹّی باندھے چلی آرہی ہیں۔ پوچھا، بی بی! یہ کیا طوطا پالا ہے؟ معلوم ہوا سو روپے کے نئے نوٹ کی دھار سے انگلی کٹ کر پک گئی ہے! ہم نے کہا، انگلیوں کی تاریخ میں یہ پہلا رومینٹک چرکا ہے۔ اس پر عزیز اللہ خاں○ (جو الہ آباد یونیورسٹی سے تازہ تازہ انگریزی میں ایم۔ اے کر کے بینک میں ملازم ہوئے تھے) نے اصلاح فرمائی "پہلا نہیں، دوسرا کہئے۔ رومینٹک شاعر روزیٹی کی انگلی میں بھی تو گلاب کا کانٹا چبھ گیا تھا جس سے اسے زہر چڑھ گیا اور اسی میں چل بسا۔ وصیّت کے مطابق اس کی نظموں کا واحد مسوّدہ اسی کے ساتھ قبر میں دفن کر دیا گیا۔ کچھ عرصے بعد لوگوں نے واویلا کیا تو قبر کو کھول کر اسے نکالا گیا۔"

"کسے؟" مسٹر کینٹین والا نے پوچھا۔

"تمہارے سر کو! اور کسے؟" مجذوب عزیز اللہ خاں نے جواب دیا۔

اب اس پر نظروں کے ساتھ ساتھ انگلیاں بھی اٹھنے لگیں۔ بُریدہ تنے سے کونپلیں پھوٹیں۔ اپنی آنکھوں سے اماوس کی رات کو دھنک نکلتی ہوئی دیکھی۔ ہم تو سوچ بھی نہیں سکتے تھے کہ ایک ایسے شخص کو جس نے تمام عمر صرف اور صرف مے و مینا سے عشق کیا، ایک معمولی سی عورت راہِ نشاط اور صراطِ غیر مستقیم سے یوں بھٹکا دے گی۔ ہندو شاستروں نے عورت کے ۹۰۰ چلتّر بتائے ہیں۔ مگر یاد رہے کہ شاستر اس زمانے میں لکھے گئے تھے جب انسان کو ہزار کی گنتی نہیں آتی تھی۔

---

☆ ہتھیلی پر حساب: اس تلمیح کی تشریح کے لئے ملاحظہ ہو "رہے دیکھتے اوروں کے عیب و ہنر"

○ سنکی آدمی تھے۔ انگلش لٹریچر کے حوالے اور تلمیحات کے بغیر کوئی بات نہیں کر سکتے تھے۔ دو تین مہینے کراچی کے ادبی حلقوں کے ہفتہ وار بحث مباحثوں میں شرکت کے بعد رائٹرز گلڈ کے ممبر بن گئے۔ دو ڈھائی سال تک برانچوں کے پرانے اندراجات کا کھوج لگاتے رہے۔ بینک سے ایک رات عالم جنون میں ایسے نکلے کہ آج تک مفقود الخبر ہیں۔

www.urduchannel.in



## نشۂ مے پہ جوانی کا گماں ہو جیسے

پر صاحبو! حد چاہیۓ سزا میں عقوبت کے واسطے۔ وہ کافر تھا، گنہ گار نہیں! یہ تصدیق ہو چکی تھی کہ اس کی بیوی طلاق لے کر اسی کے ایک سابق اسسٹنٹ سے شادی کر چکی ہے۔ ایل ایل بھی کسی کی پابند نہ تھی۔ اب ٹھاٹ سے اینڈرسن کے ساتھ رہنے اور اس کے ساتھ کار میں آنے جانے لگی۔ مسٹر ڈبلو۔ جی۔ ایم اینڈرسن اس کے پہلو میں سُکڑتے سُکڑتے پیار میں "اینڈی" ہو گئے۔ ڈرائیور سے مروی تھا کہ بڑے صاحب نے ایل ایل کو منگنی کی انگوٹھی پہنا دی ہے جس میں شُتر مرغ کے انڈے کے برابر ہیرا جڑا ہے! اس خبر پر جمعدار اجمل خاں نے صرف اس بنا پر یقین نہیں کیا کہ "مرغے اگر شتر کے برابر ہو جائیں، تب بھی انڈا نہیں دے سکتے۔ اور وہ بھی بڈّھے مرغے جو کھیڈا ں گے نہ کھیڈن دیاں گے!" مرزا نے سنی سُنائی باتوں پر یقین کر کے فتویٰ دے دیا کہ بُتِ عِفّت مآب اب مُخِفّت مآب ہو چکا ہے۔ ہم نے کہا، یہ سب کہنے کی باتیں ہیں۔ ۶۳ سال کے الکھا لِک سے زیادہ بے ضرر اور کون ہو سکتا ہے؟ فرمایا ۶۴ سالہ الکھا لِک!" پروفیسر قاضی عبدالقدوس ایم۔ اے (گولڈ میڈلسٹ) نے "موازنۂ شبلی واینڈی" کرتے ہوئے فرمایا "شبلی نے یہ شعر نوجوانی میں نہیں، عالمِ ضعیفی میں کہا تھا

من فدائے بُتِ شوخے کہ بہنگامِ وصال
بمن آموخت، خود آئینِ ہم آغوشی را

سلیس اُردو میں یہی مثنوی کی پرچہ ترکیبِ استعمال ساتھ لانے والی کھیلی کھائی عورت ہے، جس کے سبب وہ بچارا فوجداری عدالت میں کھنچا کھنچا پھرا۔" بہرکیف، بینک میں ابھی کچھ ایسے نیک طینت و خوش گمان لوگ باقی تھے جن کا خیال تھا کہ دونوں بھائی بہن کی طرح رہتے ہیں۔ عزیز اللہ خاں مجذوب کی بہتان طرازی میں بھی انگریزی ادب کی گاڑھی گاڑھی چاشنی ہوتی تھی۔ فرمایا کہ سب بکواس ہے۔ دراصل دونوں ٹرسٹرم اور اسولٹ کی طرح سوتے ہیں۔ پوچھا، حضرت! سونے کا یہ کونسا طریقہ ہے؟ فرمایا، کم از کم آپ کو تو معلوم ہونا چاہیۓ "ٹرسٹرم، بادشاہ آرتھر کا ایک جانباز "نائٹ" تھا جو ایک شادی شدہ

www.urduchannel.in

http://www.flic.kr/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid

www.urduchannel.in

http://www.flickr.com/junaidrashid